ششماہی علمی و تحقیقی مجلّہ

ایچ۔ای۔سی سے منظور شدہ

معارف اسلامی

جلد نمبر ۱۵، شمارہ نمبر ۱، جنوری ۲۰۱۶ تا جون ۲۰۱۶

ISSN: 1992-8556



فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ششماہی علمی و تحقیقی مجلہ

معارف اسلامی

جلد نمبر ۱۵، شمارہ نمبر ۲، جولائی ۲۰۱۶ تا دسمبر ۲۰۱۶

سرپرست

پروفیسر ڈاکٹر شاہد صدیقی (وائس چانسلر)

مدیر مسئول

پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی

مدیر

پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی

نائب مدیر

پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی (انگلش)، ڈاکٹر حافظ محمد سجاد (اُردو)، قاری محمد رفیق صادق (عربی)

مجلس ادارت (قومی)

پروفیسر ڈاکٹر انیس احمد

پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق

پروفیسر ڈاکٹر محمد سعد صدیقی

پروفیسر ڈاکٹر فضل اللہ

پروفیسر ڈاکٹر غلام یوسف

پروفیسر ڈاکٹر سید اذکیاء ہاشمی

پروفیسر ڈاکٹر عبدالعلی اچکزئی

ڈاکٹر شاہ معین الدین ہاشمی

مجلس مشاورت (قومی)

پروفیسر ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس

پروفیسر ڈاکٹر ارشد قیوم

پروفیسر ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء

پروفیسر ڈاکٹر محمد الغزالی

ڈاکٹر عبدالمہیمن

پروفیسر ڈاکٹر سمیع الحق

محمد طیب

مجلس ادارت (بین الاقوامی)

پروفیسر ڈاکٹر عطاء اللہ صدیقی

ڈاکٹر عزّالدّین بن زبیغہ

ڈاکٹر اشرف عبدالرافع

پروفیسر ڈاکٹر محمد صالح سکری

پروفیسر ڈاکٹر سعود عالم قاسمی

پروفیسر ڈاکٹر نور محمد عثمانی

پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود شیخ

پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید بریکش

مجلس مشاورت (بین الاقوامی)

پروفیسر ڈاکٹر فتح الرحمٰن قریشی

ڈاکٹر عبدالحمید خروب

ڈاکٹر ظفر الاسلام

ڈاکٹر زہرا مہدی

عبدالرشید متین

ڈاکٹر عبدالغفار

ڈاکٹر مختار احمد

کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

مجلہ معارف اسلامی میں مقالہ کی اشاعت سے متعلق قواعد

مجلہ معارف اسلامی، اسلامی حدود کے اندر آزادی اظہار کا حامی ہے۔ اس مجلہ میں کسی مضمون کی اشاعت کا یہ مطلب نہیں کہ ادارہ ان افکار و خیالات سے لازماً متفق ہے جو اس میں پیش کئے گئے ہیں۔ ادارہ درج ذیل موضوعات پر بطور خاص اہل علم کی نگارشات کا خیر مقدم کرتا ہے:

۱- مقالہ میں اصالت اور گہرائی پر مبنی تحقیق ہو اور موجودہ علم میں اضافے پر مبنی ہو۔

۲- مقالہ کے حواشی و حوالہ جات اصولِ تحقیق کے مطابق ہوں۔

۳- مقالہ نگار حوالہ دیتے وقت مصنف، کتاب کے ناشر اور مقام اشاعت کے متعلق مکمل معلومات مع صفحہ نمبر اور جلد نمبر وغیرہ فراہم کریں۔ ایک ہی مصدر / مرجع سے دوبارہ حوالہ دیتے وقت اختصارات کو استعمال کیا جاسکتا ہے۔

۴- مقالہ A4 صفحے کے ایک طرف کمپوز شدہ اور اغلاط سے پاک ہونا چاہیے۔

۵- مقالہ کی ضخامت ۳۰ صفحات سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

۶- مقالہ نگار اپنے مقالہ کی ہارڈ کاپی اور سافٹ کاپی بھی فراہم کرے۔

۷- مقالہ کسی اور جگہ شائع شدہ یا کسی اور جگہ اشاعت کے لیے نہ دیا گیا ہو۔

۸- مقالہ نگار اپنے مقالہ کا انگریزی میں ملخص Abstract جو کہ ایک صفحے سے زیادہ نہ ہو لازمی طور پر فراہم کرے۔

۹- وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی منظوری سے مقالہ تجزیہ کے لیے منظور شدہ ماہرین میں سے دو ماہرین کے پاس بھیجا جائے گا۔

۱۰- ماہرین سے ایک مہینے کے اندر اندر مقالہ کی جانچ پڑتال کی درخواست کی جائے گی۔

۱۱- مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ نگاروں کی رائے سے آگاہ کرے گا۔ نیز اگر کسی مقالہ میں تبدیلی ہو گی تو اس کے لیے بھی مقالہ نگار سے درخواست کی جائے گی۔

۱۲- مقالہ نگار کو شائع شدہ مجلہ کی ۲ کاپیاں فراہم کی جائیں گی۔

۱۳- مقالہ میں دی گئی رائے کی ذمہ داری مقالہ نگار پر ہو گی۔ مجلس ادارت یا علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں ہو گی۔

قیمت فی شمارہ۔ /۱۰۰ روپے سالانہ بدل اشتراک۔ /۳۵۰ روپے

پتہ برائے رابطہ: مدیر مجلہ "معارف اسلامی" شعبہ قرآن و تفسیر، فیکلٹی آف عربیک اینڈ اسلامک سٹڈیز

بلاک نمبر ۱۲، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، 8/H، اسلام آباد

فون نمبر: ۹۰۵۷۸۷۰-۰۱۵ ای میل: a_hameed_k@hotmail.com

کمپوزنگ وڈیزائننگ: **محمد طیب خان، محمد اعظم**

طباعت: ..... ناشر: علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، 8/H، اسلام آباد

صاحبانِ نگارش

۱۔ **محمد لطیف خان**، پی ایچ ڈی اسکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، کلیہ عربی و علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

۱.۱۔ **پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید خان عباسی**، چیئرمین شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

۲۔ **زنیرہ گل**، ریسرچ اسکالر ایم فل، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

۱.۲۔ **ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس**، ڈین فیکلٹی آف اسلامک اینڈ اورینٹل لرننگ، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

۳۔ **ڈاکٹر منظور احمد**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ عربی و اسلامیات، گومل یونیورسٹی، ڈیرہ اسمٰعیل خان

۱.۳۔ **عبید اللہ**، ایم فل سکالر (علوم اسلامیہ) قرطبہ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیرہ اسمٰعیل خان

۴۔ **ثمینہ حسنین**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامی تاریخ، یونیورسٹی آف کراچی، کراچی

۵۔ **بخت شید**، ایم فل سکالر، شعبہ اسلامیات، وفاقی اردو یونیورسٹی کراچی

۱.۵۔ **سعید الحق جدون**، ایم فل سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

۶۔ **عبدالمہیمن**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف ہری پور

۱.۶۔ **سلطان سکندر**، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، اسلام آباد ماڈل کالج فار بوائز جی ٹین فور، اسلام آباد

۷۔ **صائمہ فاروق**، اسسٹنٹ پروفیسر، لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی، لاہور

۸۔ **تصنیف اللہ خان**، ٹیچنگ اسسٹنٹ، شعبہ علوم اسلامیہ، جامعہ ہری پور، خیبر پختونخواہ

۱.۸۔ **ڈاکٹر جنید اکبر** اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، جامعہ ہری پور، خیبر پختونخواہ

۹۔ **محسن خان عباسی**، ریسرچ اسکالر، پی ایچ ڈی، شعبہ علوم اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

۱۰۔ **محمد عظیم فاروقی**، سینئر انسٹرکٹر، گورنمنٹ کالج آف کامرس، سیٹلائیٹ ٹاؤن، راولپنڈی

۱۱۔ **ڈاکٹر اشرف عبدالرافع درفیلی**، اسسٹنٹ پروفیسر کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد

۱۲۔ڈاکٹر طاہر محمود محمد یعقوب،چیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ ، فیڈرل اردو یونیورسٹی برائے فنون،، اسلام آباد

۱۳۔ڈاکٹر تاج افسر،چیئرمین شعبہ تفسیر وعلوم القرآن، کلیہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

۱۴۔ڈاکٹر منظور احمد ازہری، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ ، ہائی ٹیک یونیورسٹی، ٹیکسلا

۱۵۔غزالہ شاہین، پروفیسر، شعبہ عربی زبان وادب، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

۱۶۔اخلاق احمد لیکچرر، شعبہ عربی زبان وادب، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

۱۷۔ ڈاکٹر بادشاہ رحمٰن، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ ، مالاکنڈ یونیورسٹی، مالاکنڈ

۱۷۔۱۔ ڈاکٹر شہناز ظہیر، انچارج شعبہ عربی زبان وادب، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

۱۸۔ڈاکٹر محمد فیروز الدین کھگھہ، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ ، یونیورسٹی آف سرگودھا، سرگودھا

۱۸۔۱۔ڈاکٹر غلام حسین بابر، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ ، پیر مہر علی شاہ ایرڈ ایگریکلچر یونیورسٹی، راولپنڈی

۱۹۔حافظ عطاء المصطفیٰ، پی ایچ ڈی اسکالر، شعبہ علوم اسلامیہ ، جی سی یونیورسٹی، فیصل آباد

۱۹۔۱۔ڈاکٹر محمد ادریس لودھی، پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ ، بہاؤالدین زکریا یونیورسٹی، ملتان

۲۰۔محمد اکبر خان، اسسٹنٹ پروفیسر، کلیہ شریعہ و قانون، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

۲۱۔خالد رشید، ایم فل اسکالر اسلامیات، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

۲۱۔۱۔پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی، چیئرمین، شعبہ اسلامی فکر،، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

۲۱۔۲۔شاہد سلیم، پلانٹ مینیجر، ایمسن ویکسینز اینڈ فارما (پرائیویٹ) لمیٹڈ، اسلام آباد

فہرست مقالات

حصہ اردو

سائنسی تفسیر: ڈاکٹر ہلوک نور باقی کی کتاب "Verses from the Koran and facts of Science" کی روشنی میں ایک تحقیقی و تنقیدی مطالعہ	محمد لطیف خان پروفیسر ڈاکٹر عبد الحمید خان عباسی	۱
شرح سفر السعادۃ میں شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ کے اسلوب کا تحقیقی مطالعہ	زنیرہ گل، ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس	۲۳
نبی اکرم ﷺ کی ازدواجی زندگی پر مستشرقین کے اعتراضات کا تحقیقی و تنقیدی جائزہ	ڈاکٹر منظور احمد، عبید اللہ	۴۱
طعام اہل کتاب اور محسن الملک: تحقیقی مطالعہ	ثمینہ حسنین	۷۱
مذاہب اربعہ کی روشنی میں بیع استجرار کا تحقیقی جائزہ	بخت شید، سعید الحق جدون	۹۹
تعلیمات رسول ﷺ کی روشنی میں ذرائع ابلاغ کا کردار اور ذمہ داریاں: تحقیقی مطالعہ	عبد المہیمن، سلطان سکندر	۱۱۵
احادیث مبارکہ میں الفاظ کی ہیئت اور جملوں کی ساخت: صوتی حسن اور اثرات کا جائزہ	صائمہ فاروق	۱۴۵
نجس العین کے استحالہ کے فقہی احکامات: ایک تجزیاتی مطالعہ	تصنیف اللہ خان، ڈاکٹر جنید اکبر	۱۶۱
ہجرت اور اس کے سماجی اثرات: ایک تحقیقی جائزہ	محسن خان عباسی	۱۷۵
حضرت مجدد الف ثانیؒ کی دینی و ملی خدمات کا تحقیقی مطالعہ	محمد عظیم فاروقی	۱۹۹

حصہ عربی

الفهم المقاصدي للقرآن الكريم و تجاوز القراءة النصية	الدكتور أشرف عبد الرافع الدرفيلي	۲۱۷
واجبات و لي الأمر في ضوء الكتاب و السنة: دراسة موضوعية	الدكتور طاهر محمود محمد يعقوب	۲۵۵
منهج الإمام الشاطبي في كتابه "ناظمة الزهر" في علم الفواصل	الدكتور تاج أفسر	۲۷۵
معاملات بطاقة السحب النقدي (ATM Card) في ضوء قواعد الشريعة الإسلامي: دراسة اقتصادية شريعة	الدكتور منظور أحمد الأزهري	۲۹۷
الروايات التاريخية الأندلسية بين الفن و الواقع دراسة مقارنة بين الأدبين العربي و الأردي	غزالة شاهين	۳۲۳
حبسيات المعتمد بن عباد: دراسة فنية	أخلاق أحمد	۳۴۵
خطورة الفكرالتكفيري والفتوى بدون علم على المصالح الوطنية والعلاقات الدولية	الدكتور بادشاه رحمن الدكتورة شهناز ظهير	۳۶۷

حصہ انگریزی

Orientalists' Approach to Qur'ānic Text in the 20th Century	ڈاکٹر محمد فیروز الدین گھگھ، ڈاکٹر غلام حسین بابر	۱
Explanation of Me'raj-un-Nabi(PBUH)in the Light of Modern Physics	حافظ عطاء المصطفیٰ ڈاکٹر محمد ادریس لودھی	۳۱
Consumer Protection in Islamic Law: Review of Some Existing Literature	محمد اکبر خان	۴۱
Zaitoon/Olive as mentioned in Holy Qur'an and Ahadith and its Ethno Medicinal Importance	خالد رشید پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی شاہد سلیم	۵۹

سائنسی تفسیر: ڈاکٹر ہلوک نور باقی کی کتاب
"Verses from the Koran and facts of Science"
کی روشنی میں ایک تحقیقی و تنقیدی مطالعہ

Scientific Exegises: A Research Based and Criticle Study in the Light of Dr. Haluk Nurbaqi's Book "*Verses From the Holy Koran and the Facts of Science*"

محمد لطیف خان☆

پروفیسر ڈاکٹر عبد الحمید خان عباسی☆☆

ABSTRACT

A great number of verses of the Holy Qur'an revealed about reality and nature of the Universe and everything which exists in it. At certain points flashing of light is being discussed and on the other places emergence of Universe is under discussion. At some places the entire movement of water vapors, from the blowing winds till the rain fall is discussed. To draw the attention of His creature, Allah discussed everything including embryo, body parts, human psychology, gardens fruit-bearing and fruit-less trees. Whether it is astronomy or geology, or the life before or after its existence, Allah drew His creature's attention to contemplate on it and said: "Soon shall We show them Our Signs on the horizons and in their own beings until it becomes clear to them that it is the Truth."

The people who meditate on the signs of Allah their hearts according to this verse are induced towards Allah. Among such people, there is one prominent Turkish figure Dr. Haluk Nurbaki(1924-1997), who observed minutely the existence of this Universe and presented then his thoughts in the form of his book "The Verses from the Holy Koran and facts of Science". The study revolves round the methodology of said scientific interpretation with examples.

☆ پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، کلیہ عربی و علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

☆☆ پروفیسر، چیئرمین، شعبہ قرآن و تفسیر، کلیہ عربی و علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

قرآن حکیم اللہ تعالیٰ کا ازلی و ابدی اور زندہ کلام ہے۔ یہ ایسا کلام ہے جس کو کسی دوسرے علم کی ضرورت نہیں جبکہ باقی تمام علوم کو اس کی ضرورت ہے۔ ساری کائنات اسی کے دم بدم سے آباد ہے۔ قیامت کی نشانیوں میں سے ایک اس کے حروف کو اٹھالینا ہے۔ جس طرح کسی مسلمان پر قیامت برپا نہیں ہو گی اسی طرح قرآن مجید بھی قیامت کی ہولناکیوں سے محفوظ رہے گا۔ اس کتاب عزیز کے سب سے پہلے مفسر نبی اکرم ﷺ ہیں اور آپ ﷺ کے فیض یافتہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اپنی اپنی فہم و صلاحیت کے مطابق مفسر قرآن تھے۔ قرآن حکیم میں جہاں انسانیت کی رشد و ہدایت کے بارے میں آیات وارد ہوئی ہیں وہاں کائنات اور اس میں موجود اشیاء کی حقیقت و ماہیت کے بارے میں بھی متعدد آیات موجود ہیں۔ قرآنی آیات میں موجود بہت سے سائنسی حقائق کو اکثر و بیشتر عام فہم پیغام سمجھ لیا جاتا ہے حالانکہ ارشاد الٰہی کے مطابق اس میں عقل مندوں کے لیے نشانیاں ہیں، تو اس کا بلاشبہ یقین کر لینا چاہیے کہ ایسی آیات سائنس کے انتہائی اہم حقائق کی حامل ہیں۔ کہیں بجلی کی گرج و چمک کو بیان کیا گیا ہے تو کسی جگہ آغاز کائنات کا ذکر کیا ہے۔ کسی آیت میں سمندر سے ہوائیں اٹھنے سے لے کر بارش برسنے تک کے آبی بخارات کے سفر کو بیان کیا گیا ہے تو کوئی آیت زمین اور اس کے اندر کی اشیاء کے بارے میں دلائل و براہین سے مزین ہے۔ انسانوں، حیوانوں اور پودوں کے جنین سے لے کر انسانی اعضاء، انسانی نفسیات، معاشیات، باغات، پھل دار و بے پھل پودوں اور جانوروں کی طرف توجہ دلا کر اللہ تعالیٰ نے انسان کو اپنی طرف متوجہ فرمایا ہے۔ فلکیات ہو یا ارضیات، حیات سے پہلے کے ادوار ہوں یا بعد الممات کی مہمات، غرض ہر ایک کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے غور و فکر کی دعوت دی اور فرمایا:

﴿سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ الْحَقُّ اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ﴾[1]

(عنقریب ہم ان کو اپنی نشانیاں آفاق میں بھی دکھائیں گے اور ان کے اپنے نفس میں بھی یہاں تک کہ ان پر یہ بات کھل جائے گی کہ یہ قرآن واقعی برحق ہے۔ کیا یہ بات کافی نہیں ہے کہ تیرا رب ہر چیز کا شاہد ہے)۔

باری تعالیٰ کی ان نشانیوں میں غور و فکر کرنے والے جب مذکورہ نشانیوں کے بارے میں

قرآن حکیم کی آیات سنتے ہیں تو ﴿اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُکِرَ اللّٰہُ وَجِلَتْ قُلُوْبُھُمْ وَاِذَا تُلِیَتْ عَلَیْھِمْ اٰیٰتُہٗ زَادَتْھُمْ اِیْمَانًا ﴾[2] (ان لوگوں کے سامنے جب اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل کانپ اٹھتے ہیں اور جب اللہ کی آیات ان کے سامنے پڑھی جاتی ہیں تو ان کا ایمان بڑھ جاتا ہے) کے مصداق ان کے دل اللہ تعالیٰ کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ ایسے ہی مذکرین میں سے ایک نام ڈاکٹر ہلوک نور باقی کا بھی ہے جنہوں نے کائنات اور اس میں موجود اشیاء پر غور و فکر کرنے کے بعد قرآن مجید اور سائنس کے تعلق سے ایک کتاب مرتب کی جس میں مظاہر کائنات سے متعلق قرآنی آیات کی سائنسی تفسیر بھی پیش کی گئی ہے۔ ان کی اس کتاب کا نام ہے:

"VERSES FROM THE HOLY KORAN AND THE FACTS OF SCIENCE"

زیر نظر آرٹیکل میں اسی کتاب کے بارے میں سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔

ڈاکٹر ہلوک نور باقی کے حالات زندگی

ڈاکٹر ہلوک نور باقی (۱۹۲۴ء-۱۹۹۷) ترکی کے ایک علاقے سباط میں پیدا ہوئے۔ ۱۹۴۸ء میں استنبول یونیورسٹی سے طب کی اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے فارغ ہوئے۔ آپ کینسر کے ماہر معالج تھے۔ اس کے علاوہ آپ نے Radiotherapy اور Radiobiology میں بھی ڈگری حاصل کر رکھی تھی۔

اسلام اور بالخصوص قرآن مجید سے گہرا لگاؤ تھا۔ ڈاکٹر ہلوک نور باقی سائنس کو قرآن مجید کا خادم سمجھتے تھے۔ ڈاکٹری کی تعلیم اور علاج کے ساتھ ساتھ قرآن حکیم کا بھی نہ صرف مطالعہ کرتے رہے بلکہ اس کی آیات میں غور و فکر بھی کرتے تھے۔ سائنسی اصولوں کو قرآن مجید کی آیات میں پاتے تو اس کو لکھ لیتے اور جب کسی آیت کی سائنسی تشریح و تفسیر لکھ لیتے تو اسے افادہ عام کے لیے شائع کر دیتے[3]۔

تعارف کتاب

یہ کتاب ایک جلد پر مشتمل ہے اور ترکی زبان میں ہے جبکہ دیگر زبانوں میں اس کا ترجمہ ہو چکا ہے۔ ہمارے پیش نظر انگریزی ترجمہ ہے اور اسی کو بنیاد بنا کر مقالہ ہذا میں اس کا منہج بیان کیا جائے

گا۔ انگریزی ترجمہ Metin Beynam نے کیا ہے اور انڈس پبلشنگ کارپوریشن کراچی سے شائع ہوا ہے۔ کتاب کا سائز ایک ہاتھ کے برابر اور ضخامت میں ۳۹۲ صفحات ہیں جس میں شروع کے سولہ صفحات فہرست، پیش لفظ اور تعارف پر مشتمل ہیں۔ یوں کتاب کا متن ۳۷۶ صفحات پر محیط ہے۔ اردو ترجمہ محترم سید فیروز شاہ گیلانی نے کیا ہے لیکن مترجم سائنس سے واقف ہیں اور نہ ہی انگریزی زبان کماحقہ جانتے ہیں۔ اکثر مقامات پر جملے کا مطلب ہی سمجھ میں نہیں آتا کہ لکھا ہوا کیا ہے۔ اکثر لوگوں کو قرآن اور سائنس پر لکھنے کا شوق تو ہوتا ہے مگر سائنسی علم نہ ہونے کے باعث ان کا کام دم بریدہ ہوتا ہے اور ایسا ہی محترم فیروز شاہ گیلانی نے کیا ہے۔ کتاب کے سرورق پر زمین اور چند ستاروں یا سیاروں کی تصاویر بنائی گئی ہیں جس سے مصنف کے ذوق اور تصویر کا تفسیر سے تعلق ظاہر ہوتا ہے۔

مندرجات

اس چھوٹی سی کتاب میں انہوں نے پورے قرآن مجید کی سائنسی انداز میں تفسیر نہیں لکھی بلکہ قرآن مجید کی کچھ آیات جو خالصۃً سائنسی موضوعات سے متعلق ہیں، کی تفسیر لکھی۔ اس طرح مجموعی طور پر باون عنوانات پر کام کیا۔ ان باون عنوانات میں بھی ذیلی عنوانات کے تحت تقسیم کر دی جائے تو کل گیارہ عنوانات بنتے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں:

۱۔ کائنات کی پیدائش	۲۔ علم الارضیات	۳۔ فلکیات	۴۔ علم جنین
۵۔ علم طب	۶۔ علم طبعیات	۷۔ موسمیات	۸۔ علم نباتات
۹۔ علم حیوانات	۱۰۔ علم زمان	۱۱۔ علم مکان	

قرآن اور سائنس پر ان کے لیکچرز بھی ہوئے۔ ان کی کتاب اور ایک ایک آیت پر مشتمل سائنسی تفسیر کے پمفلٹ پڑھ کر بہت سے غیر مسلم حلقہ بگوش اسلام ہوئے۔ ڈاکٹر ہلوک نور باقی دیگر سائنس دانوں کے برخلاف نہ صرف اپنے شعبہ سے متعلق ہی جانتے تھے بلکہ طب کے علاوہ بھی دیگر بہت سے سائنسی علوم کے بارے میں اچھی خاصی درست معلومات رکھتے ہیں جس کی واضح مثال ان کی زیر تبصرہ کتاب ہے جس میں درج بالا گیارہ علوم پر مفصل و دلچسپ بحث کی گئی ہے۔ ان کی اس تفسیر میں بیان

کیے گئے سائنسی نکات تا حال رد نہیں کیے گئے البتہ بہت سی ایسی ایجادات یا تجربات ہو چکے ہیں جو مذکورہ تفسیر میں اضافے کے متقاضی ہیں۔

بے ترتیب عنوانات

ڈاکٹر ہلوک کی یہ کتاب اگرچہ قرآن اور سائنس کے تعلق سے ایک اہم تصنیف ہے مگر اس میں عنوانات کا انتشار پایا جاتا ہے۔ ایک عنوان سے متعلق دو یا دو سے زائد آیات کی تفسیر اکٹھی اور یکجا لکھنے کے بجائے پوری کتاب میں پھیلی ہوئی ہے، مثلاً علم طب سے متعلقہ تمام آیات کی تفسیر یکے بعد دیگرے کرنے کے بجائے ان عنوانات کے درمیان فلکیات، ارضیات اور دیگر عنوانات پر مشتمل آیات کی تفسیر درج کر دی گئی ہے۔ ہر کتاب قارئین کی سہولت کو مد نظر رکھ کر لکھی جاتی ہے جبکہ مذکورہ تفسیر میں سہولت اس میں تھی کہ اوپر درج کردہ عنوانات کے تحت ذیلی عنوانات دے دیئے جاتے اور ان ذیلی عنوانات کے آگے آیات لکھ کر تشریح کر دی جاتی۔

اصول تفسیر

ڈاکٹر ہلوک نور باقی نے اپنی کتاب کے شروع میں تفسیر قرآن کے درج ذیل اصول لکھے ہیں:

۱۔ آیات کے معنی اور آیات کی تشریح کے درمیان لطیف فرق ہے۔ عربی زبان سے کسی دوسری زبان میں آیات کا مفہوم بیان کرنا ترجمہ کہلاتا ہے جبکہ تشریح عربی زبان میں تفصیل بیان کرنے کو کہتے ہیں۔

۲۔ ترجمہ دونوں زبانوں کے مسلمہ اصولوں کے مطابق ہونا چاہیے۔

۳۔ تشریح کو متن میں شامل نہیں کرنا چاہیے۔

۴۔ جس لفظ کے اصل اور عین مطابق معنی نہ ملتے ہوں اس کے لیے ثانوی معنی تلاش نہ کیے جائیں بلکہ اصل لفظ کو اپنی جگہ قائم رکھتے ہوئے تشریحی حصہ میں اس کی توضیح کی جائے۔

۵۔ اگر ایک لفظ کے ایک سے زائد معنی ہوں تو دوسرے معانی کو بھی تشریح میں بیان کرنا چاہیے۔

۶۔ اس امر کے لیے انتہائی احتیاط کرنا چاہیے کہ مترجم کی اپنی پسند کی تشریح کو ہی نہ تھوپا جائے، اس سلسلے میں نیت چاہے کتنی ہی اچھی کیوں نہ ہو۔

۷۔ لفظ ''اللہ'' ترجمہ میں ذرا سی بھی بے احتیاطی برداشت نہیں کرتا۔

۸۔ سب سے اچھی تشریح وہ ہے جو دوسری قرآنی آیات کو نبی اکرم ﷺ کی احادیث اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اقوال و آثار کو مد نظر رکھ کر کی گئی ہو۔ اس سلسلے میں عربی زبان کی بناوٹ، گرامر کے اصول اور اس کی فصاحت و بلاغت کو بھی اہمیت دینا چاہیے۔

ڈاکٹر ہلوک نور باقی اپنی رائے کو حتمی نہیں کہتے۔ ان کے مطابق قرآن مجید کی ہر آیت اپنے اندر متعدد معانی رکھتی ہے جیسے گلاب کے پھول کی کئی پتیاں ہوتی ہیں، اگر ایک پتی کو الگ کر دیا جائے تو اس کے اندر سے دوسری، تیسری اور اسی طرح متعدد پتیاں نکلتی آئیں گی۔ کسی بھی اکیلی پتی کو گلاب کا پھول نہیں کہہ سکتے۔ اسی طرح قرآن مجید کی ایک آیت کے متعدد معانی و مفاہیم ہیں۔ کسی ایک مفہوم کو حتمی نہیں کہہ سکتے۔ البتہ اتنا کہہ سکتے ہیں کہ اس آیت کے یہ اور یہ معنی بھی ہو سکتے ہیں۔ کسی بھی آیت کا اصل مفہوم وہی ہے جو اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بتا دیا البتہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ جدید دور کے مطابق قرآن مجید کے معانی و مفاہیم متنوع ہوتے گئے اور اس وقت سائنسی ترقی جس مرحلے پر ہے قرآن مجید اس کی آج بھی رہنمائی کر رہا ہے۔ جب یہ دور گزر جائے گا اور سائنس مزید ترقی کر جائے گی تو قرآن مجید کی آیات کے مفاہیم میں بھی مزید وسعت آئے گی اور مستقبل کے لوگ قرآن مجید کو اپنے وقت کے مطابق سمجھنے لگیں گے۔

اوپر درج کیے گئے ذرائع پھر بھی کسی آیت کی تشریح میں ناکافی ہو سکتے ہیں۔ اس موقع پر سائنسی ترقی اور تکنیکی ایجادات بے حد مفید رہنمائی مہیا کر سکتی ہیں۔ قرآن کریم کی بہت سی ایسی آیات جو فزکس اور کائنات سے متعلق ہیں کبھی ایک جگہ اکٹھی نہیں ملتیں اور نہ ہی ان کی تسلی بخش تشریحات پیش کی گئی ہیں۔ اس مشکل کام کو جزوی طور پر پورا کرنے کے لیے ڈاکٹر ہلوک نور باقی نے باون موضوعات کے تحت آیات کی تشریح اور تدوین کی کوشش کی ہے جس کے لیے کئی سال لگے۔ وحی کا علم ہر قسم کی غلطی یا کمزوری سے کہیں زیادہ بالاتر ہے۔ اگر تشریح میں کہیں غلطی موجود ہو تو وہ اس وحی کی غلطی نہیں ہوتی بلکہ مفسر و شارح کی غلطی ہوتی ہے۔ تفسیر کے شروع میں لکھے گئے ان اصولوں کی مکمل پاسداری کرتے ہیں اور ان کے مطابق ہی تفسیر لکھتے ہیں۔ تفسیر لکھتے وقت وہ

مخالف رائے رکھنے والے مفسرین کے خلاف ایک لفظ تک بھی نہیں کہتے۔ ان کی تمام آراء کو قابل قدر سمجھتے ہیں اور اپنی رائے کو حتمی نہیں کہتے۔

کتاب کا منہج

ڈاکٹر ہلوک نور باقی نے قرآن مجید کی ۷۵۰ سائنسی آیات میں سے بہت تھوڑی آیات کا انتخاب کیا اور ان کو ۵۲ عنوانات کی تشریح میں صرف سائنس کو بیان کیا۔ ان کے تشریح کرنے کا انداز اس طرح کا ہے کہ پہلے آیت کا عنوان لکھتے ہیں پھر اس کے بعد آیت درج کر کے اس کا ترجمہ لکھتے ہیں۔ اس کے بعد مختلف عناوین کے تحت مختلف انداز سے تشریح شروع کرتے۔

تفسیر آیات کے آغاز میں متنوع اسلوب

ڈاکٹر ہلوک نور باقی آیات کی تشریح کرتے وقت تشریح کی ابتدا میں مختلف انداز اختیار کرتے ہیں۔ کہیں آیت اور اس کا ترجمہ لکھنے کے بعد سورۃ کے تعارف سے تشریح کی ابتدا کرتے ہیں تو کسی جگہ آیت کا سیاق و سباق ذکر کرتے ہیں۔ کسی موضوع پر سائنسی تشریح کرنے سے پہلے اس آیت جیسی دوسری آیات بھی لکھ دیتے ہیں جس سے تفسیر القرآن بالقرآن کے انداز کی جھلک نظر آتی ہے تو کہیں علماء و مفسرین کے اقوال سے تشریح کی ابتدا کرتے ہیں۔ بعض جگہوں پر لغت سے ابتدا کرتے ہیں اور بعض مقامات پر لکھتے ہیں کہ قرآن مجید کی یہ آیت مشکل آیات میں سے ایک ہے۔ بعض عناوین میں آیت اور اس کا ترجمہ لکھنے کے بعد بغیر کسی تمہید کے سائنسی تشریح شروع کر دیتے ہیں۔

براہ راست سائنسی بیانات سے ابتداء

بعض آیات کی تشریح کرتے ہوئے نہ تو قرآن مجید کی دوسری آیات کو بیان کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی سابقہ مفسرین کی آراء لکھنا مناسب ہوتا ہے تو ایسے مقامات پر ڈاکٹر ہلوک نور باقی براہ راست سائنسی توضیح شروع کر دیتے ہیں۔ ایسا کرتے وقت پہلے آیت سے متعلقہ سائنس کی بنیادی باتیں لکھتے ہیں اور پھر اس کے بعد آیت کی تشریح میں ان نکات کی توضیح کرتے ہیں۔ اس کے بعد آخر میں پھر کہتے ہیں کہ آیئے اب دوبارہ آیت پڑھتے ہیں۔ جب قاری آیت سے متعلقہ تمام سائنسی معلومات پڑھ کر دوبارہ آیت پڑھتا ہے تو آیت کے معنی و مفہوم بدلا ہوا پاتا ہے اور بے اختیار اس کی زبان پر یہ آیت

آجاتی ہے کہ عنقریب ہم ان کو اپنی نشانیاں آفاق میں بھی دکھائیں گے اور ان کے اپنے نفس میں بھی یہاں تک کہ ان پر یہ بات کھل جائے گی کہ یہ قرآن واقعی برحق ہے۔ عنوان نمبر ۲۸ کے تحت سورۃ النحل کی آیت نمبر ۱۵ کی تشریح کرتے ہوئے زمین کی ساخت کے بارے میں لکھتے ہیں:

"Before interpreting the sacred verse, I would like to take a short look at the geophysical events that have taken place from the origin of the earth to this day. As everyone knows, the core of the earth consists of magma and molten metals beneath a crust of soil and rock……[4]

(اس آیت کریمہ کی تفسیر بیان کرنے سے پہلے میں مختصر طور پر ارضی طبعیات کے ان واقعات کو بیان کرنا چاہوں گا جو زمین کی ابتدائی تشکیل سے لے کر اب تک واقع ہوئے ہیں۔ جیسے کہ ہر ایک کو معلوم ہے کہ زمین کی مٹی اور پتھروں سے بنی ہوئی اوپر کی تہہ کے نیچے زمین کے قالب میں دھاتوں کا مائع میگما ہوتا ہے۔۔۔)۔

براہ راست آیت کے متن سے ابتداء

بعض جگہوں پر ڈاکٹر ہلوک نور باقی آیات کی تشریح کرتے ہوئے براہ راست آیت کا متن لکھتے ہیں اور اس کی تھوڑی سی عام توضیح کرنے کے بعد سائنسی تشریح کرتے ہیں۔ آیت کا متن لکھتے وقت متعلقہ آیت کے کئی ٹکڑے کر کے الگ الگ لکھتے ہیں اور پھر ان ٹکڑوں کی تشریح کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ آیت کے مختلف معانی بیان کر کے بھی تفسیر لکھتے ہیں۔ ملاحظہ ہو:

"We evaluate the meaning of the verse in three ways:

a. He ordained, He presented.
b. He gave fate, He provided and completed predestination.
c. He programmed, and He saw Hid program through to its end.[5]"

(ہم اس آیت مبارکہ کو تین طریقوں سے واضح کر سکتے ہیں:

الف۔ اس نے حکم دیا، اس نے پیش کر دیا۔

ب۔ اس نے قسمت دی، اس نے تقدیر مہیا کی اور مکمل کر دی۔

ج۔اس نے پروگرام بنایا،اور اس پروگرام کو آخر تک پہنچادیا)۔

سورتوں کا تعارف

پوری کتاب میں چھ مقامات پر(عنوان نمبر ۱، ۲، ۲۳، ۳۲، ۳۴، اور ۳۹ میں) آیت کی تشریح کرنے سے پہلے سورۃ کا مختصر تعارف کرواتے ہیں۔ایک مثال ملاحظہ ہو:

> Before we begin to interpret this verse, I would like to refer briefly to the Chapter of Detailed Explanations. As everyone knows, the Detailed Explanations Chapter is the second of the chapters in the Koran beginning with the letters 'H' and 'M' [حم]. It is an important chapter that was recited frequently by our Beloved Prophet. The great philosophers and scholars of Islam have informed us in their works that the seven 'H-M's in the Koran contain many secrets relating to the universe. It has been explained that the seven 'H-M's introduces a special secret of Interp-
> retation to the seven verses of the opening chapter[(6)]."

(اس سے پہلے کہ ہم اس آیت کی تشریح کریں، میں مختصراً اس سورۃ کی طرف توجہ دلاؤں گا۔ جیسے کہ ہر کوئی جانتا ہے کہ یہ قرآن مجید کی دوسری سورۃ ہے جو حم سے شروع ہوتی ہے۔ یہ انتہائی اہم سورۃ ہے جسے ہمارے پیارے پیغمبر ﷺ تلاوت فرمایا کرتے تھے۔ عظیم اسلامی مفکرین اور دانشوروں نے اپنی تحریروں میں بیان کیا ہے کہ قرآن مجید میں جو سات مرتبہ "حم" آتے ہیں ان میں کائنات سے متعلق بہت سے راز ہیں۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ سات "حم" جن سورتوں میں آیا ہے ان کی تشریح کے سلسلے میں تو خاص راز رکھتے ہیں)۔

اس ابتدا کے بعد آیت کا متن بیان کرتے ہیں اور آیت کو بار بار تلاوت کر کے اس کا مفہوم سمجھنے پر زور دیتے ہیں پھر اس کے بعد آیت کی سائنسی وضاحت کرتے ہیں۔ سائنسی وضاحت کرنے کے دوران یا کبھی کسی جگہ آخر میں ایک بار پھر آیت کا مفہوم بیان کر کے بتاتے ہیں کہ اس آیت میں

یہی سائنسی اشارہ دیا گیا ہے۔ اس انداز سے آیات کی تشریح پڑھ کر قاری کے دل میں قرآن کی عظمت میں اضافہ ہوتا ہے اور ایمان میں پختگی پیدا ہوتی ہے۔

سیاق وسباق کا استعمال

کتاب زیر تبصرہ میں متعدد آیات کی تشریح سے پہلے متعلقہ آیت کا سیاق و سباق بھی بیان کرتے ہیں جس سے آیت کو سمجھنے میں خاصی مدد ملتی ہے۔اس کے لیے متعلقہ آیت سے پہلے والی آیات میں بیان کیا گیا مضمون بیان کر کے اس کا تعلق زیر تفسیر آیت سے قائم کرتے ہیں۔اس کے بعد آیت کو بار بار پڑھنے کی تاکید کرتے ہیں اور پھر اس کی سائنسی توضیح کرتے ہیں، مثلاً: عنوان نمبر ۱۶ میں سورۃ یٰس کی آیت نمبر ۸۰ کی تفسیر بیان کرنے سے پہلے کہتے ہیں:

> "Beginning with Verse 78, the YaSin Chapter gives expression to divine miracles and powers. Verse 80 is revealed as divine proof for the Ressurection[7]."

(سورۃ یٰس کی آیت نمبر ۷۸ سے اللہ تعالیٰ کی قدرت اور قوت کا بیان شروع کیا گیا ہے۔ آیت نمبر ۸۰ میں حیات بعد الموت کا آفاقی ثبوت بیان کیا گیا ہے)۔

تفسیر القرآن بالقرآن

ڈاکٹر ہلوک نور باقی متعدد مقامات پر آیات کی سائنسی تشریح کرتے وقت دوسرے مقام پر بیان کی گئی آیت یا آیات کا حوالہ بھی دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ قرآن مجید کی فلاں آیت یا آیات میں بھی اسی طرح کا مضمون بیان ہوا ہے اور اس کی یہ تفسیر بنتی ہے۔ پھر اس کے بعد متعلقہ آیت کی سائنسی انداز سے تشریح لکھتے ہیں، مثلاً:

۱۔ شراب کی حرمت والی آیت کے ذیل میں لکھتے ہیں:

> "There are three distinct verses in the Koran prohibiting alcoholic drinks, the first of which is the present verse we shall interpret. The second is verse 43 of Chapter 4 and the third, verses 90-91 in chapter 5"[8].

(قرآن مجید میں شراب پر پابندی تین نمایاں آیات میں آئی ہے: پہلی وہ آیت ہے جس کی تشریح ہم یہاں کریں گے۔ دوسری آیت سورۃ نمبر ۴ کی آیت نمبر ۴۳ اور تیسری سورۃ نمبر ۵ کی آیات نمبر ۹۰-۹۱ ہیں)۔

۲۔ ایک اور مقام پر لکھتے ہیں:

1. In chapter 70, Verse 4, it is declared that the Spirit and angles travers [travels] a distance which would in human terms take 50,000 years in a day……[9].
2. Chapter 32, Verses 5 and 6, which are very difficult to interpret, contain altogether different messages [10]".

(۱۔ سورۃ نمبر ۷۰ کی آیت نمبر ۴ واضح کرتی ہے کہ روح اور فرشتے ایک دن میں اتنا فاصلہ طے کر لیتے ہیں جتنا انسان ۵۰۰۰۰ سال میں طے کرتے ہیں..... .....

۲۔ سورۃ نمبر ۳۲ کی آیات ۵ اور ۶ جن کی تشریح بہت مشکل ہے، ایک دوسری طرح کے پیغام کی حامل ہیں)۔ یہاں ڈاکٹر ہلوک نور باقی سورۃ المعارج اور سورۃ السجدہ کی آیات کو اکٹھا کر کے ان کی تشریح کرنا چاہتے ہیں۔ سورۃ المعارج کی آیت ۷۰ میں فرشتوں کے ایک دن کے سفر کو ۵۰۰۰۰ زمینی سالوں کے برابر بتایا گیا ہے جبکہ سورۃ السجدہ کی آیات ۵ اور ۶ میں اس سفر کو ۱۰۰۰ زمینی سالوں کے برابر کہا گیا ہے۔ مفسر نے اس موضوع کے تحت ان دونوں سورتوں کی آیات کو اکٹھا کر کے نسبتی اضافت کے سائنسی نظریہ کو بیان کیا ہے۔

۳۔ عنوان نمبر ۲۱ (تہہ در تہہ سات آسمان) کے تحت مصنف نے شروع میں سورۃ الطلاق کی آیت نمبر ۱۲ لکھی ہے: ﴿اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ﴾[11] (اللہ وہ ہے جس نے سات آسمان بنائے اور زمین کی قسم سے بھی ان ہی کی مانند)۔

اس کی تفسیر میں قرآن مجید میں سے مختلف مقامات سے اس موضوع سے مطابقت رکھنے والی چھ مزید آیات کا حوالہ بھی دیا ہے جن میں سورۃ الملک(۶۷):۳، سورۃ البقرہ(۲):۲۹، سورۃ الاسراء(۱۷):۴۴، سورۃ نوح(۷۱):۱۵، سورۃ النباء(۷۸):۱۲ اور سورۃ المومنون(۲۳):۱۷ شامل ہیں۔

اس کے برعکس تفسیر میں ایسی آیات بھی ہیں کہ ان کی تشریح کرتے ہوئے موضوع سے مطابقت رکھنے والی قرآن مجید کی دیگر آیات جو دوسرے مقامات پر وارد ہوئی ہیں، مفسر نے ان کا حوالہ نہیں دیا ہے۔ اس قسم کی ایک مثال عنوان نمبر ۹ کے تحت یہاں ذکر کی جاتی ہے۔ اس عنوان کے تحت سورۃ الرحمن کی آیات نمبر ۱۹ اور ۲۰ کی تشریح بیان کی گئی ہے۔

﴿ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ﴾[12]

(دو سمندر جاری کیے جو آپس میں ملتے ہیں۔ ان کے درمیان ایک آڑ ہے اور وہ باہم مل نہیں پاتے)۔

ان آیات کا یہی مضمون درج ذیل آیات میں بھی وارد ہوا ہے مگر مفسر مذکور نے ان آیات کا ذکر نہیں کیا۔

﴿وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرَانِ هَذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ سَائِغٌ شَرَابُهُ وَهَذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ﴾[13]۔

(اور دونوں سمندر یکساں نہیں ہیں، ایک میٹھا پیاس بجھانے والا پینے میں خوشگوار ہے اور دوسرا کھاری)۔

﴿ وَهُوَ الَّذِي مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هَذَا عَذْبٌ فُرَاتٌ وَهَذَا مِلْحٌ أُجَاجٌ وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَحِجْرًا مَحْجُورًا﴾[14]۔

(اور وہی تو ہے جس نے دو سمندر ملائے ایک میٹھا اور دوسرا کڑوا اور دونوں کے درمیان پردہ حائل ہے جو انہیں آپس میں ملنے نہیں دیتا)۔

تفسیر القرآن باقوال صحابہ رضی اللہ عنہم

ڈاکٹر ہلوک نور باقی اپنی تفسیر کے شروع میں درج کیے گئے اصول تفسیر کے مطابق صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اقوال کو بھی اپنی مختصر موضوعاتی تفسیر کی زینت بناتے ہیں۔ اس سلسلے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ایک قول کو نقل کرتے ہیں مگر اس کا حوالہ نہیں دیتے کہ یہ انہوں نے کس جگہ سے نقل کیا ہے. چنانچہ لکھتے ہیں:

> "The first scientific interpretation of these two verses belongs to our Master Omar the Caliph, who also furnished much information on this chapter, and who interpreted the meaning of the verse in terms of

planetary orbits…… ‘The orbits of the planets’, also mentioned by Omar, is one of the acceptable interpretations.[15]”

(ان دو آیات کی پہلی سائنسی تفسیر ہمارے آقا و خلیفہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمائی، انہوں نے اس سورۃ کے بارے میں بہت معلومات دی ہیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ان آیات کی تفسیر میں "سیاروں کے مدار" کے معنی بھی منقول ہیں اور یہ تفسیر قابل قبول تفسیروں میں سے ایک ہے)۔

دیگر مفسرین سے استدلال کا اسلوب

زیر تبصرہ کتاب میں بعض جگہوں پر سابقہ مفسرین کے بھی مختصر طور پر حوالے دیئے گئے ہیں۔ مفسر مذکور ان تمام تفاسیر کو قابل قدر اور درست تسلیم کر کے اپنے انداز میں آیت کی سائنسی تفسیر کرتا ہے جو کہ ان سب سے مختلف ہوتی ہے۔ دوسروں کی تعظیم اور ان کی آراء کی قدر کرتے ہوئے اور ان کی آراء کو درست تسلیم کرتے ہوئے اپنی وہ رائے بیان کرنا جو ان سب سے مختلف اور ان سب کے خلاف ہو، یہ کسی مفسر یا مصنف کا بڑا پن ہوتا ہے۔ ڈاکٹر ہلوک نور باقی اس لحاظ سے ایک بڑے مصنف و مفسر ہیں۔ ڈاکٹر ہلوک نور باقی نے مفسرین کا حوالہ تو دیا ہے مگر ان مفسرین کی کتب کا نام نہیں بتایا ہے۔ موضوع نمبر ۲۶ کے شروع میں ہی ایک تفسیر سے آیت کا ترجمہ کرتے ہیں مگر اس تفسیر کا نام لکھنا بھول گئے۔ پرانی تمام تفاسیر میں آیت ﴿وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا﴾[16] کا معنی کیا ہے کہ اس نے زمین کو پھیلا دیا۔ لیکن ڈاکٹر ہلوک نور باقی نے استنبول کے دو مفسرین[17] کی مشترکہ تفسیر کے مطابق اس آیت کے معنی یہ کیے ہیں:

“And then He gave the Earth an oval form (the shape of an ostrich egg)[18]”.

(پھر اس نے زمین کو بیضوی (شتر مرغ کے انڈے جیسی) شکل دی)۔

ایک اور مقام پر ایک آیت کی ایسی تشریح کی گئی ہے کہ قاری عجیب و غریب معلومات کے سحر میں گرفتار ہو جاتا ہے۔ اس تفسیر میں ایسے ایسے نکات بیان کیے گئے ہیں جو اس سے پہلے کسی بھی مفسر نے بیان نہیں کیے۔ اس موضوع پر ڈاکٹر صاحب ایسی مثالیں اور تجربات بیان کرتے ہیں جن سے

یہ ثابت ہوتا ہے کہ مردہ سے زندہ کا پیدا ہونا واقعتاً ہے تشبیہاً نہیں۔ یہاں پر مکڑی کی کچھ نسلوں، اٹلی کے ایک جزیرے Surtsey پر عجیب و غریب کیڑے کی پیدائش اور تتلیوں کی ایک نسل کے بارے میں سائنسی تجربات بیان کرتے ہیں کہ کس طرح سے مردہ سے زندہ پیدا ہوتے ہیں۔ یہاں پر اپنی تفسیر لکھنے سے پہلے ڈاکٹر ہلوک نے سابقہ مفسرین کی آرا کو قابل احترام کہا ہے اور ان سے اختلاف کے باوجود انہیں غلط نہیں کہا۔ اس بارے میں لکھتے ہیں:

"..... Most of the interpreters have assigned a metaphorical meaning to this verse, attempting to approach the verse by comparing unbelief to death and faith to life. Needless to say, these are respectable views....."[19]

(.....مفسرین کی اکثریت نے اس آیت کے مجازی معنی لیے ہیں اور کفر کو موت اور ایمان کو زندگی سے تشبیہ دی ہے۔ یہ بھی قابل عزت خیالات ہیں.....)۔

لغت سے استشہاد

آیات کی تشریح کرتے ہوئے بعض مواقع پر مفسر مذکور کو سائنسی نکات بیان کرنے کے لیے بعض الفاظ کے معانی کی ضرورت پیش آتی ہے۔ اس کے لیے مفسر لغوی معنی کا سہارا لیتا ہے اور پھر اس کے مطابق آیت کی تشریح کرتا ہے۔ سورۃ النازعات کی آیت متذکرہ بالا کی تشریح کرنے سے پہلے لفظ دَحٰىهَا کی لغوی تشریح کرتا ہے:

"The difference in interpretations arises from the meaning of the word *daha*. Various derivations from this root form words associated with the ostrich in Arabic. Let us give a few examples:

Al-udhiyyu (الأُدْحِيُّ)Ostrich nest.

Al udhuwwat(الأُدْحُوّة): Location of an ostrich egg.

Tadahiyyan(تدَحِيا): To drop a stone in a hole. The famous entymologist M. shamsuddin renders madha as the hole of an ostrich egg in his dictionary, while Baydhawi finds the sense 'oval' in daha[20]".

(تشریحات میں فرق لفظ دَحٰیھَا کے معنی میں اختلاف کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ عربی زبان میں اس لفظ کے ماخذ یا اشتقاق شتر مرغ سے نسبت رکھنے والے معانی سے ملتے جلتے ہیں۔ آیئے ان کی چند مثالیں دیکھتے ہیں:

الأُدْحِيُّ: شتر مرغ کا گھونسلا۔

الأُدْحُوّة: شتر مرغ کے انڈے کی جگہ۔

تدَحِیا: ایک سوراخ میں پتھر ڈالنا۔ علم زبان کے ماہر شمس الدین نے ڈکشنری میں ادحھا کے معنی شتر مرغ کے انڈے کا سوراخ یا گڑھا بیان کیا ہے جبکہ بیضاوی کے نزدیک بھی دَحٰیھَا کے معنی بیضوی ہی ہیں)۔

مشکلات القرآن

قرآن مجید میں اکثر محکم آیات ہیں اور بعض متشابہات بھی ہیں۔ قرآن مجید میں ایسے لوگوں کے بارے میں بیان کیا گیا ہے جو صرف اپنے نفس کی خواہش پوری کرنے کے لیے متشابہات کو لیتے ہیں اور ان کی من مانی تشریح کرنے لگتے ہیں۔ تمام سائنسی آیات متشابہ نہیں ہیں مگر ان میں سے اکثر متشابہات میں سے ہیں کہ جن کے بارے میں حتمی طور پر نہیں کہا جا سکتا ہے کہ ان کا یہی معنی ہے۔ ڈاکٹر ہلوک نور باقی نے ایسی متعدد آیات کی تشریح کی ہے لیکن یہ تشریح کرتے وقت انہوں نے اپنے نفس کو قرآن عظیم کے تابع رکھا ہے نہ کہ تفسیر کو نفسانی خواہشات کے تابع کیا ہے۔ ان متشابہات کی تشریح پڑھ کر ایمان میں تازگی اور پختگی محسوس ہوتی ہے۔ سورۃ التکویر کی آیات: ﴿فَلَا أُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ○ الْجَوَارِ الْكُنَّسِ﴾[21] کے بارے میں لکھتے ہیں کہ یہ ایسی آیات ہیں جن کے مفہوم کو سمجھنا بہت مشکل ہے۔

> "These verses are among the most difficult to interpret in the Koran. They are not easy to understand. The reason for is this that the verses disclose very profound physical truths [22]."

(ان آیات کی تشریح قرآن کی انتہائی مشکل ترین آیات میں سے ہے۔ ان کو سمجھنا آسان نہیں ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ آیات طبعیات کی عظیم سچائیوں کو بیان کرتی ہیں)۔

حالات حاضرہ سے استدلال

تفسیر میں ایک مقام پر کہانی کے سے انداز میں ایک آیت کی تشریح کی ابتدا کی گئی ہے۔ حضور نبی اکرم ﷺ کے دور میں سابقہ امم کے عذاب کے بارے میں آیات کو مشرکین یہ کہہ کر ٹال دیا کرتے تھے کہ یہ پہلے لوگوں کے قصے کہانیاں ہیں۔ قرآن مجید میں ایسے ہی لوگوں کے لیے ارشاد ہے:

﴿اِذَا تُتْلٰی عَلَیْهِ اٰیٰتُنَا قَالَ اَسَاطِیْرُ الْاَوَّلِیْنَ﴾[23] (اسے جب ہماری آیات سنائی جاتی ہیں تو کہتا ہے یہ تو اگلے وقتوں کی کہانیاں ہیں)۔

ڈاکٹر ہلوک نور باقی نے تو ایک روایتی کہانی کے انداز میں ہیروشیما اور ناگاساکی پر بم گرائے جائے کا واقعہ بیان کیا ہے اور یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ حقیقی واقعات بھی روایتی قصے کہانی کے انداز میں بیان کیے جاسکتے ہیں جبکہ قرآن مجید تو ازلی و ابدی سچائیوں کا مرکز ہے۔ ڈاکٹر موصوف کے الفاظ ملاحظہ ہوں:

> "Once upon a time—in early August 1945, to be precise – there were two islands, shining like emeralds in the middle of the ocean. The major cities on these islands were called Hiroshima and Nagasaki[24]".

(ایک دفعہ کا ذکر ہے– ۱۹۴۵ء کے اوائل کی بات ہے –ایک سمندر کے بیچ میں دو جزیرے تھے۔ ایسے جزیرے جیسے چمکتے ہوئے زمرد ہوں۔ ان جزیروں پر دو اہم شہر تھے جنہیں ہیروشیما اور ناگاساکی کہا جاتا تھا)۔

ہمہ پہلو تشریح

بعض آیات کی تشریح کرتے ہوئے ایک سے زائد پہلو بیان کرتے ہیں، مثلاً:

Program and predestination (پروگرام اور تقدیر) کے عنوان کے تحت تین مختلف انداز سے تشریح کی گئی ہے۔ سب سے پہلے ایٹموں اور سالموں(Molecules) کے لحاظ سے تقدیر کی تشریح کی ہے۔ اس کے بعد نامیاتی خلیوں (Organic Cells) اور آخر میں ستاروں اور کہکشاؤں کی تقدیر اور پروگرام کے بارے میں لکھا گیا ہے[25]۔ مفسر موصوف خود تو طب کے پیشے سے وابستہ ہیں مگر تفسیر میں نہ صرف طب بلکہ دیگر سائنسی علوم پر بھی سیر حاصل بحث کی ہے اور کسی بھی موضوع میں تشنگی نہیں چھوڑی۔

ملحدین کا رد

مصنف موصوف ایک سائنس دان کی حیثیت سے زیادہ مشہور ہیں، اس حوالے سے انہوں نے قرآن مجید کی آیات میں سے بعض کا انتخاب کر کے ان آیات کی سائنسی تفسیر کی ہے۔ اس ضمن میں ملحدین کی طرف سے قرآن مجید پر اعتراضات کا سائنسی انداز میں مسکت جواب بھی اس مختصر تفسیر کا حصہ ہے۔ ان ضمن میں دو عنوانات خصوصیت کے حامل ہیں۔ ان دو قسم کے عنوانات پر مختصراً تبصرہ درج کیا جاتا ہے۔ تفصیل کے لیے اصل مصدر سے رجوع کیا جا سکتا ہے۔

ا۔ مادہ پرستوں کے خلاف دلائل

ڈاکٹر ہلوک نے متعدد مقامات پر مادہ پرستوں کے باطل نظریات کا رد بھی کیا ہے۔ مادہ پرست لوگ مومنین کے اعمال کا مذاق اڑاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے کو فضول کہتے ہیں۔ اس پر ڈاکٹر ہلوک نور باقی بارش والی ایک آیت کی تشریح شروع کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ مادہ پرستوں کے لیے بارش تو پانی کے قطروں کا اچانک گرنا تھا، انہیں معلوم نہیں تھا کہ بارش کا لانا آسان کام نہیں۔ اب اس آیت (سورۃ الزخرف (۴۳):۱۱) کی تشریح کے تحت مادہ پرستوں کی جرح ختم ہو گئی ہے۔ اپنے دلائل دیتے ہوئے کہتے ہیں:

> "How could vapor, which is regarded as gaseous water, remain in the same form in atmospheric strata, such as the Siberian skies, where temperatures dropped to forty degrees below zero?

Why didn't it fall as iceblocks on the heads of those who made such claims[26]"?

(گیس کی شکل میں پانی کے قطرے سائبیریا کی فضاؤں میں نقطہ انجماد سے چالیس درجے کم کس طرح اپنی اصل شکل میں قائم رہتے ہیں؟ یہ قطرے برف کی سل بن کر ان لوگوں کے سروں پر کیوں نہ گر گئے جو اس قسم کے جھوٹے دعوے کرتے تھے)۔

اللہ تعالیٰ کی قدرت کی کاری گری کو بیان کرتے ہوئے ملاحدہ کا رد کرتے ہیں اور ان کو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی طرف بلانے کے لیے ایک دوسری جگہ عقلی دلیل دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

"How did rain assume a certain drop size, and in what balance did this raindrop descend to earth? What were the preconditions for the formation of such agreeable, tranquil raindrops"[27]?

(بارش کے قطرے نے ایک خاص سائز کا روپ دھار لیا اور یہ قطرہ کس طرح توازن کے ساتھ زمین پر گرا؟ ایسی کون سی بنیادی وجوہات ہیں جن سے یہ آرام دہ اور دل خوش کن بارش کے قطرے میں تبدیل ہو گیا؟)۔

ڈاکٹر ہلوک نور باقی کے مطابق ملحد لوگوں کی یہ عام عادت ہے کہ علم حیاتیات کی قبل از وقت اور نامکمل دریافتوں کو بنیاد بنا کر وہ گمراہ کن نتائج نکالتے ہیں۔ اس کے بارے میں ڈاکٹر موصوف نے نظریہ ارتقاء سے متعلق چند مثالیں بیان کی ہیں اور اس کے بعد لکھتے ہیں کہ ڈارونزم والوں کو بار ہا شرمناک خفت اٹھانا پڑی ہے۔

۲۔ڈارونزم کا مدلل رد

مصنف نے سائنسی انداز میں اور سائنس سے ہی دلائل دے کر ڈارونزم کا رد کیا ہے۔ اس سلسلے میں حضرت آدم اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کی پیدائش کے سائنسی ثبوت کے ساتھ ساتھ ارتقاء کے مفروضہ کی اصل حقیقت کو بھی براہین سے واضح کیا ہے۔ جو سائنس دان حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی پیدائش کے لیے باپ کا ہونا ضروری قرار دیتے ہیں ان کے لیے سائنسی ثبوت دینے کے بعد لکھتے

ہیں کہ اب بھی جو سائنس دان یہ کہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کنواری مریم کے بطن سے پیدا نہیں ہوئے اس نے علم حیاتیات پڑھی ہی نہیں۔

"In light of above biological facts, the claim of a scientist to the effect that Jesus' immaculate conception is impossible is tantamount to a confession that he does not know biology"(28).

(اوپر کے حیاتیاتی حقائق کی روشنی میں ایک سائنس دان کا یہ دعویٰ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بے داغ حمل کا وقوع پذیر ہونا ناممکن ہے، ایک طرح سے یہ اقرار ہے کہ اسے علم حیاتیات کا علم ہی نہیں ہے)۔

جان داروں کی بے جان سے اور اچانک پیدائش پر بھی مدلل بحث اس کتاب کا حصہ ہے۔ ڈارونزم کے خلاف مغربی سائنس دانوں کے بیانات کو بھی اس تفسیر میں شامل کر کے ڈارونزم کو ننگا کر دیا گیا ہے۔

"The Creation of Jesus and Adam"

(حضرت آدم اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کی پیدائش کے بارے میں)

کے عنوان کے تحت ڈارونزم کے خلاف نو دلائل دے کر قرآنی حقائق کو سائنسی انداز میں پیش کرتے ہیں اور آخر میں دس مغربی سائنس دانوں کے بیانات بھی قلم بند کرتے ہیں(29)۔

نتائج

اس مقالہ سے درج ذیل نتائج واضح ہوتے ہیں:

۱۔ مجموعی طور پر یہ ایک موضوعی تفسیر ہے جس میں کتاب کو چھوٹے چھوٹے عنوانات میں تقسیم کر کے احسن انداز میں آیات کی تشریح کی گئی ہے۔

۲۔ سائنس سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے یہ تفسیر قرآن فہمی میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔

۳۔ اس تفسیر میں ملحدین کے نظریات کا سائنسی انداز میں مسکت جواب دیا گیا ہے۔

۴۔ گو کہ یہ ایک سائنسی تفسیر ہے مگر اس میں تفسیر بالماثور کی بھی کہیں کہیں جھلک دکھائی دیتی ہے۔ اس لحاظ سے یہ تفسیر بالرائے المحمود کے زمرہ میں آتی ہے اور اس سے خاطر خواہ فائدہ کا حصول ممکن ہے۔

سفارشات

اس مقالہ کی وساطت سے درج ذیل سفارشات اہل علم کی خدمت میں پیش ہیں:

۱۔ڈاکٹر ہلوک نور باقی کی اس تفسیر کا صحیح اردو ترجمہ کروانے کے لیے اہل علم کا ایک بورڈ قائم کیا جائے جس میں سائنس جاننے والے اور تفسیر کا علم جاننے والے پانچ پانچ افراد شامل ہوں تاکہ سائنسی یا اسلامی حوالے سے غلطی کا امکان کم سے کم ہو۔

۲۔اس تفسیر کی طرز پر پورے قرآن مجید کی تفسیر کے لیے کم از کم سائنس جاننے والوں میں سے دس افراد اور دس افراد قرآن اور حدیث کے ماہر علماء پر مشتمل ایک ٹیم تشکیل دی جائے جو کہ اس سے پہلے لکھی گئی تمام سائنسی تفاسیر کو سامنے رکھتے ہوئے سابقہ اغلاط سے بچتے ہوئے ایک سائنسی تفسیر لکھے۔ یہ مجوزہ تفسیر ایسے انداز سے لکھی جائے کہ تفسیر بالماثور اور سائنسی تفسیر کا امتزاج ہو۔

۳۔ہر یونیورسٹی میں شعبہ قرآن و تفسیر کے نصاب میں قرآن و سائنس کا مضمون شامل کیا جائے تاکہ قرآن کا علم حاصل کرنے والے بنیادی سائنسی علم سے واقف ہونے کے ساتھ ساتھ قرآن مجید اور سائنس کے ربط و تعلق کو سمجھ سکیں۔

حواشی و حوالہ جات

1۔ سورۃ فصلت، ۴۱ : ۵۳۔

۲۔ سورۃ الحج، ۲۲ : ۳۵۔

3- http://wikipidia/haluknurbaqi.

4. Ibid, P224.

5. Ibid, P228.

6. Verses from the Holy Koran and the facts of Science, Dr. Haluk Nurbaqi, Translated by Metin Beynam, Indus prblishing corporation, 3-D, 257 R. A.
Lines, High Court Road, P. O. Box 552, Karachi-74200, P.18.

7- Ibid, P.132.

8. Ibid, P.146.

9. Ibid, P.156.

10. Ibid, P.157.

11۔ سورۃ الطلاق، ۶۵ : ۱۲

12۔ سورۃ الرحمٰن، ۵۵ : ۱۹- ۲۰۔

13۔ سورۃ فاطر، ۳۵ : ۱۲۔

14۔ سورۃ الفرقان، ۲۵ : ۵۳۔

15. Ibid, Pp.60-61.

16۔ سورۃ النازعات، ۷۹ : ۳۰۔

17۔ ڈاکٹر ہلوک نور باقی نے یہاں ان دو مفسرین کے نام نہیں لکھے۔

18. Verses from the Holy Koran and the facts of Science, Pp.209, 210.

19. Ibid, P. 278.

20. Ibid, P. 212.

21۔ سورۃ التکویر، ۸۱ : ۱۵، ۱۶۔

22. Ibid, P. 60.

23۔ سورۃ المطففین ۱۳ : ۸۳۔

24. Verses from the Holy Koran and the facts of Science, P209, 250.

25. Ibid, Pp.229-230.

26. Ibid, P. 52.

27. Ibid.

28. Ibid, P. 391.

29. See above reference Pp.199-209.

''شرح سفر السعادۃ'' میں شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کا اسلوب کا تحقیقی مطالعہ

A Research Based Study of Sheikh Abdul Haq Muhadith Dehlvi is "Sharh Sifru-as-Sa'adat"

زنیرہ گل*

ڈاکٹر ہمایوں عباس شمس**

ABSTRACT

Shamail e Nabawi(Physical description of Prophet Muhammadﷺ) is a part of Biography of Prophetﷺand Writing on it is considered a blissful and a proudful by the Muslim scholars. Allama Majduddin Ferozabadi (817 A.H) is one of them who wrote a book on the topic titled " Sifrus sa'adah". Considering a remarkable work on Shamail e Nabawi by Firozabadi, Sheikh Abdul Haq Muhaddus Dehlvi(1052 A.H.) wrote a unique commentary on it in persion language titled" Sharh Sifru as Sa'ada".

Sheikh Abdul Haq was notable and prominent scholar of 10th century after Hijrah. He was one of the pioneers who wrote on various fields of Islamic Studies in Sub-continent. He wrote a large number of books as particular on Hadith.

This article deals with the methdology of Sheikh Abdul Haq in his commentary on "Sifr-as-Sa'adah" in detail.

---

* ریسرچ اسکالر ایم فل علوم اسلامیہ، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی، فیصل آباد، پاکستان۔

** ڈین فیکلٹی آف اسلامک اینڈ اورینٹل لرننگ وچیئرمین شعبہ علوم اسلامیہ وعربی، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد، پاکستان۔

اللہ تعالیٰ نے انسانیت کو کفر و شرک اور گمراہی سے نکالنے کے لیے انبیاء کرام علیہم السلام مبعوث فرمائے اور جب سرکار دو عالم ﷺ کی ذات اقدس پر سلسلہ نبوت ختم ہو گیا تو انسانیت کی اصلاح کی اس جدوجہد کو جاری رکھنے کیلئے امت مسلمہ کے جلیل القدر علماء اور مفکرین آگے بڑے۔ انہوں نے نہ صرف دعوت وارشاد کا کام جوش وخروش سے کیا بلکہ دین اسلام کو دنیا میں پھیلانے کے لیے اپنی تمام صلاحیتیں بھی صرف کر دیں۔ ان علماء کرام میں ایک نام شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کا ہے جنہوں نے برصغیر پاک و ہند میں علم حدیث کی تصنیف و تدریس کی ابتداء کی تھی۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ ماہ محرم ۹۵۸ھ مطابق ۱۵۵۱ء کو دہلی میں پیدا ہوئے (۱) اور ابتدائی تعلیم و تربیت اپنے والد ماجد سے حاصل کی۔ انھوں نے بوستان، گلستان، دیوان خواجہ حافظ اور نظم کی مروجہ کتابیں خود پڑھائیں اور میزان الصرف سے لے کر کافیہ کی تعلیم خود ہی دی (۲)۔ بیس سال کی عمر میں فلسفہ، ادب، فقہ اور حدیث پڑھی۔ پھر مزید تعلیم کے حصول کے لیے ماوراء النہری علماء کے پاس تشریف لے گئے (۳)۔ آپؒ کی عمر ستائیس سال ہوئی تو سید موسیٰ پاک شہیدؒ سے وابستہ ہوئے اور انھوں نے آپؒ کو اپنی خلافت سے نوازا (۴)۔ شیخ موسیٰؒ کے فیض صحبت سے شیخ محدث کی اسلامی حمیت کو اور تقویت ملی لیکن ہندوستان میں مذہبی حالات سے دل برداشتہ ہو کر آپؒ نے ۹۹۶ھ میں حجاز کی طرف سفر کرنے کا ارادہ فرمایا (۵) اور وہاں آپؒ نے شیخ عبدالوھاب متقی قادریؒ سے علم حدیث کا درس لینا شروع کیا (۶) اور اس طرح آپ کے علم وفضل میں خوب اضافہ ہوا۔ آپؒ ۱۰۰۰ھ میں ہندوستان واپس آئے اور یہاں باقاعدہ علم حدیث کی نشر واشاعت کے لیے مسند درس بچھائی (۷) اور اس طرح متعدد علوم پر دسترس رکھنے والی اس نادر شخصیت نے تقریباً ایک سو سے زائد تصانیف اور شروحات تالیف فرمائیں۔ ان میں سے ایک کتاب ''شرح سفر السعادۃ'' ہے ذیل میں اس کتاب کے تعارف کے ساتھ شیخ محدث نے اس کتاب کی تالیف میں مباحث سیرت کو بیان کرنے کے لیے جو اسلوب اپنایا ہے وہ پیش کیا جا رہا ہے۔

شرح سفر السعادۃ کا تعارف

سیرت النبی ﷺ کا ایک ماخذ کتب شمائل ہیں جن میں رسول کریم ﷺ کے حلیہ مبارک، عادات و خصائل، خورد ونوش، آداب زندگی اور آپ ﷺ کے نشست و برخاست کا تذکرہ ملتا ہے اس موضوع پر بہت سی کتابیں لکھی گئی جن میں سے ''**الشمائل النبوية والخصائل المصطفويه**'' محمد بن عیسیٰ ترمذی کی سب سے زیادہ مشہور کتاب ہے۔ ''**سفر السعادة**'' بھی شمائل النبی ﷺ پر لکھی جانے والی ایک کتاب ہے۔ مجدالدین فیروز آبادی نے اس کتاب کی تالیف میں رسول کریم ﷺ کی وہ احادیث جو عبادات احوال و معاش اخلاق و عادات سے متعلق ہیں جمع کی ہیں۔ اس کتاب کو بہت اہمیت حاصل ہوئی۔ نواب صدیق حسن خان قنوجی (۱۸۹۰ھ) اس حوالے سے حافظ ابن قیم (۶۹۱ھ) کی

"زاد المعاد فی ھدی خیر العباد اورمجدالدین فیروزآبادی(۸۱۷ھ) کی" سفر السعادۃ" کی اہمیت کے متعلق رقمطراز ہے کہ:

"فانھما جمعا کل أدب و عادۃ سیرۃ کانت للنبی فی کل باب من ابواب الدین والدنیا و ھما عمود الاسلام وقاعد تالدین لم یؤلف فی الاسلام قبلھما ولا یساویھما کتاب فی ھذا العلم یعرف ذلک من رسخت قدمہ فی علم السنۃ المطھرۃ"(۸).

(یہ دونوں کتابیں نبی کریم ﷺ کے دین و دنیا سے متعلق طرز زندگی، عادت اور سیرت کے ہر پہلو کا احاطہ کیے ہوئے ہیں۔ یہ دونوں کتابیں اسلام کا ستون ہیں اور دین کی بنیادیں ہیں۔ اسلام میں ان سے پہلے ان جیسی نہ تو کوئی کتاب لکھی گئی اور نہ ہی اس علم میں ایسی کوئی کتاب ان دونوں کے برابر ہے جسے سنت مطہرہ کے علم میں پختگی حاصل کرنے والا شخص جانتا ہو)۔

شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے اس کتاب کی اہمیت وافادیت کے پیش نظر اس کی شرح لکھنی شروع کی جس کا نام شرح سفرالسعادۃ رکھا اس کتاب کی تالیف کا مقصد خود واضح فرماتے ہیں کہ

"در باب عبادات وعادات واعمال واخلاق زکیہ مقدسہ نبویہ ﷺ باحسن اسلوب واسہل طریقہ نوشتہ وداد علم ودانش دادہ است ولیکن چون وی درین باب برمذہب اقتاح محدثین از اصحاب ظواہر رفتہ دور بسیاری از مواضع سخن درخلاف مذاہب مجتہدینؒ اجمعین گفتہ داد عای صنا دو بطلان مخالف مدعای خودنمودہ ودعوی عدم صحت احادیث واردہ دران کردہ ودر بعضی محال درمبالغہ وافراط از حداعتدال وجادہ انصاف بیرون رفتہ است"(۹)

(عبادات، عادات اور اعمال اور رسول کریم ﷺ کے پاکیزہ اور مقدس اخلاق کے باب میں بہترین اسلوب اور آسان طریقہ تحریر سے مصنف نے لکھا ہے اور علم و دانش کا حق ادا کیا ہے لیکن اس باب کے دوران

محدثین پر تنقید کرتے ہوئے جو کہ اصحاب ظاہر یہ کی طرف سے گئے ہیں
بہت سے مواقع پر انہوں نے مجتہدین کے مذاہب کے خلاف گفتگو کی ہے
اور مخالفوں کے دعوں کو فاسد کرنے اور باطل کرنے کا خود سے دعویٰ کیا
ہے اور اس بارے میں وارد احادیث کے صحیح نہ ہونے کا بھی دعوی کیا ہے
اور انہی مقامات میں سے بعض میں انہوں نے مبالغہ وافراط سے کام لیا
اور اعتدال کی حد سے اور انصاف کے راستے سے باہر چلے گئے۔

اس اقتباس سے واضح ہوا کہ اگر چہ شیخ کے نزدیک سفر السعادۃ اہم کتاب ہے لیکن اس میں کئی مقامات ایسے بھی تھے جس میں جمہور امت اور آئمہ مجتہدین کے مذاہب کے خلاف گفتگو کی گنجائش نکل سکتی تھی اور اس کتاب میں کئی احادیث جو پیش کی گئی ہیں اور ان کی صحت کا دعوی کیا گیا ہے ان کے اوپر بھی تنقید کی گنجائش موجود تھی اس لیے شیخ نے ایسی کتاب لکھنے کا ارادہ کیا جس میں دینی تعلیمات کو اعتدال اور انصاف سے پیش کیا جائے اور افراط وتفریط سے بچ کر معتدل انداز سے توضیحات کی جائیں۔

شرح سفر السعادۃ ایک جلد پر مشتمل ہے اور ۱۸۳۶ء میں کلکتہ سے، ۱۸۷۵ء، ۱۸۸۵ء اور ۱۹۰۳ء میں لکھنو سے شائع ہوئی (۱۰)۔ زیر تحقیق نسخہ مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر نے ۱۹۷۸ء میں شائع کیا۔ کتاب کل چھ ابواب اور ۵۸۴ صفحات پر مشتمل ہیں اس کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

شرح سفر السعادۃ کا آغاز دیباچہ سے ہوتا ہے جس میں شیخ محدثؒ نے کتاب کی شرح کا مقصد واضح کیا ہے۔ اس کے بعد مصطلحات علم حدیث، ذکر کتب صحاح ستہ اور احوال آئمہ مذاہب اربعہ کو بیان کیا گیا ہے پھر فاتحۃ الکتاب کا بیان ہے جس میں نبی کریم ﷺ کی نزول وحی سے قبل عبادات کا ذکر ہے اس کے بعد ابواب کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

باب اول: درطہارت حضرت پیغمبر ﷺ

اس باب کے تحت مندرجہ ذیل فصول کو ذکر کیا گیا ہے۔

فصل در بیان وضو بکار واشتی
در بیان مضمضہ واستنشاق آنحضرت ﷺ
در بیان مسح مبارک آنحضرت ﷺ
در بیان شستن یا یہای آنحضرت ﷺ
در بیان مسح برموزہ

در بیان جواز تیمّم بکتاب سنت واجماع

باب دوم: در بیان نماز آنحضرت ﷺ

فصل در کیفیت رکوع

در کیفیت سجود من السجود

فی کیفیت الاعتدال

فی اُدعیۃ الصلوۃ

نسیان رسول اللہ در نماز

در فی الاذکار بعد الصلوٰۃ

در سنن رواتب از نماز

در قیام شب و کیفیت اللیل

در بیان الرکعتین بعد الوتر

در نماز چاشت وسجدہ شکر

در بیان سجدہ تلاوت

در فضلیت روز جمعہ و تعظیم روز جمعہ

در خطبہ نبویہ ﷺ روز جمعہ

در نماز عید واستسقا

در عبادات سفر وقصر صلوٰۃ

در بیان عبادات بیماراں ونماز ہ جنازہ

سنت نبوی در ادائے میت

در بیان صلوٰۃ خوف

در زکوۃ وصدقات وفطر

در بیان صاع

باب سوم صیام النبی ﷺ

فصل در رمضان مسافر را میان روزہ وافطار

در روزہ نافلہ
در استحباب وفضیلت صوم عشر ذی الحجہ
در بیان اعتکاف
صیام ایام بیض مسنون است
باب چہارم حج النبی ﷺ
فصل در سیاق و بیان حج آنحضرت ﷺ
در بیان سہو علماء در حج پیغمبر
تقسیم ناخن انگشتان مبارک بر مردمان
در دخول خانہ کعبہ وقوف در ملتزم
در بیان ذبائح وقربانی پیغمبر ﷺ
در بیان اذان گفتن در گوش مولود وعقیقہ
در بیان کنیت
تسمیہ باسم وی ﷺ
باب پنجم اذکار النبی ﷺ
فصل در بیان ادعیۃ وقت جامعہ پوشیدن
در بیان ادعیہ در آمدن خانہ، در آمدن بیت الخلاء
در اذکار اذان
در ادعیہ عشرہ ذوالحجہ
در ادعیہ طعام خوردن
در سلام وآداب واستیذان
در بیان عطسہ واذکار سفر
در بیان ادعیہ سوار شدن
در تعلیم خطبہ مہمات
در انشراح صدر آنحضرت ﷺ

باب ششم فی عموم احوال النبی ﷺ ومعاشہ

فصل درخورش و پوشش آنحضرت ﷺ

در بیان پوشیدن سراویل آنحضرت ﷺ اختلاف است

در بیان انگشتری آنحضور ﷺ

درمباشرت آنحضرت ﷺ بازواج طاہرات

درخواب و بیداری آنحضرت ﷺ

درسواری آنحضرت ﷺ

در بیان کنیز وغلامان آنحضرت ﷺ

در بعض اخلاق آنحضرت ﷺ

درعلاج وامراض

درعلاج استطلاق، طاعون، استسقاء

درفوائد عسل ومجمم

در بیان داغ کردن

درعلاج خشکی فراج، خارش بدن، ذات الجنب

درعلاج دردسر، دردِدل، دردِچشم

در بیان پرہیز

درعلاج زہر، علاج قمل

فصل درعلاج کردن آنحضرت ﷺ زنے بایات قرآن

رقیہ گزیدن عقرب، درعلاج گم واندوہ

فصل درامر مسکن ومنزل

درتدبیر نوم ویقظہ

درحفظ صحت چشم

درقرض وسلف

دررفتن آنحضرت ﷺ

درکلام سکوت وضحک وبکائے آنحضور ﷺ
فصل درفطرت وتوابع آں
درختنہ آنحضرت ﷺ ودرشارب آنحضرت ﷺ
فصل در جہاد وآداب

اور آخر میں ۸۷ صفحات پر مشتمل ''خاتمہ الکتاب'' کے متعلق بحث موجود ہے جس میں بعض احادیث کی تحقیق و تنقید کرتے ہوئے انہوں (فیروز آبادی) نے بعض متشدد ین، متاخرین اور عجلت پسند محدثین ابن جوزی وغیرہ ہیں کی تقلید واتباع میں ان احادیث کے موضوع اور باطل ہونے کی نسبت قائم کی ہے۔ شیخ محدثؒ نے انصاف کے طریقے کو لازم پکڑتے ہوئے اور خیر خواہی کو ظاہر کرتے ہوئے ان (احادیث) کی شرح کردی ہے اور ان احادیث کی حقیقت کو واضح کردیا ہے(۱۱)۔

شیخ محدثؒ کے اس دعوے کو ان کی کتاب میں عملاً دیکھا جاسکتا ہے اس کے لیے شرح سفر السعادات سے درج ذیل مثال پیش کی جاتی ہے تاکہ جو شیخ محدثؒ کا مقصد تھا وہ اچھی طرح واضح ہوجائے۔

چنانچہ شیخ محدث رقمطراز ہے کہ:

''چنانچہ حدیث صلوٰۃ التسبیح مثلاً واحادیث ست کہ مرآن راطرق دیگر ست کہ قوت میگیرد وحدیث بدان ومطلع نشدہ ابن جوزی بران پس در آمدہ آفت بروے بابن وجوہ وتقلید کردادر اورحکم بوضع بران احادیث ہر کہ بعد ازوے امدہ از انہا کہ قدرت ومہارت ندارد ندر علم حدیث این کار آئمہ متقدمین این شان سنت کہ کمال تبحر دتوسع واشتند درحفظ احادیث وطرق آن مثل شعبہ ویحییٰ وسعید بن القطان۔۔۔۔الخ''(۱۲)۔

چنانچہ صلوۃ التسبیح والی حدیث مثال کے طور پر ان احادیث میں سے ہے کہ جس کی دوسری اسناد بھی موجود ہے جن کی وجہ سے یہ قوی ہوجاتی ہے اور جن کے اوپر ابن جوزی کی اطلاع نہیں ہوئی چنانچہ اس نے اس حدیث پر وضع کا حکم لگایا کیونکہ اسے آئمہ متقدمین کی طرح علم حدیث میں مہارت اور قدرت حاصل نہیں ہے جس قدر متقدمین آئمہ حدیث کو حاصل تھی جیسے امام شعبہ امام یحییٰ امام سعید بن القطان۔۔۔۔۔الخ۔

شرح سفر السعادۃ میں مباحث سیرت اور اسلوب

شیخ محدثؒ نے شرح سفر السعادات میں سیرت النبی ﷺ کے مباحث اور معلومات کی ترتیب کو سفر السعادۃ کی ترتیب پر ہی موقوف رکھا ہے یعنی شیخ نے شرح سفر السعادۃ کے متن اور معلومات کو فیروز آبادیؒ کی ترتیب کے ساتھ ہی ذکر کیا ہے اور یوں دونوں کے مباحث سیرت ایک جیسے ہیں۔ لیکن فیروز آبادیؒ نے عنوانات قائم کرتے ہوئے جہاں معلومات متعلقہ عنوانِ سیرت کے حوالے سے ادھوری یا مختصر دی ہیں شیخ محدثؒ نے وہاں معلومات سیرت میں اتنا اضافہ کر دیا ہے کہ فیروز آبادی کا مقرر کردہ عنوان اچھی طرح واضح ہو جائے اور اس بات کی تصریح آپؒ نے دیباچہ میں خود بیان کی ہیں۔ اس مقصد کے لیے آپؒ نے تین طرح کے اسلوب کو اختیار کیا۔

ذیل میں شیخ کے ذکر کردہ تینوں اسلوب کے پہلوؤں کو قدرے تفصیل کے ساتھ مع مثال واضح کیا جاتا ہے اور ان کی روشنی میں مباحث سیرت کو بیان کیا جاتا ہے۔

وسخن در شرح کتاب بر سہ قسم افتاد

۱۔ یکی در تحقیق و تبین انچہ مصنف ذکر کردہؒ از احادیث و آثار و تخریج مخارج و محال آن از کتب ستہ وغیرہا و ذکر رواۃ آنہا از صحابہ و اصحاب'' (۱۳)۔

اس کتاب کی شرح میں تین امور کو مدنظر رکھا گیا ہے۔

اول:

مصنفؒ نے جن احادیث اور آثار کو نقل کیا ہے ان احادیث کی تحقیق اور وضاحت اور حوالہ جات کی تخریج صحاح ستہ کی کتب سے قاری کے سامنے اچھی طرح نمایاں کر دی جائے اور جن صحابہ کرامؓ نے ان آثار و مرویات کو روایت کیا ہے ان کی بھی صراحت کر دی جائے۔ گویا مولانا فیروز آبادی کی بیان کردہ احادیث پر محدثانہ انداز میں بحث کی گئی ہے (۱۴)۔

اس کی وضاحت مندرجہ ذیل مثال سے کی جاتی ہے:

فصل الأذكار بعد الصلوٰة میں فیروز آبادیؒ نے مندرجہ ذیل حدیث اس طرح نقل کی ہے:

كان صلى الله عليه وسلم اذا فرغ من الصلاة قال: ثلاث مرات استغفر الله الذى لا اله الا وهوا لحى القيوم وأتوب اليه اللهم انت السلام و منک السلام تبارکت يا ذالجلال والاكرام ....الى آخره (۱۵).

شیخ محدثؒ نے مندرجہ ذیل حدیث کو شرح سفر السعادۃ میں باحوالہ اس طرح نقل کیا ہے یہ حدیث مسلم وترمذی سے ہے۔

''چون از نماز سلام دادی این چنین ست روایت مسلم وترمذی ودر روایت نسائی چون برگشتی از نماز وروایت ابوداؤد وچون خواستی کہ برگردد از نماز سہ بار بگفتی استغر اللہ لا الہ الا ہوالحی القیوم واتوب الیہ ودر حدیث مسلم وترمذی مطلق واقع شدہ کہ چون سلام دادی استغفار کردی سہ بار و گفتہ شد مراوزاعی راکہ کیفیت استغفار چیست گفت میفرمود استغفر اللہ استغفر اللہ''(۱۶)۔

(مسلم اور ترمذی میں ہے کہ نبی کریم ﷺ جب نماز سے فارغ ہوکر سلام پھیرتے، نسائی میں روایت ہے کہ جب نماز سے لوٹتے، اور ابوداؤد کی روایت میں ہے کہ جب چاہتے کہ نماز سے منہ پھیر لے تو تین مرتبہ **استغفر اللہ الذی لاالہ الا ھوا لحی القیوم واتوب الیہ** کہتے اور مسلم وترمذی کی روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ آپ ﷺ جب سلام پھیرتے تو صرف ۳ بار استغفار کہتے اور امام اوزاعی کہتے ہیں کہ آپ ﷺ جو استغفار فرماتے اس کی کیفیت یوں ہوتی استغفر اللہ، استغفر اللہ)۔

درج بالا مثال سے ظاہر ہوا کہ شیخ محدث نے سفر السعادۃ میں بیان کردہ حدیث کو باحوالہ صحاح ستہ کتب سے شرح سفر السعادۃ میں بیان کیا اور محدثانہ انداز میں بحث کی تاکہ موقف اچھی طرح واضح ہوجائے۔

اسی طرح باب ''درفتن آنحضرت ﷺ'' میں فیروز آبادی نے نبی کریم ﷺ کی چال مبارکہ کے بارے میں مندرجہ ذیل حدیث نقل کی ہے۔

''**کان اذا مشی کأ نما ینحط من .....الی آخرہ**''(۱۷)۔

اس حدیث مبارکہ میں فیروز آبادی نے چال مبارکہ کی ۱۰ اقسام کا نام ذکر کیا ہے لیکن شیخ محدثؒ نے شرح میں اس حدیث مبارک کا حوالہ ذکر کیا ہے کہ یہ شمائل ترمذی کی حدیث ہے کلام میں تقویت پیدا کرنے کیلئے اور قاری کے سامنے اپنا موقف اچھی طرح واضح کرنے کیلئے ان اقسام رفتار کو تفصیل سے بیان کیا ہے چنانچہ اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں کہ

وانواع روش وہ است این سہ یعنے تحادت وانزعاج وہون چہارم سعی مشی باسرعت پنجم رمل مشی باربرواشتن پایہا و جنبایندن کتفہا چنانچہ درطواف ششم نسلان کہ عدوے ست سبک وودین وسبک رفتن وازسعی سریع ترست ہفتم خوری کہ رفتنی ست باتمائل ہشتم قیقری کہ رفتنی ست ماوریٰ یعنے پس پارفتن نہم جمزے کہ برجستن ست درراہ وناقہ را کہ جماز گویند بایں معنی ست دہم تبختر کہ روش متکبران ست یعنی خرامیدن وگردن افراختن وازینجملہ اکمل وافضل ہون ست کہ مشی حضرت نبوی ﷺ واعدل واوسط انواع'' (۱۸)۔

(اور چال کی اقسام میں سے تین یعنی ''تحادت'' اور ''انزعاج'' اور ''ھون ہے'' اور چوتھی چال ''سعی'' ہے جو تیزی سے چلی جائے۔ پانچویں چال ''رمل'' ہے جو جلدی جلدی قدم اٹھا کر اور مونڈھوں کو جنبش دے کر چلی جائے جیسا کہ طواف میں۔ چھٹی چال ''نسلان'' ہے جو دوڑ کر تیزی سے چلی جائے یہ رفتار سعی سے تیز تر ہے۔ ساتویں چال ''خوری'' جو پنجوں کے بل چلی جائے۔ آٹھویں چال ''قھقری'' ہے جو پشت کی طرف الٹے قدم چلی جائے نویں چال ''جمری'' ہے جو کود کر چلی جائے اونٹ کو جمارہ اس لیے کہتے ہیں دسویں چال ''تبختر'' ہے جو آہستہ خرامی سے ٹہلتے ہوئے گردن اٹھا کر متکبروں کے انداز میں چلی جائے۔ رفتار کی ان دس قسموں میں سب سے اکمل وافضل ''ھون'' ہے۔ اور یہ نبی کریم ﷺ کی چال مبارکہ ہے اور یہ انواع رفتار میں سے قوی اور اعتدال پر ہے)۔

اسی طرح شیخ محدثؒ نے وضاحت کے ساتھ چال کی اقسام کو بیان کرتے ہوئے نبی کریم ﷺ کی چال مبارکہ کو بیان کیا تاکہ سیرت النبی ﷺ سے محبت رکھنے والا یہ جان لے کہ ان تمام اقسام میں سے آپ ﷺ کی چال مبارکہ جو کہ ''ھون'' ہے افضل واکمل ہے اور آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کے مطابق مسلمانوں کا عمل کرنا باعث نجات ہے۔

مباحث سیرت میں شرح کرنے کا شیخ محدثؒ نے جو دوسرا اسلوب اپنایا وہ درج ذیل ہے:

دوم:

واثبات وتحقیق مذہب حنفی کہ مقصود اہم ومطمع نظر اصل آنست (۱۹)۔ (اور حنفی مذہب کو ثابت کرنا اور اس کی تحقیق

کرنا ہے کیوں کہ اہم مقصد اور اصل نصب العین یہی چیز ہے)۔

شیخ محدثؒ نے مندرجہ بالا اسلوب شرح سفر السعادۃ میں اپنایا ہے اور حنفی مذہب کی تائید جابجا کتاب میں نظر آتی ہے مثلاً فصل در نماز استقاء کے بیان میں مجد الدین فیروز آبادی "**سفر السعادة**" میں یہ حدیث پیش کرتے ہیں۔

''ثبت فی ذلک ستة اوجه (الوجه الأوّل)... الی آخره(۲۰)

جس کا مفہوم ہے کہ نبی کریم ﷺ اپنی زندگی مبارکہ میں چھ مرتبہ بارش کے لیے دعا مانگنے کی طرف متوجہ ہوئے اور کبھی نماز بھی اس سلسلے میں ادا فرمائی۔ جس کی تفصیل یہ ہے کہ آپ ﷺ نے پہلی اور دوسری مرتبہ دعا فرمائی تھی تیسری مرتبہ آپ ﷺ نے بغیر اذان و اقامت کے دو رکعت نماز پڑھی اور قرات جہر سے فرمائی۔ چوتھی مرتبہ مدینہ شریف میں استسقاء فرمائی نہ قیام فرمایا اور نہ دعا کے لیے منبر شریف پر تشریف لائے۔ پانچویں مرتبہ ''احجاز الزیت'' کے مکان میں دعا استسقاء فرمائی اور چھٹی مرتبہ غزوات میں جب مشرکوں نے پانی پر قبضہ کرلیا تو آپ ﷺ نے استسقاء کے لیے دعا ہی فرمائی تھی۔

شیخ محدثؒ ان تمام مواقع کو جہاں رسول کریم ﷺ کو بارش کے لیے دعا نماز ادا کرنے کی ضرورت پیش آئی تفصیل کے ساتھ احادیث اور واقعات کی روشنی میں بیان فرماتے ہیں اور آخر میں امام ابوحنیفہؒ کے موقف کی بھرپور وضاحت کرتے ہیں اس ضمن میں محدث لکھتے ہیں کہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک استسقا میں کوئی مسنون نماز نہیں ہے اور ارشاد باری تعالیٰ کے بموجب یہی دعا و استغفار کا نام استسقا ہے چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ:

﴿فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا﴾(۲۱)

(اپنے بخشنے والے رب سے تم استغفار کرو وہی آسمان سے تم پر موسلا دھار بارش برساتا ہے)۔

نیز جن حدیثوں میں استسقاء کی وجوہات مذکور ہیں ان میں نماز کا ذکر نہیں ہے بجز اس ایک وجہ کے حضور اکرم ﷺ نماز پڑھنے کھلی جگہ (میدان) میں تشریف لے گئے اور دو رکعت پڑھ کر خطبہ دیا یہ حدیث اپنی تمام تر خصوصیات کے ساتھ یا تو پایہ صحت ہی کو نہیں پہنچتی یا یہ حضرت رسالت پناہ ﷺ کے ساتھ مخصوص ہے نیز سنت وہ ہوتی ہے جسے حضور اکرم ﷺ نے کبھی کبھی ترک کرنے کے ساتھ اس پر ہمیشگی فرمائی ہو حالانکہ اس جگہ ترک صلوۃ اکثر ہے اور یہ فعل ایک مرتبہ کے سوا ہے ہی نہیں۔ شیخ محدثؒ مزید لکھتے ہیں کہ:

''وبالجملہ احادیث مرویہ درباب استسقاء خالی از اضطرابی نیستند وبسیاری از طرق حدیثی کہ مشتمل ست برین خصوصیات وکیفیات بی ضعفے نہ پس اخذ کرد ابوحنیفہ بخلاصہ ومقصود آنکہ دعاء استغفاء ست وتجویز کردہ نماز اوثبات شمود جماعت وخطبہ وامثال آن را اخذ بالمتقین واللہ اعلم'' (۲۲)۔

(غرض ہے کہ باب استسقاء میں احادیث مرویہ میں سے ہر ایک کسی نہ کسی اضطراب سے خالی نہیں ہے اور ہر اس حدیث کی سند جو ان خصوصیات و کیفیات پر مشتمل ہیں بغیر ضعف کے نہیں ہے لہٰذا امام اعظمؒ نے اس کے مغز اور مقصود کو اختیار فرمایا اور وہ دعا واستغفار ہے اور نماز کو بھی جائز رکھا اور جماعت، خطبہ اور اس قسم کی دیگر باتیں یقینی نہ ہونے کی وجہ سے اختیار نہ فرمائی (واللہ اعلم)

مباحث سیرت بیان کرنے کے لیے شیخ محدثؒ نے جو تیسرا اسلوب اپنایا وہ درج ذیل ہے:

سوم:

''استطرادو اشباع کلام بذکر مسائل واحکام واکثار فوائد ونکات مناسب مبحث ومقام وانچہ درحل عبارت متن وترجمہ الفاظ وبیان معانی آن از قیود ورموز واشارہ وتاویلات وتحلات برعادت شرح بکار رفتہ باشد'' (۲۳)۔

(کلام کے اشباع واستطراد اور مسائل واحکام کے ذکر اور مقام کو مناسب نکات اور فوائد کے ذریعے زیر بحث لایا گیا ہے اور عبارت کے متن اور ترجمہ کے حل میں الفاظ و بیان اور معانی اور قیود و رموز اور اشارات و تاویلات وتحلات کو توضیح وتشریح کے لیے استعمال کیا گیا ہے)۔

مثال:

باب الطہارت کی فصل ''در بیان جواز تیمّم'' کے ضمن میں سفر السعادۃ میں فیروز آبادی نے ایک حدیث کا مندرجہ ذیل متن نقل کیا ہے۔

''**وقال حیثما ادرکت رجلامن امتی الصلاۃ فعندہ مسجدہ وطھورہ**'' (۲۴)۔

جس کا مفہوم یہ ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا میری امت میں سے کوئی بھی شخص اس کو زمین کے کسی حصے میں نماز کا وقت ہو جائے تو وہ طہارت حاصل کرے اور نماز ادا کرے شیخ محدثؒ نے شرح سفر السعادات میں لفظ ''طہور'' میں موجود ممکنہ ابہام کی اس طرح وضاحت کی ہے:

''وطہورہ جای نماز آن مردو طہارت وی یعنی بہمان زمین تیمّم کندو ہم
بران نماز گذاردو بخلاف امم سابقہ کہ نماز ایشان جز در بیع و کنائس جائز
نبودی وطہارت الیشان جز بآب درست نہ وتسمیہ آن مکان بمسجد کنایت
ست از عدم اختصاص سجود بموضع دون موضع یا مجاز ست از مکان معین مبنی
برای نماز چون نماز درانجا جائز شد گویا مسجد شد'' (۲۵)۔

(طہور سے مراد وہ جگہ جہاں نماز ادا کی جائے اور وہاں سے ہی طہارت حاصل کی جائے یعنی زمین سے تیمّم کیا جائے اور پھر اس جگہ پر نماز ادا کی جائے بخلاف امم سابقہ کے کہ ان کی نماز، ان کی عبادت گاہوں اور گرجا گھروں کے علاوہ جائز نہیں ہوتی تھی۔ ان کی طہارت پانی کے سوا کسی اور چیز کے ساتھ بھی جائز نہیں ہوتی تھی اور اس جگہ کا نام مسجد رکھنا یہ اشارہ ہے کہ سجدہ کے لیے ایک ہی جگہ خاص کرنا دوسری جگہ کو چھوڑ کر ٹھیک نہیں ہے یا مسجد کا لفظ مجازی طور پر استعمال ہوتا ہے اس متعین جگہ کے لیے جہاں نماز ادا کی جاتی ہے اور جب اس جگہ (یعنی جہاں سے پاکی حاصل کی) بھی نماز کا ادا کرنا جائز ہوا تو گویا (حدیث کے مطابق) اس جگہ کو بھی مسجد کہا گیا ہے)۔

الغرض شیخ محدثؒ نے سفر السعادہ میں موجود مباحث سیرت کو اپنی شرح میں مندرجہ بالا اسلوب کو مدنظر رکھتے ہوئے وضاحت سے بیان کیا ہے اور شرح سفر السعادۃ کے مقدمے میں جس اسلوب کو اپنانے کی وضاحت کی گئی تھی اس کی جھلک ہمیں شرح سفر السعادۃ میں محسوس ہوتی ہے۔ درج بالا امثلہ کے ذریعے اس کی تائیدی وضاحت پیش کر دی گئی ہے۔

نتائج

اس تحقیق سے مترشح نتائج مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ علماء کے ہاں سفر السعادۃ شمائل نبوی کے باب میں ایک اہم ماخذ کی حیثیت رکھتی ہے۔

۲۔ سفر السعادۃ کی اہمیت اور اس میں بہت سی معلومات کو اعتدال و انصاف پر لانے کی غرض سے شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے اس کتاب کی شرح لکھی۔

۳۔ شرح سفر السعادۃ ایک مقدمہ، چھ ابواب اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔ کتاب کا آغاز مقدمہ سے ہوتا ہے۔ جس میں شیخ محدثؒ نے کتاب کی شرح کا مقصد واضح کیا ہے۔ اس کے بعد مصطلحات علم حدیث، ذکر کتب صحاح ستہ اور احوال

آئمہ مذاہب اربعہ کو بیان کیا گیا ہے۔

۴۔ شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ نے اس شرح میں سیرت کی معلومات کو پیش کرنے میں تین طرح کے اسلوب اپنائے ہیں جن کا خلاصہ یہ ہے:

الف۔احادیث کی تحقیق وتخریج اور صحت وضعف کا بیان، **ب**۔حنفی مذہب کی ترجمانی، **ج**۔شرح معانی، نکات و فوائد کا بیان۔

۵۔ ۸۷صفحات پر مشتمل خاتمۃ الکتاب میں متشدد محدثین کی جانب سے کچھ احادیث پر جرح کا شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ کی جانب سے جواب دیا گیا ہے۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ نظامی، خلیق احمد، حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی، لاہور: مکتبہ رحمانیہ، س۔ن، ص:۷۰۔

۲۔ دہلوی، عبدالحق، اخبارالاخیار، یو۔پی: کتب خانہ رحیمیہ، س۔ن، ص:۳۱۷۔

۳۔ ایضاً، ص:۳۱۸۔

۴۔ ایضاً، ص:۱۴۔

۵۔ بدایونی، ملاعبدالقادر، منتخب التواریخ محمود احمد فاروقی (مترجم)، لاہور: غلام علی اینڈ سنز، س۔ن، ج:۳، ص:۶۲۵۔

۶۔ دہلوی، عبدالحق، زادالمتقین فی سلوک طریق الیقین، عبدالحلیم چشتی (مترجم)، کراچی: الرحیم اکیڈمی، ۱۹۹۸ء، ص:۲۱۸۔

۷۔ حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی، ص:۴۳۔

۸۔ قنوجی، محمد صدیق خان، **أبجد العلوم**، بیروت: دارابن حزم، ۱۴۲۳ھ، ۱/۲۵۹، ۲۶۰۔

۹۔ محدث دہلوی، عبدالحق، شرح سفرالسعادۃ، سکھر: مکتبہ نوریہ رضویہ، ۱۳۹۸، ص:۳۔

۱۰۔ نظامی، خلیق احمد، حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی، ص:۱۶۹۔

۱۱۔ شرح سفرالسعادۃ، ص:۳۔

۱۲۔ ایضاً، ص:۵۰۵۔۵۰۴۔

۱۳۔ ایضاً، ص:۳۔

۱۴۔ نظامی، خلیق احمد، حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی، ص:۱۶۷۔

۱۵۔ فیروزآبادی، مجدالدین، **سفر السعادۃ**، مصر: مطبۃ الجمالیۃ الحدیثۃ، ص:۲۱۔

۱۶۔ شرح سفرالسعادۃ، ص:۱۱۱۔

۱۷۔ **سفر السعادۃ**، ص:۱۴۵۔۱۴۴۔

۱۸۔ شرح سفرالسعادۃ، ص:۴۸۹۔

۱۹۔ ایضاً، ص:۴۔

۲۰۔ **سفر السعادۃ**، ص:۵۵۔۵۴۔

۲۱۔ سورۃ نوح، ۷۱:۹، ۱۰۔

۲۲۔ شرح سفرالسعادۃ، ص:۲۴۰۔۲۳۹۔

۲۳۔ ایضاً،ص:۴۔

۲۴۔ **سفر السعادة**، ص:۱۷۔

۲۵۔ شرح سفرالسعادۃ، ص:۴۶۔

نبی اکرم ﷺ کی ازدواجی زندگی پر مستشرقین کے اعتراضات کا تحقیقی و تنقیدی مطالعہ

A Critical & Research Based Study of Accusations Leveled by the Orientalists against the Prophetﷺ's Matrimonial Life

ڈاکٹر منظور احمد*

عبید اللہ**

ABSTRACT

The life of the holy Prophetﷺ is open with each and every aspect in the search light of human history. Even his conjugal life has been preserved completely for the guidance of the believers. Some Orientalists tried to distort facts and present the Prophet ﷺ in such a way that the attraction of Islam be decreased in the eyes of non-Muslims and doubts be produced in the simple-minded Muslims. One of their prime targets has been the marriages of the holy Prophetﷺ which had purely religious, legal and socio-political reasons. Some Orientalists attacked the character of the Prophetﷺ by suggesting that he had a strong sexual desire, while others blamed that it was due to greed for worldly gains. Still others even invented dramatic stories about the polygamy of the Prophetﷺ. This article is a humble attempt to provide answers to these baseless charges, citing references from the Orientalists' original sources with historical facts, opinions of the Muslim thinkers and the teachings of the others renowned world religions which shows that the Orientalists' doubts are nothing but the outcome of their malice and hostile feelings. The weak foundations of the unethical and unsupported accusations have been exposed upon which the Orientalists tried to build the edifice of their arguments.

---

* اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ عربی و اسلامیات گومل یونیورسٹی ڈیرہ اسمعیل خان، پاکستان۔

** ایم فل سکالر (علوم اسلامیہ) قرطبہ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی ڈیرہ اسمعیل خان، پاکستان۔

استشراق کے لغوی معنی ہیں شرق شناسی۔ یہ لفظ ایسے مغربی شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو مشرقی علوم، زبانوں، تہذیب، مذاہب اور فلسفہ کے علوم سے وابستہ ہو۔ لیکن اصطلاحی طور پر اس سے مراد ہے وہ اہل مغرب جو مشرقی تہذیب و تمدن، اقدار وروایات، وسائل و کمال، تاریخ و ادب اور اسلامی علوم کا صرف اس غرض سے مطالعہ کریں کہ کس طرح مسلمانوں کے اعتقادات کو کمزور کیا جا سکتا ہے اور کیسے ان کے وسائل حیات پر قبضہ کر کے ان پر سیاسی غلبہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ یہ سلسلہ ایک منظم تحریک کی صورت اختیار کر چکا ہے جسے تحریک استشراق کہتے ہیں اور اس تحریک سے وابستہ لوگ مستشرقین کہلاتے ہیں۔

دنیا کی معلوم تاریخ میں نبی اکرم ﷺ کے علاوہ کوئی بھی ایسی شخصیت نہیں گزری جس کی زندگی کے تمام گوشے عیاں ہوں اور ان سے راہنمائی حاصل کی جاسکے۔ ہر عظیم شخصیت کی زندگی کا کوئی نہ کوئی گوشہ پردہ اخفاء میں ہے۔ لیکن نبی اکرم ﷺ کی زندگی کے تمام گوشوں کی طرح گوشہ خلوت بھی امت کی راہنمائی کے لئے من و عن موجود ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے اپنی ازدواجی زندگی کو دوسرے عالمی راہنماؤں کی طرح پوشیدہ کیوں نہیں رکھا۔ حالانکہ دنیا کی تمام عظیم شخصیات بالخصوص تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی عائلی زندگی دنیا کی نظروں سے اوجھل ہے یا پھر مبہم۔ چونکہ آپ ﷺ کی زندگی کا مقصد قیامت تک آنے والے انسانوں کو ہر شعبہ زندگی میں مکمل راہنمائی فراہم کرنا تھا اس لئے آپ ﷺ نے اپنی عائلی زندگی کو بھی دنیا کے سامنے پیش کر دیا۔ تاکہ بنی نوع انسان کو زندگی کے ہر موڑ پر آپ ﷺ کی سیرت طیبہ سے راہنمائی مل سکے۔ مستشرقین نے پیغمبر اسلام ﷺ کے کردار کو دھندلانے کی خاطر سیرۃ النبی ﷺ کے جن پہلوؤں کو ہدف تنقید بنایا ہے، ان میں نبی اکرم ﷺ کی ازدواجی زندگی بھی شامل ہے۔ مستشرقین کے ان اعتراضات کا مقصد حقائق کو مسخ کر کے نبی اکرم ﷺ کے کردار کی ایسی منظر کشی کرنا ہے کہ جس سے ایک طرف غیر مسلموں پر اسلام کی تاثیر کو کم کیا جاسکے تو دوسری طرف اعتراضات کی حقیقت سے ناواقف سادہ لوح مسلمانوں کے دلوں میں شکوک و شبہات کو جنم دیا جا سکے۔ علامہ شبلی نعمانی نے پیغمبر اسلام ﷺ کی زندگی پر مستشرقین کے اعتراضات کی فہرست میں کثرت ازواج اور میل الی النساء کو دوسرے نمبر پر ذکر کیا ہے[1]۔

پیغمبرِ اسلام کی تعدد ازواج پر مستشرقین کے اعتراضات کا ذکر کرتے ہوئے ایک مغربی مصنف یوں رقم طراز ہے:

"Muhammad's marriages have long provided another source of western criticism of the moral character of the prophet"[2].

(محمد (ﷺ) کی شادیوں نے کافی عرصہ تک مغربی ناقدین کو پیغمبر کے کردار پر تنقید کا ذریعہ مہیا کیا)۔

مستشرقین کا یہ خاصا رہا ہے کہ سیرۃ النبی ﷺ پر قلم اٹھاتے ہی اکثر اوقات ان کے قلم میں لغزش آجاتی ہے اور وہ انصاف کے تقاضوں کو پس پشت ڈال کر صرف ان حوالہ جات پر اکتفاء کرتے ہیں جو ان کے مخصوص مقاصد کے حصول میں مدد و معاون ثابت ہوتے ہیں۔ حقائق سے واقف مستشرقین بھی پیغمبر اسلام ﷺ کے طرز عمل کو غلط ثابت کرنے کی خاطر انصاف کا دامن چھوڑ دیتے ہیں اور ان کے قلم کا پورا زور حقائق کو مسخ کر کے اور واقعات کو پس منظر سے کاٹ کر پیش کرنے میں صرف ہو جاتا ہے۔ اسلام کے فلسفہ زوجیت اور اس پر معترضین کے اعتراضات کا جائزہ لینے سے قبل درج ذیل چند نکات کا ذہن نشین ہونا ضروری ہے:

- مستشرقین کی کثیر تعداد کا تعلق مغربی معاشرہ سے ہے اور وہ مشرقی اصولوں کے برخلاف ثقہ اور غیر ثقہ راویوں کی تمیز کے بغیر صرف ان ہی روایات کو لیتے ہیں۔ جو ان ہی کے مقاصد کے حصول کو ممکن بناتی ہیں۔
- بیشتر مغربی مصنفین صنف نازک سے متعلقہ امور کو مشرقی روایات کے برخلاف مغربی معاشرہ کے رومانوی انداز میں پیش کرتے ہیں۔
- تعدد ازواج کے حوالہ سے معترضین کے اعتراضات میں بغض و عناد کا عنصر شامل ہے کیونکہ دین عیسوی کی موجودہ شکل کثرت ازواج کی مخالف ہے۔
- اس موضوع پر مستشرقین کی زیادہ تعداد اپنے پیشرو مصنفین کی تحقیق کو کافی سمجھتی ہے اور پیشرو مصنفین کے ہی اعتراضات کو الفاظ کے ہیر پھیر سے پیش کیا جاتا ہے۔

نبی اکرم ﷺ کی ازدواجی زندگی سے متعلق مستشرقین نے جو اعتراضات کئے ہیں ان میں سے چیدہ چیدہ مندرجہ ذیل ہیں:

مستشرقین کا پیغمبر اسلام ﷺ کی ازدواجی زندگی پر سب سے بڑا اعتراض تعدد ازواج سے متعلق ہے۔ تعدد ازواج سے مراد ہے کثیر زوجگی یعنی ایک مرد کے حرم میں کئی بیویوں کا ہونا۔ انگریزی میں

اسے polygamy کہا جاتا ہے۔ کثرت ازواج النبی ﷺ پر سب سے زیادہ اعتراض عیسائیت سے وابستہ مستشرقین نے کئے ہیں۔ جس کی چند ایک مثالیں درج ذیل ہیں:

ولیم میور آپ ﷺ کے بارے میں لکھتا ہے:

"Mahomet was now going on to three-score years but weakness for the sex seemed only to grow with age and the attractions of his increasing harem were insufficient to prevent his passion from wandering beyond its ample limits"(3).

(اب محمد (ﷺ) کی عمر ساٹھ سال کے قریب تھی لیکن جنس مخالف کی طرف میلان کی کمزوری میں عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ اضافہ ہو رہا تھا۔ آپ کے بڑھتے ہوئے حرم کی کشش آپ کو اپنی وسیع حدود کے تجاوز سے روکنے کے لیے کافی نہ تھی)۔

"ہسٹری آف اسلامک پیپل (History of Islamic People) کے مصنف لکھتا ہے:

"After the death of his first wife, Muhamed married some dozen wives; some out of love, some for reasons of state"(4).

(اپنی پہلی بیوی کی وفات کے بعد محمد (ﷺ) نے محبت اور ریاستی وجوہات کی بناء پر درجن بھر عورتوں سے شادیاں کیں)۔

منٹگمری واٹ (Montgomery Watt) یوں رقمطراز ہے:

"We conclude, then, that virilocal polygyny, or the multiple virilocal family, which for long was the distinctive feature of Islamic society in the eyes of Christendom, was an innovation of Muhammad's. There may have been some instances of it before his time, but it was not widespread, and it was particularly foreign to the outlook of the Medinans"(5).

(ایک خاوند اور کئی بیویوں پر مشتمل گھرانہ جو مدتوں عیسائیوں کی نظروں میں اسلامی معاشرے کی خصوصی پہچان رہا، وہ محمد (ﷺ) کے ذہن کی اختراع تھی۔ ممکن ہے کہ آپ (ﷺ) سے پہلے اس کی چند مثالیں موجود ہوں لیکن یہ رسم عام نہ تھی۔ اور خصوصاً اہلِ مدینہ کے لیے یہ بات بالکل نئی تھی)۔

میکسم روڈنسن(Maxime Rodinson)اپنی کتاب ''Muhammad'' میں لکھتا ہے:

"The prophet was growing old. At the time of the expedition to Tabuk he must have been in his sixties. Even so, he had not lost his fondness for women"[6].

(محمد (ﷺ) کی عمر ڈھل رہی تھی۔ تبوک کی مہم کے وقت وہ ساٹھ برس کے تھے۔ پھر بھی اس نے عورتوں کے لیے اپنے شوق کو نہ چھوڑا)۔

درج بالا حوالہ جات سے نبی اکرم ﷺ کے تعدد ازواج سے متعلق مستشرقین کا نقطہ نظر بالکل واضح ہو جاتا ہے۔اس اعتراض کا مدلل جواب قاضی محمد سلیمان منصور پوریؒ نے اپنی کتاب" رحمت اللعالمین"میں انتہائی مفصل طور پر دیا ہے۔انہوں نے مختلف مذاہب کی تعلیمات سے تعدد ازواج کو ثابت کیا ہے۔ان کی تحقیق کے مطابق: "ہندو مذہب کے راہنما سری رام چندر کی اولاد مہاراجہ دسرت کی تین بیویاں ،سری کرشن جو اوتاروں میں سولہ کلان سپورن تھے، کی سینکڑوں بیویاں تھی۔ مشہور پانڈوؤں کے جد اعلیٰ راجہ پانڈو کی دو بیویاں، راجا شنتن کی دو بیویاں، بچھتر ایرج کی دو بیویاں اور ایک لونڈی تھی۔اسی طرح بنی اسرائیل کے جد امجد حضرت ابراہیمؑ کی تین، حضرت یعقوب اسرائیلؑ کی چاراور حضرت موسیٰؑ کی بھی چار بیویاں تھیں۔ حضرت داؤدؑ کی نو بیویاں اور حضرت سلیمانؑ کی 700 بیگمات اور 300 حرم تھے"[7]۔

فاضل مصنف کا اس تفصیل کے بیان کرنے سے مقصد یہ ہے کہ تعدد ازواج صرف نبی اکرم ﷺ سے ثابت نہیں بلکہ یہ انبیاء سابقین اور خصوصا انبیاء بنی اسرائیل کی بھی سنت ہے۔ اسلئے تعدد ازواج کی وجہ سے پیغمبر اسلام ﷺ پر خواہش پرستی کا الزام بے بنیاد اور مبنی بر بغض و عناد ہے۔ کیونکہ اگر تعدد ازواج کسی کے خواہش پرست ہونے کی دلیل ہو سکتی ہے تو یہ دلیل ان کے اپنے ہاں بھی بدرجہ اتم موجود ہے ۔مستشرقین کا یہ رویہ صرف اور صرف اسلام دشمنی کی وجہ سے ہے۔فاضل مصنف نے تعدد ازواج کے لئے ہندومت کا حوالہ دے کر یہ ثابت کیا ہے کہ تعدد ازواج صرف الہامی مذاہب میں ہی نہیں ہے بلکہ یہ مشرقی روایات کا بھی حصہ ہے کیونکہ ہندومت ایک غیر الہامی مذہب ہے لیکن اس میں بھی تعدد ازواج کی اجازت موجود ہے اور اس مذہب کے اکابر نے اس اجازت پر عمل بھی کیا ہے۔

عبد القادر جیلانی اپنی کتاب "اسلام، پیغمبر اسلام اور مستشرقین مغرب کا انداز فکر" کے باب پنجم میں کثرت ازواج اور جنس سے متعلق عیسائیت کی بنیادی تعلیمات اور موجودہ عیسائیت کا ان تعلیمات سے روگردانی

کرنے کی پوری تفصیل لکھنے کے بعد نبی اکرم ﷺ کی ذات پر مذکورہ اعتراض کا مفصل جواب دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

''مغرب میں یک زوجگی کا مستعار قانون رائج ہے۔ اسلام سے قبل تمام اشراف عرب کثرت ازواج پر عمل پیرا تھے۔ شریعت موسوی کی طرح زمانہ قبل از اسلام میں عرب معاشرہ میں ازواج کی کوئی حد مقرر نہیں تھی۔ پیغمبر اسلام ﷺ نے تو اس کی حد مقرر کی اور چار بیویاں رکھنے کی مشروط اجازت دی۔ جس کی وجہ سے لوگوں کو چار سے زائد بیویوں کو طلاق دینا پڑی۔ آپ ﷺ کی ایک وقت میں ازواج کی زیادہ سے زیادہ تعداد، کنیزوں کو ملا کر، دس تک پہنچتی ہے، جو سنت داؤدی سے مطابقت رکھتی ہے۔ آپ ﷺ نے 55 سال تک ایک ہی شریک حیات کے ساتھ وقت گزارا۔ اس عمر میں تو ایک خواہش پرست بھی اپنے جذبات پر پوری طرح قابو پالیتا ہے۔ اس عمر کے بعد شادیاں مصلحت، تالیف قلب اور علوئے مرتبت کی خاطر کی جاتی ہیں''[8]۔

یہودیت وعیسائیت کے پیروکاروں کے ساتھ ساتھ دہریہ مزاج مصنفین کے اسی نوعیت کے اعتراض کا جواب پیر کرم شاہ ازہری مصنف ضیاء النبی ﷺ نے بڑے خوبصورت، مفصل، مدلل اور منطقی انداز میں دیا ہے:

''مستشرقین ماہرین علوم شرقیہ ہیں تو کثرت ازواج کی وجہ سے ہندو اکابر پر تنقید کیوں نہیں کرتے حالانکہ سری کرشن جی کی سینکڑوں بیویوں کا تذکرہ ملتا ہے۔ حضور ﷺ کی ازدواجی زندگی تو منہاج نبوت کے عین مطابق تھی۔ الہامی مذاہب کے پیروکاروں کا تعدد ازواج النبی ﷺ پر اعتراض کرنا غلط ہے کیونکہ ان کے اپنے اکابر اس پر عمل پیرا رہے ہیں اور ان لوگوں کو تو اعتراض کا حق حاصل نہیں ہے جو نکاح کی قید کو قبول ہی نہیں کرتے۔ تجرد عیسیٰ کی مثال سے تو عیسائیت کے بنیادی عقیدہ الوہیت مسیح کا ستیاناس ہو جاتا ہے۔ لیکن پھر بھی اسے درست تسلیم کر لیا جائے تو پوری عیسائی قوم کبھی بھی اس سنت عیسوی کو اپنی اجتماعی زندگی میں نافذ نہیں کر سکتی''[9]۔

پیر کرم شاہؒ کے مطابق مستشرقین کا مقصد علوم شرقیہ کا حصول نہیں بلکہ وہ تو صرف اسلام کا مطالعہ ہی برائے تنقید کرتے ہیں۔ اگر وہ ماہرین علوم شرقیہ ہوتے تو ان تمام مشرقی مذاہب پر اعتراض کرتے جو تعدد ازواج کے عقیدے پر یقین رکھتے ہیں۔

ڈاکٹر طاہر القادری اپنی کتاب ''سیرت سیدہ عائشہ صدیقہ'' میں ان اعتراضات کے جواب میں لکھتے ہیں:

"اگر بقول ان کے حضور ﷺ کی تعدد ازواج کے پس پردہ نفسانی خواہشات کی تکمیل اور شہوت کی جبلت کار فرما ہوتی تو آپ ﷺ دوسری شادی ایک ایسی خاتون سے نہ کرتے جو عمر رسیدہ ہونے کے علاوہ ثقل سماعت کے عارضہ میں مبتلا تھیں۔ آقائے دوجہاں ﷺ نے پچیس سال کی عمر میں جب شباب کی جولانیاں، ہنگامہ آفرینیاں اور شوخیاں عروج پر ہوتی ہیں اور طبیعت میں لاابالی پن کا عنصر نمایاں ہوتا ہے ایسی خاتون کو اپنی شادی کے لئے منتخب فرمایا جو عمر میں آپ ﷺ سے پندرہ سال بڑی اور دو بار بیوگی کا صدمہ برداشت کر چکی تھی۔ پھر آپ ﷺ نے اپنی اس رفیقہ حیات کے ہوتے ہوئے اس کی زندگی میں کسی دوسری عورت کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھا اور یک زوجگی (Monogamy) پر قناعت کیے رکھا"[10]۔

نبی اکرم ﷺ کی پوری زندگی روز روشن کی طرح واضح ہے۔ آپ ﷺ کی پیدائش سے لے کر انتقال تک کی ہر گھڑی آج بھی ویسے ہی محفوظ ہے جس طرح آج سے تقریباً چودہ سو برس قبل تھی اور آپ ﷺ کی حیات طیبہ کا کوئی بھی گوشہ ایسا نہیں جو تاریخ کی نظروں سے اوجھل ہو۔ مکی زندگی میں جب کہ کفار مکہ پیغمبر ﷺ کو تکلیف پہنچانے کا کوئی بھی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتے تھے۔ ان مشرکین مکہ کی طرف سے پیغمبر اسلام کو عرب کی بادشاہت، مال و دولت کی فراوانی اور زن کا لالچ دیے جانے کے باوجود بھی آپ ﷺ نے ان کی پیشکش کو ٹھکرا دیا۔ یہاں ایک غیر جانبدار شخص بھی اس بات کو تسلیم کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ اگر آپ ﷺ کی زندگی کا مطمع نظر دنیاوی عیش و آرام اور خواہش پرستی ہوتی تو ان خواہشات کی تکمیل کی خاطر آپ ﷺ اس پیشکش کو فوراً قبول کر لیتے۔ لیکن پیغمبر ﷺ کے انکار سے یہ بات عیاں ہوتی ہے کہ پیغمبر ﷺ کی زندگی کا مقصد بادشاہت اور عیش و عشرت کا حصول نہیں بلکہ دادِ عیش و عشرت دینے والے لوگوں کو جہالت کے اندھیروں سے نکال کر اسلام کی روشنی سے آشنا کرانا تھا۔ اگر پیغمبر ﷺ کی جدوجہد کا مقصد نفسانی خواہشات کے حصول تک رسائی حاصل کرنا ہوتا تو ابتداء اسلام میں ہی اس پیشکش کو رد کر کے زندگی کو مصیبت میں ڈالنے کے کیا معنی؟ یہ اعتراض تو پیغمبر اسلام ﷺ کی زندگی میں اسلام اور پیغمبر اسلام ﷺ کے سب سے بڑے دشمنوں نے بھی نہیں لگایا حالانکہ وہ اسلام کی مخالفت میں نبی اکرم ﷺ پر کاہن، شاعر اور مجنون تک کے الزامات لگانے سے نہ گھبرائے۔ اگر پیغمبر اسلام ﷺ کی زندگی کا مطالعہ کیا جائے تو واضح ہو جاتا ہے کہ یہ اعتراضات صرف اور صرف تعصب، عناد اور اسلام دشمنی پر مبنی ہیں۔ تعدد ازواج کی مثال انبیاء بنی اسرائیل کے ہاں بھی موجود ہے لیکن ان پر اس قسم کا کوئی اعتراض

نہیں کیا گیا۔ پیغمبر ﷺ پر خواہش پرستی کا الزام لگانے والے حضرت عیسیٰؑ کے تجرد کو بطور دلیل پیش کرتے ہیں۔ نبی کا عمل اپنی امت کیلئے حقیقی راہنمائی اور کامیابی کا ذریعہ ہوتا ہے اور وقت کے نبی کی سیرت پر عمل کرنے والوں نے ہی ہمیشہ کامیابی وکامرانی پائی ہے۔ لیکن عیسیٰؑ کے تجرد کو بطور دلیل پیش کرنا ایک نہایت ہی مضحکہ خیز بات ہے کیونکہ اگر اس سنت عیسوی پر عمل کیا جاتا تو آج نسل انسانی کا وجود ہی ختم ہو چکا ہوتا۔ اگر نبی اکرم ﷺ کے پیش نظر عیش کوشی ہوتی۔ تو آپ ﷺ کی جوانی کے عالم میں اسکی کوئی ایک آدھ مثال ضرور موجود ہوتی لیکن تاریخ انسانی اسکی ایک مثال بھی پیش کرنے سے قاصر ہے۔ عیش کوش آدمی اپنے ضمیر کو گروی رکھ کر اپنی بیویوں کی ہر غلط بات مان لیتا ہے لیکن پیغمبر ﷺ باوجود اسلامی ریاست کے بادشاہ ہونے کے اپنی بیویوں کی طرف سے دنیا کی معمولی سی طلب پر ان سے خفا ہو جاتے ہیں جس پر اللہ تعالیٰ کی آخری کتاب آج بھی بطور گواہ موجود ہے۔ دنیا کی معلوم تاریخ میں کوئی بھی ایسا شخص نہیں گزرا جس کے بارے میں کہا جاسکے کہ اسکی ازدواجی زندگی کا ہر ہر لمحہ محفوظ ہے بلکہ تمام عظیم راہنماؤں کی ازدواجی زندگی کا گوشہ ہمیں پردہ اخفاء میں ملتا ہے لیکن پیغمبر ﷺ کی ازدواجی زندگی بھی ویسے ہی محفوظ ہے جیسا کہ باقی زندگی کا ہر ہر لمحہ۔ عیاش آدمی کبھی بھی اپنی ازدواجی زندگی کو بیان کرنے کا نہیں کہتا لیکن نبی اکرم ﷺ کے فرمان: ''بلغوا عنّی ولوا اٰیة'' کے مصداق آپ ﷺ کی ازدواجی زندگی کا بھی ہر قول، فعل اور تقریر امت کی راہنمائی کے لئے اپنی اصلی حالت میں موجود ہے اور امت اس سے راہنمائی حاصل کر رہی ہے۔ درج بالا تحریر سے واضح ہو جاتا ہے کہ مستشرقین کا مقصد صرف اور صرف پیغمبر اسلام ﷺ کی ذات مبارکہ پر کیچڑ اچھالنا ہے اور یہ حقیقت بھی منکشف ہو جاتی ہے کہ ان کی جانب سے کئے جانے والے اعتراضات کا حقیقت سے دور کا واسطہ بھی نہیں ہے۔

موضوع متذکرہ بالا کے حوالہ سے مستشرقین سے چند ایک سوالات ہیں:

1۔ اگر تعدد ازواج غیر فطری عمل ہے اور یہ عمل عیش کوشی میں آتا ہے تو انبیاء بنی اسرائیلؑ جن کے بارہ میں عہد نامہ قدیم میں تعدد ازواج کی کئی مثالیں ملتی ہیں کے بارہ میں آپ کی کیا رائے ہے؟

2۔ اگر مستشرقین کا مقصد صرف اور صرف مشرقی علوم کے حصول اور ان کی تحقیق کرنا ہے تو اعتراضات صرف اسلامی تعلیمات پر ہی کیوں؟ مستشرقین ہندومت کے عظیم راہنماؤں کی کثرت ازواج کے معاملہ پر کیوں خاموش ہیں؟

3۔ کوئی بھی اعتراض اگر ہم عصر لوگوں کی طرف سے اٹھایا جائے تو اس کو حقیقت سے قریب سمجھا جاتا ہے لیکن تاریخ شاہد ہے کہ آپ ﷺ کے جانی دشمن بھی آپ ﷺ کے حیادار ہونے کے قائل تھے۔ مستشرقین مستند حوالہ سے آپ ﷺ کے کسی ایک ہم عصر کی طرف سے یہی اعتراض پیش کریں؟

4۔ تجرد عیسیٰؑ کی مثال سے واضح ہوتا ہے کہ عیسیٰؑ اللہ تعالیٰ کے بندے اور رسول تھے۔ اگر عیسیٰؑ اللہ کے بندے تھے تو عقیدہ تثلیث کی حقیقت کیا ہے؟ اور اگر عیسیٰؑ اللہ تعالیٰ کے بیٹے تھے تو تجرد کی مثال کیوں؟

مستشرقین کی طرف سے پیغمبر اسلام ﷺ کی ازدواجی زندگی پر کئے جانے والے اعتراضات میں سے ایک اعتراض نبی اکرم ﷺ کی حضرت زینبؓ بنت جحش سے شادی ہے۔ جسے مستشرقین افسانہ محبت قرار دیتے ہیں۔ حضرت زینبؓ بنت جحش، نبی اکرم ﷺ کی سگی پھوپھی زاد تھیں اور انکی پہلی شادی جو حضرت زیدؓ سے ہوئی اس کا بندوبست بھی آپ ﷺ نے ہی فرمایا تھا لیکن جب ان کے درمیان نباہ نہ ہو سکا تو حضرت زیدؓ نے اسے طلاق دے دی۔ جس کے بعد آپ ﷺ نے حضرت زینبؓ سے نکاح فرمالیا۔

مشہور مستشرق سر ولیم میور(Sir William Muir)اپنی کتاب"The Life of Muhammad" میں یہ اعتراض یوں کرتا ہے:

> "The charms of a second Zeinab were by accident discovered too fully before his admiring gaze. She was the wife of Zeid, his adopted son and bosom friend; but he was unable to smother the flame she had kindled in his breast; and, by divine command, she was taken to his embrace"[(11)].

(دوسری زینب کی دلکشی اتفاقیہ طور پر ان پر آشکارا ہوئی، وہ اسکے منہ بولے بیٹے اور گہرے دوست زید کی بیوی تھی۔ لیکن وہ اس شعلہ کو نہ بجھا سکا جو وہ(زینب)اس کے سینے میں جلا چکی تھی۔ اور آسمانی حکم سے وہ اس کے حرم میں آگئی)۔

کتاب "Muhammad and Islam" میں ولیم میور اس اعتراض کو قدرے تفصیل سے اور رومانوی انداز میں یوں پیش کرتا ہے:

> "One day to visit the dwelling of his adopted son Zeid, he found him absent. As he knocked, Zeinab, wife of Zeid, started up in confusion to array herself decently for the prophet's reception. But her charms had already through

the half-opened door unveiled themselves too freely before his admiring gaze; and Mahomet, smitten by the sight, exclaimed, "Gracious Lord! Good Heavens! How thou dost turn the hearts of men!" The words, uttered as he turned to go, were overheard by Zeinab, and she, proud of her conquest, was nothing loth to tell her husband of it. Zeid went at once to Mahomet, and offered to divorce his wife for him." Keep thy wife to thyself," he answered, "and fear God." But the words fell from unwilling lips. Zeid was ten years younger than Mahomet, but he was short and ill favoured; and now that Zeinab seemed to court so distinguished an alliance, he probably did not care to keep her any longer as his wife. And so he formally divorced her(12).

(ایک دن وہ اپنے لے پالک بیٹے زید کے گھر گیا اور اس نے اسے وہاں نہ پایا۔ جیسے ہی اس نے دستک دی زید کی بیوی زینب عجلت میں تیار ہوئی کہ باوقار انداز میں پیغمبر کے استقبال میں خود کو پیش کر سکے۔ لیکن اسکی خوبصورتی ادھ کھلے دروازے سے انکی داد دینے والی نظروں میں اپنے آپ کو ظاہر کر چکی تھی۔ اور مسحور ہو کر محمد نے جاتے ہوئے کہا سبحان اللہ، الحمد للہ۔ کیسے تو انسانوں کے دلوں کو تبدیل کر دیتا ہے۔ زینب نے یہ الفاظ سن لئے۔ اس نے اپنے غلبے پر فخر کرتے ہوئے یہ بات اپنے خاوند کو بتانے میں کوئی عار محسوس نہیں کی۔ زید اسی وقت پیغمبر کے پاس گیا اور اس کے لئے اپنی بیوی کو طلاق دینے کی پیشکش کی۔ "اپنی بیوی کو اپنے پاس رکھو اور خدا سے ڈرو" اس نے جواب دیا۔ لیکن یہ الفاظ نہ چاہتے ہوئے ادا ہوئے۔ زید پیغمبر (ﷺ) سے دس سال چھوٹا تھا لیکن وہ چھوٹے قد کا تھا اور اسے کوئی حمایت بھی حاصل نہیں تھی۔ اور زینب جس کو ایک ممتاز اتحاد میسر نظر آرہا تھا، اس نے غالبا اس کو اپنی زوجہ کی حیثیت سے رکھنے کی پرواہ نہ کی۔ پس اس نے اس (زینب) کو باضابطہ طور پر طلاق دے دی)۔

ایک سویڈش پادری ٹور انڈرائے (Tor Andrae) اپنی کتاب "Mohammed: The Man and His Faith" میں درج بالا اعتراض کو یوں بیان کیا ہے:

"One day prophet came to Zaid's house as was his frequent custom. Zaid was not at home, but Zainab met him at the door, clad in light garment which the Arab

women used to wear in the house. Mohammed was overcome with amazement at her beauty, and said, half-audibly, as he drew back courteously: “Praised be Allah who changeth the hearts of men!” but Zainab had heard his words, and she repeated them to Zaid. The possibility of being elevated to the position of the wife of the prophet certainly appealed to her proud nature. Her husband was hardly attractive, at least externally. He was small, black skinned and flat-nosed. We can imagine that Zainab told poor Zaid so often about the impression which she had made upon the prophet that he, as the tradition has it, finally felt repulsed by her. So he went to Muhammed and volunteered to divorce Zainab, so that the prophet might marry her. Owing to his fear of public opinion Muhammed did not wish to accept this offer. For Zaid was his adopted son, although only six years younger than Muhammed , and the Arabs regarded an adopted as in every respect equal to a natural son, and thus marriage between a foster father and divorced wife would be looked upon as incest”(13).

(ایک دن محمد (ﷺ) زید کے گھر آئے جیسا کہ وہ اکثر آتے رہتے تھے۔ زید گھر پر نہیں تھا لیکن زینب اسے دروازے پر ملی، وہ عرب رواج کے مطابق عورتوں کے گھر میں پہنے جانے والے باریک لباس میں ملبوس تھی۔ محمد (ﷺ) اسکی خوبصورتی دیکھ کر استعجاب میں آ گئے۔ جب وہ شائستگی سے واپس جانے لگے تو آہستگی سے کہا "حمد و ثنا اللہ کے لئے جس نے انسانوں کے قلوب کو بدل دیا ہے" لیکن زینب نے اس کے الفاظ سن لئے تھے اور ان کا تذکرہ زید سے کیا۔ پیغمبر کی بیوی بننے کے بلند مقام کے امکان کو اس کے فخریہ مزاج نے پسند کیا۔ اس کا خاوند ظاہری طور پر بمشکل ہی پرکشش تھا۔ وہ چھوٹے قد کا سیاہ فام اور چپٹی ناک والا تھا۔ ہم تصور کر سکتے ہیں کہ زینب نے غریب زید کے سامنے اس بات کا اتنی بار ذکر کیا کہ انہوں (زینب) نے پیغمبر پر کتنا اثر ڈالا۔ جیسا کہ روایت میں ہے کہ آخر کار زید، زینب کو ناپسند کرنے لگے۔ پس وہ محمد کے پاس گیا اور رضاکارانہ طور پر زینب کو طلاق دینے پر رضامند ہوا، تا کہ پیغمبر اس سے شادی کر لے۔ رائے عامہ کے خوف

سے محمد نے اس پیشکش کو قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ کیونکہ زید اس کا لے پالک بیٹا تھا۔ اگرچہ وہ محمد سے چھ سال چھوٹا تھا اور عرب لے پالک بیٹے کو ہر لحاظ سے حقیقی بیٹے کے برابر سمجھتے تھے۔ اور پس منہ بولے باپ اور طلاق یافتہ بیوی کے درمیان شادی محرم کے ساتھ شادی تصور ہوتی)۔

ایک جرمن مستشرق یہ اعتراض ان الفاظ میں کرتا ہے:

"Zainab, the wife of Zaid attracted his attention. Zaid, not failing to notice the attention of the prophet, divorced her whereupon Muhamed married her. This marriage was regarded as objectionable for two reasons. Not only was it deemed ungenerous of Muhamed to have accepted such a sacrifice from Zaid, one of his first follower; but it was also contrary to the general practice which condemned the marriage with the wife of an adopted son who was regarded in the light of a natural son and whose wife after divorce the father could not marry"[14].

(زید کی بیوی زینب اسکی توجہ کا مرکز بنی۔ زید پیغمبر کی توجہ کو بھانپنے میں ناکام نہیں ہوا، اسے طلاق دے دی اور اسی طرح محمد نے اس سے شادی کر لی۔ اس شادی پر دو وجوہات کی بناء پر اعتراض کیا جاتا ہے۔ نا صرف یہ ایک غیر فیاضانہ عمل تھا کہ محمد نے اپنے ایک ابتدائی پیروکار زید کی اس قربانی کو قبول کیا بلکہ یہ عام رواج جو لے پالک بیٹے جس کو حقیقی بیٹے کی مانند تصور کیا جاتا تھا، کی بیوی سے شادی کرنے سے منع کرتا تھا اس کے بھی خلاف تھا اور جس کی زوجہ سے طلاق کے بعد باپ شادی نہیں کر سکتا تھا)۔

ان اعتراضات کے علاوہ Rev. Canon Sell[۱۵] نے اپنی کتاب "The Life of Muhammad" کے آٹھویں باب میں "Some Domestic Affairs" کے عنوان سے بھی حضرت زینبؓ بنت جحش کی نبی اکرم ﷺ سے شادی پر انہی اعتراضات کو دہرایا ہے۔

اسی طرح برطانوی مستشرق منٹگمری واٹ نے بھی اپنی کتاب "Muhammad: Prophet and Statesman" میں اس شادی کو ہدفِ تنقید بنایا ہے[16]۔

ان اعتراضات کے جواب میں مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ کی کتاب "اظہار الحق" کے ترجمہ و تشریح بنام "بائبل سے قرآن تک" میں اول اس واقعہ کی پوری تفصیل بیان کی گئی ہے تاکہ مستشرقین کی

طرف سے اس واقعہ پر کئے جانے والے اعتراضات کی حقیقت کو واضح کیا جاسکے۔ جس کا اجمالی خلاصہ کچھ یوں ہے:

حضرت زینبؓ بنت جحش کا تعلق قبیلہ قریش سے تھا اور حضرت زیدؓ ایک آزاد کردہ غلام تھے۔ نسب اور اعزاز میں تناسب نہ ہونے کی وجہ سے دونوں کے درمیان نباہ مشکل ہو گیا تو حضرت زیدؓ نے زینبؓ کو طلاق دینے کا قصد کیا۔ حضور ﷺ نے حضرت زید کو طلاق دینے سے منع کیا لیکن بالآخر زیدؓ نے طلاق دے دی۔ عدت گزرنے کے بعد نبی اکرم ﷺ نے حکم شرعی کی تکمیل کے لئے حضرت زینبؓ سے نکاح فرمالیا۔ چونکہ عرب منہ بولے بیٹے کو حقیقی کی طرح سمجھتے تھے اور آپ ﷺ کو عربوں کی طرف سے شدید رد عمل کا اندازہ تھا۔ اس لئے اس قبیح رسم کا خاتمہ بھی آپ ﷺ کے عمل سے ضروری تھا اور شرعی امور کے لئے یہ بھی ضروری نہیں کہ وہ تمام شریعتوں میں یکساں ہوں۔ مثلاً عہد نامہ قدیم کے مطابق یوشعؑ کو خدا کا حکم کہ کسی زانیہ سے زنا کی اولاد حاصل کرو (ہوسیع 2:1) اور اشعیاہؑ کو خدا کا حکم کہ تین سال تک عورتوں و مردوں میں برہنہ پھرتے رہو (سیعیاہ 20:30)۔ حضرت سارہ، حضرت ابراہیمؑ کی علاتی بہن تھیں اور یعقوبؑ نے اپنی زوجیت میں دو حقیقی بہنوں کو جمع رکھا اور موسیٰؑ کے والد عمران نے اپنی پھوپھی سے نکاح کیا حالانکہ یہ تینوں قسم کی بیویاں شریعت موسوی و عیسوی و محمدی ﷺ میں حرام ہیں اور ان سے تعلق رکھنا زنا کی طرح ناجائز ہے بالخصوص علاتی بہن اور پھوپھی سے نکاح کرنا"[17]۔

یہ تمام امور عیسائیوں کے نزدیک خدائے پاک و عادل و حکیم کے جاری کردہ بھی ہیں اور ان مقدس پیغمبروں کی شان نبوت کے لائق بھی ہیں اور ان شرمناک افعال میں ان کو کوئی برائی دکھائی نہیں دیتی۔ مگر حضرت زینب کے نکاح کا اپنے شوہر سے باقاعدہ طلاق پانے اور عدت گزارنے کے بعد جائز ہونا نہ خدا کی طرف سے ہو سکتا ہے اور نہ یہ فعل شان نبوت کے لائق ہے۔

پیر کرم شاہ ازہریؒ اس اعتراض کے جواب میں لکھتے ہیں:

''اس قسم کی رسموں سے ایک رسم کسی غیر کے بیٹے کو اپنا بیٹا بنانے کی تھی۔ ایک شخص کسی اجنبی کے بیٹے کو کہہ دیتا کہ تو میرا بیٹا ہے۔ اس کے اس قول سے وہ اس کا بیٹا قرار پاتا اور نسب، میراث، طلاق، شادی اور مصاہرت کے تمام مسائل میں اس کی حیثیت ایک حقیقی بیٹے جیسی ہو جاتی۔ اس

سے معاشرے میں بے شمار مسائل جنم لیتے۔ مستحق لوگ میراث سے محروم رہ جاتے اور غیر مستحق ساری جائیداد کا وارث بن جاتا۔ محرمات کے سلسلہ میں یہ رسم انتہائی تباہ کن نتائج بر آمد کر سکتی تھی۔ اس رسم کو ختم کرنا ضروری تھا، لیکن جو شخص صدیوں پرانی رسم کو ختم کرتا، اس پر ہر طرف طعن و تشنیع کی بارش برستی۔ یہ فریضہ اتنا کٹھن تھا کہ اللہ تعالیٰ نے اسکی ادائیگی کے لئے حضور ﷺ کے کسی خادم کی بجائے خود آپ کو منتخب فرمایا اور آپ کو یہ قدیم رسم توڑنے کا حکم دیا۔ اس رسم کو توڑنے پر ہر طرف سے طعن و تشنیع کے تیر برسے لیکن حضور ﷺ نے ثابت قدمی اور استقلال سے سب کچھ برداشت کیا اور تنقید کرنے والوں کی تنقید کا جواب آپ کے رب کریم نے خود دیا۔ حضرت زینب بنت جحش سے حضور ﷺ کی شادی خاص طور پر اس مقصد کے لئے ہوئی تھی۔ اس شادی کے لئے احکام حضور ﷺ کو بارگاہ خداوندی سے وحی متلو یعنی قرآن حکیم کے ذریعہ سے ملے تھے''[18]۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری نے اپنی تصنیف ''رحمۃ اللعالمین''میں اس اعتراض کا جو جواب دیا اس کا خلاصہ یہ ہے:

حضرت زینب، حضور ﷺ کی سگی پھوپھی زاد تھیں۔ آنکھوں کے سامنے پلیں بڑھیں۔ بنت جحش سے نبی اکرم ﷺ کے نکاح کے وقت انکی عمر 36 سال تھی اور اس وقت تک حجاب کا حکم بھی نازل نہیں ہوا تھا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ نبی اکرم ﷺ سے نہ تو حضرت زینب پوشیدہ زندگی گزار رہی تھیں اور نہ ہی کوئی ایسی بات تھی کہ نبی اکرم ﷺ، حضرت زینب کو یکایک دیکھ کر ان کی طرف مائل ہو گئے۔ پھر 36 سالہ عورت کا حسن اور وہ بھی عرب جیسے گرم ملک کی عورت جہاں عورتوں کا شباب جلد ڈھل جاتا ہے۔ ایسا کیونکر مانا جا سکتا ہے کہ زید (ایک آزاد کردہ غلام) تو اس سے بیزار ہو جائے اور سید الانبیاء، امام الاتقیاء ﷺ اس پر شیفتگی کا اظہار کریں۔ عقل، عادت، تجربہ اور مشاہدہ ایسی واہی باتوں کی تکذیب کے لئے کافی ہیں۔ بنت جحش کے نکاح نے تبنیت کے بت کو توڑا اور تثلیث کے درخت کو کھوکھلا کر دیا اور یہ اتنی بڑی اصلاح ہے کہ مشرکین و اہل کتاب کی درستی اس کے بغیر ممکن ہی نہ تھی[19]۔

عبد القادر جیلانی اس اعتراض کا جواب ایک اور پہلو یعنی قرابت داری اور منافقین مدینہ کے طرز عمل کے حوالہ سے دیتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں کہ:

''نکاح کا یہ واقعہ ۵ ھ میں پیش آیا۔ اس وقت تک منافقین کا مدینہ میں خاصا زور تھا۔ اسی مہینے میں واقعہ افک پیش آیا۔ جسے منافقین نے بڑے زور وشور کے ساتھ اچھالا۔ اگر واقعہ نکاح میں اختلاف کی کوئی گنجائش ہوتی یا کوئی پہلو اخلاق سے متصادم ہوتا تو کوئی وجہ نہ تھی کہ منافقین اس پر شدید رد عمل ظاہر نہ کرتے۔ لوگوں کو اگر کوئی بات ناگوار گزری تھی تو صرف یہ کہ متبنیٰ کی مطلقہ بیوی سے نکاح نہ ہونا چاہئے تھا کیونکہ ایام جاہلیت میں ایسا نہیں تھا۔ لیکن اس نکاح کا مقصد ہی یہ تھا کہ ایام جاہلیت کے تخیل پر ضرب لگائی جائے اور واضح کیا جائے کہ منہ سے کسی کو بیٹا کہہ دینے سے شریعت کی نظر میں وہ بیٹا نہیں ہو جاتا۔ بیٹا اسی کا ہے جس کے صلب سے وہ پیدا ہوا ہے''(۲۰)۔

محمد تقی مفتی اس اعتراض کے جواب میں یوں رقم طراز ہیں:

''آخری نبی ہونے کے حوالے سے آپ ﷺ کی یہ ذمہ داری تھی کہ آپ دین وشریعت کو ہر طرح سے مکمل کر دیں۔ یہ تکمیل آپ کو علم کے اعتبار سے بھی کرنی تھی اور عمل کے اعتبار سے بھی۔ دین کے نام سے جو غلط تصورات عرب معاشرے میں رائج تھے، انکی اصلاح بھی آپ کی ذمہ داری تھی اور وہ باطل رسوم ورواج، جو عرب کے ہاں اخلاقی اقدار بن چکے تھے، ان کا قلع قمع کرنا بھی آپ ہی کا فرض تھا۔ عربوں کے ہاں دین کے نام پر جو غلط رسوم ورواج اور تصورات پائے جاتے تھے، ان میں سے ایک یہ بھی تھا کہ وہ متبنیٰ (منہ بولے بیٹے) کی بیوہ یا مطلقہ سے نکاح حرام سمجھتے تھے۔ کسی چیز کے بارے میں حلال وحرام کا تصور جب ایک دفعہ قائم ہو جائے تو پھر اس کے خلاف سوچنا بھی مشکل ہو جاتا ہے چنانچہ اس باطل تصور کو توڑنے کے لئے یہ ضروری تھا کہ نبی اکرم ﷺ کو خود اس نوعیت کا کوئی موقع میسر آئے اور آپ آگے بڑھ کر خود اس رسم کا قلع قمع کر دیں تاکہ اس باطل تصور کی ہمیشہ کے لئے اصلاح ہو جائے۔

اللہ تعالیٰ نے اس رسم کو عملاً توڑنے کا موقع آپ کو آپ کے متبنیٰ حضرت زید کی مطلقہ زینب بنت جحش سے نکاح کی شکل میں مہیا کر دیا اور آپ کو یہ حکم دیا کہ آپ ان سے نکاح کریں۔ قرآن مجید سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی ﷺ یہ نکاح کرنے میں متردد تھے، لیکن خدا کے پیش نظر یہ تھا کہ وہ اپنے آخری پیغمبر کے ذریعہ سے ہدایت کو اس کی آخری شکل میں مکمل کر دے''(21)۔

حضرت زینبؓ بنت جحش سے نبی اکرم ﷺ کی شادی بارے مستشرقین اور مفکرین اسلام کی درج بالا تحاریر کے موازنہ سے حقیقت حال کھل کر سامنے آجاتی ہے۔ اتنا قریبی رشتہ اور پھر پردے کی ممانعت بھی نہیں آئی تھی۔ اس پر مستزاد حضرت زینب اور حضرت زید کی شادی کا بندوبست بھی نبی اکرم ﷺ نے خود کیا۔ اگرچہ حضرت زینبؓ کے بھائی اس رشتے پر رضامند بھی نہ تھے لیکن پیغمبر اسلام ﷺ کے فیصلے کے سامنے سر تسلیم خم کر دیا۔ اگر مستشرقین کی ان کہانیوں میں کوئی صداقت ہوتی تو پیغمبر ﷺ حضرت زید کی بجائے اپنا پیغام نکاح بھیج دیتے۔ درج بالا مباحث سے نتیجہ نکالنا مشکل نہیں کہ ایک طرف حضرت زید سے زینب کی شادی کا مقصد اسلام کی آفاقی تعلیمات کے مطابق انسانوں میں موجود احساس غلامی و کمتری کا خاتمہ تھا تو دوسری جانب حضرت زینبؓ کو طلاق ہو جانے کے بعد ان سے شادی کا مقصد رضائے الٰہی کا حصول، متبنیٰ کی جاہلانہ رسوم کا خاتمہ اور حضرت زینبؓ کی دلجوئی کرنا تھا۔ مستشرقین کی گھڑی ہوئی کہانیوں میں اکثر مواقع پر یہ ملتا ہے کہ حضور ﷺ کی حضرت زینبؓ پر یکایک نظر پڑی تو آپ ﷺ اس کے حسن و جمال سے متاثر ہوئے۔ حالانکہ حضرت زینبؓ کی پوری زندگی حضور ﷺ کے سامنے گذری۔ مستشرقین ہمیشہ سے اسلام اور پیغمبر اسلام ﷺ کے بارے میں انتہائی بد دیانتی کے مرتکب ہوئے ہیں۔ انہوں نے بغیر حوالہ جات دیئے ایسی ایسی کہانیاں گھڑیں کہ ایک غیر جانبدار شخص کے لئے ان کو تسلیم کرنا مشکل ہو جاتا ہے۔ واقعہ مذکورہ میں یہ بات قابل غور ہے کہ حضور ﷺ کی حضرت زینبؓ بنت جحش سے شادی پر اگر کسی کو اعتراض تھا تو وہ یہ کہ منہ بولے بیٹے کی مطلقہ ہونے کی وجہ سے نہ کہ آپ ﷺ کے کردار پر اعتراض کیا گیا۔ ہزاروں سال سے موجود اس جاہلانہ رسم کا خاتمہ اتنا آسان کام بھی نہیں تھا اسلئے اس رسم کے خاتمہ کی ذمہ داری بھی آپ ﷺ کے حصہ میں آئی۔ جہاں تک مستشرقین کے اعتراضات کی بات ہے تو جب ان کے آباؤ اجداد نے اللہ کی برگزیدہ ہستیوں یعنی انبیاء بنی اسرائیل کو بھی معاف نہیں کیا جن کی شریعتوں پر خود انکا اپنا ایمان تھا۔ تو ایسی قوم سے یہ توقع رکھنا عبس ہے کہ وہ حقائق کو مسخ نہیں کرے گی اور اس نبی کی کردار کشی نہیں کرے گی جس پر وہ ایمان لاتے ہی نہیں۔ انبیاءؑ سے متعلق عشق بازی اور عیاشی کے واقعات گھڑنے میں جتنی مہارت مستشرقین اور انکے اسلاف کو حاصل ہے اس کی مثال کہیں اور نہیں ملتی۔ حضرت زینبؓ سے نکاح کرنے کے معاملہ میں معترض مستشرقین سے مندرجہ ذیل کچھ سوالات ہیں جن کا جواب دینا ضروری ہے:

۱۔ کسی کے حسن سے یکایک اس وقت ہی متاثر ہوا جا سکتا ہے جب اس پر پہلی نظر پڑے۔ کیا حضرت زینبؓ بنت جحش نبی اکرم ﷺ کے لئے انجان تھی اور حضرت زینب کی گذشتہ زندگی آپ ﷺ کی نظر میں نہ تھی؟

۲۔ معترض حضرات اگر متبنیٰ کو بھی وہی حقوق دینے کے قائل ہیں جو حقیقی بیٹے کو حاصل ہیں تو کیا یہ حقیقی بیٹے کی حق تلفی نہیں ہو گی؟ مثلاً جائیداد میں متبنیٰ کا حصہ حقیقی وارثوں کی محرومی کا سبب نہیں بنے گا۔ جو کہ انسانی حقوق کی خلاف ورزی اور عائلی نظام کے بگاڑ کا باعث ہو گا۔

۳۔ متبنیٰ کو اگر حقیقی بیٹے کے حقوق حاصل ہو جائیں تو اس کی اصلی شناخت کا کیا کیا جائے گا؟ مثلاً اسکی قومیت (ذات) اور نسب۔

مستشرقین نبی اکرم ﷺ پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے امت کے مردوں کے لئے شادیوں کی جو حد مقرر کی ہے خود اس پر عمل نہیں کیا۔ سر ولیم میور اس پر یوں اعتراض کرتا ہے:

> "Once the natural limits of restraints were over passed, Mohammad fell a prey to his strong passion for the sex. In his fifty-sixth year he married Hafsa, and the following year, in two succeeding months, zainab bint khozyma and um salma but his desires were not to be satisfied by the range of a harim already in advance of Arab custom, and more numerous than was permitted to any of his followers; rather, as age advanced they were stimulated to seek for new and varied indulgence"[(22)].

(فطری حدود وقیود کے خاتمہ سے آزاد ہو جانے پر محمد (ﷺ) اپنی جسمانی خواہشات کے زیر اثر آ گئے۔ انہوں نے 56 سال کی عمر میں (حضرت) حفصہ سے شادی کی اور اس کے اگلے سال متواتر دو مہینوں کے اندر زینب بنت خزیمہ اور ام سلمہ سے شادی کی۔ لیکن ان کی خواہشات ختم نہ ہوئیں حتیٰ کہ انکی ازواج کی تعداد اس وقت کے عرب رواج سے زائد ہو چکی تھی۔ اور اتنی زیادہ کہ جتنی اس کے پیروکاروں کو بھی اجازت نہ تھی۔ عمر بڑھنے کے ساتھ انکی خواہشات ختم ہونے کی بجائے اور بڑھ گئیں)۔

Baker نے اپنی کتاب: "Encyclopedia of Christian Apologetics" میں یہ اعتراض ان الفاظ میں کیا ہے:

"Muhammad received a revelation from God that a man should have no more than four wives at once, yet he had many more"[23].

(خدا کی طرف سے محمد (ﷺ) پر وحی نازل ہوئی کہ ایک آدمی بیک وقت چار سے زیادہ بیویاں نہیں رکھ سکتا لیکن اس کے باوجود خود اس کی اپنی بیویوں کی تعداد کہیں زیادہ تھی)۔

ایک مستشرق رون روڈز (Ron Rhodes) نے یہ اعتراض ان الفاظ میں کیا ہے:

"Meanwhile, in the ten years following Khadija's death, Muhammad married another 11 women, though the Quran limits the number of wives a man can marry to four"[24].

(خدیجہ کی وفات کے دس سال بعد، محمد (ﷺ) نے گیارہویں شادی کی۔ اگرچہ قرآن ایک آدمی کو چار شادیوں کی اجازت دیتا ہے)۔

"Wolves in sheep clothes" میں یہی اعتراض ان الفاظ میں کیا گیا ہے:

"While the Koran says a man can have up to four wives Muhammad had considerably more. "The question of the number of women with whom Muhammad was sexually involved either as wives, concubines, or devotees was made a point of contention by the Jews in Mohammed's day"[25].

(جبکہ قرآن کہتا ہے کہ ایک آدمی چار تک بیویاں رکھ سکتا ہے لیکن محمد کے پاس اس کے مقابلہ میں زیادہ تھیں۔ "عورتوں کی تعداد پر مبنی سوال جن کے ساتھ محمد کا بحیثیت ازواج، لونڈیوں یا مخلصین کے جسمانی تعلق رہا، کو یہودیوں کی طرف سے محمد کے زمانہ میں نکتہ اعتراض کے طور پر پیش کیا گیا)۔

مستشرقین کے ان اعتراضات پر بحث کرنے سے قبل مسلمان مفکرین کی آراء کا جاننا از حد ضروری ہے۔ جناب عبد القادر جیلانی اس اعتراض کے جواب میں لکھتے ہیں:

"ان حالات میں بیک وقت چار سے زیادہ نکاحوں کی ممانعت نازل ہوئی۔ طلاق کی رخصت نہ تھی اور چار سے زیادہ نکاح کی ممانعت بھی تھی۔ پس آپ ﷺ نے ان احکامات کی پیروی اس طرح فرمائی کہ ازواج مطہرات میں سے چار کو یعنی حضرت عائشہ، حضرت حفصہ، حضرت ام سلمہ، اور

حضرت زینب کو اختیار فرمایا اور دوسروں سے عملا کنارہ کشی (ارجاء) اختیار کی۔ خود امہات المؤمنین نے اپنے اپنے حقوق مقرب ازواج کو تفویض کر دیئے[26]۔

مستشرقین کی طرف سے کئے گئے مذکورہ بالا اعتراض کے جواب میں پیر کرم شاہ الازہریؒ رقمطراز ہیں:

"تعدد زوجات کی وجہ سے حضور ﷺ کے خلاف جنس پرستی کا الزام لگانے والے سب سے زیادہ زور اس بات پر دیتے ہیں کہ آپ نے اپنی امت کے لئے جو قانون پیش کیا تھا۔ آپ نے خود اس پر عمل نہیں کیا۔ گویا اسلام اگر تعدد زوجات کے سلسلے میں عام امتیوں پر بھی کسی قسم کی کوئی پابندی عائد نہ کرتا اور جو دستور پہلے دنیا میں رائج تھا اسی کو قائم رکھتا تو یقینا کوئی شخص اسلام کو، اس کام کی وجہ سے، مورد الزام نہ ٹھہراتا، کیونکہ حضور ﷺ سے پہلے جس طرح عام لوگوں میں تعدد ازواج کی رسم عام تھی۔ اسی طرح تاریخ کی بے شمار عظیم شخصیات نے بھی اس رسم پر عمل کیا تھا لیکن کسی نے ان شخصیات کو اس وجہ سے ان الزامات کا نشانہ بنایا تھا جن الزامات کا نشانہ حضور ﷺ کو بنایا گیا۔ دنیا کے تمام مذاہب میں تعدد ازواج کا رواج تھا۔ ان مذاہب کی نظروں میں محترم ہستیاں خود اس پر کاربند تھیں اور اس کی وجہ سے ان کے تقدس میں کوئی فرق نہیں آتا تھا"[27]۔

محمد رفیع مفتی اپنی کتاب "رسول اللہ کے نکاح" میں لکھتے ہیں۔

"جس ماحول میں آپ کو اپنا مشن پایۂ تکمیل کو پہچانا تھا اور جس صورت حال سے آپ کو سابقہ پیش آنے والا تھا، وہ سب اس کے متقاضی تھے کہ آپ کے لئے چند دوسرے معاملات (مثلا تہجد کی نماز آپ پر فرض تھی، صدقہ آپ اور آپ کے خاندان کے لئے حرام تھا۔ آپ کی میراث آپ کے ورثاء میں تقسیم نہیں ہو سکتی تھی۔ آپ کی بیویاں امت کی مائیں ہیں، لہذا آپ کی وفات کے بعد ان سے نکاح حرام تھا۔ یہ سب باتیں حضور ﷺ کے ساتھ خاص تھیں) کی طرح، نکاح کے معاملے میں خصوصی قانون نازل ہوتا کہ آپ اپنا مشن زیادہ خوبی سے انجام دے سکیں"[۲۸]۔

مسلم مفکرین کی آراء کے ساتھ ساتھ غیر مسلم خصوصا مستشرقین بھی کبھی کبھی حقیقت سے پردہ اٹھا دیتے ہیں۔ "History of Islamic People" کا مصنف لکھتا ہے:

"The Quran limits the number of legitimate wives to four but Muhamet was to be an exception to the rule"[29].

(قرآن مجید جائز بیویوں کی تعداد کو چار تک محدود کرتا ہے۔ لیکن محمد اس قانون سے مستثنیٰ تھے)۔

آپ ﷺ کی تعلیمات دائمی ہیں اور ان تعلیمات کو قیامت تک کے لئے قابل عمل رہنا ہے۔ امت کے لئے آپ ﷺ کا عمل ایک حجت کی حیثیت رکھتا ہے اور آپ ﷺ کے عمل کو نص قطعی کا درجہ حاصل ہے۔ لیکن بعض امور کی اہمیت زیادہ ہونے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ سے بدرجہ اتم عمل کرایا تاکہ ان امور کی اہمیت کو مکمل طور پر واضح کیا جاسکے اور آپ ﷺ کا وہ عمل امت کے لئے ایک ایسا نمونہ ہو جس کی نظیر کہیں اور نہ ملے۔ چونکہ اسلام میں عائلی زندگی کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ اسلئے اسلامی تعلیمات میں اس کا بہتر نمونہ موجود ہونا بھی ضروری تھا۔ نبی اکرم ﷺ عمل کے لحاظ سے جامعیت اور کاملیت کے ہر پیمانے پر پورا اترتے ہیں۔ مثلاً تہجد کی نماز آپ ﷺ پر فرض تھی جبکہ عام مسلمانوں کیلئے یہ نماز فرض نہیں ہے۔ صدقہ آپ ﷺ اور آپکے خاندان کے لئے حرام تھا جبکہ عام مسلمان صدقہ کا مال کھا سکتے ہیں۔ آپ ﷺ کی میراث آپ کے ورثاء میں تقسیم نہیں ہو سکتی تھی لیکن عام مسلمانوں کیلئے میراث کا ایک پورا نصاب موجود ہے۔ آپ ﷺ کی بیویاں امت کی مائیں ہیں لہذا آپ کی وفات کے بعد ان سے نکاح حرام تھا جبکہ عام مسلمانوں کے لئے یہ حکم ایسا نہیں۔ یہ سب باتیں حضور ﷺ کے ساتھ خاص تھیں۔ اسی طرح نکاح کے معاملہ میں بھی آپ ﷺ جامع العمل تھے۔ تاکہ امت کے سامنے آپ ﷺ کے حسن سلوک، مابین ازواج انصاف اور عائلی زندگی کا مکمل نمونہ موجود ہو۔ آپ ﷺ کی تعلیمات دائمی ہیں اور ان تعلیمات کو قیامت تک کے لئے قابل عمل رہنا ہے۔ چار سے زیادہ شادیاں امت کی بہتر راہنمائی، علوئے مرتبت برائے بیوگان اور مصالح دینی کی خاطر کی گئیں۔

بحث بالا سے نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ مستشرقین کا مقصد صرف اور صرف دشمنی ہے۔ اپنے مقاصد کے حصول کی خاطر اسلامی تاریخ کو مسخ کر کے پیش کرنا ان کا محبوب مشغلہ ہے۔ نبی پاک ﷺ کی ذات پر الزامات اپنے مخصوص مقاصد کے حصول کی خاطر کئے جاتے ہیں اور ان الزامات کا حقیقت سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔ مستشرقین ہمیشہ اعتراض گھڑتے رہتے ہیں۔ بالا اعتراض کے حوالہ سے مستشرقین سے درج ذیل سوالات ہیں:

1۔ اگر آپ ﷺ کی شادیوں کا مقصد نفسانی خواہشات کی تکمیل ہوتی تو آپ ﷺ نے مواقع ملنے کے باوجود اپنے لئے صرف کنواری عورتوں کو پسند کیوں نہیں کیا؟

2۔ اگر نبی اکرم ﷺ خواہش پرست ہوتے تو اپنی پہلی اور دوسری شادی آپ ﷺ نے معمر خواتین سے کیوں کیں؟

مستشرقین کا ایک بڑا اعتراض یہ ہے کہ حضرت عائشہؓ کمسن تھیں اور وہ ابھی سن بلوغت کو نہ پہنچی تھیں کہ ان کی رخصتی کر دی گئی۔ چنانچہ "Life of Muhammad" کا مصنف یوں اعتراض کرتا ہے:

"Shortly after the death of Khadija, he married again; but it was not till the mature age of fifty-four that he made the dangerous trial of polygamy, by taking 'A'isha, yet a child, as the rival of Sauda"[30].

(حضرت خدیجہ کی وفات کے تھوڑے عرصے بعد انہوں نے دوبارہ شادی کر لی لیکن ۵۴ سال کی پختہ عمر ہونے کے باوجود انہوں نے کثرت ازدواج کا خطرناک تجربہ کرتے ہوئے حضرت عائشہؓ کو حضرت سوداؓ کا حریف بنا کر ان سے شادی کر لی حالانکہ وہ اس وقت بچی تھیں)

David Samuel Margoliouth یہی اعتراض یوں کرتا ہے:

"By engaging himself to infant daughter of Abu Bakr, Ayeshah, of whom more will be heard"[31].

(جب اس نے اپنے آپ کو ابو بکر کی کمسن (شیر خوار) بیٹی سے منسوب کیا۔ جس کے بارے میں زیادہ سنا جائیگا)۔

پروفیسر نابیہ ایبٹ (Professor Nabia Abbott) لکھتی ہے:

"In no version is there any comment made on the disparity of the ages between Mohammed and Aishah or on the tender age of the bride who, at the most, could not have been over ten years old and who was still much enamored with her play… The playful child become the wife of the aging prophet of Allah"[32].

(محمد اور عائشہ کی عمروں کے درمیان فرق پر کہیں بھی کوئی تبصرہ نہیں کیا گیا یا دلہن کی نوخیزی پر جو کہ اس وقت دس سال سے زیادہ عمر کی نہیں ہو سکتی اور جو کہ ہر وقت اپنی کھیل میں ہی مصروف رہتی... کھیل کود کی عمر کی بچی معمر پیغمبر کی بیوی بن گئی)۔

کتاب "Muhammad and Islam" میں یہی اعتراض ان الفاظ میں کیا گیا ہے:

"On the present occasion he humoured the juvenile tastes of his bride, at the time a child not more than ten or eleven years of age"[33].

اسلامی تاریخ میں حضرت عائشہؓ کی نبی اکرم ﷺ سے شادی کی عمر میں اختلاف ہے۔ آپؓ کی عمر کے بارے میں مختلف آراء ہیں۔ اگر بوقت رخصتی حضرت عائشہ کی عمر 15 یا 19 سال تھی تو اس عمر پر اعتراض کرنا ہی سرے سے غلط ہے کیونکہ یہ بچگانہ عمر نہیں بلکہ شادی کیلئے انتہائی موزوں اور مناسب ہے اور حضرت عائشہؓ کی اس عمر کے بارے امام ذہبی، عبدالرحمٰن بن ابی زناد کا یہ قول نقل کرتے ہیں:

"قال عبدالرحمٰن بن ابی الذناد: كانت أسماء أكبر من عائشة بعشر"[34].

(عبدالرحمٰن بن ابی الزناد فرماتے ہیں کہ حضرت اسماء، حضرت عائشہ سے 10 سال بڑی تھیں)

مؤرخین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ حضرت اسماءؓ کی حضرت زبیرؓ سے نکاح کے وقت عمر 25 سال جبکہ ہجرت مدینہ کے وقت انکی عمر 27 سال تھی۔ اور امام ذہبی کے درج بالا حوالہ کے مطابق وہ حضرت عائشہؓ سے 10 سال بڑی تھیں تو اس طرح بوقت رخصتی حضرت عائشہؓ کی عمر 17 سال تک بنتی ہے۔

مولانا حبیب اللہ کاندھلوی اپنی تصنیف "تحقیق عمر عائشہ" میں لکھتے ہیں:

"ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ نے صحابہؓ کی مرویات پر تنقید فرمائی اور فرمایا: "میں یہ تو نہیں کہتی کہ یہ لوگ جھوٹ بولتے ہیں لیکن کان سننے میں غلطی کر جاتے ہیں" بخاری و مسلم میں اس قسم کی متعدد تنقیدات موجود ہیں۔ اس سے یہ بات صاف ظاہر ہوتی ہے کہ بعض اوقات راوی انتہائی معتبر ہوتا ہے لیکن اس کی بیان کردہ روایت تب بھی غلط ہوتی ہے۔ کبھی اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ راوی نے ادھوری بات سنی ہوتی ہے۔ کبھی راوی مفہوم غلط سمجھ بیٹھتا ہے، کبھی اس سے بھول واقع ہوتی ہے۔ ہم بھی بقول ام المؤمنین یہ کہتے ہیں کہ: راوی سے سننے میں غلطی ہوئی۔ جملہ بولا گیا تھا: تسع عشر (انیس) راوی نے صرف تسع (نو) کا لفظ سنا اور اس طرح اس داستان نے جنم لیا"[۳۵]۔

اپنی اسی تصنیف میں مولانا موصوفؒ نے حضرت عائشہؓ کی کم عمری کے بارے میں پائے جانے والے تاثر کے خلاف بوقت رخصتی ان کی بلوغت جسمانی و عقلی کو ثابت کرنے کے لئے ۲۰ دلیلیں پیش کی ہیں۔ اسی طرح حضرت عائشہؓ کی عمر بوقت نکاح و رخصتی پر قاضی عبدالدائم نے اپنی تصنیف "سید الوریٰ" جلد ۳، صفحہ ۳۸۱ سے ۴۰۵ تک میں اپنی تحقیق پیش کی ہے۔ وہ ایک جگہ لکھتے ہیں:

"علامہ ابن کثیرؒ حضرت عبداللہ ابن زبیر کے حالات بیان کرتے ہوئے ان کی والدہ حضرت اسماء کے بارے میں لکھتے ہیں:

وهي أكبر من أختها عائشة بعشر سنين...وبلغت من العمر مائة سنة...وماتت سنة ثلٰث وسبعين

(وہ اپنی بہن عائشہ سے دس سال بڑی ہیں۔ انہوں نے سو سال عمر پائی اور تہتر ہجری میں فوت ہوئیں)۔

سو سے تہتر نکال دیں تو ستائیس باقی بچتے ہیں۔ گویا حضرت اسماءؓ ہجرت سے پہلے ستائیس سال کی ہو چکی تھیں اور وہ اپنی بہن حضرت عائشہؓ سے دس سال بڑی تھیں تو لازماً ماننا پڑے گا کہ حضرت عائشہؓ ہجرت سے پہلے سترہ سال کی ہو گئیں تھیں۔ اٹھارویں سال میں ہجرت کر کے مدینہ چلی گئیں اور اٹھارہ یا انیس سال کی عمر میں انکی رخصتی عمل میں آئی"[۳۶]۔

اگر دشمن کی رائے حق میں آجائے تو اس سے بہتر اور کیا بات ہو سکتی ہے۔ مشہور مستشرق اور ہسٹری آف اسلامک پیپل کے مصنف بھی بوقت رخصتی حضرت عائشہؓ کی عمر پندرہ سال بتاتے ہیں۔ وہ لکھتا ہے:

He married Ayesha when she was scarcely fifteen[37].

(اس نے عائشہ سے شادی کی جبکہ وہ بمشکل پندرہ سال کی تھی)

ان حوالہ جات کے علاوہ اگر ان روایات کو درست مان لیا جائے جن میں بوقت رخصتی حضرت عائشہؓ کی عمر ۹ سال بتائی گئی ہے تو اس عمر میں تزویج کی کئی ایک مثالیں اسلامی تاریخ میں ملتی ہیں:

"تاریخ دمشق" میں حضرت معاویہؓ کا اپنی بیٹی کی شادی نو سال کی عمر میں کرنے کا ذکر ملتا ہے:

"زوج معاوية بن أبي سفيان إبنته هندا من عبد الله بن عامر بن كريز، وبنى له قصرا إلىٰ جانب قصره، وجعل بينهما بابا وأدخلت عليه وهي بنت تسع سنين"[38].

مستند اسلامی تاریخ کے نام سے بنائے گئے انٹرنیٹ بلاگ پر "عمر عائشہ رضی اللہ عنھا پر مستشرقین کے اعتراضات کا جواب" کے عنوان سے لکھے گئے مضمون میں اسلامی اور موجودہ تاریخ سے کئی ایک حوالہ جات پیش کئے گئے ہیں۔ جن سے ثابت ہوتا ہے کہ نو سے بارہ سال کی عمر بھی سن بلوغت کی عمر ہو سکتی ہے اور اس عمر میں کئی عورتوں نے بچوں کو بھی جنم دیا ہے[39]۔

احادیث مبارکہ کی کتب میں حضرت ہشام بن عروہ سے جو روایات عمر عائشہؓ سے متعلق منقول ہیں ان پر آئمہ جرح و تعدیل نے کلام فرمایا ہے۔ اس کے علاوہ تاریخ میں یہ بھی موجود ہے کہ حضرت عائشہؓ، نبی اکرم ﷺ سے قبل جبیر بن مطعم بن عدی سے منسوب تھیں اور ہجرت سے قبل حضرت ابو بکرؓ اپنی بیٹی کی رخصتی کے بارے میں فکر مند تھے۔ اسی سلسلہ میں وہ عدی کے گھر گئے تا کہ بیٹی کی رخصتی کا بندوبست کریں۔ مطعم بن عدی کی بیوی نے اپنے شوہر اور بیٹے جبیر کی موجودگی میں یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ: "آپکی بیٹی ہمارے

بیٹے کو بھی بد دین کر دے گی اسلئے ہم آپ سے یہ رشتہ ختم کرتے ہیں"۔ اگر ہجرت کے بعد حضرت عائشہؓ کمسن تھیں تو ہجرت سے قبل ان کے والد جبیر بن مطعم بن عدی سے کس طرح اپنی بیٹی کی رخصتی کرنا چاہتے تھے؟ کون والد اپنی بیٹی کو اس عمر میں بیاہ سکتا ہے۔ اس پر مستزاد یہ کہ اسلامی تاریخ میں کہیں بھی یہ موجود نہیں کہ بوقت رخصتی حضرت عائشہؓ نابالغہ تھیں۔ اس طرح کی کمزور اور درایت کے اصولوں پر پورا نہ اترنے والی روایات سے مقاصد کا حصول مستشرقین کی روز اول سے خصوصیت رہی ہے۔ روایات میں حضرت عائشہؓ کا اسلام کے ابتدائی دور میں ایمان لانا بھی ملتا ہے۔ جس سے واضح ہوتا ہے کہ حضرت عائشہؓ بعثت نبی کریم ﷺ کے ابتدائی دور میں بھی اتنی عمر کی تھیں کہ وہ اسلام اور کفر کے درمیان تمیز کر سکتی تھیں۔ عمرِ عائشہؓ سے متعلق دونوں روایات کا اگر موازنہ کیا جائے تو واضح ہو جاتا ہے کہ عمرِ عائشہؓ پر اعتراض آپ ﷺ پر صرف تنقیدات کا نمبر شمار بڑھانے کی غرض سے کیا جاتا ہے نا کہ یہاں اعتراض کرنے کی کوئی گنجائش نکلتی ہے

مستشرقین نبی اکرم ﷺ کی حضرت خدیجہؓ سے شادی کو دولت کی غرض قرار دیتے ہیں۔ ان کے مطابق حضور ﷺ کا تعلق ایک غریب خاندان سے تھا اور یتیم ہونے کی وجہ سے مفلسی کی زندگی گزار رہے تھے۔ اس صورت حال سے چھٹکارا حاصل کرنے کی غرض سے نبی اکرم ﷺ نے حضرت خدیجہؓ جو کہ ایک مالدار خاتون تھیں، سے شادی کر لی اور اس طرح انہیں مالی معاونت حاصل ہوئی۔ اسی بارے میں میکسم روڈنسن اپنے خیالات کا اظہار یوں کرتا ہے:

"Muhammad married Khadija to escape poverty and ensure a prosperous future"[40].

(محمد نے خدیجہ سے شادی غربت سے نجات اور اپنے خوشحال مستقبل کو یقینی بنانے کی خاطر کی)۔

یہ اعتراض منٹگمری واٹ نے بھی کیا ہے وہ لکھتا ہے:

"All Muhammad's own marriages can be seen to have a tendency to promote friendly relations in the political sphere. Khadijah brought him wealth and the beginnings of influence in Meccan politics"[41].

(محمد (ﷺ) کی تمام شادیاں سیاسی حلقوں میں دوستانہ تعلقات پیدا کرنے کا رجحان رکھتی ہیں۔ خدیجہ ان کے لئے دولت اور مکہ کی سیاست میں اثر و رسوخ کا سبب بنی)۔

درج بالا الزامات تاریخ سے منہ چھپانے کے مترادف ہیں۔ تاریخی حقائق کو مسخ کر کے پیش کرنا

مستشرقین کا طرہ امتیاز رہا ہے۔ یہ اعتراض بھی حقائق سے دور اور پیغمبر اسلام سے دشمنی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ تاریخ تو عیش و عشرت اور دولت سے اتنے بے نیاز آدمی کا حوالہ پیش کرنے سے قاصر ہے جتنا کہ پیغمبر اسلام ﷺ مال و دولت سے بے نیاز تھے۔ مال و دولت کا پجاری اس کے حصول کیلئے ہر جائز و ناجائز طریقہ اختیا کرتا ہے۔ جبکہ پیغمبر اسلام ﷺ نے تو مال و دولت کمانے کے ناجائز طریقوں کو بھی حرام قرار دیا۔ پیغمبر ﷺ کو دولت کا خواہشمند باور کرانے کا مقصد تاریخی حقائق کو جھٹلانے کے علاوہ اور کیا ہو سکتا ہے۔ حقائق تو یہ ہیں کہ اس شادی کا پیغام خود حضرت خدیجہؓ نے بھیجا۔ انہوں جب اپنے غلام میسرہ سے نبی اکرم ﷺ کی ایمانداری اور سچائی کے واقعات سنے تو وہ اس سے بہت متاثر ہوئیں اور پیغام نکاح بھیج دیا۔ حالانکہ اس سے قبل حضرت خدیجہؓ کئی اشراف عرب کا پیغام نکاح رد کر چکی تھیں۔ اس تاریخی حقیقت کو جھٹلانا ممکن نہیں اور اس حقیقت کا اعتراف تو خود دشمن بھی ان الفاظ میں کرتا ہے:

"At twenty-five, Muhammad married a wealthy forty-year-old widow, Khadijah, after she proposed to him"[42].

(۲۵ سال کی عمر میں محمد (ﷺ) نے چالیس سالہ خدیجہ سے شادی کی۔ جنہوں (خدیجہؓ) نے خود رشتہ بھیجا)۔

اسلام دشمنی میں معروف جان ایل ایسپوزیٹو (John.L. Esposito) اس حقیقت کا اعتراف ان الفاظ میں کرتا ہے:

"No great religious leader has been so maligned as Muhammad Attacked in the past as a heretic, an imposter or a sensualist. It is still possible to find him referred to as "the false prophet." A modem German writer accuses Muhammad of sensuality, surrounding himself with young women. This man was not married until he was twenty-five years of age, then he and his wife lived in happiness and fidelity for twenty-four years, until her death when he was forty-nine. Only between the age of fifty and his death at sixty-two did Muhammad take other wives, only one of whom was a virgin, and most of them were taken for dynastic and political reasons. Certainly the Prophet's

record was better than that head of the Church of England, Henry VIII"[43].

(کسی بھی عظیم مذہبی راہنما پر اتنی تنقید نہیں کی گئی جتنی کہ محمد (ﷺ) پر۔ ماضی میں ان پر کبھی تو بدعتی، کبھی بہروپیا اور کبھی ہوس پرست ہونے کے الزامات لگائے گئے۔ ابھی بھی ممکن ہے کہ ان کے متعلق (نعوذ باللہ) جھوٹے نبی ہونے کا الزام لگایا گیا۔ ایک جدید دور کے جرمن مصنف نے محمد پر حوس پرست ہونے کا الزام لگایا کہ وہ اپنے گرد جوان عورتوں کا ہجوم رکھتے تھے۔ اس آدمی نے اس وقت تک شادی نہیں کی جب تک وہ 25 سال کا ہو گیا۔ پھر وہ اور اسکی بیوی 24 سال تک خوشی اور دیانتداری سے رہے۔ اس (خدیجہ) کی وفات تک انکی عمر 49 سال تھی۔ صرف 50 اور 62 سال اسکی وفات تک کی عمر میں محمد نے دوسری شادیاں کیں۔ ان تمام میں سے صرف ایک کنواری تھی۔ ان شادیوں میں سے اکثر اشراف سے رشتہ داریاں قائم کرنے اور سیاسی مقاصد کے حصول کے لئے تھیں۔ یقینی طور پر پیغمبر (ﷺ) کا احوال (تاریخ) بنسبت انگلینڈ کے گرجے کے سربراہ ہنری ہشتم سے بہتر تھے)۔

درج بالا بحث سے نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ یہ اعتراض بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے جو پہلے گذر چکے ہیں۔ مستشرقین کے اعتراضات اور الزامات کا مقصد صرف اور صرف اسلام اور پیغمبر اسلام ﷺ کی ذات کو ہدف تنقید بنانا ہے۔ اس کے لئے نہ تو وہ تاریخ کو مسخ کرنے سے گھبراتے ہیں اور نہ ہی حقائق کو جھٹلانے میں شرمندگی محسوس کرتے ہیں۔ مستشرقین کے تضادات کی یہ ایک کھلی مثال ہے کہ انکی اپنی تحریروں میں یکسانیت نہیں۔ پیغمبر اسلام ﷺ نے تو بادشاہت میں بھی فقر کو ترجیح دی۔ آپ ﷺ کے ہاں جتنا بھی مال آتا اسے غرباء میں بانٹ دیتے۔ رحلت کے وقت نبی اکرم ﷺ کے کل ترکہ کا حوالہ تو مستشرقین کہیں نہیں دیتے کیونکہ اس سے ان کے مقاصد پر زد پڑتی ہے۔ اگر حضرت خدیجہ سے شادی کا مقصد دولت کا حصول ہوتا تو پیغمبر اسلام ﷺ اپنی ذاتی زندگی میں فقر و فاقہ کو ترجیح کیوں دی؟ اعتراض متذکرہ بالا کے حوالہ سے مستشرقین سے چند ایک سوالات ہیں۔

۱۔ اگر آپ ﷺ کا مقصد سہولیات زندگی حاصل کرنا تھا تو آپ ﷺ نے اس زمانہ کے بادشاہوں کا طرز عمل اختیار کیوں نہیں کیا۔ جبکہ صحابہ کرامؓ بھی آپ ﷺ کو اس کی پیش کش کر چکے تھے؟

۲۔ آپ ﷺ نے فتوحات کے زمانہ میں جائیداد اور مال وزر کو اکٹھا کیوں نہیں کیا؟

۳۔ تاریخ شاہد ہے کہ مال وزر کے شوقین لوگوں نے ہمیشہ ناجائز طریقوں سے دولت کمانے کو رواج دیا۔ اگر آپ ﷺ ایسے تھے تو آپ نے ناجائز ذرائع سے دولت کے حصول کو حرام قرار کیوں دیا؟

حواشی وحوالہ جات

1- شبلی نعمانی، مولانا، سیرت النبی ﷺ، مکتبہ مدینہ 17 اردو بازار، لاہور، صفر المظفر 1408ھ، 1/ 71۔

2- John L. Esposito, Islam the straight path, , Revised 3rd Edition, Oxford University Press New York, 2005, p. 277.

3- Sir Willium Muir, Mahomet and Islam, , New and Revised edition, The Religious tract society, 56 Paternoster Row, 65 St. Paul's Churchyard 1887, p. 140.

4- Dr. Weil's Geschichte, der Islamitischen Volker, translated from the German by S. Khuda Bukhsh A History of the Islamic Peoples, the University of Culcatta 1914, p.17.

5- W. Montgomery Watt, Muhammad at Medina, , Oxford at the Clarendon Press, 1956, p. 277

6- Maxim Rodinson, Muhammad: Prophet of Islam,Tauris Parke Paperbacks, London. New Yark, p. 279.

7- منصور پوری، قاضی محمد سلیمان، رحمۃ اللعالمین، تخریج وتعلیق: میاں طاہر، مرکز الحرمین الاسلامی میں ستیانہ روڈ، فیصل آباد، پاکستان، ص: 378 تا 381۔

8- جیلانی، ڈاکٹر عبد القادر، اسلام، پیغمبر اسلام اور مستشرقین مغرب کا انداز فکر، مرتبہ: آصف اکبر، قدوسیہ اسلامک پریس لاہور، 2005ء، ص: 337 تا 345۔

9- ازہری، پیر محمد کرم شاہ، ضیاء النبی ﷺ، ضیاء القرآن پبلیکیشنز گنج بخش روڈ، لاہور، 1418 ھ، 7/470 تا 473۔

10- قادری، ڈاکٹر محمد طاہر، سیرت سیدہ عائشہ صدیقہ، ترتیب و تحقیق: ضیاء نیر۔ محمد نعیم انور نعمانی، منہاج القرآن
پبلیکیشنز، 365/ ایم ماڈل ٹاؤن لاہور، اشاعت دوم، 1995ء، ص: 14۔

11- Sir Willium Muir, The Life of Mohammad, A new and revised edition by T.H Weir, Edinburgh: John Grant 31 George IV. Bridge, 1923,p.515.

12- Sir Willium Muir, Mahomet and Islam, New and Revised edition, The Religious tract society, 56 Paternoster Row, 65 St. Paul's Churchyard, 1887, p. 140.

13- Tor Andre, Muhammed: The Man and His Faith, Revised 1955 edition, Dover publications, Inc., 31 East 2nd street, Mineola, N.Y. 11501, p.153.

14- Dr.Weil's Geschichte, der Islamitischen Volker, translated from German by S. Khuda Bukhsh, A History of the Islamic People, the University of Culcatta, 1914, p. 18.

15- Rev. Canon Sell, The Life of Muhammad, The Christian Literature Society London. Madras and Colombo, 1913, p. 152.

16- W. Montgomery Watt, Muhammad: Prophet and Statesman, p.156.

17- کیرانوی، مولانا رحمت اللہ ،اظہار الحق کا ترجمہ بائبل سے قرآن تک ، ترجمہ: مولانا اکبر علی ، شرح و تحقیق: محمد تقی عثمانی، مکتبہ دار لعلوم کراچی نمبر14،2002ء، 3/539 ۔ 570۔

18- ضیاء النبی ﷺ، ۷/۴۸۳۔

19- رحمت اللعالمین،ص: 384 ۔ 419۔

20- اسلام،پیغمبر اسلام اور مستشرقین مغرب کا انداز فکر،ص: ۳۴۸۔

21- مفتی، محمد رفیع،رسول اللہ ﷺ کے نکاح،المورد پبلیشر،جولائی1998ء،ص: ۲۰۔

22- The Life of Mohammad, p.515.

23- Norman L.Geisler, Baker Encyclopedia Of Christian Apologetics, Baker Books a division of Baker Book House Company P.O. Box 6287, Grand Rapids, MI 49516-62 (Article on Muhammad, Character of. Page 129), 1999.

24- Ron Rhodes, The Ten Things You Need To Know About Islam, Harvest House Publisher Eugene, Oregon, p.41.

25- Wolves in sheep clothes, p.16

26- جیلانی، ڈاکٹر عبد القادر ، اسلام، پیغمبر اسلام اور مستشرقین مغرب کا انداز فکر، مرتبہ آصف اکبر، بیت الحکمت لاہور، مطبع: قدوسیہ اسلامک پریس لاہور،2005ء،ص:347۔

27- ضیاء النبی ﷺ، ۷/۴۶۹۔

28- مفتی، محمد رفیع،رسول اللہ ﷺ کے نکاح،المورد پبلیشر،جولائی1998،ص: 20۔

29- der Islamitischen Volker, translated from the German by S. Khuda Bukhsh: A History of the Islamic People, 1914, p. 17.

30- The Life of Mohammad, p. 515.

31- D.S. Margoliouth, Muhammed and The Rise of Islam, 3rd Edition, Heroes of the nations edited by H.W. Carles Davis, the Knickerbocher Press, New Yark, p. 76.

32- Nabia Abbot, Aishah the beloved of Mohammed, The oriental Institute, The University of Chicago, 1942, pp. 6,7.

33- Mahomet and Islam, p. 81.

34- ذہبی، امام شمس الدین محمد بن احمد بن عثمان، سیر أعلام النبلاء ،مؤسسۃ الرسالۃ، الرسالۃ پبلشنگ ہاؤس بیروت لبنان، 1996ء، ۲/۲۸۹۔

35- کاندھلوی، مولانا حبیب الرحمان صدیقی، تحقیق عمر عائشہ ، الرحمان پبلشنگ ٹرسٹ، ناظم آباد نمبر ا، کراچی، ص: ۸۔

36- قاضی، عبد الدائم، سید الوریٰ، علم و عرفان پبلشر الحمد مارکیٹ، ۴۰۔ اردو بازار لاہور، ۲۰۱۲ء، ۳/۴۰۲۔

37- Dr. Weil's Geschichte, der Islamitischen Volker, translated from German by S. KhudaBukhsh , A History of the Islamic People, the University of Culcatta, 1914, p.18.

38- ابن عساکر، حافظ ابی القاسم علی بن حسن، تاریخ مدینۃ دمشق، دار لفکر بیروت لبنان، ۷۰/۱۸۸۔

39- http://islamichistory02.blogspot.com/2015/03/blog-post_97.html

40- Maxim Rodinson, Muhammad: Prophet of Islam, Tauris Parke Paperbacks, London. New Yark, p. 78.

41- W. Montgomery Watt, Muhammad at Medina, Oxford at the Clarendon Press, 1956, p. 278.

42- Wolves in Sheep Clothes, p. 16.

43- John L. Esposito, Islam the straight path, Revised 3rd Edition, Oxford University Press New York, 2005, p. 16.

طعام اہلِ کتاب سے متعلق محسن الملک کا نقطہ نظر: ایک تحقیقی مطالعہ

Mohsin ul Mulk's View Point about Food of the People of the Scripture: A ResearchBased Study

ثمینہ حسنین*

ABSTRACT

There were many emerging social and legal issues during the end of the nineteenth century and the beginning of twentieth century in the Indian Islam that became the bone of contention between the traditionalists and the modernists. Although, the real challenges of the social, political, religious, economic nature were lying unresolved before the Muslim thinkers and reformists i.e., the role of women in Islam, the western colonization of the Muslim lands, the Christian missionaries challenging the importance and significance of Islam in the modern world, and above all, the modern education system, however, most of the traditionalist ulama indulged in reletively less issues important, such as whether it is permitted for a Muslim to eat meat slaughtered by a non-Muslim? Or is it permissible in Islam to dine with a Christian on the same table? And other such issues.

Sir Sayed Ahmed Khan, known as the founder of the Muslim modernism in India, and his Aligarh companions tried to focus on the major issues confronted Indian Muslim of their time. But they also had to face the challenges of Indian Ulema and willingly or unwillingly they too had to answer the questions poised by them, as the majority of the Muslims where following the ulama in their daily practice of religion. Hence, Sir Syed and his companions also addressed issues of dinning with the people of the book (ta'am ahl-e- kitab) and slaughtered by the people of the book (zabiha ahl-e-kitab).

One such personality who came to the rescue Sir Syed in confronting ulema on these issues was his closest friend and companion, Nawab Mohsin ul Mulk. He not only defended Sir Syed on these issues but also presented his personal views in these matters, with his own set of arguments. The present paper is focused on Mohsin ul Mulk's ideas on the issues of ta'am and zabiha of people of the book.

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامی تاریخ، یونیورسٹی آف کراچی، کراچی، پاکستان۔

ہندوستان میں برطانوی راج قائم ہونے اور شاید اس سے بھی پہلے سے جب مغربی طاقتوں کی آمد کا سلسلہ یہاں شروع ہوا تو ہندوستانی معاشرے کو، خاص طور سے عوامی سطح پر، کئی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا۔ یہ چیلنجز نہ صرف سیاسی، معاشی، بلکہ مذہبی سماجی بھی تھے۔ان میں سب سے اہم انگریزوں کے ساتھ سماجی معاشرتی تعلقات کا مسئلہ تھا۔حالی کے مطابق ۱۸۶۶ میں سرسید کے پاس ایک سوال بطور استفتاء کے آیا کہ مسلمانوں کو انگریزوں کے ساتھ، بشرطیکہ کھانے میں کوئی حرام چیز نہ ہو، کھانا پینا درست ہے یا نہیں؟ سرسید نے اس کا جواب آیات واحادیث کے حوالے سے لکھ دیا کہ جائز ہے،اس کے بعد ۱۸۶۸ میں ایک رسالہ احکام طعام اہلِ کتاب لکھا(۱)۔گویا اس مسئلے سے انیسویں صدی کے سب سے بڑے جدیدیت پسند اور جدیدیت پسند مسلمانوں کے رہنماء سرسید احمد خان [م:۱۸۹۸] نے نمٹنے کی کوشش کی تاکہ وہ مسلمانوں کو بتائیں کہ مذہب میں اس کے لئے کیا احکامات ہیں۔ انھوں نے رسالہ طعام اہلِ کتاب، اور تہذیب الاخلاق میں اپنے مضامین کے ذریعے، قرآن واحادیث اور مستند علماء کے دلائل وآراء سے اس بات کو ثابت کیا کہ انگریزوں کے ساتھ سماجی تعلقات، ان کے ساتھ کھانا کھانا، ان کے ذبیحہ وغیرہ کی ممانعت نہیں ہے۔سرسید کے اس رسالے اور ان کے دیگر مضامین کی تردید میں سید امداد العلی (۲) نے بھی اس موضوع پر ایک جوابی رسالہ لکھا اور سر سید کے دلائل کی تردید کرتے ہوئے اسے کفر قرار دیا۔

سرسید کے رفقاء میں جو لوگ ابتداء ہی سے ان کے ساتھ رہے اور ان کے اصلاحی مشن کا حصّہ بنے ان میں ان کے ایک بہت ہی قریبی ساتھی اور دوست سید مہدی علی خان نواب محسن الملک [م:۱۹۰۷] بھی شامل تھے، سرسید کی وفات کے بعد محسن الملک ان کے جانشین کے طور پر علیگڑھ کے سیکریٹری اپنی وفات تک رہے۔ سماجی ومعاشرتی سطح پر مسلمان جن توہم پرستیوں، ضعیف الاعتقادیوں، زبوں حالیوں اور پسماندگیوں کا شکار ہو چکے تھے، جس سے سرسید نے انہیں نکالنے کا بیڑا اٹھایا اس میں محسن الملک نے ان کا پورا ساتھ دیا اور اس سلسلے میں وہ بھی سرسید کے ساتھ ان تمام آزمائشوں سے گزرے جو معاشرے کی خراب صورتحال کو سنوارنے میں سرسید کو پیش آئیں۔یہی وجہ ہے کہ جب سرسید نے ایک سماجی فقہی معاملے میں معاشرتی روایت کے برخلاف عمل کیا تو ان کے مسلمان دوستوں نے بھی ان کو نہ صرف تنقید کا نشانہ بنایا بلکہ ان کی مسلمانیت پر بھی حملہ کیا۔ان حالات میں محسن الملک نے سرسید کا بھرپور ساتھ دیا اور اس دور میں جن سماجی ـــ فقہی مسائل کو ہدفِ تنقید بنایا جارہا تھا ان کو اپنی تحقیق سے ثابت کیا کہ اصل میں ان کے بارے میں اسلام کیا کہتا ہے اور اسلام کے ابتدائی دور اور قرونِ وسطیٰ میں کیا عمل ہوتا تھا۔

لہذا محسن الملک نے جب سماجی-فقہی معاملات کی تحقیق کے حوالے سے کئی (اصولی اور نظری) مسائل پر بحث

کی تو اہلِ کتاب کے ساتھ مسلمانوں کے کھانا کھانے سے متعلق، اور اس سے متعلق کہ ان کا ذبیحہ مسلمانوں کے لئے حلال ہے یا نہیں، اور یہ کہ کیا ان کے ساتھ ان کا کھانا کھانا جائز ہے یا نہیں، جیسے معاملات پر نہ صرف تہذیب الاخلاق میں کئی مضامین لکھے بلکہ سرسید اور امداد العلی کی تصانیف پر محاکمہ بھی کیا۔ سماجی — فقہی مسائل میں طعام اہلِ کتاب کی بحث کا سب سے اہم سبب اس کی اپنی عصری اہمیت ہے، جس کی وجہ سے محسن الملک نے بھی سرسید کی تائید میں اس مسئلے پر قلم اٹھایا۔ محسن الملک اس موضوع پر لکھنے کی ضرورت کے بارے میں کہتے ہیں:

> جب سے ہم لوگوں میں طعام اہلِ کتاب کی اباحت اور حرمت کی نسبت گفتگو شروع ہوئی ہے تب سے اکثر لوگوں کو اس امر کی تحقیق کی خواہش ہے کہ اصحابِ نبوی اور ان لوگوں کا جو قرونِ ثلاثہ (یعنی اوّلین مسلمانوں کی پہلی تین نسلیں، صحابہ، تابعین، تبع تابعین) میں تھے کیا طریقہ تھا، آیا وہ اہلِ کتاب کے ساتھ کھانے کو حلال جانتے تھے یا حرام یا مکروہ سمجھتے تھے اور ان کی دعوت کو قبول کرتے تھے یا نہیں۔۔۔۔(۳)۔

محسن الملک کا یہ بیان اس بات کی شہادت ہے کہ طعام اہلِ کتاب کی بحث کی ابتداء ۱۸۶۰ کی دہائی میں یا شاید اس سے بھی پہلے ہندوستان میں شروع ہو چکی تھی۔ بہرحال محسن الملک نے بھی اہلِ کتاب کے ساتھ کھانے کے سلسلے میں ۱۸۶۰ سے ہونے والے مباحث میں حصّہ لیا اور ۱۸۷۰ء کی دھائی میں اس موضوع پر تین مضامین بھی لکھ ڈالے۔ ان میں سے ایک مضمون ''طعام اہلِ کتاب'' میں انھوں نے یہ بتانے کی کوشش کی کہ اس بارے میں صحابہ، تابعین اور تبع تابعین کا کیا عمل تھا۔ دوسرا مضمون غالباً وہ ہے جو انھوں نے سرسید کے رسالے طعام اہلِ کتاب اور اس کے جواب میں سید امداد العلی کے رسالے امداد الاحتساب علی المداہنین فی احکام طعام اہلِ کتاب پر محاکمہ کرتے ہوئے لکھا۔ اور تیسرا مضمون شیعہ مذہب کے حوالے سے لکھا کہ ان کے ہاں اہلِ کتاب کے ساتھ کھانے کے کیا احکام ہیں۔ یہ مختصر مضمون محسن الملک نے ابوجعفر الطّوسی [م:۴۶۰ھ] کی کتاب تہذیب الاحکام فی شرح المقنعۃ الشیخ المفید سے اخذ کر کے لکھا ہے۔ جب کہ پہلا مضمون ابن قیّم [م:۷۵۱ھ] کی تصنیف اغاثۃ اللہفان من مصائد الشیطان سے استشہاد کر کے لکھا۔ ان تین مضامین کے علاوہ ''بخدمت حضرت کاشف الغطا و کشافِ حقیقت'' میں بھی اہلِ کتاب کے ساتھ کھانے کے بارے میں انھوں نے لکھا ہے۔ طعام اہلِ کتاب اور اس کے مسائل پر گفتگو کرتے ہوئے محسن الملک اپنا محاکمہ لکھنے کی غرض بتاتے ہوئے کہتے ہیں 'میری غرض اس محاکمے سے نہ مناظرہ ہے، نہ مجادلہ، نہ تردید کسی کی، بلکہ صرف حق کا ظاہر کرنا ہے' (۴)۔

ان کے اس بیان کو جس میں وہ حق پسندی کی بات کرتے ہیں، اگر ہم غیر جانبدار ہو کر دیکھیں تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ اپنے بارے میں یہ خیال، بلکہ یہ یقین، رکھتے ہیں کہ وہ حق بات قبول کرنے سے ہچکچاتے نہیں ہیں، نہ ہی ان کی ناک اور نہ ہی ان کے آبائی عقائد اس میں آڑے آتے ہیں۔ وہ مزید کہتے ہیں:

> اور چونکہ ایک زمانہ مجھ پر ایسا گزرا ہے کہ میں سید صاحب کی تحریر پر معترض اور ان کی تالیف کی تردید کرتا تھا اس لئے میں اپنے اوپر واجب سمجھتا ہوں کہ میں اپنی سچی رائے جواب ہے ظاہر کروں اور ایک غلط بات کی پیروی کرنے پر جہلِ مرکب کی بیماری میں مبتلا ہونے سے بچوں (۵)۔

یقیناً محسن الملک کے اس طرح کے بیانات ان کی شخصیت و کردار کے اہم، مثبت اور جرأت مندانہ پہلوؤں کے آئینہ دار ہیں کہ وہ اپنے خیالات کی تبدیلی کو کھل کر قبول کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، اور یہ بھی کہ ۱۸۶۰ سے ۱۸۷۰ کے عرصے میں وہ اپنے فکری ارتقاء کے فیصلہ کن مراحل سے گزر چکے ہیں، جس میں انھوں نے نہ صرف بدلتے ہوئے وقت کے تقاضوں اور ان کی تعمیل کے لئے مذہب میں گنجائش کا اندازہ لگا لیا، بلکہ اس کی تعبیر و تشریح کو عملی طور پر ممکن بنانے کا تہیہ بھی کیا۔

محسن الملک نے سرسید کے رسالے طعام اہلِ کتاب اور امداد العلی کے رسالے امداد الاحتساب پر محاکمہ کرنا اس لئے بھی ضروری سمجھا کہ سرسید کے رسالے کے رد میں لکھے جانے والے رسالے پر نہ تو کسی نے کوئی رائے دی اور نہ ہی اس کا جواب لکھا۔ لہٰذا انھوں نے ان دونوں رسائل کا مطالعہ کرنے کے بعد ان کے خاص اور اہم مسائل پر اپنی رائے کا اظہار کیا اور دونوں رسائل کی غلطی اور صحت کے پہلوؤں پر تبصرہ بھی کیا (۶)۔ دونوں رسائل کی تالیف کے اصول کے بارے میں محسن الملک کی رائے یہ ہے کہ سرسید نے یہ رسالہ بلا پابندیٔ تقلید کے لکھا، جس میں قرآن اور حدیث سے استدلال کیا گیا ہے، مگر صرف مقلدین کے اطمینان کے لئے اقوالِ علماء کو بھی شامل کیا ہے (۷)۔ جب کہ مولوی امداد العلی کا رسالہ اصولِ تقلید پر لکھا گیا ہے، یہی وجہ ہے کہ انھوں نے فقہا اور علماء کے فتاویٰ اور روایات سے زیادہ تر استناد کیا ہے (۸)۔

جہاں تک مولوی امداد العلی کے رسالے کا تعلق ہے وہ ہمیں نہیں مل سکا، لہٰذا اس سلسلے میں ہم محسن الملک کے ان بیانات پر تکیہ کریں گے، جن میں انھوں نے امداد العلی کے دلائل نقل کر کے بحث کی ہے۔ اس سے اس بات کا احتمال باقی رہے گا کہ کہیں محسن الملک ان کے کمزور دلائل کو ہی پیش نہ کر رہے ہوں۔ بہر حال، محسن الملک اس اصول کے بارے میں، جس کا التزام سرسید نے کیا ہے، اپنی رائے کا اظہار یوں کرتے ہیں (۹)۔ ''میرے نزدیک تقلید نہ تحقیق حق کے لئے کافی

ہے نہ بمقابل کتاب وسنت کے کسی کا قول ماننے کے لائق ہے‘‘(۱۰)۔مگر چونکہ مقلدین سمجھتے ہیں کہ اب کوئی کسی مسئلے کا حل کتاب وسنت سے نکالنے کی صلاحیت نہیں رکھتا اس لئے محسن الملک ان پچھلے علماء کے اقوال کا سہارا لیتے ہیں، جن کے اقوال ان کے نزدیک قرآن وحدیث کے مطابق ہیں، تاکہ مقلدین کی خاطر جمع رہے(۱۱)۔

محسن الملک نے طعام اہلِ کتاب کی اس بحث میں اپنے آپ کو جن مسائل تک محدود رکھا ان میں جواز وعدم جوازِ طعامِ اہلِ کتاب کے ساتھ موا کلت، یعنی ساتھ کھانا، شامل ہے۔ یہ سوال کہ انھوں نے طعام کے سلسلے میں اپنے آپ کو ان نکات تک ہی محدود کیوں رکھا؟ اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ غیر مسلموں کے ذبیحے اور ان کے ساتھ کھانا کھانے کے بارے میں اعتراض زیادہ کئے گئے، اس لئے ان کے احکام معلوم کرنے کی طرف توجہ بھی زیادہ دی گئی اور باقی اعتراض ان ہی اعتراضات کے ذیل یا ضمن میں کئے گئے ان کو سرسید نے اپنی بحث میں سمیٹ لیا ہے۔ لہذا شاید محسن الملک یہ چاہتے ہیں کہ وہ انھیں مسائل پر بات کریں جن میں وہ امداد العلی کو یا سرسید کو غلطی پر سمجھتے ہیں، تاکہ دونوں کی غلطیاں بھی سامنے آئیں اور ان پر ایک تیسری بحث بھی ہو جائے۔ اس حوالے سے سرسید کے ایک خط سے، جو انھوں نے محسن الملک کو لکھا ہے، روشنی پڑتی ہے۔ وہ لکھتے ہیں ’’ان تمام تحریروں میں جو باتیں اوپر اوپر کی اور اِدھر اُدھر کی بلم ڈلم تحریر ہوئی ہیں ان کی نسبت لکھنا آپ بھی غیر ضروری سمجھتے ہوں گے اور جو اصل بات اس مسئلے میں ہے اسی کو لکھنا بہتر خیال فرماتے ہوں گے۔۔۔‘‘(۱۲)۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ محسن الملک نے صرف خاص کام کی باتوں کی طرف توجہ دیتے ہوئے طعام اہلِ کتاب کا محاکمہ کیا ہے۔

قرآنی احکام اور حدیث کی تشریح وتوجیہ کے سلسلے میں محسن الملک نے اپنی بحث کا آغاز ترمذی کی حدیث سے کیا ہے، جس کو سرسید نے بھی جواز طعام اہلِ کتاب کے لئے پیش کیا ہے کہ آنحضرت ﷺ سے کسی نے نصاریٰ کے طعام کے بارے میں سوال کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ ’’لایتخلجن فی صدرك طعام ضارغت فیه النصرانیه ،نہ خلجان میں ڈالے تیرے دل کو کوئی کھانا کیا[کہ] مشابہہ ہو گیا تو نصرانی لوگوں کے‘‘۔ ترمذی اس حدیث کو نقل کر کے اس کی وضاحت میں کہتے ہیں کہ: ’’والعمل علی هذا عنداهل العلم من الرخصة فی طعام اهل کتاب عمل ہے اس حدیث پر اہلِ علم کے نزدیک رخصت اور جواز میں کھانے اہلِ کتاب کے‘‘(۱۳)۔

گویا سرسید اس حدیث کو اہلِ کتاب کے ساتھ کھانا کھانے کا جواز سمجھتے ہیں۔ جب کہ امداد العلی کہتے ہیں کہ اگر چہ اس حدیث سے ترمذی طعام اہلِ کتاب کی رخصت سمجھتے ہیں لیکن نصاریٰ کے ساتھ مشابہت کی بناء پر ان کا کھانا منع ہے(۱۴)۔ لہذا امداد العلی [غالباً] اس حدیث کا ترجمہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ’’۔۔۔ تیرے دل میں ساتھ شک کے

حرمت اس طعام کی کہ مشابہہ ہوتا ہو اس میں نصرانیت کے'' (۱۵)۔امدادالعلی نے آگے چل کر اس حدیث کو اس بات کی دلیل بنایا کہ وہ تشبّہ کی بنیاد پر ثابت کریں گے کہ اہلِ کتاب کے ساتھ ہر قسم کے تعلقات منع ہیں۔حالانکہ خود امدادالعلی کے تعلقات انگریزوں کے ساتھ تھے۔ بہر حال، امدادالعلی اپنے موقف کی تائید میں سیوطی [م:۹۱۱ھ]، ابو الطیب [م:۷۴۳ھ] اور مجمع البحار سے شہادتیں لاتے ہیں۔مگر محسن الملک نے اپنے مضمون میں ان اقوال کو نقل نہیں کیا ہے، صرف ان تصانیف کے نام دینے پر اکتفا کیا ہے۔اور اس سلسلے میں اہم بات یہ ہے کہ خود محسن الملک بھی اپنے موقف کی تائید میں مجمع البحار اور شرح الطیب سے استفادہ کرتے ہیں۔گویا کسی مسئلے کی تائید اور مخالفت میں ایک ہی کتاب سے دلائل اور ثبوت مہیا کئے جا سکتے ہیں، خصوصاً اگر اس میں دونوں جانب کے دلائل یا شہادتیں نقل کر لی گئی ہوں۔محسن الملک اس حدیث کے حوالے سے کہ، عیسائیوں کے ساتھ یا اہل کتاب کے ساتھ کھانا جائز ہے، سرسید کی رائے کو صحیح اور امدادالعلی کی رائے کو غلط قرار دیتے ہیں اور اس کی پانچ وجوہات پیش کرتے ہیں۔

ان کی پہلی دلیل یہ ہے کہ اگر اس حدیث سے اہلِ کتاب کے کھانے کی حرمت ثابت کر دی جائے تو وہ نص کے مخالف ہوگی۔اس لئے کہ آیت: ﴿وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ﴾ میں طعام اہلِ کتاب کی حلت نازل ہوئی ہے (۱۶)، اور جو لوگ کتاب دیئے گئے ہیں ان کا ذبیحہ تم کو حلال ہے۔دوسری دلیل وہ یہ دیتے ہیں کہ جب کھانا مشرکین اور بت پرستوں کا حرام نہیں تو اہلِ کتاب کے کھانے کی حرمت کی کیا وجہ ہو سکتی ہے۔اور ''۔۔۔آیت مذکورہ میں طعام کے معنی ذبیحہ کے اسی لئے، لئے گئے ہیں کہ تخصیص اہلِ کتاب کی ثابت ہو اور کلامِ الٰہی کا نزول عبث اور بے فائدہ نہ ٹھہرے'' (۱۷)۔گویا محسن الملک کے نزدیک امدادالعلی کا موقف قرآن کی نفی کر رہا ہے۔لہذا وہ کہتے ہیں کہ اگر مقلدین کو قرآن وحدیث کے الفاظ سے طعام اہلِ کتاب کے جائز ہونے میں شبہ ہو تو وہ مفسرین اور محدثین کے اقوال کی طرف رجوع کر سکتے ہیں، جو سرسید اپنے رسالے میں لکھ چکے ہیں (۱۸)۔اس آیت کے بارے میں امدادالعلی کا کہنا یہ ہے کہ 'ہاں اس قدر البتہ اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ طعام اہلِ کتاب کا کھانا اور ان کو کھلانا جائز ہے'' (۱۹)۔پھر امدادالعلی کو حدیث کے الفاظ سے روگردانی کی کیا ضرورت ہے، شاید اس لئے کہ مسلمان ''من تشبه بقوم فهو منهم'' کی وعید میں داخل نہ ہو جائیں (۲۰)۔محسن الملک نے اس حدیث کی وضاحت نہیں کی، شاید اس لئے کہ اس پر بھی سرسید تفصیل سے اپنے رسالے میں بحث کر چکے ہیں اور غالباً یوں بھی کہ امدادالعلی نے بھی اس کی وضاحت نہیں کی ہے۔سرسید نے اس بحث میں کہا ہے کہ اس حدیث کو طعام سے تعلق نہیں ہے نہ کسی قسم کے تشبّہ سے جو اور کسی قوم کے ساتھ کیا جائے، سوائے ایک حکم کے جو بیان کیا جاتا ہے کہ حالت جدال وقتال میں یا اور کسی قوم کے لوگ مارے جائیں تو ان کی شناخت کی جا سکے

اوران کی تجہیز وتکفین اس قوم کی رسوم کے مطابق کی جاسکے،صرف اسی باب میں یہ حدیث ہے(۲۱)۔

تیسری دلیل محسن الملک کی اہلِ کتاب کے کھانے کے جواز میں یہ ہے کہ جس حدیث کو ترمذی سے نقل کیا گیا ہے اسے ابوداؤد نے اپنی کتاب کے باب ''کراھیة التقذر للطعام '' میں لکھا ہے،''یعنی،باب مکروہ ہونے میں گھن کرنے سے کھانے میں''۔لیکن اگر اس حدیث کے الفاظ سے وہ معنی نکلتے جو امدادالعلی نے نکالے ہیں تو ابوداؤد یہ لکھتے۔''باب مکروہ یا حرام ہونے میں طعام نصاریٰ کے''(۲۲)۔

ابوداؤد نے اس حدیث کے الفاظ یہ لکھے ہیں،"وسئالہ رجل فقال ان من الطعام طعاما اتحرج منہ فقال لایتخلجن فی نفسك شی"،اس سے حلت طعام ثابت ہوتی ہے(۲۳)۔یعنی ایک شخص نے اپنے وسواس اور کراہت کو بیان کیا اور آنحضرتؐ سے پوچھا کہ کھانے کی چیزوں میں سے کوئی ایسی چیز ہے کہ میں اس کے کھانے سے پرہیز کروں تو آپؐ نے فرمایا:''کہ کچھ شک نہ کر''۔محسن الملک کے نزدیک یہ الفاظ صاف طور پر وسواس سے منع کرتے ہیں اور حلتِ طعام ثابت کرتے ہیں(۲۴)۔

وہ کہتے ہیں کہ اگر اس حدیث سے حرمت کے معنی لئے جائیں تو ان سے آنحضرت ﷺ کے کلام کی ایسی تفسیر ہوگی کہ اس میں اور تحریف میں کوئی فرق نہیں رہے گا(۲۵)۔قرآن وحدیث کے صاف الفاظ سے امدادالعلی کی روگردانی بڑی تعجب خیز معلوم ہوتی ہے۔مگر براہ راست ان کی تحریر تک رسائی نہ ہونے کی وجہ سے ان کے موقف کے بارے میں کوئی حتمی بات کہنا مشکل ہے۔شاید اس سے ان کا مقصد حدیث کے الفاظ کو توڑنا موڑنا ہی ہوسکتا ہے۔جب کہ کہا یہ جاتا ہے کہ سرسید اور ان کے ساتھیوں نے اپنے خیالات کے ذریعے کوئی نیا راستہ اپنانے یا کھولنے کی کوشش کی۔محسن الملک نے اپنی پانچویں دلیل میں مقلّدین کے اطمینان کے لئے علماء کے اقوال سے استدلال کیا جن سے طعام کی حلت اور شک یا وسواس کا منع کرنا ثابت ہوتا ہو۔ان استدلالات اور ان شہادتوں سے استناد کرنے سے محسن الملک کا یہی مقصد ہے کہ وہ مسلمانوں کو بتائیں کہ ان کا مذہب شک کرنے اور اپنے آپ کو تنگی یا سختی میں ڈالنے کی اجازت نہیں دیتا ہے۔

اس سلسلے میں وہ سب سے پہلے مجمع بحار الانوار(۲۶) کا حوالہ دیتے ہیں۔محسن الملک اس کی چند عبارتیں نقل کرتے ہیں۔یہاں یہ بات کرنا بہت اہم معلوم ہوتی ہے کہ محسن الملک اپنے ماخذ کو کیسے استعمال کرتے ہیں؟ مثال کے طور پر مجمع بحار الانوار سے جو عبارتیں انھوں نے لی ہیں وہ ایک ہی جگہ کی نہیں ہیں،بلکہ دو مختلف جگہوں سے لے کر ملائی گئی ہیں،اس میں بھی دوسری عبارت کے صرف الفاظ لے کر جملہ خود بنایا ہے۔یہ اندازِ تحریر یا تحقیق یقیناً غیر محتاط ہے،مگر محسن الملک کی علمی تحقیق کا یہ انداز شروع ہی سے تھا کہ وہ اپنے ماخذ کو صحیح طور پر استعمال کرنے کی قدرت

اور صلاحیت رکھتے ہیں۔ مآخذ کے الفاظ، فقرے، جملے کو لے کر عبارت بنا لیتے ہیں، اور ایسا وہ ایک جگہ ہی نہیں کرتے، بلکہ ان کی تحریروں میں کئی مقامات پر اس کی جھلک نظر آتی ہے۔ یہاں تک کہ قرآنی آیات کے سلسلے میں بھی ان کا یہی اصول نظر آتا ہے کہ وہ دو مختلف آیات کو جوڑ کر اسے اپنی دلیل کے طور پر کام میں لاتے ہیں (محسن الملک کے طرزِ تحقیق و استدلال پر ایک مستقل مضمون زیرِ تحریر ہے)۔ مگر اس میں وہ کوئی علمی بددیانتی نہیں کر رہے اور مآخذ کی شہادت کو اپنے حق میں بدل نہیں رہے ہیں۔ اس سلسلے میں ان کے سوانح نگار امین زبیری ان کی تحریر کتاب المحبت و الشوق کے ترجمے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہتے ہیں، ''نواب صاحب احیاء العلوم کے بعض مضامین اردو میں لکھا کرتے اور مثنوی مولانا معنوی کی حکایات و اشعار موقع مناسب پر ملا دیا کرتے تھے'' (۲۷)۔

محسن الملک مجمع البحار کی عبارت سے استفادہ کرتے ہیں جو شک، اضطراب اور، رہبانیت کی نفی کرتی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ: ''لا یتخلجن ای لایتحرك فیه شئی من الشك ویووی بالجاء ای لمهملة و اصل الاختلاج الحركة والاضطراب قوله **ضارعت ای** شابهت النصرانیة والرهبانیة فی تضئیقهم وتشدید هم و كیف وانت علی الحنیفة السهلی''، یعنی ''نہ آوے تیرے دل میں کچھ اور اختلاج، نہ ہووے تجھے یعنی حرکت اور اضطراب، کیا تو مشابہہ ہوگا نصرانیوں اور رہبانیوں کے اپنے اوپر تنگی کرنے اور تشدد کرنے میں، اور یہ کیوں کر ہو سکتا ہے کیونکہ تو ایسے دین پر ہے جو سیدھا اور آسان ہے''، کہ تم سیدھے اور آسان دین پر ہو چناچہ تمہارے دل میں اختلاج یا حرکت اور اضطراب کا ہونا تمہیں ان نصرانیوں اور رہبانوں سے مشابہہ کر دے گا، جو اپنے اوپر تنگی اور تشدد کو روا رکھتے ہیں (۲۸)۔ وہ فتح الودود سے الطیبی کے حوالے سے مزید ثبوت پیش کرتے ہیں: ''جملہ ضارعت جواب شرط محذوف ای ان شككت شابهت فیه الرهبانیة والجملة الشرطیة مستانفة للبیان سبب النهی والمعنی لاید خل فیه قلبك ضیق و حرج لانك علی الحنیفة السهلیة، فاذا شككت وشددت علیٰ نفسك بمثل هذا شابهت فیه الرهبا نیة علیٰ نفسك بمثل هذا شابهت فیه الرهبانیة۔'' یعنی ''ضارعت جواب ہے شرط محذوف کا اور معنی اس جملے کے یہ ہیں کہ اگر تو شک کرے گا تو مشابہہ ہوگا رہبانیت کے اور جملہ شرطیہ واسطے بیان سبب نہیں کے ہے اور معنی یہ ہیں کہ نہ آوے تیرے دل میں کچھ تنگی اور شک کیونکہ تو ایسے دین پر ہے جو سیدھا اور آسان ہے۔ پس اگر تو شک کرے گا اور اپنے اوپر سختی اور شدت روا رکھے گا ایسی باتوں میں تو مشابہہ ہوگا تو رہبانیت کے فقط'' (۲۹) یعنی محسن الملک مسلمانوں کو یہ بتانے کی کوشش بھی کر رہے ہیں کہ نصاریٰ نے اپنی حلال چیزوں کو حرام قرار دے کر انھیں زہد کے درجے پر سمجھ لیا تھا لیکن آنحضرت ﷺ نے اس قسم کے شبہات اور وسواس

سے مسلمانوں کو منع کیا۔ محسن الملک کے نزدیک طعام اہل کتاب میں شک کرنا رہبانیت کے مترادف ہے اور ایسے شکوک وشبہات سے پرہیز کرنا چاہیے جس میں ایمان کے جانے کا خطرہ ہو۔ اس طرح محسن الملک نے الطیّبی کی روایت سے اپنے مؤقف کو ثابت کیا، یہ حوالہ ہمیں شرح الطیّبی میں ملا ہے، جب کہ محسن الملک اسے فتح الودود سے نقل کرتے ہیں اور فتح الودود نے اسے طیّبی سے نقل کر کے لکھا ہے۔ محسن الملک جواز طعام اہلِ کتاب کے پوری طرح قائل ہیں، اور اس کے لئے قرآن وحدیث کے واضح الفاظ کی شہادت ان کے لئے کافی ہے۔

یہاں ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کون سے یہود ونصاریٰ کا ذبیحہ حلال ہے جو طعام اہلِ کتاب کا جواز ہے؟ یہ سوال یا مسئلہ یوں اٹھا کہ امداد العلی کا کہنا اس سلسلے میں یہ ہے کہ اس آیت یعنی ﴿وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ﴾ سے مراد وہ اہلِ کتاب ہیں جن کی ذبح کے وقت تسمیہ [وقتِ ذبح بسم اللہ کہنا] کرنے کی عادت ہے اور ایسے یہود ونصاریٰ موحدین میں سے ہیں (۳۰)۔ محسن الملک اس سلسلے میں بڑے منطقی انداز میں کہتے ہیں کہ کوئی یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ آنحضرتؐ کے زمانے میں بعض نصاریٰ ذبح کے وقت تسمیہ کرتے تھے اور بعض نہیں۔ اور نہ ہی اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جو تسمیہ کرتے تھے وہ توحید پرست تھے اور جو نہیں کرتے تھے وہ مشرک تھے (۳۱)۔ چونکہ محسن الملک کے نزدیک ﴿وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ﴾ سے اہلِ کتاب کا ذبیحہ مراد ہے لہٰذا اس کے بعد طعام اہلِ کتاب کا جواز نہ ہونے کی ان کے پاس کوئی دلیل نہیں رہ جاتی۔ دراصل یہود ونصاریٰ کے حوالے سے موحد ہونے کا سوال ان کے تثلیث کے قائل ہونے کی وجہ سے اٹھایا گیا۔ اس لیے محسن الملک اس کی تردید کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ:

> یہ خیال کرنا کہ نصاریٰ بہ سبب اعتقاد مسئلہ تثلیث کے مشرکین میں سے ہیں، [یعنی تین خداؤں کے ماننے والے]، اور اس لئے ذبیحہ ان کا ناجائز ہے، غلطی ہے کیونکہ وہ مدعیٔ توحید ہیں۔ اور جو کہ مدعیٔ توحید ہو اس پر اطلاق شرک نہیں ہو سکتا (۳۲)۔

محسن الملک کا یہ اہم بیان ان کے جدیدیت پسند ذہن کی عکاسی کرتا ہے، ان کی انسان دوستی کو نمایاں کرتا ہے اور سب سے بڑھ کر یہ نہ صرف ان کی مذہبی رواداری اور بے تعصبی کا بلکہ ان کے دینی فہم وفراست کا بھی مظہر ہے۔ وہ سمجھتے ہیں کہ ایک بار توحید کا دعویٰ کر لینے کے بعد شرک کا الزام کسی پر نہیں لگایا جا سکتا اور یہ کہ یہود وعیسائی ایسے مذہب کے ماننے والوں میں شامل ہیں۔

یہاں ہم دیکھیں گے کہ محسن الملک زیادہ تر علماء حنفیہ کے اقوال سے شہادتیں لیتے ہیں۔ غالباً اس لئے کہ وہ اس

بات سے واقف ہیں کہ حنفی اس اعتقاد کے قائل اور ماننے والے ہیں کہ جو ایک بار ایمان لے آیا، یا توحید کے ماننے والوں میں شامل ہو گیا وہ کافر نہیں گردانا جا سکتا۔ وہ ہدایہ کی ''کتاب الذبائح'' سے استدلال کرتے ہیں۔ ''ومن شرط ان یکون الذابح صاحب ملةِ التوحید اما اعتقاداً کا لمسلمه و [او] دعویٰ کالکتابی'' ،ذبح کے لئے شرط یہ ہے کہ ذبح کرنے والا صاحبِ توحید ہو، خواہ عقیدے کے لحاظ سے جیسے مسلمان اور خواہ دعوے کے لحاظ سے جیسا کہ کتابی۔ محسن الملک نے ایک اور جگہ جہاں آیاتِ احکامی کے عمومی حکم سے بعض صورتوں کو مخصوص و مستثنیٰ کرنے کی بحث کی ہے، وہاں انھوں نے امام ابوحنیفہ کا حوالہ دیا ہے کہ ان کے نزدیک اگر ذبح کے وقت تسمیہ کرنا بھول جائے تو ذبیحہ حلال ہے(۳۳)۔ وہ کفایہ سے استدلال کرتے ہیں ''فانه یدعی التوحید'' (۳۴)، عیسائی اہلِ کتاب توحید کا دعویٰ کرتے ہیں اس لیئے ان کے ذبائح جائز ہیں۔ ان دونوں عبارتوں کی بنیاد پر محسن الملک نتیجہ نکالتے ہیں کہ جو شخص مدعی توحید ہے یہود و نصاریٰ کی طرح ان کا ذبیحہ ویسا ہی جائز ہے جیسا کہ اعتقاداً موحد کا (۳۵)، یعنی صرف توحید کے اعتقاد کا دعویٰ ہی یقین کے لئے کافی ہے۔ یہ سوال کہ کتابی سے یہاں کیا مراد ہے؟ محسن الملک پھر ہدایہ کی طرف جاتے ہیں، ''وذبیحة الکتابی والمسلم حلال لما تلونا ولقوله تعالیٰ: ﴿وَطَعَامُ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ حِلٌّ لَّکُمْ﴾ و اطلاق الکتابی تیٰتظم الکتابی الذی والحربی والعربی والتغلبی لان الشرط قیام الملة علی مامر''، جس کا کہنا ہے کہ کتابی کا اطلاق سب اہلِ کتاب پر ہے خواہ وہ ذمی ہوں یا حربی، عربی ہوں یا تغلبی، اور ان کا ذبیحہ جائز ہے، کیونکہ قیامِ ملت ذبح کے جواز کی شرط ہے(۳۶)۔ اور جہاں قیامِ ملت معدوم ہے وہاں ذبیحہ جائز نہیں ہے، جیسا کہ صاحبِ ہدایہ نے مجوسی کے ذبیحے کو جائز نہیں سمجھا ہے، ''لاتوکل ذبیحة المجوسی لانه لایدعی التوحید فانعدمت الملة اعتقاد اودعویٰ''، کیونکہ وہ توحید کا دعویٰ نہیں کرتے، لہذا اعتقاداً ملت معدوم ہے(۳۷)۔ محسن الملک امام شافعی سے بھی ذبح کے وقت تسمیہ کے سلسلے میں دلیل لاتے ہیں جو انھیں ہدایہ ہی میں مل گئی۔ امام شافعیؒ آنحضرت ﷺ کی اس حدیث سے استناد کرتے ہیں: ''المسلم یذبح علیٰ اسم الله تعالیٰ سمّٰی اولم یسم''، مسلمان خدا ہی کے نام پر ذبح کرتا ہے اس نے ذبح کے وقت تسمیہ کیا ہو یا نہ کیا ہو(۳۸)۔ چونکہ امام شافعیؒ تسمیے کے لئے زیادہ لگا بندھا اصول نہیں رکھتے، اس لئے محسن الملک نے ان سے استفادہ کیا۔ امام شافعیؒ کی دوسری دلیل جس سے انھوں نے استناد کیا یہ ہے: ''ولان التسمیة لوکانت شرطا للحل لما سقطت بعذر النسان کا لطهارة فی باب الصلوة ولو کانت شرطا فالملة اقیمت مقامها کما فی الناسی''، تسمیے کا سہواً ترک کرنا ذبیحے کی حرمت کا باعث نہیں ہے، جو اس پر دلالت کرے گا کہ ذبیحے کے جائز ہونے کے لئے تسمیہ شرط نہیں ہے، اس لئے

کہ اگر تسمیہ حلتِ ذبیحہ کے لئے شرط ہوتو وہ شرط بعذر بھول کے ساقط یا متروک نہیں ہوتی، جیسے کہ طہارت نماز کے لئے ہے۔مگر اگر تسمیے کو شرط بھی سمجھا جائے تو ملت اور مذہب قائم مقام تسمیے کے ہوں گے''(۳۹)۔

اس طرح محسن الملک نے امام شافعیؒ کی سند سے ذبیحے کے لئے تسمیہ کی شرط کو بالکل ختم کر کے مقلدین کے اعتراض کو ختم کرنے کی کوشش کی، اور غیر مقلّدین کے لئے وہ کہتے ہیں کہ انہیں ہر مسئلے میں کسی امام کی تقلید کی ضرورت نہیں ہوتی اور تسمیہ کا ترک کرنا ذبیحے کی شرط میں سے نہیں ہے، لہذا امام شافعیؒ یا ان کے مقلّدین پر یہ الزام نہیں لگایا جاسکتا کہ وہ کسی حکم کی روگردانی کرتے ہیں(۴۰)۔

ان فقہا سے استدلال کرنے کے بعد ہم محدثین کی طرف آتے ہیں جن سے محسن الملک نے اپنے موقف کو ثابت کرنے کے لئے استدلال کیا۔محسن الملک نے کیوں پہلے اقوالِ فقہا سے کام لیا اور پھر حدیث کی طرف آئے؟ دراصل انھوں نے ہدایہ کے حنفی موقف کی وضاحت کرنے کے بعد حدیث کا حوالہ دیا ہے، اس کے بعد امام شافعی کا حوالہ ہے۔ہم اوپر حنفی اور شافعی نقطۂ نظر کی وضاحت ایک ساتھ کر کے اب حدیث کی طرف آئیں گے۔محسن الملک عمدۃ القاری کی حدیث سے استشہاد کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ﴿الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ ﴾کی آیت سے یہی استدلال کیا جاسکتا ہے کہ یہود و نصاریٰ کا ذبیحہ حلال ہے اور اس آیت سے ان کا ذبیحہ ہی مراد ہے، چاہے وہ عرب یا غیر عرب یہود و نصاریٰ ہوں۔ تمام علماء کا اس پر اجماع ہے کہ اہلِ کتاب کا ذبیحہ جائز ہے- اس لئے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے سوا کسی اور کا نام نہیں لیتے(۴۱)۔محسن الملک اس حدیث میں علماء کے اجماع کو ماننے میں تامل نہیں کرتے، غالباً ان کے نزدیک اجماع ایک صحیح حدیث کے صحیح متن پر ہوگا۔صحیح بخاری میں اہلِ کتاب کے ذبیحے اور کھانے کے ثبوت میں یہ حدیث بھی ہے۔ ''عرب کے نصاریٰ کا ذبیحہ کھانے میں کوئی قباحت نہیں البتہ اگر تو سن لے کہ اس نے بہ وقت ذبیحہ اللہ کے سوا کسی اور کا نام لیا۔(مثلاً عیسیٰ یا مریم) تو اسے مت کھا اگر تو نے یہ نہیں سنا تو اللہ نے ان کا کھانا حلال رکھا ہے اور اللہ تعالیٰ کو معلوم تھا کہ وہ کافر ہیں''(۴۲)۔ بہر حال، وہ ابوداؤد کی ایک حدیث کی طرف رجوع کرتے ہیں، جس میں تسمیے اور عدم تسمیے کے ثبوت کے لئے ابن عباسؓ سے ایک روایت مروی ہے، جو یہ ثابت کرتی ہے کہ ذبح کے وقت تسمیہ کا حکم اہلِ کتاب کے لئے نہیں ہے۔کیونکہ اس سے پہلے والی آیت: ﴿فَکُلُوْا مِمَّا ذُکِرَ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ﴾ اور ﴿وَلَاتَاْکُلُوْا مِمَّا لَمْ یُذْکَرِ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ﴾ فنسخ واستثنیٰ من ذٰلك فقال: ﴿ وَطَعَامُ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ حِلٌّ لَّکُمْ وَطَعَامُکُمْ حِلٌّ لَّھُمْ﴾''، (کہ نہ کھاؤ تم اس چیز سے کہ جس پر خدا کا نام نہ لیا گیا ہو)، والی آیت سے منسوخ کر دی گئی، محسن الملک ترجمے کرنے میں بڑی آزادی لیتے ہیں اس ترجمے میں بھی انھوں نے دو نہ بڑھا دیئے ہیں (کھاؤ تم اس چیز سے جس پر خدا کا

نام لیا گیا ہو)۔﴿وَطَعَامُ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ حِلٌّ لَّکُم...﴾ سے،اہلِ کتاب کا کھانا جائز یا مستثنیٰ کر دیا گیا(۴۳)۔امداد العلی نے حضرت ابن عباسؓ کے اس قول سے یہ نکتہ نکالا ہے کہ ابنِ عباسؓ کے اس قول سے یہ نہیں نکلتا ہے کہ ''اہلِ کتاب کے ذبح میں موافقت ہمارے قواعد ذبح کی شرط ہے کہ ذابح کتابی ہو یا مسلم،جیسا کہ مذہب ابنِ عباسؓ کا ہے کہ متروک التسمیہ مطلقاً عمداً ہو یا سہواً ان کے نزدیک حلال ہے''(۴۴)۔امداد العلی کے اس بیان کو چونکہ محسن الملک خود سمجھ گئے ہیں لہذا کسی وضاحت کے بغیر صرف اتنا کہنے پر اکتفا کرتے ہیں کہ انھوں نے،ابن عباسؓ کے اس قول کو تسلیم کرتے ہوئے،عمداً متروک التسمیہ کی حرمت ثابت کی ہے۔غالباً امداد العلی جان بوجھ کر اس قول کو نہیں مان رہے اور اس کو صرف اتنا تسلیم کر رہے ہیں کہ اگر ذابح اہلِ کتاب سے ہے تو اس کے ذبیحہ میں کوئی شرط نہیں۔بہرحال،محسن الملک اس کی تفصیلات میں جائے بغیر آگے بڑھ کر عمداً متروک التسمیہ کی حلت ثابت کرتے ہیں اور اس کے لئے صحابہ اور تابعین کی ایک جماعت کا سہارا لیتے ہیں،اور تفسیر ابن الکمال اور سنن ابوداؤد سے استدلال کرتے ہیں۔اس جماعت نے آیت:﴿وَلَاتَاْکُلُوْا مِمَّا لَمْ یُذْکَرِ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ﴾ کی منسوخی کو مانا ہے،جو تسمیے کے عدم شرط ہونے کا ثبوت فراہم کرتی ہے(۴۵)۔

اہلِ کتاب کے ساتھ کھانے کے جواز اور عدم جواز کے سلسلے میں محسن الملک نے جس تیسرے مسئلے پر بحث کی وہ اہلِ کتاب کے تمام ذبیحے جائز اور ناجائز ہونے کے بارے میں ہے۔اور اس سلسلے میں وہ سرسید کی رائے سے مختلف رائے کا اظہار کرتے ہیں،اور اس میں جو سب سے بڑا اختلاف ہوا وہ مرغی کے گردن مروڑ کر مار دینے پر ہوا۔کیونکہ سرسید گردن مروڑی مرغی کو جائز سمجھتے ہیں،اس کا ثبوت ان کے اور سرسید کے ان بیانات سے بھی ملتا ہے کہ محسن الملک کا سرسید سے گردن مروڑی مرغی کھانے کے خلاف احتجاج شروع سے ہے۔جب سرسید انگلینڈ گئے تب بھی محسن الملک کے نام ان کے خطوں سے پتہ چلتا ہے کہ محسن الملک سرسید کے گردن مروڑی مرغی کھانے پر سخت ناراضگی کا اظہار کرتے اور اخبار سائنٹفک سوسائٹی میں مضمون بھی غالباً محسن الملک نے ہی لکھے،بہرحال، سرسید نے اس بارے میں محسن الملک کی ناراضگی کا جواب ایک خط میں اس طرح دیا ہے ''جو کچھ غصہ آپ کو مجھ پر در باب گردن مروڑی مرغی کے ہے،وہ میری گردن پر،میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ علماء ترکستان(یعنی ترکی) نے بلا کسی تامل کے اس کو جائز کیا ہے۔تمام ترک جن کی خاکِ پا ہونے کی بھی ہم کو لیاقت نہیں ہے سب بے تامل کھاتے ہیں۔۔۔علاوہ اس کے جو شخص احتیاطاً اس کا مرتکب نہ ہو نہایت عمدہ بات ہے،مگر اس کو مسئلہ شرعی ٹھہرانا اور اس کے مرتکبین کو آکل حرام قرار دینا نہایت مضر اور اسلام کے پانو پر بدستِ خود تیشہ زدن ہے۔اس فقرے کے معنی آپ کی سمجھ میں نہیں آنے کے،ان شاءاللہ عنقریب خدمتِ عالی میں

حاضر ہو کر اس کی تفسیر عرض کروں گا'' (۴۶) سرسید، محسن الملک کو اپنے دعوے میں ابوداؤد کی حدیث، جو ابنِ عباسؓ سے منقول ہے اور جس کا اوپر ذکر ہوا، پیش کرتے ہیں۔ لیکن محسن الملک سرسید کے اس ثبوت کو، جو وہ گردن مروڑی مرغی کے سلسلے میں لائے، قبول نہیں کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ:

> میرے نزدیک اس مسئلے میں سید احمد خان صاحب نے بڑی غلطی کی ہے۔ کیونکہ جو دعویٰ انھوں نے کیا ہے وہ اس روایت سے ثابت نہیں ہوتا اور کتابی کا ذبیحہ بلاتسمیہ کے جائز ہونے کے سوائے اس قول سے اور کچھ نہیں نکلتا (۴۷)۔

محسن الملک کی اس دلیل میں غالباً یہ بات پنہاں ہے کہ گردن مروڑ کر مارنا ذبح کی تعریف میں نہیں آتا۔ یہاں امدادالعلی، محسن الملک اور سرسید کی اس رائے سے اتفاق کرتے ہوئے معلوم ہوتا ہے ''تسمیہ ذبح میں شرط نہیں ہے'' (۴۸)۔ تو پھر سوال یہ ہے کہ امدادالعلی جھگڑا کیوں کر رہے ہیں؟ یا صرف سرسید کا رد کرنے کے لئے مخالفت برائے مخالفت کر رہے ہیں؟ یا غالباً امدادالعلی نے گردن مروڑ کر ذبح کرنے کی بات کو مان لینے سے بہتر یہ سمجھا کہ تسمیہ کی شرط کو چھوڑ دیا جائے؟ لیکن یہ بات کوئی سنجیدگی اور استقامت کی علامت معلوم نہیں ہوتی ہے۔ تاہم محسن الملک نے سرسید سے اختلاف کر کے اپنے مؤقف کو ظاہر کیا۔ اگرچہ سرسید نے محی الدین ابنِ عربی [م: ۶۳۸ھ] کی تفسیر اور احمد بن یحییٰ الونشریسی مالکی [م: ۹۱۴ھ] کی معیار المعرب سے اپنے دعوے کے حق میں شہادتیں پیش کیں۔ گویا سرسید اس معاملے میں بالکل منفرد نہیں ہیں بلکہ اور مسلم علماء بھی اس طرح کی رائے رکھتے ہیں، مگر محسن الملک سرسید کی ان شہادتوں سے قطع نظر کر کے کہتے ہیں ''چونکہ منخنقہ [وہ جانور جو گلا گھونٹنے سے مرا ہو] کی حرمت صراحتہً ایک دوسری آیت محکم سے ثابت ہے اور اس کی تخصیص یا تنسیخ کسی دوسری آیت سے نہیں ہوئی تو تعجب ہے کہ کیوں کر انھوں [سرسید] نے اس روایت میں یہ خیال کیا کہ اہلِ کتاب کا گردن مروڑ کر مارڈالنا بھی ذبیحہ میں داخل ہے اور جو قول ابنِ عربی اور معیار کا انھوں نے نقل کیا ہے وہ ایک عالم کی رائے ہے، جو قرآن و حدیث کے ظاہری الفاظ سے مختلف ہے اس لئے ہم کو کچھ اعتبار نہیں'' (۴۹)۔ یہاں محسن الملک کی رائے سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ قرآن اور حدیث کی نص صریح کو چھوڑ کر ان کے لئے کسی عالم کی رائے کو ماننا مشکل ہے۔ دوسرے یہ محاکمہ ان دو لوگوں کے درمیان ہے، جن کا دعویٰ قرآن و حدیث سے استدلال کرنے کا ہے۔ لہذا محسن الملک نے سرسید کے سامنے صرف قرآن و حدیث کو رکھا۔ اور چونکہ منخنقہ [گلا گھونٹ کے مارنا] کی آیت کی کسی اور آیت سے منسوخی نہیں ہوئی اس لئے محسن الملک نے سرسید کی رائے کو مسترد کیا۔ حالانکہ آیت: ﴿وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ﴾ کے بعد کسی شہادت کی ضرورت نہیں ہے مگر محسن الملک نے سرسید کے دعوے کو

نہیں مانا۔اور مخنقہ کی آیت کو ایک منصوص آیت قرار دیتے ہوئے سرسید پر یہ الزام لگایا کہ گردن مروڑی مرغی کو سرسید جائز کہہ کر قرآن کے ایک منصوص حکم کی عدولی کر رہے ہیں(۵۰)۔ اس سلسلے میں سرسید نے ایک ''خط از طرف سید احمد بنام مولوی سید مہدی علی صاحب (نسبت طیور مخنقہ اہلِ کتاب)''، تہذیب الاخلاق میں لکھا، جس میں انھوں نے اس آیت کے بارے میں کہا کہ،''میری تحقیق یہ ہے کہ پرند مخنقہ کی حرمت باستدلال آیت مستدلہ منصوص قرآن نہیں ہے''۔ خاص طور سے اس کے چار الفاظ منخنقة، گلا گھٹ کر، موقوذة، چوٹ لگ کر، متردية، گر کر، اور نطيحة، سینگ لگ کر مر جائے، کی وضاحت ان کے نزدیک ضروری ہے۔ اور جہاں تک خنق' گلا گھونٹ کر مارنے، کا تعلق ہے وہ چوپاؤں سے متعلق ہوسکتا ہے، کیونکہ عرب میں چوپاؤں کو گلہ گھونٹ کر مارنے کا رواج تھا، جس کی حرمت میں یہ آیت نازل ہوئی۔ بہرحال سرسید کی تمام بحث کا حاصل یہ ہے کہ:﴿وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ﴾ کی آیت سے اہلِ کتاب کا کھانا ہمارے لئے حلال ہوگیا اور مذکورہ آیت کے ان چار الفاظ میں پرندوں کے گلہ گھونٹ کر مارنے کی حرمت شامل نہیں ہے، اس لئے اس آیت کو منصوص نہیں کہا جا سکتا، البتہ اس کا قیاسی غیر منصوص العلت ہونا ممکن ہے۔ اور پھر سرسید محسن الملک کو نصیحت کرتے ہیں کہ:''تم اپنے دل کو خوب ٹٹولو کہ کہیں یہ تمہارا اختلاف میرے ساتھ اسی تقلید کا اثر تو نہیں ہے جس سے انسان قبل تحقیق ہر ایک بات کا فیصلہ کر دیتا ہے''(۵۱)۔

سرسید کی یہ بات محسن الملک کی تحقیق کی عادت کے خلاف ہوگی۔ ہم دیکھتے ہیں کہ محسن الملک نے جب قرآنی آیات کی تاویل کے سلسلے میں ایک مضمون لکھا تو اس کے حصّے' آیاتِ احکامی کے عمومی حکم سے بعض صورتوں کو مخصوص اور مستثنیٰ سمجھنا باستدلال کتاب وسنت' میں اس مسئلے کو پھر اٹھایا اور لکھا کہ اہلِ کتاب کے گردن توڑ کر مار ڈالنے سے اگر کوئی آیت:﴿وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ﴾ اور دوسری احادیث سے استدلال کرتا ہے تو اگرچہ یہ غلطی افسوس کے قابل ہے مگر حقیقت میں وہ نص کا انکار نہیں ہے۔ مگر محسن الملک کے نزدیک، اُس ذبیحے کو''جو خود گلا گھٹ کر مر گیا ہو یا اور کسی نے گلا گھونٹ کر مار ڈالا ہو اور [تو] بلا قید اہلِ کتاب کے اور بے استدلال کتاب وسنّت کے تو ایسا کہنا انکار نص ہے اور ایسا کہنے والا کافر ہے۔۔۔''(۵۲)۔

گلا گھٹ کر مر جانے والے یا کسی کے گھونٹ کر مار ڈالنے والے ذبیحے کے مسئلے میں ایک اور پہلو جو سامنے آیا وہ یہ کہ کیا مشرک کا ذبیحہ حلال ہے یا نہیں؟ سرسید اس کی تفتیش کو ضروری نہیں سمجھتے ہیں، جب کہ امداد العلی اس کو معلوم کرنا بے حد ضروری سمجھتے ہیں۔ محسن الملک نے اس مسئلے میں سرسید کو غلطی پر ٹھہرایا ہے مگر محسن الملک اس سے پہلے یہ کہہ چکے ہیں کہ مشرکین کا کھانا حرام نہیں ہے اور امداد العلی کے اس موقف کو چیلنج بھی کر چکے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے زمانے میں جو

نصاریٰ ذبح کے وقت تسمیہ کرتے تھے وہ موحدین میں سے تھے اور جونہیں کرتے تھے وہ مشرکین میں سے تھے۔ محسن الملک سمجھتے ہیں کہ کوئی عالم امداد العلی کے اس دعوے کو ثابت نہیں کرسکتا اور یہ کہنا مشکل ہے کہ نصاریٰ کا کوئی فرقہ ایسا تھا اور ایسا ہے کہ جس میں ذبح کے وقت تسمیہ اور غیر تسمیہ کے بارے میں اختلاف ہو۔ لیکن شاید محسن الملک کے لئے مشرکین کے ذبیحے کا مسئلہ ہندوستان کے حوالے سے بنا۔ جیسا کہ وہ کہتے ہیں کہ گردن مروڑ کر مرغی کو مار ڈالنے کا کام بھی یہی انگریزوں کے چمار مشرک باورچی کرتے ہیں، اس لئے بغیر جانچ پڑتال کے ایسا کھانا ان کے نزدیک گویا چماروں کے ہاتھ کی گردن مروڑی مرغی کا کھانا ہے۔ اس سلسلے میں سرسید کا موقف یہ ہے کہ جب معلوم ہو جائے کہ ذبیحہ مشرک کا کیا ہوا ہے تو اس وقت اس کا کھانا ممنوع اور حرام ہے اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ اگر اس قسم کا شبہ ہو تو معلوم کرلیں اگر مشرک کا قتل کیا ہوا ہو تو نہ کھائیں (۵۳)۔ بہرحال، یہاں پرندوں کے گلا گھونٹ کر مار ڈالنے کے سلسلے میں محسن الملک کی فکر میں تضاد ضرور نظر آتا ہے۔ دراصل اس وقت کے ہندوستان میں یہ ایک سماجی مسئلے کے طور پر محسن الملک اور سرسید کے سامنے آیا۔ چناچہ محسن الملک اس مسئلے کو حل کرنے کے لئے کچھ استثنائی نکات نکال رہے ہیں۔

محسن الملک، سرسید سے اپنی ایک زبانی گفتگو کا حوالہ دیتے ہیں، جس میں سرسید نے انھیں بتایا کہ جب انھیں معلوم ہوتا ہے کہ کسی انگریز کا باورچی ہندو ہے تو ذبیحے کی تحقیق کر لیتے ہیں مگر جہاں باورچی مسلمان ہوتا ہے وہاں وہ اس کی ضرورت نہیں سمجھتے ہیں، وہ مشرکین کے کھانے کی مزید وضاحت کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اہلِ سنت والجماعت کے قاعدے کے مطابق چونکہ مشرکین میں کوئی ظاہری نجاست نہیں ہوتی اس لئے ان کا کھانا حرام نہیں ہے، عنایہ شرح ہدایہ سے اس کی شہادت لاتے ہیں، ''فرمایا اللہ تعالیٰ نے صرف مشرکین ناپاک ہیں، کہتا ہوں میں نجاست ان کے اعتقاد میں ہے نہ ان کی ذات میں'' (۵۴)۔ مگر بات مشرکین کے عام کھانے کی نہیں بلکہ ذبیحہ کی ہے۔ مشرکین کا کھانا محسن الملک کے نزدیک بھی حرام نہیں ہے، جیسا کہ انھوں نے طعام اہلِ کتاب کے جواز کے پہلے مسئلے میں کہا ہے۔ سرسید کے اس بیان کی، کہ وہ باورچی کی تحقیق کرلیا کرتے ہیں، امداد العلی تردید کرتے ہیں اور یہ اعتراض کرتے ہیں کہ اہلِ کتاب کے قول کو معتبر کیسے سمجھا جائے؟ محسن الملک نے اس اعتراض کا جواب دو طرح سے دیا ہے، مثلاً ان کے نزدیک اہلِ کتاب کے قول کے نامعتبر ہونے کی کوئی گنجائش نہیں، اس لئے کہ جھوٹ بولنا ان کی شریعت میں جائز نہیں ہے۔ لہذا محسن الملک کو ظاہراً اس بات کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی کہ اہلِ کتاب مسلمانوں سے ذبیحے کے ہونے یا نہ ہونے کو چھپائیں (۵۵)۔ دوسرے وہ اپنے پرانے طریقے کو اپناتے ہوئے مقلّدین کے اطمینان کے لئے اقوالِ فقہاء سے استدلال کرتے ہیں۔ مثلاً ہدایہ میں ہے ''من ارسل اجیر اله مجوسیاً اوخادمانا شتری لحما فقال اشتیریتة من یهودی

اونصرانی اومسلم وسعه اکله ''(کہ پس مجوسی مشرک کا یہ کہہ دینا کہ میں نے گوشت یہودی یا نصرانی یا مسلم سے لیا ہے واسطے کھانے اس گوشت کے کافی ہے)(۵۶)۔ فتاویٰ نوازل میں ہے کہ:

''کسی نے ابومطیع سے پوچھا کہ اگر ایک نصرانی کسی کی دعوت کرے اور کھانے کو بلائے اور یہ کہے کہ میں نے گوشت بازار سے مول لیا ہے تو ہم اسے کھائیں۔ابومطیع کہتے ہیں میں نے ابی عروہ سے پوچھا انھوں نے کھانے کی اجازت دی،۔۔۔لیکن ہمارے اصحاب نے کہا ہے کہ ہم نہ کھائیں گے جب تک نہ دیکھ لیں کہ اس نے ذبح کیا ہے''(۵۷)۔

یہاں ہم اس بات کی نشاندہی کرنا ضروری سمجھتے ہیں کہ مشرکین کے حوالے سے جب محسن الملک اور سرسید گفتگو کرتے ہیں تو اس میں وہ ان کو 'چمار مشرک' یا 'مشرک چمار باورچی' یا 'کم ذات' کہنے میں کچھ حرج محسوس نہیں کرتے۔کیا اس سے ان کے طبقاتی معاشرے کا پتہ چلتا ہے جس کا وہ خود بھی حصّہ تھے۔اس طبقاتی معاشرے کو سرسید کی اصلاحی تحریک سے منفی طور پر منسوب بھی کیا گیا ہے اور اسے اونچے طبقے کی تحریک سمجھا گیا ہے۔ یہاں جب ہم ان کی یہ گفتگو یا الفاظ سنتے اور دیکھتے ہیں تو توجہ اس طرف مبذول ہوتی ہے کہ کیا واقعی محسن الملک اور سرسید اس قسم کی سوچ رکھنے والے مصلحین ہیں جس میں وہ خود کو اشراف کے طبقے میں شامل کرتے ہیں اور ایک خاص طبقے کے مسلمانوں کے لئے ان کی اصلاحی کوششیں ہیں؟ یعنی اس طبقے کے لئے جس کا واسطہ حکمرانوں سے ہے یا ان سے پڑنے والا ہے،اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ یہ انیسویں صدی کے ہندو مسلم معاشرے میں ایک عام بات ہو۔ بہرحال،اب تک کی بحث سے یہ نتیجہ سامنے آتا ہے کہ محسن الملک کو اہلِ کتاب کے کھانے میں دو چیزیں پسند نہیں ہیں ایک گردن مروڑی مرغی اور دوسرے مشرکین کا ذبیحہ۔ حالانکہ صدیوں سے ہندوؤں کے ساتھ ایک معاشرے میں رہنے کی وجہ سے اب ان دونوں مذاہب کے لوگوں کے یہ مسائل بھی نہیں ہوں گے، بلکہ مسئلہ صرف نئے حکمرانوں کا تھا جن سے دونوں ہی قومیں ابتدا میں معاشرتی روابط کے مخالف رہیں،اور محسن الملک اور سرسید دونوں ہی کے ہندوؤں سے بہت زیادہ تعلقات بھی رہے۔

طعام اہلِ کتاب کا ایک اور بڑا مسئلہ جو شروع سے محسن الملک کی توجہ کا مرکز رہا، اہلِ کتاب کے ساتھ مواکلت (ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانا) کا ہے۔اس سلسلے میں سرسید نے اپنے رسالے احکام طعام اہلِ کتاب میں اس کا کوئی ذکر نہیں کیا، نہ ہی محسن الملک نے امداد العلی کے موقف کے بارے میں کچھ کہا ہے،مگر امداد العلی کے نفرت آمیز بیانات کا محسن الملک نے ذکر ضرور کیا ہے۔تاہم،اس سے یہ اندازہ لگانا مشکل ہے کہ ان کا اظہار انھوں نے اپنے رسالے میں کیا ہے یا کہیں اور۔لیکن خود محسن الملک نے اس امر پر نہ صرف بات کی بلکہ دو مضامین لکھے اور محاکے کے مضمون میں اس

موضوع پر ایک حصّہ صرف کیا ہے۔

یہاں اس امر سے متعلق محسن الملک کے ابتدائی زمانے کے رویّے کی بات کرنا دلچسپی سے خالی نہیں ہوگا کہ پہلی مرتبہ انھوں نے اس مواکلت پر کس ردِعمل کا اظہار کیا۔ محسن الملک کے تعلقات انگریزوں کے ساتھ بہت پہلے سے تھے، کم ازکم اپنی ملازمت کے زمانے سے، لیکن شاید اس میں ان کے ساتھ کھانا کھانے کی صحبت شامل نہ ہو۔ اگرچہ سرسید کے بھی انگریزوں کے ساتھ تعلقات بہت پہلے سے تھے مگر اس میں سرسید کا ان کے ساتھ کھانا کھانا بھی شامل تھا، جیسا کہ حالی کہتے ہیں کہ، ''وہ (سرسید) کہتے تھے کہ بجنور فتح ہونے کے بعد میں اور مسٹر پامر مجسٹریٹ ضلع بجنور نجیب آباد، سے بجنور کو آرہے تھے، رستے میں ایک جگہ ہم دونوں اترے۔ مسٹر پامر نے مجھ سے پوچھا کہ چائے پیو گے؟ میں نے کہا یہاں چائے کہاں؟ انھوں نے کہا ہمارے ساتھ بنی ہوئی بوتل میں موجود ہے۔ میں نے کہا بہت بہتر۔ غرض کہ ہم نے چائے پی اور ایک آدھ توس کھایا۔ پھر ایک روز بجنور میں رات کو مسٹر پامر کے ہاں جانے کا اتفاق ہوا، وہ کھانے پر جانے والے تھے انھوں نے کہا کہ تم بھی کھانا یہیں کھالو اور خانساماں کو اشارہ کیا کہ میرے سامنے بھی رکابی لگا دے۔ خانساماں کو اس بات سے ایسا تعجب ہوا کہ کئی دفعہ اشارہ کرنے پر بھی نہ سمجھا کہ آج مسلمان انگریز کے ساتھ کھانا کھائے گا'' (۵۸)۔ چناچہ جب ۱۸۶۳ میں محسن الملک سرسید کے گھر آئے اور انھیں سرسید کے اس معمول کا پتہ لگا کہ ایک دن وہ اپنے گھر اپنے انگریز دوست کے ساتھ رات کا کھانا کھاتے ہیں اور دوسرے دن انگریز دوست کے گھر جا کر کھانا کھاتے ہیں تو بقول حالی، اس سے انھیں کراہت ہوئی اور رات بغیر کھانا کھائے گزاری۔ اس صورتِ حال کو دیکھتے ہوئے سرسید نے ان کے لئے الگ کھانے کا انتظام کرنا چاہا تو محسن الملک نے یہ سوچ کر کہ شرعاً یہ عمل ممنوع نہیں ہے اور صرف خلافِ عادت دیکھنے سے نفرت ہوئی ہے، میز کرسی پر غیر مسلم کے ساتھ کھانا کھایا۔ اسی طرح انھوں نے غیر مسلم کے گھر جا کر کھانا کھانے کے بارے میں بھی یہی خیال کیا کہ شرعاً ممنوع نہیں ہے۔ غالباً اس طرح محسن الملک کے اہلِ کتاب کے ساتھ کھانا کھانے کا آغاز ہوا۔ اس سے یہ بات بھی ظاہر ہوتی ہے کہ محسن الملک شرع اور مستثنیات کے بارے میں جانتے ہیں اور عادت اور نفسیات کے بارے میں بھی۔ دوسرے یہ کہ انھیں صحیح یا نئی بات کو اپنانے میں زیادہ دیر نہیں لگی۔ محسن الملک کے اس عمل پر اٹاوہ میں کیا ردعمل ہوا، اس بارے میں حالی اور امین زبیری نے لکھا ہے کہ ''مہدی علی سرسید اور انگریزوں کے ساتھ میز کرسی پر کھانا کھا رہے ہیں، یہ خبر محسن الملک کے الٰہ آباد کے ایک دوست کی وساطت سے اٹاوہ میں ان کے ایک نامہربان دوست کو بھیجی گئی، تو انھوں نے محسن الملک کے گھر کے نزدیک ایک پینٹھ [پنچائیت] لگتی تھی اس میں جا کر خط کا مضمون سنایا کہ افسوس ہے مولوی مہدی علی کرسٹان ہو گئے، جو سنتا تھا کہتا تھا خدا سید احمد خان پر لعنت کرے۔ اس واقعے کے بعد محسن الملک کے گھر پر حلال

خور، سقہ، گویا سب لگے بندھوں نے آنا جانا چھوڑ دیا اور سب یہ سمجھنے لگے کہ مہدی علی کرسٹان ہو گئے'' (۵۹)۔

سرسید اہلِ کتاب کے ساتھ موا کلت کو پوری طرح جائز سمجھتے ہیں، جب کہ امداد العلی نہ صرف اس کو ناجائز سمجھتے ہیں بلکہ اس کے مرتکب کو کافر سمجھتے ہیں (۶۰)۔ چونکہ محسن الملک کا طرزِ عمل بھی سرسید سے مختلف نہیں ہے لہذا محسن الملک امداد العلی کی تنقید اور مخالفت کو، جو وہ انگریزوں کے ساتھ موا کلت کے سلسلے میں کرتے ہیں، ان کی مبالغہ آمیزی کہتے ہیں۔ کیونکہ جتنی وجوہ حرمت کی وہ بیان کرتے ہیں وہ سب ایسی ہیں جن کا نقل کرنا اور رد کرنا دونوں محسن الملک کے نزدیک فضول ہے (۶۱)۔ وہ کہتے ہیں کہ:

> ''مولوی صاحب نے بہت مبالغہ کیا ہے اور حد سے زیادہ تشدد فرمایا ہے، شاید مولوی صاحب نے جواب ترکی بہ ترکی کے مضمون پر عمل کیا ہے کہ جب سید صاحب نے انگریزوں کے کھانے کو بلا تحقیق و تفتیش جائز کر دیا اور اہلِ کتاب کی گردن مروڑی ہوئی مرغی کو بھی حلال ٹھہرا دیا تو اس کا جواب یہی ہے کہ انگریزوں کا کھانا اور ان کے ساتھ کھا لینا نہ صرف مکروہ اور خلافِ تقویٰ ٹھہرایا جاوے [جائے] بلکہ ممنوع اور حرام اور قریب بہ کفر کر دیا جاوے [جائے]'' (۶۲)۔

گویا محسن الملک کے نزدیک امداد العلی اہلِ کتاب کے ساتھ کھانے کو شرک باللہ اور انکارِ نبوت سمجھتے ہیں (۶۳)۔ اس سلسلے میں سرسید کے حوالے سے حالی کہتے ہیں کہ ''۔ جب انھوں [سرسید] نے دیکھا کہ رسم و رواج کی قیدیں ایک آدمی کے اٹھا دینے سے نہیں اٹھتیں اور مسلمانوں کا انگریزوں سے خوف و وحشت کرنا اور انگریزوں کا مسلمانوں سے بدگمان اور متنفر رہنا اس وقت تک موقوف نہ ہوگا جب تک کہ دونوں قوموں میں میل جول اور ربط و ضبط نہ ہو۔ اس لئے انھوں نے ایک مبسوط اور مفصّل تحریر ۱۸۶۸ میں بنام ''رسالہ احکام طعام اہلِ کتاب'' بنارس میں لکھ کر شائع کی۔ جس میں آیاتِ قرآنی اور احادیث نبوی اور روایاتِ فقہی سے اور خاص کر شاہ عبدالعزیز کے فتوے سے، جس پر تمام مسلمانوں کو اعتبار ہے اس پر استدلال کیا ہے کہ مسلمانوں کو انگریزوں کے ہاں، خود ان کے ساتھ، انھیں کے ہاتھ کا پکا ہوا، انھیں کے برتنوں میں اور انھیں کا ذبیحہ جس طرح کے انھوں نے کیا ہو کھانا درست ہے؛ صرف سور اور شراب اور حرام چیزوں سے پرہیز کرنا لازم ہے'' (۶۴)۔ محسن الملک اپنے ایک مضمون میں روایت پرستوں کے انگریز مخالفانہ رویے کے بارے میں کہتے ہیں کہ:

> ''بڑا بھاری کفر جو آپ سے اٹھائے نہیں اٹھتا وہ کیا ہے؟ انگریزوں کے ساتھ کھانا۔ سو اول تو آپ اصحابِ رسولؐ کو کافر بتایئے جنھوں نے بیت المقدس کے گرجے میں عیسائیوں کی دعوت کھائی

ہے۔۔۔پھران تمام مسلمان ترکوں پرلعنت کیجئے جوروز مرغیاں چٹ فرماتے ہیں، اوران خلیفۃ اللہ ظل اللہ کوجن کا خطبہ مکے کے اونچے منبر پرصبح شام پڑھا جاتا ہے کرسٹان بتایئے، جب اس سے کچھ کفر بچے تو خیر بنارس اور مرزاپور بھی بھیج دیجئے۔مگر مجھے تو امید نہیں ہے کہ کچھ بچے، کیونکہ کیا وہ لوگ محروم رہ جاویں[جائیں] گے جو بت پرستوں کے پگڑی بدل بھائی بن کران کی جھوٹی پوریاں چٹ اور چمار حلوائیوں کے مگد کے لڈوغٹ فرمایا کرتے ہیں، ان کے لئے بھی تو کچھ آخر حصّہ چاہیئے''(۶۵)۔

جیسا کہ ہم نے کہا تھا کہ محسن الملک نے اہلِ کتاب کے ساتھ کھانا کھانے کے سلسلے میں جو پہلا مضمون لکھا، وہ اسی تحقیق پر مبنی ہے کہ صحابہ کے ہاں اس سلسلے میں کیا رواج ہے۔وہ لکھتے ہیں،''میں مدت سے اس کی تحقیق میں ہوں چنانچہ اتنا تو مجھے ثابت ہوگیا تھا کہ حضرت عمرؓ جب کسی اہلِ کتاب سے مصالحہ[مصالحت] کرتے اوران سے عہد لیتے تو عہد نامے میں منجملہ اور شرائط کے ایک یہ بھی شرط کرتے تھے کہ جب کسی مسلمان کا ان کے یہاں گزر ہووے[ہو] تو تین دن تک مہمانی کریں گے۔مگر یہ بات صاف معلوم نہ ہوتی تھی کہ اس وقت مہمانی کا کیا قاعدہ تھا، آیا اہلِ کتاب خشک دانے دیا کرتے تھے[غالباً گیہوں] یا قیمت کھانے کی نذر کیا کرتے تھے یا اپنے گھر کا پکا ہوا کھانا کھلاتے تھے یا خود بھی ان مسلمان مہمان کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے''(۶۶)۔

محسن الملک کی تحقیق مستقل مزاجی نے بالآخر انھیں ان کے مقصد تک پہنچادیا اور ابن قیم کی کتاب اغـــــاثۃ اللـهـفـان مـن مصائد الشيطان (۶۷) کے مطالعے کے دوران انھیں صحابہ کے اہلِ کتاب کے ساتھ کھانے کے بارے میں یہ معلوم ہوا کہ:

اصحابِ نبویؐ نہ صرف اہلِ کتاب کے ساتھ کھانے کو جائز جانتے تھے بلکہ ان کی ضیافت کو قبول کرتے، ان کے یہاں کے پکے ہوئے کھانے ان کے گھر اوران کے عبادت خانوں میں جا کر کھاتے۔۔۔(۶۸)۔

اس سلسلے میں شبلی کا موقف یہ ہے کہ آج کل عیسائیوں وغیرہ کا کھانا مکروہ اور ممنوع بتایا جاتا ہے لیکن حضرت عمرؓ نے قاعدہ بنادیا ہے کہ جب کسی مسلمان کا گزر ہو تو عیسائی اس کو تین دن مہمان رکھیں۔۔۔؛ اسی طرح شبلی حضرت عمرؓ کے بارے میں کہتے ہیں کہ وہ کہتے ہیں عیسائی جو پنیر بناتے ہیں اس کو کھاؤ(۶۹)۔حالی کہتے ہیں کہ اہلِ کتاب کا کھانا مسلمانوں کے لئے اور مسلمانوں کا کھانا اہلِ کتاب کے لئے حلال کیا گیا(۷۰)۔ سرسید کے حوالے سے حالی کا یہ بیان

بھی اہم معلوم ہوتا ہے کہ ''جب [سرسید کا] یہ رسالہ [طعام اہلِ کتاب] چھپا تو اول اول بہت شور وغل ہوا، سرسید کو کرسٹان کہا گیا، ان کے ساتھ کھانا کھانے سے احتراز کیا گیا، ان کے رسالے کے جواب لکھے گئے۔ بعضوں نے اس باب میں کوشش کی کہ سرسید کے ساتھ سب مسلمان کھانا پینا چھوڑ دیں مگر بقول سرسید کے وہ سب باتیں ایسی تھیں جیسے آندھی کا ایک بگولا اٹھا اور خاک اڑا کر چلا گیا، پھر مطلع صاف ہوگیا۔ اب وہی لوگ جو سخت معترض تھے خود انگریزوں کے ہاں جا کر اور ان کو اپنے ہاں بلا کر ساتھ کھانے کو اپنا فخر سمجھتے ہیں۔ البتہ جن لوگوں کی انگریزوں تک رسائی نہیں وہ اپنے تقویٰ اور طہارت پر بدستور قائم ہیں'' (۷۱)۔ گویا محسن الملک کے تمام ساتھی اہلِ کتاب، یعنی انگریزوں، کے ساتھ کھانا کھانے کو برا یا حرام یا غیر شرعی سمجھنے کے بجائے اسے مسلمانوں کا ایک سماجی مسئلہ سمجھتے ہیں۔

اس کے علاوہ محسن الملک خود آنحضرتؐ کے اہلِ کتاب کے ساتھ کھانے کے بارے میں کہتے ہیں کہ ''ایک یہودی نے آپؐ کی ضیافت جو کی روٹی اور بگڑے سالن سے کی تھی'' (۷۲)، اس طرح وہ ثابت کرتے ہیں کہ خدا نے اہلِ کتاب کا کھانا حلال فرمایا ہے اور مسلمان ان کا کھانا کھایا کرتے تھے (۷۳)۔ ایک اور جگہ وہ کہتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے نجاشی کے ایلچیوں کی، جن کا مذہب رومن کیتھولک تھا، خدمت کی اور صحابہؓ سے فرمایا: ''کہ انھوں نے میرے یاروں کی خدمت کی تھی۔ میں اس کی تلافی چاہتا ہوں خاص مسجدِ نبوی میں رومن کیتھلک عیسائیوں کو نماز [عبادت] پڑھنے کی اجازت دی'' (۷۴)، اسی طرح انھوں نے سلطانِ روم کی مثال دی ہے جو نپولین کے ساتھ میز پر بیٹھ کر کھانا کھاتے تھے (۷۵)۔

گویا محسن الملک امداد العلی اور ان کے روایت پرست حلقے کے لئے تاریخ سے آنحضرتؐ، حضرت عمرؓ، صلاح الدین ایوبی، سلطان روم کی مثالیں لائے، جو اسلام کی خوبیاں بیان کرنے کے سلسلے میں ہیں، وہ سلطان صلاح الدین کے حوالے سے فتح بیت المقدس کے دو واقعات بتاتے ہوئے کہتے ہیں کہ:

> ''سلطان صلاح الدین کے پاس امیرِ صیدا [یہ بیروت کے قریب واقع ہے] آیا تو سلطان نے اس کا احترام اور اکرام کیا اور اس کے ساتھ کھانا کھایا اور۔۔۔ خوبیاں اسلام کی اس کے سامنے بیان کیں اور مسلمان ہونے پر اسے برانگیختہ کیا، [اسی طرح سے وہ ایک اور مثال شقیف، ارنون جو بانیاس کے قریب ایک قلعہ ہے، کی دیتے ہیں]، خلاصہ یہ کہ والی شفیق [شقیف] جو بڑے امیروں اور دانشمندوں سے فرنگیوں کے تھا سلطان کے پاس آیا تو سلطان نے اس کی تعظیم وتکریم کی اور اس کو اپنے ساتھ کھانا کھلایا'' (۷۶)۔

اس طرح انھوں نے یہاں بھی اپنے فکری رجحان کے مطابق ابتدائی مسلمانوں کے معاشرے اور دورِ متوسط اور اپنے قریب کے معاشرے میں آزادی رسم ورواج دکھانے کی کوشش کی ہے، جو نہ صرف مذہبی اور سیاسی معاملات میں انھیں حاصل تھی بلکہ سماجی معاملات میں بھی وہ اتنی ہی آزادی اور کھلے ذہن کے ساتھ حرکت کرتے تھے جو بعد میں جمود وغفلت کا شکار ہو گئے۔

محسن الملک نے اس سلسلے میں صرف سنّی فقہ میں اہلِ کتاب کے ساتھ مواکلت کے ثبوت پیش نہیں کئے بلکہ وہ شیعہ فقہ کو بھی اس تحقیق کے دائرے میں لے آتے ہیں۔ یہ ان کے لئے اس لئے بھی ضروری ہے کہ شیعہ بھی اہلِ کتاب کے ساتھ کھانے کو نجس سمجھتے ہیں۔ محسن الملک ابی جعفر الطّوسی [م:۴۶۰ھ] کی تصنیف تہذیب الاحکام سے امام جعفر صادقؒ [م:۱۴۸ھ] کی ایک روایت سے استفادہ کرتے ہیں، جس میں ایک نومسلم نے ان سے پوچھا ہے کہ وہ تو مسلمان ہو گیا ہے مگر اس کے گھر والے نصرانی ہیں اور وہ انھیں کے ساتھ رہتا ہے، ان کے ساتھ کھا سکتا ہے یا نہیں؟ جعفر صادقؒ نے صرف اتنا پوچھا کہ وہ سور کھاتے ہیں؟ اس نے کہا نہیں، مگر شراب پیتے ہیں، امام جعفر صادقؒ نے ان کے ساتھ کھانے پینے کی اجازت دی (۷۷)۔ اس طرح محسن الملک نے سنی اور شیعہ دونوں حوالوں سے بحث کر کے اس کے جائز ہونے کے ثبوت فراہم کئے۔ یہ ان کے اس شوق اور لگن کی علامت بھی ہے جو انھیں تحقیق سے ہے۔ مگر محسن الملک نے اپنے اس ''محاکمۂ طعام اہلِ کتاب'' میں اپنی ذاتی رائے کے حوالے سے جو کچھ کہا وہ قابل توجہ بھی ہے اور قابل غور بھی۔ اس لئے کہ وہ سرسید اور مولوی امداد العلی دونوں کی رائے سے ہٹ کر ہے، اور اس بات کی آئینہ دار ہے کہ محسن الملک شرعاً اور مزاجاً دونوں طرح اعتدال پسند اور میانہ رو تھے۔ امداد العلی تو امداد العلی، وہ سرسید کے مقابلے میں بھی شدت پسند نہیں تھے۔

محسن الملک، اہلِ کتاب کے ساتھ مواکلت کے بارے میں کہتے ہیں کہ: ''اگر یہ مواکلت ان کے گھر پر ہو تو اس میں کسی قسم کی کوئی جھجک یا عار وہ محسوس نہیں کرتے، اور نہ ہی کوئی شرط رکھتے ہیں۔ مگر جب وہ اہلِ کتاب کے گھر پر مواکلت کریں گے تو چند شرائط کے ساتھ، مثلاً ان کے گوشت کا ذبح ہونا ثابت ہو۔ میز پر شراب اور سور نہ ہو (۷۸)۔

خلاصہ کلام

مسئلہ طعام و ذبیحہ اہل کتاب میں محسن الملک کا یہ طرزِ عمل اور طرزِ فکر ایک محتاط رویے کی طرف اشارہ کرتی ہے- کیونکہ محسن الملک کوئی عام آدمی تو ہیں نہیں، نہ ہی کوئی نام نہاد مولوی ہیں، بلکہ طعام اہلِ کتاب کے مسئلے کو جن نقلی ماخذ سے ثابت کر کے ان کو عقلی تعبیر دینے کی کوشش کرتے ہیں وہ ان کا حصّہ ہے۔ انھوں نے اپنے استدلالات اور استشہادات کو بڑے مضبوط اور واضح دلائل کی بنیاد پر کھڑا کیا ہے۔ البتہ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ میز پر شراب اور سور کی

موجودگی میں ان کے لئے مواکلت کراہت سے خالی نہیں، تو اس کا جواب ہمارے پاس یہ ہوگا کہ اگر میز پر شراب اور سور کے ساتھ اور کھانا بھی ہے تو وہ مواکلت بالکل ہوسکتی ہے، اس طرح کہ شراب اور سور کو چھوڑ کر دوسرا کھانا لیا جاسکتا ہے، بالکل اسی طرح جس طرح شیعہ فلس اور بے فلس مچھلی میں فرق کرتے ہیں، کیونکہ بے فلس کی مچھلی کھانا ان کے مذہب میں منع ہے، اور اس کے بجائے وہ دسترخوان پر موجود دوسری چیزیں لے لیتے ہیں۔

یہاں یہ بات بھی قابلِ غور ہے کہ محسن الملک نے جب انگلستان کا سفر کیا تو سرسید اور شبلی کی طرح ان کا بھی یہ بحری سفر تھا، کیا اس سفر کے دوران انہیں بھی ان کے دوستوں کی طرح گردن مروڑی مرغی کھانے میں پیش ہوئی ہوگی؟ اور انگلینڈ میں ۵، ۶ مہینے قیام کے دوران کھانا کھانے کے سلسلے میں ان کا قاعدہ کیا رہا؟ وہاں انھوں نے انگریز دوست احباب کی بہت سی دعوتوں میں شرکت بھی کی اور کئی انگریزوں کے مہمان بنے، تو کیا محسن الملک نے وہاں کھانا نہیں کھایا ہوگا؟ ہم سمجھتے ہیں کہ ایسا نہیں ہوگا کہ انھوں نے کھانا نہیں کھایا ہوگا، بلکہ انھوں نے میز پر سے اپنی مرضی کا کھانا لیا ہوگا شراب اور سور کو چھوڑ کر۔

ہم سمجھتے ہیں کہ سرسید اور محسن الملک کے عہد میں اٹھنے والے یہ سماجی فقہی مسائل جدیدیت پسندوں اور روایت پسندوں کے درمیان بحث ومباحث کا موضوع بنے رہے اور اگرچہ ان مصلحین اور مفکرین نے ان مسائل سے نبرد آزماء ہو کر ان کا حل قرآن، حدیث اور اقوالِ قدماء کی تحریروں سے نکالنے کی ہر ممکن سعی وکوشش کی تاکہ مسلمانوں کو ان چھوٹے مسائل سے نکال کر مزید آگے کی طرف تحقیق وترقی کے راستے پر لگایا جائے اور وہ دیگر بڑے مسائل اور علوم وفنون کی طرف متوجہ ہوکر جدید دنیا میں اپنا اور اپنے مذہب کا سر بلند کریں مگر لگتا ایسا ہے کہ آج کے اس مابعد جدیدیت کے دور میں بھی مسلمان انھیں مسائل کا شکار ہیں جن سے ان مصلحین نے انھیں نکالنے کی کوشش کی تھی۔ یقیناً اس سے مسلمان اقوام اپنے بزرگوں کی کوششوں کو سوائے برباد کرنے کے اور کچھ نہیں کر رہی ہے اور علوم وفنون کی ترقی کی طرف بڑھنے کے بجائے اپنا وقت فضول سی بحثوں میں ضائع کر رہی ہے۔ اس مضمون کے لکھنے کا خاص مقصد اپنے مصلحین ومفکرین کی ان خدمات کو سامنے لانا ہے جن کو ہم نے اپنے مطالعات سے کہیں دور کر دیا ہے۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ الطاف حسین حالی، حیاتِ جاوید، لاہور، ۱۹۸۶ء، ص:۱۴۴۔

۲۔ امداد الاحتساب علی المداہنین فی احکام طعام اہلِ کتاب، سید امداد العلی کا رسالہ ہے، جن کا تعلق اکبر آباد سے تھا وہ کان پور میں ڈپٹی کلکٹر تھے، ابتداء میں سرسید سے بہت اچھے تعلقات تھے، مگر بعد میں سرسید کے مذہبی خیالات سے اختلاف کر کے ان کے مخالف ہو گئے اور ان کے خلاف اخبار نکالے اور کفر کے فتوے حاصل کئے اور ان کے بعض رسائل کا رد لکھا، جس میں سرسید کا رسالہ ''طعام اہلِ کتاب'' بھی شامل ہے [جس کے جواب میں رسالہ امداد الاحتساب علی المداہنین فی احکام طعام اہلِ کتاب، لکھا] ۔ مکاتیبِ سرسید، مرتبہ: مشتاق حسین، لاہور، ب ت، ص ۷؛ سرسید احمد خان، ''سرسید احمد خان کے رفقاء خود ان کی نظر میں''، مطالعۂ سرسید، مرتبہ، محمد اکرام چغتائی، لاہور، ۲۰۰۶، ص:۴۱۲۔

۴۔ محسن الملک، ''طعام اہلِ کتاب: محاکمہ مولوی سید احمد خان کی کتاب طعام اہلِ کتاب اور اس کے جواب امداد الاحتساب پر''، تہذیب، ۱۹۶/۱۔

۵۔ ایضاً، ص: ۱۹۶۔

۶۔ ایضاً، ص:۱۹۵۔

۷۔ ایضاً، ص: ۱۹۵؛ سرسید نے اپنے رسالے احکام طعام کے لئے جن فقہاء کی تصانیف سے استفادہ کیا ہے ان میں فتاوٰی عالمگیری اور فتاوٰی عزیزیہ شامل ہیں۔ اس کے علاوہ بھی کئی ماخذ استعمال کئے۔ جبکہ اطہر عباس رضوی کا کہنا ہے کہ رسالہ طعام اہل کتاب میں انھوں [سرسید] نے اس سماجی میل جول کی اجازت کے لئے غالباً شاہ عبدالعزیز کے فتوؤں سے بکثرت استناد کیا۔ (تہذیب الاخلاق، ۳۸۲/۲)۔

۸۔ محسن الملک، ''طعام اہلِ کتاب''، (محاکمہ)، تہذیب، ص: ۱۹۵۔

۹۔ ایضاً، ص: ۱۹۵۔

۱۰۔ ایضاً۔

۱۱۔ ایضاً۔

۱۲۔ سرسید، ''نسبت طیور منخنقہ اہلِ کتاب''، تہذیب الاخلاق، ۲۱۱/۲؛ سرسید نے یہ خط محسن الملک کے محاکمہ لکھنے کے بعد لکھا ہے۔ سرسید لکھتے ہیں، 'میں نے اپنی تحریرات کو اور آپ کے محاکمہ منصفانہ کو جو رسالہ طعام اہلِ کتاب اور امداد الاحتساب پر آپ نے ارقام فرمایا، اور ایک نامی رسالہ مزیل الاوہام کو، جو میرے قدیم شفیق مولوی محمد علی صاحب نے تحریر فرمایا، بغور دیکھا۔

۱۳۔ محسن الملک، ''طعام اہلِ کتاب''، (محاکمہ)، تہذیب، ص ۱۹۶؛ ترمذی، ابوعیسیٰ، سنن الترمذی، بیروت، ب ت، باب:۱۶، ۶۰/۷؛ خان، سرسید احمد، رسالہ احکام طعام اہلِ کتاب، علی گڑھ، ۱۸۹۹ء، ص:۳؛ سرسید نے اس حدیث کی مزید وضاحت شارح ترمذی، ابن العزی المکنی [م:۵۴۳ھ] سے کرائی ہے۔ کہ اہلِ علم کے نزدیک اس حدیث سے اہلِ کتاب کے کھانے کا جواز اور رخصت ہے۔

۱۴۔ محسن الملک، ''طعام اہلِ کتاب''، (محاکمہ)، تہذیب، ص:۱۹۶۔

۱۵۔ ایضاً، ص: ۱۹۶۔

۱۶۔ ایضاً،ص۱۹۶؛سورۃ المائدۃ،۵:۵۔

۱۷۔ ایضاً، ص:۱۹۶،۱۹۷۔

۱۸۔ ایضاً،ص: ۱۹۷۔

۱۹۔ ایضاً۔

۲۰۔ ایضاً۔

۲۱۔ سرسید،احکام طعام،ص: ۳۹۔

۲۲۔ محسن الملک،''طعام اہلِ کتاب''،(محاکمہ)،تہذیب ،ص۱۹۷؛ ابوداؤد، سنن، ریاض،ب ت،باب(۲۴)،جلد۲،ص۷۲۰۔

۲۳۔ ابوداؤد، سنن، ۷۲۰/۲؛ طعام اہلِ کتاب،(محاکمہ)،تہذیب،ص: ۱۹۷؛

۲۴۔ ایضاً۔

۲۵۔ ایضاً۔

۲۶۔ اس ماخذ کا حوالہ امداد العلی نے بھی دیا ہے،مگر محسن الملک نے ان کے قول کو نقل نہیں کیا۔

۲۷۔ امین زبیری،حیاتِ محسن،کراچی،۱۹۹۴،ص۲۳۶۔

۲۸۔ ہندی،صدیقی،طاہر، **مجمع البحار الأنوار**،سعودی عرب،ب ت،۸۳/۲۔۸۴؛ محسن الملک،''طعام اہلِ کتاب''(محاکمہ)، تہذیب ،ص: ۱۹۸۔

۲۹۔ طیبی،محمد بن عبداللہ، **شرح الطیبی علیٰ مشکوۃ المصابیح**،کراچی،ب ت،۱۰۲/۸؛محسن الملک،''طعام اہلِ کتاب'' (محاکمہ) ،تہذیب ،ص: ۱۹۸۔

۳۰۔ ایضاً؛محسن الملک کی طرح سرسید کا بھی اس بارے میں صاف موقف یہ ہے کہ اس آیت سے مراد وہی یہود و نصاریٰ ہیں جو اپنے آپ کو توحید پرست سمجھتے ہیں۔

۳۱۔ ایضاً،ص:۱۹۹۔

۳۲۔ ایضاً۔

۳۳۔ ایضاً؛ ابی بکر المرغینانی، **ھدایۃ**، بیروت،ب ت، ۳۴۶/۴،۳؛ محسن الملک،''سوال و جواب: تیسرا امر کہ آیاتِ احکام کے عموم حکم سے بعض صورتوں کو مخصوص اور مستثنیٰ سمجھنا باستدلال کتاب وسنت کے انکار جزو قرآن نہیں''، تہذیب الاخلاق، ۲۴۱/۱۔

۳۴۔ محسن الملک،''طعام اہلِ کتاب''،(محاکمہ)،تہذیب،ص: ۱۹۹۔

۳۵۔ ایضاً،ص۱۹۹۔

۳۶۔ ایضاً۔

۳۷۔ ایضاً؛ المرغینانی، ہدایہ، جلد۳،۴، ص۳۴۶، ؛ قرآن مجید میں ملّۃ کی نشاندہی دین کے ساتھ ہوئی ہے، جو مذہب سے ترجمہ ہوا ہے اور جس کا مطلب تواتر کے ساتھ ملتِ ابراہیم ہے،یعنی سچا وحدانیت کا مذہب۔اور کم تواتر کے ساتھ یہ لفظ کافر یا بے دین کے لئے استعمال ہوا ہے، جو کبھی کبھی صرف یہودی اور عیسائی مذہب کو ظاہر کرتا ہے۔جدید دور میں ملت کا لفظ کئی طرح سے استعمال ہوا،مثلاً مذہب، مذہبی امّت ،قوم۔اس اصطلاح کے یہ تینوں بنیادی معانی عثمانی سلطنت میں تنظیمات اور اس کے بعد کے دور تک متفقہ رائے سے استعمال ہوتے رہے۔گویا جدید دور میں یہ اصطلاح عثمانی سلطنت کی غیر مسلم رعایا کے لئے استعمال ہوئی (یونانی العقیدہ،آرمینی اور کیتھولک عیسائیوں کے لئے،اسی طرح یہود کے لئے،ذمی کے درجے کے ساتھ) اور انیسویں صدی تک اہل الذمہ کے لئے

استعمال ہوتی رہی۔ M.O.H.Ursinus, Millet, *EI2*, Leiden, 1991, vol.VII, p. 61,62

۳۸۔ محسن الملک، ''طعام اہل کتاب''، (محاکمہ)، تہذیب، ص: ۲۰۰؛ مرغینانی، الھدایۃ، ۳، ۴/۳۴۷؛ فضل الرحمٰن ذبیحے کے سلسلے میں جو بحث کرتے ہیں وہ بیسویں صدی کے نصف کے لگ بھگ، یا ٹھیک ۳ جون ۱۹۵۰ء کے ذبیحے کے مسائل سے متعلق ہے جہاں مسئلہ مشینی ذبیحے کا ہے کہ وہ جائز ہے یا نہیں۔ کئی فقہاء نے اس کو جائز سمجھا اور کئی نے نہیں۔ بہرحال فضل الرحمٰن نے قرآن اور فقہاء کے حوالے سے جو رائے دی وہ یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ مشینی ذبیحے کا سوال مزید پیچیدہ ہو گیا ہے، اس سوال سے کہ آیا ذبیحے پر بسم اللہ نہ پڑھنا غیر شرعی ہے؟ حنفی اسکول کا عقیدہ ہے کہ یہ غیر شرعی ہے کیونکہ قرآن کہتا ہے 'اسے مت کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہ پڑھا گیا ہو'۔ دوسری طرف، شافعی کہتے ہیں کہ یہ قرآنی حکم خاص حالات کے حوالے سے ہے، جہاں قصائی نومسلم ہوں مگر مشرکانہ عقیدے کے تحت سابقہ خداؤں کے نام پڑھتے ہوں۔ چنانچہ شافعی کہتے ہیں کہ اس ایک صورتحال میں، جہاں اس بات کی کوئی معقول یا مناسب وجہ نہ ہو کہ جانور کو خدا کے نام کے علاوہ کسی کے نام پر معنون یا نذر کیا گیا ہو، وہاں بسم اللہ پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ Fazlu Rahman, "Some Islamic Issues in the Ayyub Khan Era", Essays on Islamic Civilisation, (ed.) Donald P. Little, Leiden, 1976, pp.296,97

۳۹۔ محسن الملک، ''طعام اہلِ کتاب''، (محاکمہ)، تہذیب، ص: ۲۰۰؛ المرغینانی، ھدایہ، ۳، ۴/۳۴۷۔

۴۰۔ ایضاً، ص: ۲۰۰، ۲۰۱؛ محسن الملک، ''سوال و جواب''، تہذیب، ص: ۲۴۱۔

۴۱۔ ایضاً، ص: ۱۹۹؛ عینی، بدرالدین احمد، عمدۃ القاری شرح البخاری، مصر، ب ت، ۲۰/۱۱۸۔

۴۲۔ بخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، کتاب الذبائح و الصید، مترجم: عبدالرزاق، ۵/۲۴۔

۴۳۔ محسن الملک، ''طعام اہلِ کتاب''، (محاکمہ)، تہذیب، ص: ۲۰۰؛ سرسید، احکام طعام اہلِ کتاب، ص: ۱۳، ۱۴؛ سورۃ الانعام، ۶: ۱۱۸، ۱۱۹، ۱۲۱، سورۃ المائدہ ۵: ۵، سواس (جانور) میں سے کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا جائے۔ ﴿ولا تاکلو مما لم یذکر اسم اللہ علیہ﴾ (اور اس (جانور) میں سے مت کھاؤ جس پر اللہ کا نام نہ لیا گیا ہو)۔

۴۴۔ ایضاً۔

۴۵۔ ایضاً، ص ۲۰۰؛ سورۃ الانعام، ۶: ۱۲۱۔

۴۶۔ حالی، حیاتِ جاوید، ص: ۱۷۷۔

۴۷۔ محسن الملک، ''طعام اہلِ کتاب''، (محاکمہ)، تہذیب، ص: ۲۰۱؛ اس سلسلے میں سرسید کا کہنا یہ ہے کہ 'اگر اہلِ کتاب کسی جانور کی گردن توڑ کر مار ڈالنا یا سر پھاڑ کر مار ڈالنا ذکوۃ سمجھتے ہیں تو ہم مسلمانوں کو اسی کا کھانا درست ہے'۔ سرسید، احکام طعام اہلِ کتاب، ص ۱۳۔

۴۸۔ ایضاً۔

۴۹۔ ایضاً۔

۵۰۔ ایضاً، ص: ۲۰۱۔

۵۱۔ سرسید، ''نسبت طیور مخنقہ اہلِ کتاب''، تہذیب الاخلاق، ۲/۲۱۴۔

۵۲۔ محسن الملک، ''سوال و جواب''، تہذیب، ص ۲۴۱؛ مولانا قاسم نانوتوی ذبیحے کے بارے میں کہتے ہیں کہ '۔۔۔ باقی رہا یہ کہ اہلِ اسلام ذبح کر کے کیوں کھاتے ہیں، اگر وضع جبلی کا لحاظ ہے تو مثل اور جانوروں کے فرق مذبوح اور جھٹکے اور مردہ کا عبث ہے۔ اس کا جواب عقلی یہ ہے کہ ذبح کیا ہوا جانور لذیذ زیادہ ہوتا ہے اور یہ امر ان لوگوں پر مخفی نہیں جو دونوں قسم کے جانور کھاتے ہیں۔ بہت سے غیر مذہب کے لوگوں کو دیکھا ہے کہ اپنے کھانے کے لئے جانور کو ذبح کرا لیتے ہیں، اگر اس میں کچھ لذت زیادہ نہیں ہوتی تو وہ یہ حرکت

کیوں کرتے۔علاوہ ازیں منصف مزاج بیان بھی کر دیتے ہیں کہ اس صورتِ خاص سے ذبح ہونے سے لذت زیادہ ہوتی ہے اور جو متعصب یا بے عقل ہیں وہ اپنی وہی گائیں گے اور مرغی کی ایک ٹانگ بتائیں گے۔سو ہمیں اس باب میں کچھ سینہ زوری کرنی نہیں، جو سمجھے وہ سمجھے، جو اس پر بھی نہ سمجھے اسے خدا سمجھے۔ تحفئه لحمیه، دیوبند، ب ت، ص: ۸؛ مولانا نانوتوی کی گوشت کھانے کے حوالے سے یہ بڑی دلچسپ گفتگو ہے۔اس میں وہ مذبوح، جھٹکے اور مردے کے گوشت کے مقابلے میں اہلِ اسلام کے ذبیحے کے گوشت میں لذت زیادہ بتاتے ہیں۔اس طرح حرام وحلال کے بجائے وہ لذّت اور غیر لذّت کی بات کرتے ہیں۔

۵۳۔ محسن الملک، ''طعام اہلِ کتاب''، (محاکمہ)، تہذیب، ص: ۱۹۸، ۱۹۹، ۲۰۱؛ سرسید، احکام طعام، ص: ۲۰۔

۵۴۔ ایضاً، ص: ۲۰۱؛ سرسید، احکام طعام، ص: ۲۱۔

۵۵۔ ایضاً، ص: ۲۰۲۔

۵۶۔ ایضاً، ص: ۲۰۲؛ المرغینانی، هدایة، ۳، ۴/۳۶۴۔

۵۷۔ ایضاً، ص: ۲۰۲؛ فتاوی نوازل، ابی اللیث السمر قندی [م: ۳۷۳ھ] کی تصنیف ہے۔

۵۸ حالی، حیاتِ جاوید، ص: ۱۴۳۔

۵۹۔ حالی، حیاتِ جاوید، ص: ۵۳۶۔۵۳۷؛ امین زبیری، حیاتِ محسن، ص: ۲۰۹۔

۶۰۔ محسن الملک، ''طعام اہلِ کتاب''، تہذیب، ص: ۲۰۲۔

۶۱۔ ایضاً، ص ۲۰۳۔

۶۲۔ ایضاً، ص ۲۰۱۔

۶۳۔ ایضاً، ص ۲۰۳۔

۶۴۔ حالی، حیاتِ جاوید، ص: ۱۴۴۔

۶۵۔ محسن الملک، ''بخدمت حضرت کاشف الغطا''، تہذیب الاخلاق، ص: ۲۷۴۔

۶۶۔ محسن الملک، ''طعام اہلِ کتاب''، تہذیب، ص: ۲۱۶؛ محسن الملک کا یہ بیان ان کے مضمون اسلام میں بھی موجود ہے، ص ۱۵؛ جو انھوں نے شاہ ولی اللہ کی کتاب ازالة الخفاعن خلافة الخلفاء سے لیا ہے۔جلد ۳، ص ۲۴۸۔

۶۷۔ ابن قیم الجوزیہ [م: ۷۵۱ھ] کی اس کتاب کے عنوان کا ترجمہ شاید یوں کیا جائے؛ شیطان کے شکار سے کیسے بچا جائے۔

۶۸۔ محسن الملک، ''طعام اہلِ کتاب''، تہذیب، ص: ۲۱۷۔

۶۹۔ شبلی نعمانی، الفاروق، لاہور، ۱۹۴۹، ص: ۶۳۷۔

۷۰۔ حالی، ''الدین یسر''، مقالاتِ حالی، دہلی، ۱۹۳۴، ۱/۵۰۔

۷۱ حالی، حیاتِ جاوید، ص: ۱۴۴۔۱۴۵؛ سرسید کے طعام اہلِ کتاب پر دو رسالے لکھنے کا حوالہ سید اطہر عباس رضوی کی کتاب۔ *History of Isna Ashri Sh'i in India*, میں بھی موجود ہے، آسٹریلیا، ۱۹۸۶، ۲/۳۸۲۔

۷۲۔ محسن الملک، ''طعام اہلِ کتاب''، تہذیب، ص: ۲۱۷؛ ابنِ قیم، اغاثة اللهفان من مصائد الشیطان، ۱/۱۵۷۔

۷۳۔ ایضاً، ص ۲۱۷۔

۷۴۔ محسن الملک، ''بخدمت حضرت کاشف الغطا''، تہذیب، ص: ۲۷۳؛ Asma Afsaruddin, *The First Muslims History and Memory*, Oxford, 2009, p.13.

۷۵۔ ایضاً، ص ۲۷۳۔

۷۶۔ محسن الملک، ''طعام اہلِ کتاب''، (محاکمہ)، تہذیب، ص: ۲۰۴، ۲۰۵؛ ''طعام اہلِ کتاب''، ص: ۲۱۷؛ ''بخدمت حضرت کاشف

الغطا وکشافِ حقیقت‘ ص۲۷۳، ۲۷۴؛ سلطان صلاح الدین کا حوالہ ’’مسلمانوں کی تہذیب‘‘، لیکچرز، ص: ۱۶؛ محسن الملک نے اپنے مضمون میں سلطان صلاح الدین کے حوالے، سیرتِ سلطان صلاح الدین مصنف ابنِ عباس کی کتاب کے دیئے ہیں۔ ہمیں وہ کتاب نہیں ملی مگر ایک اور کتاب حیاتِ صلاح الدین مع مختصر تواریخ جنگ ہائے صلیبی، از مولوی سراج الدین احمد، ایڈیٹر: چودھویں صدی، کی ملی ہے جس میں ان قلعوں کے نام اور بلا واسطہ صلاح الدین کی عیسائیوں کے ساتھ نرمی کی باتیں ہیں لیکن کسی کے ساتھ کھانے کی بات نہیں ہے، ص: ۱۵۰، ۱۵۶، انبالہ، ۱۹۰۵، البتہ ص: ۱۳۳، ۱۳۴ پر بادشاہ گوئی کو اپنے ساتھ بٹھانے اور پانی وغیرہ پیش کرنے کی بات لکھی ہے۔ غالباً اس کی وجہ یہی ہے کہ یہ اصل کتاب نہیں ہے جبکہ محسن الملک نے جس اصل کتاب سے یہ واقعات لکھے ہیں اس میں ان کا کہنا ہے کہ اس کا مصنف ابن عباس خود سلطان کے ساتھ تھا اور یہ واقعات اس کے آنکھوں دیکھے ہیں۔

۷۷۔ محسن الملک، ’’اہلِ کتاب کے ساتھ کھانا‘‘، تہذیب الاخلاق، ۱/۲۷۵؛ ابی جعفر الطّوسی، تہذیب الاحکام فی شرح المقنعة الشیخ المفید، تہران، ۱۳۹۰ھ، ۹/ ۸۷۔

۷۸۔ محسن الملک، ’’طعام اہلِ کتاب‘‘، (محاکمہ)، تہذیب، ص: ۲۰۵۔

مذاہبِ اربعہ کے تناظر میں بیع الاستجرار کا تحقیقی مطالعہ

A Research Based Study of "Sale of *Istijrar*" in the Context of Four Schools of Jurisprudence

بخت شید ☆

سعید الحق جدون ☆☆

ABSTRACT

Islamic Law has been providing solution of human problems for centuries; no law in this world has such versatility as does it. There are many living examples in every sphere of life especially in the daily affairs. In the modern fast growing world, the business affairs, international trading, banking, insurance and online business have become very widely common but Islamic Jurisprudence has completely fulfilled the solution to the aforementioned areas, one of these areas is "Sale of Istijrar".

"Sale of *Istijrar*" is referred to a contract between a seller and purchaser in which the seller sells commodities on a continuing basis, on an agreed mode of payment until they lay off the contract.

The article is an effort to analyze the issues pertaining to "Sale of Istijrar" in the context of four Schools of Islamic Jurisprudence.

☆ ایم فل سکالر، شعبہ اسلامیات، وفاقی اردو یونیورسٹی کراچی، پاکستان۔

☆☆ ایم فل سکالر، شعبہ قرآن و تفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد، پاکستان۔

تمہید

فقہ اسلامی کی یہ خصوصیت ہے کہ جیسے جیسے مسائل میں وسعت آتی رہتی ہے ویسے ویسے فقہ اسلامی کا دائرہ بھی وسیع ہوتا جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ فقہ اسلامی وہ واحد قانون ہے جو ہر زمانے اور ہر مکان میں انسانیت کی بھرپور راہنمائی کرتا ہے۔ اس کے علاوہ دنیا کے کسی قانون میں اتنی تنوع اور وسعت نہیں پائی جاتی۔ جب لوگ مشکل کا شکار ہو جاتے ہیں تو فقہ اسلامی ان کے لئے آسانی کے دروازے کھول کر حقیقی معنوں میں انسانیت کی راہنمائی کا فریضہ انجام دیتا ہے، جس کی بہت ساری مثالیں زندگی کے مختلف شعبوں میں موجود ہیں، خصوصاً معاملات کا شعبہ ایسا ہے جس میں آئے روز نت نئی صورتیں سامنے آتی ہیں، بالخصوص آج کے دور میں تو اس شعبہ میں برق رفتاری کے ساتھ ترقی اور تغیر واقع ہو رہا ہے، جس کے نتیجے میں معاملات کے میدان میں روز بروز نئی نئی صورتیں رونما ہو رہی ہیں، مگر فقہ اسلامی اپنی ہمہ جہتی اور عالمگیریت کی وجہ سے ان تمام حالات میں انسانیت کی مکمل راہنمائی فراہم کرتے ہوئے ان کے لئے سہولت اور آسانیوں کے دروازے کھول رہی ہے، ان آسانیوں میں سے ایک صورت بیع الاستجرار کی ہے۔ جس کی تفصیل اس آرٹیکل میں عرض کی جائے گی۔

بیع الاستجرار کا لغوی معنٰی

لفظ بیع اضداد میں سے ہے یعنی بیع لغت میں بیچنے کے معنٰی میں بھی آتا ہے اور خریدنے کے معنی میں بھی۔ اسی طرح بیع کا اطلاق مبیع پر اور بائع کا اطلاق خریدار اور فروخت کرنے والے پر ہوتا ہے، مگر عام طور سے بائع کا اطلاق بیچنے والے پر ہوتا ہے۔ والبيع من الأضداد مثل الشراء ويطلق على كل واحد من المتعاقدين أنه بائع لكن إذا أطلق البائع فالمتبادر إلى الذهن باذل السلعة ويطلق البيع على المبيع[1]۔ استجرار کا لغوی معنٰی ہے کھینچنا الاستجرار لغة : الجذب والسحب[2]۔ اور تھوڑا تھوڑا لینا، استجر المال اذا اخذه شيئا فشيئا[3].

بیع الاستجرار کی اصطلاحی تعریف

بیع الاستجرار کی اصطلاحی تعریف میں مختلف عبارات پائی جاتی ہیں، چند تعریفیں درج ذیل ہیں:

ا۔ بيع الاستجرار: أخذ الحوائج من البائع شيئا فشيئا ، ودفع ثمنها بعد ذلك[4].

(بیع الاستجرار کا مطلب ہے دوکاندار سے ضرورت کی چیزیں تھوڑی تھوڑی کر کے لینا اور اس کے بعد ثمن ادا کرنا)۔

۲۔ والبیع بالاستجرار یکون بغیر مساومة بین المتابعین وبغیر بیان الثمن[۵].

بیع الاستجرار وہ ہے جس میں بائع اور مشتری کے درمیان بھاؤ تاؤ نہ ہو اور نہ ثمن کا بیان ہو۔

۳۔ متاخرین فقہاء کرامؒ نے بیع الاستجرار کی یہ تعریف کی ہے: ان یاخذ الرجل من البیاع الحاجات المتعددة شیئا فشیئا دون ان یجری بینهما مساومة او ایجاب وقبول فی کل مرة[۶]. بیع الاستجرار سے مراد یہ ہے کہ انسان دوکاندار سے اپنی ضرورت کی مختلف اشیاء تھوڑی تھوڑی لیتا رہے، خریدار اور دوکاندار کے درمیان ہر مرتبہ بھاؤ تاؤ اور ایجاب وقبول کئے بغیر۔

خلاصہ تعریفات

گزشتہ تعریفات کی روشنی میں بیع الاستجرار کا حاصل یہ ہے کہ آدمی دوکاندار سے یہ طے کر لیتا ہے کہ جب مجھے کسی چیز کی ضرورت ہو گی میں آپ کی دوکان سے لیتا رہوں گا، چنانچہ جب اس کو کسی چیز کی ضرورت پڑ جاتی ہے تو وہ دوکاندار سے خود لے لیتا ہے یا کسی دوسرے کے ذریعے منگوا لیتا ہے، مگر اس میں نہ بھاؤ تاؤ ہوتا ہے، نہ ایجاب قبول ہوتا ہے اور نہ ہی ثمن کا تعین ہوتا ہے۔ اس طرح یہ سلسلہ چلتا رہتا ہے، پھر کچھ عرصے مثلاً مہینے کے آخر میں تمام اشیاء کا حساب ہو جاتا ہے اور خریدار دوکاندار کو ادائیگی (پیمنٹ) کر دیتا ہے۔ موجودہ دور میں اس بیع کا رواج کافی زیادہ ہو چکا ہے، خصوصاً تنخواہ دار طبقہ کے حضرات عام طور پر ایسا ہی کرتے ہیں کہ دوکاندار سے مہینہ بھر مختلف چیزیں لیتے رہتے ہیں، اور قیمت کا تعین وغیرہ کچھ نہیں ہوتا، بلکہ بسا اوقات خریدار کو قیمت بھی معلوم نہیں ہوتی، پھر تنخواہ لینے کے بعد حساب کر کے پیمنٹ کر دیتا ہے۔

بیع الاستجرار قیاس کی رو سے

فقہی قواعد کی رو سے یہ بیع ناجائز ہونی چاہئے کیونکہ اس کے منعقد ہونے کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں:

پہلی صورت یہ ہے کہ جس وقت آدمی دوکاندار سے چیز لے لے اسی وقت بیع منعقد ہو، چونکہ خریدتے وقت عموماً نہ بھاؤ تاؤ ہوتا ہے اور نہ ہی ثمن طے ہوتا ہے، لہٰذا اس صورت میں ثمنِ مجہول کے ساتھ بیع منعقد ہونے کی خرابی لازم آئے گی، جبکہ یہ مسلم اصول ہے کہ ثمنِ مجہول کے ساتھ بیع منعقد نہیں ہوتی، چنانچہ

علامہ سعدیؒ بیع کو فاسد کرنے والی چیزوں کا بیان کرتے ہوئے تحریر فرماتے ہیں: ویفسد البیع سبعة اشیاء أحدها جهالة الثمن[۷]۔(بیع کو سات چیزیں فاسد کرتی ہیں، جن میں پہلی چیز ثمن کا مجہول ہونا ہے)۔

دوسری صورت یہ ہے کہ جس وقت خریدار پیسوں کی ادائیگی کر رہا ہے (مثلاً مہینے کے آخر میں) اس وقت بیع منعقد ہو جائے، اس صورت میں دو خرابیاں لازم آتی ہیں: پہلی یہ کہ اس چیز کی بیع منعقد ہونے سے پہلے خریدار اس کو استعمال کر چکا ہے، جبکہ یہ درست نہیں۔ دوسری خرابی یہ ہے کہ معدوم کی بیع لازم آئے گی، کیونکہ غالب یہ ہے کہ خریدار اس چیز کو استعمال کر کے ختم کر چکا ہو گا، اور معدوم کی بیع باطل ہے، فالأصل عدم انعقاد هذا البيع ؛ لأن المبيع معدوم وقت الشراء ، ومن شرائط المعقود عليه أن يكون موجودا[۸]۔ اصل یہ ہے کہ یہ بیع منعقد نہ ہو کیونکہ خریداری کے وقت مبیع معدوم ہے، جبکہ معقود علیہ (جس چیز کو خریدا جا رہا ہو) کی شرائط میں سے یہ ہے کہ وہ موجود ہو۔ اسی طرح امام برہان الدین فرماتے ہیں: بيع المعدوم باطل[۹]. (معدوم کی بیع باطل ہے)۔

بیع الاستجرار کے بارے میں فقہاء شافعیہؒ کا مسلک

اکثر فقہاء شافعیہؒ بیع الاستجرار کو ناجائز قرار دیتے ہیں، چنانچہ علامہ دمیاطیؒ فرماتے ہیں:

"والاستجرار من بياع باطل اتفاقا أي إلا إن قدر الثمن في كل مرة على أن الغزالي سامح فيه"[۱۰].

(بیع استجرار بالاتفاق باطل ہے، البتہ اگر ہر مرتبہ خریدتے وقت ثمن طے ہو جائے تو جائز ہے۔ تاہم امام غزالیؒ نے اس میں تسامح کیا ہے (وہ اس کے جواز کے قائل ہیں)

علامہ شربینی خطیبؒ اس کی تفصیل ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"وأما إذا كان يأخذ من البياع ويحاسبه بعد مدة ويعطيه كما يفعل كثير من الناس فإنه باطل بلا خلاف؛ لأنه ليس ببيع لفظي ولا معاطاة فليعلم ذلك وليحذر منه ولا يغتر بكثرة من يفعله قال الأذرعي وهذا ما أفتى به البغوي وذكر ابن الصلاح في فتاويه نحوه والظاهر أنه قاله تفقها ومن كلامه أخذ المصنف. لكن الغزالي في الإحياء مسامح في ذلك فقال وأخذ الحاجة من البياع يقع على ضربين أحدهما أن يقول أعطني بكذا لحما أو خبزا مثلا وهذا هو الغالب فيدفع إليه مطلوبه فيقبضه ويرضى به ثم بعد مدة يحاسبه ويؤدي ما اجتمع عليه فهذا مجزوم بصحته عند من يجوز

المعاطاة فيما أراه والثاني أن يلتمس مطلوبه من غير تعرض لثمن كأعطني رطل خبز أو لحم مثلا فهذا محتمل وهو ما رأى الغزالي إباحته ومنعها المصنف"[11].

(جب کوئی شخص کسی دوکاندار سے چیزیں لیتا رہے اور کچھ عرصے کے بعد اس کے ساتھ حساب کر کے اس کو ثمن دیدے جیسا کہ بہت سے لوگ کرتے ہیں، یہ بالاتفاق باطل ہے، کیونکہ یہ نہ بیع ہے اور نہ معاطاۃ (بیع تعاطی) اس کو سمجھنا چاہئے اور اس سے اجتناب کرنا چاہئے، اور اکثر لوگوں کے کرنے کی وجہ سے دھوکے میں نہیں پڑنا چاہئے۔ البتہ امام غزالی نے اس میں تسامح سے کام لیا ہے چنانچہ آپ فرماتے ہیں: دوکاندار سے ضرورت کی چیزیں لینے کی دو قسمیں ہیں: پہلی قسم جو کہ غالب ہے وہ یہ ہے کہ مثلاً خریدار کہے مجھے اتنے کا گوشت یا روٹی دیدیں، تو بیچنے والا اس کو مطلوبہ اشیاء فراہم کرتا ہے خریدار اس پر قبضہ کرتا ہے اور اس پر راضی ہو جاتا ہے پھر کچھ عرصے کے بعد وہ بیچنے والے کے ساتھ حساب کرتا ہے اور اس کے ذمے جو رقم واجب ہوتی ہے اس کی ادائیگی کر لیتا ہے، میرے خیال میں یہ صورت ان حضرات کے نزدیک یقیناً صحیح ہے جو معاطاۃ کے قائل ہیں)۔ دوسری قسم یہ ہے کہ خریدار ثمن (قیمت) کا ذکر کئے بغیر بیچنے والے سے اپنی مطلوبہ اشیاء طلب کرے، مثلاً یوں کہے کہ مجھے ایک رطل روٹی یا گوشت دیدیں، اس کے جائز ہونے کا احتمال (امکان) ہے، امام غزالیؒ اس کے جواز کے قائل ہیں، جبکہ مصنفؒ (علامہ نوویؒ (۶۷۶ھ)) نے اس سے منع فرمایا ہے)۔

مذکورہ عبارت میں تصریح ہے کہ فقہاء شافعیہ میں سے امام غزالیؒ (۵۰۵ھ) بیع الاستجرار کے جواز کے قائل ہیں، جبکہ علامہ نوویؒ اور دیگر حضرات نے اس کو ناجائز کہا ہے۔

فقہاء حنابلہ کا مذہب

بیع الاستجرار کے بارے میں ان حضرات کی عبارات مختلف ہیں، امام احمدؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ آپ اس کے جواز کے قائل ہیں، علامہ ابن مفلحؒ (۸۸۴ھ) "النكت والفوائد" میں تحریر فرماتے ہیں: ''ابو داودؒ فرماتے ہیں کہ میں نے امام احمدؒ کو سنا آپ سے کسی نے اس شخص کے بارے میں پوچھا جو سبزی فروش چیزیں لیتا رہے اور بعد میں حساب کرتا ہے۔ آپؒ نے فرمایا: امید ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہو گی۔ ابو داودؒ فرماتے ہیں کہ امام احمدؒ سے پوچھا گیا کہ یہ بیع اسی وقت منعقد ہو گی؟ آپ نے فرمایا نہیں۔ شیخ تقی الدینؒ فرماتے ہیں کہ اس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ امام احمدؒ سے جس بیع کے بارے میں پوچھا گیا تھا اس

میں مشتری کا مبیع پر قبضہ کرنے اور اس میں تصرف کرنے کے بعد فریقین ثمن پر متفق ہو گئے تھے، اور یہ بھی معلوم ہوا اس صورت میں بیع قبضہ کے وقت منعقد نہیں ہوتی، بلکہ حساب کے وقت بیع منعقد ہو جاتی ہے، نیز یہ بھی واضح ہو گیا کہ بازاری قیمت پر بیع صحیح ہے[۱۲]۔ مذکورہ تفصیل سے معلوم ہوا کہ حنابلہ کے نزدیک بیع الاستجرار بازاری قیمت (مارکیٹ ریٹ) پر جائز ہے۔ فقہاء حنابلہ میں سے علامہ ابن قیمؒ اور علامہ ابن تیمیہؒ بھی بیع الاستجرار کے جواز کے قائل ہیں، علامہ ابن قیمؒ "اعلام الموقعین" میں فرماتے ہیں:

"والقول الثاني وهو الصواب المقطوع به وهو عمل الناس في كل عصر ومصر جواز البيع بما ينقطع به السعر وهو منصوص الإمام أحمد واختاره شيخنا... وليس في كتاب الله ولا سنة رسوله ولا إجماع الأمة ولا قول صاحب ولا قياس صحيح ما يحرمه"[۱۳]۔

(دوسرا قول جو کہ قطعی طور پر درست ہے، اور ہر زمانے اور ہر علاقے میں لوگ اس پر عمل کرتے ہیں، وہ یہ ہے کہ مارکیٹ ریٹ پر بیع جائز ہے، اور یہ امام احمدؒ سے صراحتاً منقول ہے، اور اس کو ہمارے شیخ (علامہ ابن تیمیہؒ) نے ترجیح دی ہے، اللہ تعالیٰ کی کتاب، سنتِ رسول اللہ ﷺ، اجماعِ امت، کسی امام کے قول اور قیاسِ صحیح میں سے کوئی اس کی حرمت پر دلالت نہیں کرتا)۔

مالکیہ کا مذہب

امام مالکؒ موطا میں فرماتے ہیں: "ولا بأس أن يضع الرجل عند الرجل درهما ثم يأخذ منه بربع أو بثلث أو بكسر معلوم سلعة معلومة فإذا لم يكن في ذلك سعر معلوم وقال الرجل آخذ منك بسعر كل يوم فهذا لا يحل لأنه غرر يقل مرة ويكثر مرة"[۱۴]۔

(اگر کوئی شخص دوسرے کے پاس ایک درہم رکھوائے پھر اس سے ایک چوتھائی یا ایک تہائی درہم یا درہم کے کسی متعین حصے کے عوض کوئی متعین چیز خرید لے اس میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن اگر اس چیز کی متعین قیمت نہ ہو، اور وہ آدمی دوکاندار سے کہے کہ میں آپ سے روزانہ کی قیمت پر خرید تا ہوں تو یہ جائز نہیں کیونکہ اس میں غرر (دھوکہ) ہے، قیمت کبھی گھٹتی ہے کبھی بڑھتی ہے)۔

اس عبارت میں پیشگی ثمن کی ادائیگی کی صورت میں بیع الاستجرار کا حکم بیان ہوا ہے، کہ اگر اس چیز کی قیمت متعین ہو تو بیع الاستجرار جائز ہے ورنہ جائز نہیں، کیونکہ اس صورت میں ثمن مجہول ہے۔ اگر ثمن کی ادائیگی بعد میں کی جائے تو امام مالکؒ نے اس کا ذکر نہیں فرمایا لیکن ثمن مقدم ہونے

کی صورت میں عدمِ جواز کی وجہ جہالتِ ثمن ہے، لہٰذا اگر ثمن موخر ہو اور قیمت متعین ہو تب بھی بیع جائز ہو گی، اور اگر قیمت متعین نہ ہو تو جہالتِ ثمن کی وجہ سے بیع ناجائز ہو گی۔

فقہاء احناف کا مذہب

احناف میں سے متاخرین فقہاء کرامؒ نے بیع الاستجرار کے جواز کا فتویٰ دیا ہے، خواہ دوکاندار سے اشیاء خریدتے وقت ثمن کا ذکر نہ ہوا ہو، علامہ حصکفیؒ فرماتے ہیں:

"ما يستجره الإنسان من البياع إذا حاسبه على أثمانها بعد استهلاكها جاز استحسانا"[۱۵].

(انسان وقتاً فوقتاً دوکاندار سے جو چیزیں خریدتا ہے، جب اس کے استعمال کرنے کے بعد ان کا حساب کر لے تو ازروئے استحسان یہ جائز ہے)۔ علامہ ابن نجیمؒ فرماتے ہیں:

"ومما تسامحوا فيه وأخرجوه عن هذه القاعدة ما في القنية الأشياء التي تؤخذ من البياع على وجه الخرج كما هو العادة من غير بيع كالعدس والملح والزيت ونحوها ثم اشتراها بعد ما انعدمت صح"[۱۶]۔

(جسے فقہاء کرام نے تسامح سے کام لیتے ہوئے اس قاعدے سے خارج کیا ہے، وہ قنیہ میں مذکور ہے، اور وہ ایسی اشیاء ہیں جو دوکاندار سے عقدِ بیع کئے بغیر خرچ کرنے کے لیے لی جاتی ہیں، جیسا کہ لوگوں کی عادت ہے مثلاً نمک اور تیل وغیرہ، پھر ان اشیاء کے معدوم ہو جانے کے بعد دوکاندار سے خرید لیتے ہیں، تو یہ بیع جائز ہے)۔

اس عبارت سے معلوم ہوا کہ متاخرین احناف نے بیع الاستجرار کو استحساناً جائز قرار دیا ہے اور اس میں نہ مارکیٹ ریٹ کی شرط لگائی ہے نہ ہی خریدتے وقت ثمن متعین کرنے کی۔

بیع الاستجرار کی فقہی تکییف عباراتِ فقہاءؒ کی روشنی میں

بیع الاستجرار کی تکییف کے بارے میں فقہاء کرام کی عبارات مختلف ہیں، جن کا خلاصہ یہ ہے کہ بیع الاستجرار کی دو قسمیں ہیں:

بیع الاستجرار کی پہلی قسم

پہلی قسم یہ ہے کہ خریدار پیشگی رقم نہ دے بلکہ مختلف اشیاء لینے کے کچھ عرصے کے بعد حساب کر کے ادائیگی کرے، اس کی تین صورتیں ہیں:

قسمِ اول کی پہلی صورت

پہلی صورت یہ ہے کہ جب بھی کوئی شخص دوکاندار سے کوئی چیز خریدے تو دوکاندار اس کو ثمن بتا دیا کرے، یا بتائے بغیر ثمن دونوں کو معلوم ہو، یہ صورت جمہور فقہاء کرامؒ (احناف، مالکیہ، حنابلہ اور شوافع میں سے امام غزالی اور ابن سریج) کے نزدیک جائز ہے، کیونکہ اس صورت میں ہر چیز کی خریداری کے وقت تعاطی کے ذریعے بیع منعقد ہو جائے گی، اور اس میں نہ جہالتِ ثمن کی خرابی لازم آئے گی نہ ہی معدوم چیز کی بیع کی۔

(إن الإنسان يأخذ ما يحتاج إليه شيئا فشيئا مع العلم بالثمن وقت الأخذ ، ثم يحاسبه بعد ذلك. وهذا البيع جائز ولا خلاف في انعقاده ، لأنه كلما أخذ شيئا انعقد بيعا بثمنه المعلوم ، ويكون بيعا بالتعاطي ، والبيع بالتعاطي ينعقد)[17].

قسمِ اول کی دوسری صورت

دوسری صورت یہ ہے کہ ہر خریداری کے وقت ثمن کا ذکر نہ ہو، لیکن ابتداء میں فریقین کے آپس میں بات چیت کے وقت یہ طے ہوا ہو کہ خریدار جس دن بھی کوئی چیز خریدے گا اس دن کی مارکیٹ ریٹ کے حساب سے خریدے گا۔ اس صورت کا جواز اس بات پر موقوف ہے کہ بازاری قیمت پر کسی چیز کی خریداری جائز ہے یا نہیں؟

ائمہ اربعہ کے نزدیک یہ اصول معروف ہے کہ مارکیٹ ریٹ پر یا ثمنِ مثل پر یا کسی چیز کی لکھی ہوئی قیمت پر بیع اس وقت تک جائز نہیں جب تک اسی مجلس میں فریقین کو اس کی قیمت متعین طور پر معلوم نہ ہو جائے۔ البتہ شافعی اور حنبلی مسلک میں یہ ایک روایت یہ موجود ہے کہ مارکیٹ ریٹ پر بیع جائز ہے۔ شافعیہؒ کی روایت کو امام نوویؒ نے علامہ رافعیؒ کے حوالے سے ان الفاظ میں ذکر کیا ہے:

"وحكى الرافعي وجها ثالثا أنه يصح مطلقا للتمكن من معرفته كما لو قال بعت هذه الصبرة كل صاع بدرهم يصح البيع وإن كانت جملة الثمن في الحال مجهولة وهذا ضعيف شاذ"[18].

(علامہ رافعیؒ نے تیسری صورت یہ ذکر کی ہے کہ یہ مطلقاً صحیح ہے، کیونکہ معرفتِ ثمن ممکن ہے، جیسے کوئی یہ کہے کہ میں نے غلے کا یہ ڈھیر ہر صاع فی درہم کے حساب سے فروخت کیا (تو یہ بیع جائز ہے) اگرچہ کل ثمن فی الحال مجہول ہے، لیکن یہ قول ضعیف اور شاذ ہے)۔

حنابلہ کے مذہب کو شیخ تقی الدینؒ نے ان الفاظ میں ذکر کیا ہے: "معناه صحة البيع بالسعر"[۱۹]. اس کا مطلب یہ ہے کہ بازاری قیمت پر بیع صحیح ہے۔

فقہاء کرام کے کلام اور دلائل میں غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اشیاء دو قسم پر ہیں:

1۔ پہلی قسم وہ چیزیں ہیں جن کے مختلف افراد کی قیمتیں مختلف ہوتی ہیں، اور ان افراد کی قیمتیں کسی معیار کے ذریعے متعین نہیں کی جا سکتیں، چنانچہ بعض تاجر انہیں دس روپے میں بیچتے ہیں جبکہ دیگر اس سے کم یا زیادہ میں بیچتے ہیں۔ جن حضرات فقہاء نے مارکیٹ ریٹ پر بیچنے کو حرام قرار دیا ہے ان کی مراد اس قسم کی اشیاء ہیں، کیونکہ جب بازاری قیمت متعین نہیں تو ثمن میں ایسی جہالت ہے جو نزاع اور جھگڑے کا باعث بن سکتی ہے۔

۲۔ دوسری قسم ان اشیاء کی ہے جن کے افراد کی قیمتیں مختلف نہیں ہوتیں، بلکہ ان کی قیمتیں ایک خاص معیار کے اعتبار سے ہوتی ہیں اور ہر شخص کو معلوم ہوتی ہیں، جن میں اختلاف اور نزاع کا خطرہ نہیں ہوتا۔ چنانچہ جن حضرات فقہاء نے مارکیٹ ریٹ پر بیع کو جائز قرار دیا ہے ان کی مراد اس قسم کی چیزیں ہیں، کیونکہ اس طرح کے معیار کا بیان ایسا ہے جیسے ثمن کا بیان ہو[۲۰]۔ علامہ ابن ہمامؒ نے اسی علت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا ہے:

"ومما لا يجوز البيع به البيع بقيمته أو بما حل به أو بما تريد أو تحب أو براس ماله أو بما اشتراه أو بمثل ما اشترى فلان لا يجوز فإن علم المشتري بالقدر في المجلس فرضيه عاد جائزا...وكذا لا يجوز بمثل ما يبيع الناس إلا أن يكون شيئا لا يتفاوت كالخبز واللحم"[۲۱].

(جن چیزوں کے بدلے بیع جائز نہیں ان میں سے قیمت کے بدلے یا جتنی قیمت پر پڑا ہے یا جتنی قیمت پر آپ کو پسند ہو یا اس المال کے بدلے یا جس پر خریدا ہے یا جس کی مثل پر فلاں نے خریدا ہے، یہ سب ناجائز ہیں۔ اسی طرح یہ کہہ کر بیچنا جائز نہیں کہ جتنی قیمت پر لوگ بیچتے ہیں البتہ اگر ایسی چیز ہو جس کے افراد کی قیمت میں تفاوت نہ ہو جیسے روٹی گوشت وغیرہ (تب جائز ہے))۔ مفتی محمد تقی عثمانی صاحب فرماتے ہیں:

"وهذا فيما ارى أعدل الأقوال و أوفق بالأصول المجمع عليها"[۲۲].

(میری رائے میں یہ قول بہت معتدل اور اصول متفقہ کے موافق ہے)۔

کیونکہ مارکیٹ ریٹ پر بیع کے ناجائز ہونے کی وجہ ثمن میں ایسی جہالت ہے جو نزاع اور جھگڑے کا باعث بن سکتا ہو، جبکہ یہاں ایک طے شدہ اور متعین معیار کی تعین کی وجہ سے نزاع کا کوئی احتمال نہیں، لہٰذا

بیع جائز ہو گی۔ آج کے زمانے میں بہت سی ایسی اشیاء وجود میں آچکی ہیں جن کا ثمنِ مثل ایسے معیار سے متعین ہو سکتا ہے جس میں نزاع کا احتمال نہیں رہتا، چنانچہ اس طرح کی اشیاء میں مارکیٹ ریٹ پر بیع الاستجرار جائز ہو گی۔ جیسے لوگ اخبار فروشوں کے ساتھ معاملہ کرتے ہیں کہ وہ روزانہ خریدار کے گھر میں اخبار پھینکتا ہے کہ مہینے کے آخر میں اخبار کے طے شدہ نرخ کے اعتبار سے حساب ہو گا، جبکہ بسا اوقات خریدار کو اس کی قیمت کا علم نہیں ہوتا، لیکن وہ اس طرح معروف اور متعین ہے کہ اس کے افراد کی قیمتوں میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔ اس تفصیل سے واضح ہو گیا کہ اس دوسری صورت میں اگر اس چیز کی قیمت معروف اور متعین ہو تو خریدار کا قبضہ کرتے ہی بیع منعقد ہو جائے گی، لیکن اگر ریٹ متعین نہ ہو تو اس کا حکم تیسری صورت والا ہے، جو ذیل میں ذکر کیا جاتا ہے[۲۳]۔

قسمِ اول کی تیسری صورت

تیسری صورت یہ ہے کہ خریدار رقم شروع میں نہ دے بلکہ اشیاء استعمال کرنے کے بعد دیدے، اور قبضہ کرتے وقت قیمت متعین نہ ہو، اور نہ ہی فریقین نے شروع میں ثمن کی تعیین کے لئے کسی خاص شرح اور ایسے پیمانے پر اتفاق کیا ہو جس کے بعد نزاع کا اندیشہ نہ رہتا ہو، بلکہ عاقدین لاپرواہی کے ساتھ معاملہ کرتے رہیں اور ثمن کی طرف تعرض ہی نہ کریں، اس صورت میں بلاشبہ ثمن میں ایسی جہالت ہے جو نزاع اور اختلاف کا باعث بن سکتی ہے، چنانچہ اس صورت میں قبضہ کے وقت بیع منعقد نہیں ہو گی، بلکہ یہ معاملہ اس وقت تک فاسد رہے گا جب تک حساب نہ ہو جائے، البتہ متاخرین احنافؒ نے فرمایا ہے کہ حساب کے وقت جب فریقین کسی قیمت پر اتفاق کر لیں اس وقت یہ معاملہ صحیح ہو جائے گا۔ پھر اس معاملہ کے صحیح ہونے کی بنیاد کیا ہو گی؟ اس بارے میں اختلاف ہے، بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ حساب کے وقت یہ معاملہ بیع کے طریقے پر صحیح ہو جاتا ہے، گویا جب قیمت پر اتفاق ہو گیا تو اس وقت ان تمام اشیاء کی بیع ہو گئی۔

مذکورہ صورت پر اشکالات

اس تکییف پر پہلا اشکال یہ ہے کہ حساب کے وقت تو بہت ساری اشیاء ختم ہو چکی ہوں گی، تو معدوم کی بیع کس طرح صحیح ہو سکتی ہے؟ اس کے جواب میں فقہاء کرام فرماتے ہیں کہ اگرچہ یہ معدوم کی بیع ہے جو کہ ناجائز ہے لیکن عرف، تعامل اور عمومِ بلویٰ کی وجہ سے استحساناً اس کو جائز قرار دیا جائے گا۔

"أجازوا بيع المعدوم هنا استحسانا ، وذلك كما في البحر الرائق والقنية"[۲۴].

دوسرا اشکال یہ ہے کہ اس صورت میں مشتری کا بیع اور ملکیت سے پہلے تصرف کرنا لازم آتا ہے جبکہ ملکیت سے پہلے کسی چیز میں تصرف کرنا جائز نہیں۔ اس کے جواب میں فرماتے ہیں کہ یہ تصرف مالک کی اجازت سے ہے لہٰذا اس میں کوئی قباحت نہیں۔

بعض دیگر فقہاء کرام نے اس معاملہ کی تخریج "ضمان المتلفات" کی بنیاد پر کی ہے،

"وقال بعض الحنفية : ليس هذا بيع معدوم، إنما هو من باب ضمان المتلفات بإذن مالكها عرفا، تسهيلا للأمر ودفعا للحرج، كما هو العادة"[۲۵].

جس کا مطلب یہ ہے کہ یہ بیع نہیں کیونکہ اشیاء لیتے وقت قیمت مجہول ہے اور حساب کے وقت مبیع معدوم ہے لہٰذا اس کو بیع نہیں کہا جا سکتا، بلکہ اصل حقیقت یہ ہے کہ قبضہ کرنے والا ان اشیاء کو قرض کے طور پر لیکر استعمال کر لیتا ہے اور بعد میں باہمی اتفاق سے طے شدہ رقم کے ذریعے اس کی قیمت کا ضمان دیدیتا ہے۔

اس پر اشکال یہ ہوتا ہے کہ قرض صرف مثلیات میں جائز ہے (ان اشیاء میں جائز ہے جن کی مثل پائی جاتی ہو)، اور ذوات القیم اشیاء میں احناف کے نزدیک قرض جائز نہیں۔

لأن القرض إنما يكون في المثليات واستقراض غيرها فاسد يحرم تعاطيه[۲۶].

کیونکہ قرض صرف مثلیات میں جائز ہے، اس کے علاوہ باقی اشیاء میں قرض فاسد اور ناجائز ہے۔

حالانکہ استجرار کا معاملہ مثلیات کی طرح قیمیات میں بھی پایا جاتا ہے۔ علامہ ابن عابدین شامیؒ اس کے جواب میں رقمطراز ہیں:

"قلت كل هذا قياس وقد علمت أن المسألة استحسان ويمكن تخريجها على فرض الأعيان ويكون ضمانها بالثمن استحسانا"[۲۷].

(ان اشکالات کا تعلق قیاس سے ہے، حالانکہ آپ کو معلوم ہے کہ بیع الاستجرار کا جواز استحسان کی رو سے ہے، اور اس کی یہ تخریج ہو سکتی ہے کہ یہ اعیان کو بطورِ قرض لیتا ہے اور بعد میں ازروئے استحسان ثمن کے ذریعے اس کا ضمان ادا کرتا ہے)۔

یعنی قیمیات میں قرض کے ناجائز ہونے سے بیع الاستجرار عرف اور تعامل کی وجہ سے استحساناً مستثنیٰ ہے، جس کی وجہ سے استجرار میں ذوات القیم کا قرض بھی جائز ہے۔

قسمِ اول کا خلاصہ

ثمن مؤخر کے ساتھ بیع الاستجرار کے حکم کا خلاصہ یہ ہے:

۱۔ اگر بائع مشتری کو ہر مرتبہ اشیاء خریدتے وقت قیمت بتاتا رہے تو ہر قبضہ کے وقت بیع صحیح ہو جاتی ہے۔

۲۔ اگر بائع ہر مرتبہ قیمت نہ بتائے، البتہ فریقین اس بات پر متفق ہوں کہ بیع مارکیٹ ریٹ پر ہو گی اور مارکیٹ ریٹ اس طرح معلوم ہو کہ اس میں اختلاف کا اندیشہ نہ ہو، تو راجح یہ ہے کہ ہر قبضہ کے وقت بیع صحیح ہو جاتی ہے۔

۳۔ اگر قبضہ کے وقت مبیع کی قیمت مجہول ہو، یا فریقین اس پر متفق ہوں کہ معاملہ مارکیٹ ریٹ پر ہو گا مگر مارکیٹ ریٹ میں تفاوتِ فاحش ہو کہ جس کی تعیین میں اختلاف کا اندیشہ ہو، تو قبضہ کے وقت بیع صحیح نہ ہو گی، بلکہ حساب کے وقت صحیح ہو جائے گی۔ اور اس کی نسبت قبضہ کے وقت کی طرف ہو گی، لہٰذا قبضہ کرنے والے کی ملکیت قبضہ کے وقت ہی سے ثابت ہو گی، اور اس چیز میں اس کے تمام تصرفات قیمت کی ادائیگی کے بعد جائز قرار پائیں گے۔

بیع الاستجرار کی دوسری قسم

استجرار کی دوسری صورت یہ ہے کہ خریدار ایڈوانس میں دوکاندار کو کچھ رقم دیدے، پھر اس سے تھوڑی تھوڑی چیزیں وقتاً فوقتاً لیتا رہے، اور کچھ عرصے مثلاً مہینے کے بعد تمام اشیاء کا حساب ہو جائے، اس قسم میں دو باتیں قابلِ غور ہیں:

۱۔ پہلی بات ثمن کی جہالت ہے، اس میں وہی تفصیل ہے جو ثمنِ مؤخر میں گزر چکی۔

۲۔ دوسری بات یہ ہے کہ خریدار جو رقم ایڈوانس دیتا ہے اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

اس میں تین احتمالات ہیں: ۱۔ یہ ثمنِ مقدم ہو۔ ۲۔ امانت ہو۔ ۳۔ قرض ہو۔ ان تینوں احتمالات کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے:

۱۔ اس رقم کو دو وجہوں سے ثمنِ مقدم قرار نہیں دیا جا سکتا پہلی وجہ یہ ہے کہ ثمن بیع کے بعد دیا جاتا ہے، اور بیع کے لئے مبیع کی ذات، وصف اور مقدار کا معلوم ہونا ضروری ہے، جبکہ بیعِ استجرار میں ایسا نہیں ہوتا، دوسری وجہ یہ ہے کہ ثمنِ مقدم کے ساتھ بیع صرف سلم اور استصناع میں ہوتی ہے، لہٰذا اگر اس کو ثمنِ

مقدم کہا جائے تو اس کے لئے سلم اور استصناع کی شرائط کا پایا جانا ضروری ہو گا، جبکہ بیع الاستجرار میں عموماً یہ شرائط نہیں پائی جاتیں۔

۲۔ اگر یہ کہا جائے کہ یہ رقم بائع (بیچنے والے) کے پاس امانت ہے اور خریدار جس چیز کو خرید کر اس پر قبضہ کرتا رہتا ہے اس کے بقدر اس رقم میں سے قیمت بن جائے گی اور باقی رقم اس کے پاس امانت رہے گی۔ یہ صورت مشکل بلکہ عملاً متعذر ہے کیونکہ امانت ہونے کی صورت میں بیچنے والے کے لئے اس رقم میں کسی قسم کا تصرف کرنا جائز نہیں ہو گا، حالانکہ عملاً ایسا نہیں ہوتا، بلکہ بائع اس رقم پر قبضہ کر کے اپنے استعمال میں لاتا ہے۔

۳۔ اگر اس رقم کو قرض قرار دیا جائے تو بائع (بیچنے والے) کے لئے اس کا استعمال جائز ہو گا، لیکن اس میں اشکال یہ ہے کہ یہ ایسا عقدِ قرض ہے جس میں بیع کی شرط ہے، تو یہ بیع عقدِ قرض میں مشروط ہے، اور یہ شرط عقدِ قرض کے مقتضٰی کے خلاف ہے؛ اس لئے یہ صورت فاسد ہونی چاہئے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اگرچہ یہ شرط مقتضٰی عقد کے خلاف ہے لیکن یہ متعارف ہے کیونکہ عرف میں اس طرح رقم دینے کا مقصد قرض دینا نہیں ہوتا بلکہ مستقبل میں ہونے والی بیع کے نتیجے میں خریدار کے ذمے عائد ہونے والے ثمن سے ذمے کو فارغ کرنا مقصود ہوتا ہے۔

نتائجِ بحث

۱۔ بیع الاستجرار اصول اور قیاس کے اعتبار سے ناجائز ہے، مگر تعامل اور عرف کی وجہ سے اکثر فقہاء متاخرین اس کے جواز کے قائل ہیں۔

۲۔ یہ بہت ہی اہم بیع ہے اور عصرِ حاضر میں تقریباً سبھی لوگ کسی نہ کسی درجے میں اس کو اپنائے ہوئے ہیں۔

۳۔ فقہاء حنابلہؒ کے نزدیک بیع الاستجرار صرف بازاری قیمت (مارکیٹ ریٹ) پر جائز ہے، مالکیہ کے نزدیک اگر ثمن متعین ہو تو جائز ہے ورنہ نہیں، متاخرین احناف کے نزدیک اس کی تمام صورتیں جائز ہیں، خواہ ادائیگی پیشگی ہو یا بعد میں، اور ثمن متعین ہو یا نہ ہو، جبکہ فقہاء شافعیہ میں سے امام غزالیؒ اس کے جواز کے قائل ہیں۔ حاصل یہ کہ جمہور فقہاء اس کو جائز سمجھتے ہیں۔

حواشی وحوالہ جات

۱۔ حنفی، زین الدین ابن نجیم(م۹۷۰ھ)،البحر الرائق، دار المعرفۃ،بیروت،۵، /۲۷۷۔

۲۔ الموسوعة الفقهية الكويتية، وزارة الأوقاف والشئون الإسلامية، دارالسلاسل،کویت، ط: ۲، ۹/۴۳۔

۳۔ بحوث فی قضایا فقهية معاصرة ، مکتبہ دارالعلوم کراچی،۱۴۲۵ھ، ۱/۵۵۔

۴۔ الموسوعة الفقهية الكويتية، ۹/۴۳۔

۵۔علی حیدر، درر الحكام شرح مجلة الأحكام، دارالکتب العلمیہ،بیروت،۱/۱۵۷۔

۶۔ عثمانی، محمد تقی،مفتی،فقه البيوع على المذاهب الاربعة، ۱/۳۷۔

۷۔ سغدی، ابوالحسن علی بن الحسین(م۴۶۱ھ)، النتف في الفتاوى، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۰۴ھ،۱/۴۷۔

۸۔ الموسوعة الفقهية الكويتية، وزارة الأوقاف والشئون الإسلامية، کویت، ط: ۲،دارالسلاسل،کویت، ۹/۴۳۔

۹۔ نجاری، محمود بن حمد بن صدر شهید،المحيط البرهاني، دار احیاء التراث العربی، مصر،۶/۳۱۰۔

۱۰۔ دمیاطی، ابو بکر ابن سید محمد شطا، إعانة الطالبين، دار الفکر، بیروت،۳/۴۔

۱۱۔شربینی، محمد الخطیب،مغني المحتاج، دار الفکر، بیروت، ۲/۳،۴۔

۱۲۔ حنبلی،ابو اسحاق،ابراہیم بن محمد(م ۸۸۴ھ)، النكت والفوائد، مکتبۃ المعارف،الریاض،۱۴۰۴ھ،۱/۲۹۸۔

۱۳۔ابن القیم، محمد بن ابی بکر،ابوعبداللہ، إعلام الموقعين، دار الجیل،بیروت،۱۹۷۳م، ۴/۶۔

۱۴۔مالک بن انس، ابوعبداللہ،موطأ الإمام مالك، دار احیاء التراث العربی، مصر، ۲/۶۵۰۔

۱۵۔ حصکفی، محمد علاء الدین بن علی(م۱۰۸۸ھ) الدر المختار، دار الفکر،بیروت، ۱۳۸۶ھ، ۴/۵۱۶۔

۱۶۔البحر الرائق، ۵/۲۷۹۔

۱۷۔الموسوعة الفقهية الكويتية، ۹/۴۴۔

۱۸۔نووی، ابوزکریا محیی الدین یحیی بن شرف(م۶۷۶ھ)، المجموع شرح المهذب، ۹/۳۳۳۔

۱۹۔ حنبلی،ابو إسحاق،ابراہیم بن محمد بن عبداللہ بن مفلح(م ۸۸۴ھ)، النكت والفوائد السنية على مشكل المحرر، ، مکتبۃ المعارف،الریاض، ط: ۱۴۰۴ھ،۱/۲۹۹۔

۲۰۔ عثمانی، مفتی محمد تقی، بحوث فی قضایا فقهیة معاصرة، ،مکتبہ دارالعلوم کراچی،۱۴۲۵ھ، ۱/۶۱۔
۲۱۔ کمال الدین، سیواسی، محمد بن عبد الواحد(م۶۸۱ھ) ، شرح فتح القدیر، دارالفکر، بیروت، ۶/۲۶۰۔
۲۲۔ بحوث فی قضایا فقهیة معاصرة، ۱/۶۲۔
۲۳۔ ایضاً ۔
۲۴۔الموسوعة الفقهیة الکویتیة، ۹/۴۳۔
۲۵۔ ایضاً ۔
۲۶۔ شامی، ابن عابدین، محمد امین بن عمر(م۱۲۵۲ھ) ، رد المحتار، دار الفکر، بیروت، ۱۴۲۱ھ، ۸/۴۱۴۔
۲۷۔ ایضاً، ۴ /۵۱۶۔

تعلیمات رسول ﷺ کی روشنی میں ذرائع ابلاغ کا کردار اور ذمہ داریاں: تحقیقی مطالعہ

The Role and Responsibilities of Media in the Light of Teachings of Prophet Muhammad ﷺ: A Research Based Study

عبدالمھیمن*

سلطان سکندر**

ABSTRACT

In modern day world media is considered as the forth pillar of state which plays a very vital role in shaping society. Media is considered a mirror of society. Media not only provides information but it educates people and provides them with entertainment as well. Moreover, modern day advertisement is largely based on media as well. On the other hand commercialism has affected the role of media and questions are raised on its integrity. Media has become an industry and the freedom of speech knows no ethical limits. This article elaborates the Islamic concept of communication and its various dimensions. It further highlights the role of media and its responsibilities in the light of the teachings of Prophet Muhammad ﷺ. The research ends with few recommendations needed to be considered.

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف ہری پور، ہری پور، پاکستان۔

** اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، اسلام آباد ماڈل کالج فار بوائز جی ٹین فور، اسلام آباد، پاکستان ۔

انسانی فطرت میں یہ بات شامل ہے کہ وہ اپنے خیالات دوسروں تک پہنچانے کی ضرورت اور خواہش محسوس کرتا ہے اور اسی طرح دوسروں کے حالات سے آگاہی بھی حاصل کرنا چاہتا ہے۔ اپنی اس ضرورت کو انسان ازل سے پورا کرتا چلا آرہا ہے اور اسی کو ابلاغ یا تبلیغ کہا جاتا ہے۔ عام طور پر ابلاغ اور صحافت کو اقلیم کا چوتھا طبقہ کہا جاتا ہے۔ کسی بھی مملکت یا اقلیم میں سب سے نمایاں مقام حکمرانوں کو دیا جاتا ہے، دوسرا مقام دینی پیشواؤں کا ہے جبکہ تیسرا درجہ عوام الناس کا ہے اور چوتھا اہم مقام ابلاغ اور صحافت کو عطا ہوا ہے۔ ابلاغ اور صحافت کے لئے "چوتھے طبقے" کا توصیفی نام دنیا بھر میں تعظیم و تکریم کے ساتھ مستعمل ہے۔ اس کے علاوہ کسی بھی جمہوری حکومت میں تین ادارے ضروری اور تمام تر اہمیت کے حامل ہوتے ہیں، اولاً قانون ساز ادارے، ثانیاً حکومت کا صیغہء انتظامی اور ثالثاً حکامِ عدالت بحیثیت مجموعی یا عدلیہ۔ ان تینوں اداروں کے بغیر کوئی حکومت برسرِ عمل نہیں رہ سکتی اور فی زمانہ یہ محسوس کیا جاتا ہے کہ مقننہ، انتظامیہ اور عدلیہ کی طرح کسی بھی جمہوری حکومت میں ابلاغ اور صحافت کی بڑی اہمیت ہے[1]۔

ابلاغ کا مفہوم

ابلاغ کے لغوی معنی پہنچانا کے ہیں، اصطلاحاً ابلاغ سے مراد دوسروں تک اپنے خیالات پہنچانا، اپنا مطلب واضح کرنا اور بات چیت کا عمل ہے۔ ابن منظور کے مطابق ابلاغ اور تبلیغ کا لغوی مفہوم پہنچانا ہے اور اصطلاحاً اس کا معنی یہ ہے کہ کسی اچھائی، خوبی اور بالخصوص دینی امور کو دوسرے افراد و اقوام تک پہنچایا جانا[2]۔ ابلاغ کے عمل کے دوران بیک وقت ہزاروں لوگ مخاطب ہوتے ہیں جن کا ذوق اور ذہنی معیار مختلف ہوتا ہے اس لئے ایک وقت میں سب سے مطابقت پیدا کرنا مشکل ہوتا ہے۔ درست اور مناسب ابلاغ وہی ہے کہ جس میں بیک وقت ہزاروں سامعین کو متوجہ اور متاثر کیا جائے اور ان تک اپنی بات پہنچائی جائے، جس طرح ایک فرد کا دوسرے فرد کے ساتھ ابلاغی رابطہ قائم ہے اسی طرح یہ عمل اسی وقت میں ہزاروں لوگوں کے ساتھ بھی ہو رہا ہو۔ گویا ابلاغ کا عمل دو حصوں میں بٹ جاتا ہے اولاً یہ کہ پیغام رساں کیا پیغام دینا چاہتا ہے اور ثانیاً اس پیغام کی ترسیل کے لئے وہ کون سا طریقہ استعمال کرتا ہے، ایک ایسا پیغام جس کا مواد خام ہو اور جو بہتر طور پر نہ پیش کیا جائے، اس کا حلقہ اثر بھی محدود ہوتا ہے۔ ابلاغ سے مطلوبہ نتائج حاصل کرنے کے لئے پیغام کے الفاظ، وقت اور پیغام وصول کرنے والے کے ماحول کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ آج کے پیچیدہ دور میں ابلاغ عامہ ایک اہم کردار کا حامل ہے، نظامِ حکومت خواہ جمہوری ہو یا آمرانہ، ابلاغ اور ذرائع

ابلاغ کی ضرورت مسلم ہے، آمرانہ نظام میں ذرائع ابلاغ پر حکومت کا مکمل کنٹرول ہوتا ہے جبکہ جمہوری نظام میں ترغیب کا طریقہ استعمال کیا جاتا ہے۔

ابلاغ کے مقاصد اور غرض وغایت

عام طور پر ابلاغ عامہ کے چار مقاصد بیان کئے جاتے ہیں اولاً خبر دینا، ثانیاً عوام کی سیاسی تربیت اور رہنمائی کرنا، ثالثاً قارئین، سامعین اور ناظرین کے ذوقِ سلیم اور اخلاق کو نکھارنا اور رابعاً عام لوگوں کی تفریح طبع کے لئے مواد فراہم کرنا۔ ابلاغ ہمیشہ کسی نہ کسی مقصد کا پابند ہوتا ہے، کیونکہ اسے عوام کی رہنمائی کرنا ہوتی ہے، اسی لیے اس کی زبان وہ نہیں ہو سکتی جو ادب کی زبان ہوتی ہے، ابلاغ کی زبان عوامی، عام فہم اور سریع الاثر ہوتی ہے۔ ابلاغ عوام کے لیے محض ذریعہء اطلاع ہی نہیں بلکہ ذریعہء تفریح بھی ہے ۔ عصرِ حاضر میں صحافت کا نصب العین ملک کے اتحاد اور سالمیت کا تحفظ اور سماج میں محبت اور یگانگت، میل جول، بھائی چارے، سیکولرزم اور رواداری کے جذبات کو مستحکم بنانا ہونا چاہیے، ابلاغ کے ذریعے اخلاقی اقدار فروغ اور قومی کردار کی تعمیر ضروری ہے ۔ موجودہ حالات میں سنسنی خیز صحافت کے مضمرات کو سمجھنا ضروری ہے اور قلم کو بلیک میل کا ذریعہ بننے نہیں دینا چاہیے کیونکہ ایسا کرنا ابلاغ کی طاقت کے ناجائز استعمال کے مترادف ہو گا[۳]۔

ذرائع ابلاغ کو بہت سے کام سرانجام دینے ہوتے ہیں، یہ ذرائع سماجی تبدیلیوں کے لئے ترغیب کا ذریعہ بنتے ہیں، ترقیات کے لئے سازگار ماحول پیدا کرتے اور روایتی معمولات پر اثرانداز ہوتے ہیں، مختلف قسم کا تعلیمی ماحول پیدا کرتے ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ ذرائع ابلاغ کے مقاصد میں وسعت آگئی ہے اور اب اس کے مقاصد میں یہ سب بھی شامل ہیں: ترقی کے رجحان کا فروغ، صحت مند اور وطن دوست معاشرے کی تشکیل، عالمی معاشرے کا قیام، حقائق کا انکشاف، معیشت کا فروغ، سیاسی شعور و استحکام، رائے عامہ کی تشکیل، تفریح کی فراہمی، ملکی سلامتی کا تحفظ، خیر و شر کی تمیز، ثقافتی ہم آہنگی، نوعِ انسان کی درس و تدریس کا فرض[۴]۔

ابلاغ کے اثرات

ابلاغ کے اثرات دنیا کے ہر معاشرے پر ہوتے ہیں، اقوام عالم کی ثقافتی، مذہبی، تہذیبی، سیاسی اور سماجی ترقی کا انحصار مؤثر ابلاغ پر ہے۔ تاریخ کے مختلف ادوار میں ہر تہذیب اور معاشرے میں معلومات اور اطلاعات کی روایات اور پالیسیاں بہت اہم رہی ہیں۔ ابلاغ عامہ کے تمام ذرائع انسان کی کسی نہ کسی حس کو بیدار کرتے ہیں۔ سمعی ذرائع (The Organized Media) ہماری سننے کی حس پر، جگہ گھیرنے (Space and

(Time Organized Media) والے ہماری دیکھنے کی قوت، جگہ اور وقت (Space Organized Media) دونوں پر محیط ذرائع، ہماری ان دونوں حسوں پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اگر ابلاغ کے اثرات پر غور کیا جائے تو ہمیں معلوم ہو گا کہ ہماری زندگی کا یہ عمل اور ہمارا رویہ، ابلاغ عامہ کا م مرہونِ منت ہے۔ ابلاغ افراد پر اثر کرتا ہے، افراد ایک معاشرے میں زندگی بسر کرتے ہیں مگر ان کی عادات و اطوار اور اندازِ فکر میں فرق ہوتا ہے، ہر فرد اپنے معاشرے میں ابلاغ عامہ کے مختلف ذرائع کے علاوہ اور بہت سی قوتوں کے زیر اثر ہوتا ہے۔ مطبوعہ اور زبانی پیغام میں سے زبانی پیغام زیادہ مؤثر ہو گا۔ زبانی پیغام پڑھنے لکھنے کی قابلیت سے محروم اور کم ذہنی سطح کے لوگوں کے لئے اہم ہوتا ہے جبکہ پڑھے لکھے لوگوں کے لئے تحریری مواد اہمیت رکھتا ہے۔

ذرائع ابلاغ قبل از اسلام

نبی کریم ﷺ کے ظہور پذیر ہونے سے پہلے ذرائع ابلاغ اور صحافت کو قدیم تاریخی پسِ منظر میں دیکھا جا سکتا ہے۔ قرآنِ کریم میں جن انبیاء کا ذکر موجود ہے ان میں سے حضرت ادریس علیہ السلام کے متعلق روایت ہے کہ آپ فنِ تحریر کے موجد تھے، ایسی ہی روایات حضرت ایوب علیہ السلام کے بارے میں بھی ملتی ہیں۔ قرآنِ کریم میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو پتھر کی تختیوں پر کندہ احکامِ شریعت عطا کئے جانے کا ذکر ہے۔ دیارِ عرب سے ملنے والی قدیم نوشتوں کی قدامت اٹھارہ سو سال قبل مسیح تک پہنچتی ہے۔ مصر کی تحریریں ساڑھے تین ہزار سال قبل مسیح تک کی ہے۔ پرانے ادوار کے کتبے اور ستون شروع میں خبر رسانی کی ابتدائی تاریخ کی گم شدہ کڑیاں ہیں۔ بابل اور نینوا کے شہروں میں چٹانوں پر کندہ عبارتیں ملی ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے قریباً سات سو اکاون برس قبل رومن راج میں روزانہ ایک قلمی خبر نامہ جاری کیا جاتا تھا جس میں سرکاری اطلاعات اور جنگ کی خبریں ہوتیں تھیں[۵]۔ ظہورِ سلام سے پہلے پائے جانے والے چند اہم ذرائع ابلاغ میں شعر و شاعری، میلے اور بازار مثلاً عکاظ، مجنہ اور ذوالمجاز شامل ہیں۔ اس کے علاوہ خطبے اور وصیتیں، معلقات، تجارتی اسفار اہم ہیں۔

نبی کریم ﷺ کے دورِ مبارکہ میں ذرائع ابلاغ

نبی کریم ﷺ کو انسانیت کو پیغام کے ابلاغ کے لئے بھیجا گیا، آپ ﷺ کی ذاتِ گرامی ابلاغ کا سب سے بڑا ذریعہ تھی، آپ ﷺ نے انتہائی مختصر عرصے میں ایسا مؤثر ابلاغی فریضہ انجام دیا کہ جس کی

مثال انسانی تاریخ میں نہیں ملتی ہے اور یہ ہی وہ ذمہ داری تھی جو آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے سونپی گئی تھی، ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿يَٰٓأَيُّهَا ٱلرَّسُولُ بَلِّغْ مَآ أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُۥ﴾[٦]

اے رسول جو کچھ بھی آپ کی طرف آپ کے رب کی جانب سے نازل کیا گیا ہے پہنچا دیجئے، اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو آپ نے اللہ کی رسالت ادا نہیں کی۔

ابلاغ اور ذرائع ابلاغ کے کردار اور ذمہ داریوں کے حوالے سے تعلیماتِ نبوی ﷺ کو سمجھنے کے لئے یہ جاننا ضروری ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ابلاغ کی تکمیل میں کیا ذرائع استعمال کیے، آپ ﷺ سے پہلے کون سے ذرائع استعمال ہوتے تھے اور آپ ﷺ نے ان ذرائع ابلاغ سے کیسے استفادہ کیا اور ہمارے لئے کیا رہنما اصول فراہم کیے۔ نبی کریم ﷺ کے دور مبارک میں ذرائع ابلاغ زیادہ نہ تھے پر نبی کریم ﷺ نے دستیاب ذرائع ابلاغ کا حتی الامکان استعمال کر کے اتنے کم عرصے میں انسانی تاریخ کا عظیم انقلاب برپا کیا۔ احمد حسن زیات کے مطابق عہد رسالت میں شاعری کا دائرہ تنگ ہو گیا اور خطابت کی وسعتیں سمٹ کر قرآنِ کریم کے جھنڈے تلے آ گئیں، اس عظیم الشان قرآنی دعوت کا ایک لازمی تقاضا خط و کتابت کے سلسلہ کا جاری رکھنا تھا، چنانچہ یہ سلسلہ جدید رونما ہو گیا[٧]۔ نبی کریم ﷺ کے دورِ مبارکہ میں پائے جانے والے چند اہم ذرائع ابلاغ ذیل میں درج ہیں:

- **ابلاغ بذریعہ شاعری**

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ (متوفی ۵۴ ہجری) ہجرت مدینہ کے بعد مسلمان ہوئے، دیگر شعراء کی طرح انہوں نے بھی شاعری سے ابلاغ کا کام لیا، حضرت حسان رضی اللہ عنہ کفار کی ہجو کرتے اور مسلمانوں کی تعریف کرتے، نبی کریم ﷺ کی مدح کرتے اور ان کی مالی ضرورتیں بیت المال سے پوری ہوتی رہتی تھیں۔

- **ابلاغ بذریعہ دعوت و تبلیغ**

نبی کریم ﷺ نے تبلیغ اور اشاعت کا خاص طور پر اہتمام فرمایا، جب قبائل اسلام قبول کرتے تو ان کے ساتھ کسی صحابی کو مبلغ بنا کر روانہ کر دیا جاتا تھا۔ آپ ﷺ نے ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ خطیب اور مصعب بن زبیر رضی اللہ عنہ کو پہلا مبلغ مقرر کیا تھا۔ عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ اہل صفہ کو قرآن پڑھاتے تھے۔

- **ابلاغ بذریعہ رسل ورسائل**

بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سلاطین اور امراء عرب کے ساتھ خط وکتابت کے فرائض سر انجام دیتے تھے اور حکام اور مبلغین کے نام احکام روانہ کرتے تھے، اس شعبہ میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ، حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن ارقم رضی اللہ عنہ کام کرتے تھے۔ آپ ﷺ خطوط اور فرامین پر اپنی مہر لگاتے تھے جو کہ حضرت حنظلہ بن ربیع رضی اللہ عنہ کے پاس رہتی تھی۔

نبی کریم ﷺ نے دنیا کے مختلف بااثر لوگوں، بادشاہوں اور حکمرانوں کو تبلیغی خطوط ارسال فرمائے، مورخین کے نزدیک ایسے ناموں کی تعداد دو سو پچاس سے زائد ہے جن میں سے بعض اہم نام حبشہ کے شاہ نجاشی، مصر کے مقوقس، ایران کے خسرو پرویز، روم کے ہرقل، یمامہ کے ہوزہ بن علی، بحرین کے منذر بن ساوی، عمان کے جعفر بن جلندی اور دمشق کے حارث بن ابی شمر ہیں۔

عہدِ جدید میں علوم وفنونِ ابلاغِ عامہ کے حوالے سے یہ بات مسلمات میں شامل ہے کہ ابلاغ کے پورے عمل کا دارومدار کلیۃً انسانی رویے پر ہوتا ہے، نیز ابلاغِ عامہ کے دوران تبلیغ وترسیل کے طرق وذرائع سے زیادہ اہمیت اس بات کی ہوتی ہے کہ کوئی پیغام، دعوت، مدعا، مضمون، نقشہ، خاکہ، کتنا معنی خیز، کتنا سریع الاثر اور کس درجہ نتائج افروز ہے، اس جہت سے بھی سیرتِ مبارکہ کا مطالعہ اجالا بخشتا ہے، چونکہ انسانی رویے کے ہمہ جہتی حسن کے حوالے سے نبی کریم ﷺ اعلیٰ ترین مرتبے پر فائز تھے، اور آپ ﷺ ہر مرحلے، ہر لمحہ زندگی میں حسنِ قول وفعل کا مظاہرہ فرماتے ہوئے اپنے بدترین دشمنوں کے دل بھی فتح کر لیتے تھے، اسی لئے ابلاغِ حق کا کامل ترین نمونہ بھی گویا آپ ﷺ کی حیاتِ مبارکہ میں آپ ﷺ کے ہاتھوں متشکل ہوا۔ آپ ﷺ کا پیغام واقعتاً اتنا معنی خیز، اس درجہ سریع الاثر اور ایسا نتائج افروز ثابت ہوا کہ جس کے اثرات وثمرات کو دینا بچشمِ حیرت دیکھتی چلی آرہی ہے[۸]۔

- **ابلاغ بذریعہ مسجد**

نبی کریم ﷺ کے دور مبارک میں مساجد کی تعمیر کا سلسلہ جاری ہوا، ابلاغ کا کام مسجد سے بھی کیا جاتا تھا، دور دراز سے لوگ آتے اور تعلیماتِ اسلامیہ سے بہرہ ور ہوتے، اسی طرح حج بھی ایک ایسا ادارہ ہے جو بین الاقوامی سطح پر میل جول کا ایک ذریعہ تھا۔

- **فنِ خطابت بطور ذریعہ ابلاغ**

شاعری کی طرح فنِ خطابت بھی ایک مؤثر ذریعہء ابلاغ تھا، لوگوں کو اپنا ہم خیال بنانے، دلائل سے خاموش کرنے اور اہم کاموں پر ابھارنے کا یہ ایک کارگر ذریعہ تھا۔ قیس بن ساعدۃ الایادی نجران کا پادری اور خطیب تھا، اونچی جگہ پر کھڑے ہو کر خطبہ دیتا، تلوار کا سہارا لیتا اور خطبے میں امابعد کہتا تھا۔ نبی کریم ﷺ نے اس کے بارے میں پوچھا اور اس کے شعر سننے کی خواہش بھی ظاہر کی[۹]۔

نبوت و رسالت کا بنیادی تقاضہ اور فرضِ منصبی بہر حال ابلاغِ پیغام ہے، ہر نبی و رسول کی مساعی حسنہ کا تمام تر ہدف تبلیغ و تلقینِ حق ہے، اس اعتبار سے خطبہء حجۃ الوداع کی صورت میں نبی کریم ﷺ نے بحیثیتِ رسول ابلاغِ حق کو اس نقطہء کمال تک پہنچادیا کہ جس سے آگے کوئی حدِ کمال نہیں ہے[۱۰]۔

اسلام میں آزادی رائے

اسلام میں رائے کی آزادی اور احترام کو بڑی جگہ دی گئی ہے، اسلام سے پہلے آزادیءرائے کا تصور معدوم تھا، آزادیءرائے کی بہت سی مثالیں نبی کریم ﷺ کی غزوات سے ملتی ہیں، ہر غزوہ سے پہلے آپ ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی رائے معلوم کیا کرتے تھے، ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿لَآ إِكۡرَاهَ فِي ٱلدِّينِ﴾ [۱۱] (دین کے بارے میں کوئی بھی زبردستی نہیں)۔

اسلام میں ابلاغ کا تصور اور غرض وغایت

اسلام کی عمارت کی بنیادوں میں سے ایک اہم بنیاد ابلاغ ہے اور نبی کریم ﷺ کی اصل ذمہ داری اللہ تعالیٰ کا پیغام لوگوں تک پہنچانا تھا، ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿فَإِنَّمَا عَلَيۡكَ ٱلۡبَلَٰغُ﴾ [۱۲] (تو آپ ﷺ پر صرف (پیغام) پہنچادینا ہے)۔

قرآنِ کریم میں یہ مضمون بار بار آیا ہے[۱۳] اسلام میں ابلاغ کا سب سے بنیادی مقصد امر بالمعروف و نہی عن المنکر ہے، اس کے علاوہ ذرائع ابلاغ اسلامی معاشرے اور رائے عامہ کی تشکیل اور تطہیر کا فرض سرانجام دیتے ہیں۔ اسلامی مملکت کے تمام شہریوں کا بنیادی حق ہے کہ وہ حالات وواقعات اور اس کے پسِ منظر سے کما حقہ واقف وآگاہ ہوں تاکہ وہ قرآنِ کریم کو مطابق اپنے اولی الامر کو مفید اور درست مشورے دے سکیں۔ جس طرح غلط مشورہ دینا، غلط اور غیر ذمہ دارانہ حرکت ہے، اسی طرح خلافِ حقیقت، گمراہ کن اور تہذیب و شائستگی کے منافی اطلاعات و خیالات جن سے فساد فی الارض کا اندیشہ ہو، پھیلانا بھی

درست نہیں ہو سکتا۔ حالات و واقعات اور حقائق کی خبر بلاشبہ ذہنوں کے لئے روشنی کی مانند ہے لیکن جن اطلاعات سے ذہنوں میں اجالے کی بجائے اندھیرا چھا جاتا ہے ان کو عام کرنا بھی کوئی اچھا فعل نہیں ہو سکتا۔

مومن صحافی وہی ہے جو اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے لوگوں کو حالات و واقعات کی ٹھیک ٹھیک خبریں مہیا کرے اور اس طرح انہیں تاریکی سے نکال کر روشنی کی طرف لانے کا فرض سر انجام دے۔ روشنی در حقیقت خبر ہی کا دوسرا نام ہے اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام کے ذریعے ہمیں اندھیرے سے نکال کر جس روشنی میں پہنچایا تھا وہ اللہ تعالیٰ کے وجود، اس کی وحدانیت، اس کی جملہ صفات، آخرت میں اس کے حضور پیشی اور پھر جزا و سزا کے طور پر جنت اور جہنم کی زندگی سے متعلق "خبر" ہی تھی جو ہمیں پہنچائی گئی اور اس مصدقہ خبر سے محرومی کی صورت میں ہم اندھیرے میں تھے، خبر روشنی اور بے خبری اندھیرا ہے، روشنی انسدادِ جرائم کا سب سے بڑا اور مؤثر ذریعہ ہے، اندھیرا ہر مجرم کی بنیادی ضرورت، اس کا سب سے بڑا سہارا اور اس کا مضبوط ترین محافظ ہے، خبر اور روشنی ہر مجرم کی موت ہے[۱۴]۔

اسلام میں ابلاغ کے اہم خدوخال

اسلام میں ابلاغ اور صحافت کے بنیادی خدوخال میں سے سب سے اہم تعمیر ملت ہے اور اس کے لئے امر بالمعروف و نہی عن المنکر یعنی نیکی کی تلقین کی جائے اور برائی سے روکے جانا اساس قرار دیا گیا ہے، قوم کو صحیح اطلاعات سے آگاہ کیا جائے، صحافی ہوا کے رخ پہ نہ چلے بلکہ وہ قوم کو سچائی کے ساتھ موقع دے کہ وہ حقیقت کی تہہ تک پہنچ سکے، اسلامی ابلاغ اور صحافت کا ایک اور اہم عنصر فکر اور فرد کی حریت، انسانیت کی قدر اور اس کا فروغ ہے۔ اسلامی ابلاغ اور صحافت کا ایک اور نمایاں پہلو یہ ہے کہ اس میں زرد صحافت کا قطعی طور پر کوئی تصور نہیں ہے، نیز اسلامی ابلاغ اور صحافت بے حیائی سے روکتی ہے اور شائستگی کی تلقین کرتی ہے، اسلامی ابلاغ اور صحافت میں قول اور فعل میں تضاد نہیں ہے اور اس میں حق گوئی سے کام لیا جاتا ہے کہ جن سے اچھی اقدار کا فروغ ہو[۱۵]۔ ابلاغ کے اسلامی تصور میں کمرشل ذہنیت کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے، اس میں فتنہ پردازی سے گریز کی تلقین کی جاتی ہے، جھوٹی افواہ پھیلانا سخت ناپسندیدہ عمل سمجھا جاتا ہے، اسلام میں ابلاغ کی بنیادی خدوخال میں احتساب، اسلام کے خلاف پروپیگنڈہ سے اجتناب، کردار سازی، حق بات کی تبلیغ، اتحاد بین المسلمین، اللہ کے ہاں جواب دہی کا تصور، قومی یکجہتی اتحاد و اتفاق، خلوص اور صداقت، اعتدال اور ایسے دیگر اوصافِ حمیدہ شامل ہیں، ذیل میں اسلام میں ابلاغ کے چند خدوخال قرآن وحدیث کی روشنی میں بیان کئے جارہے ہیں:

ابلاغ کے اصول اور حدود و ضوابط قرآن و حدیث کی روشنی میں

اسلام میں ذرائع ابلاغ کا کام صرف خبر کو آگے پہنچا دینا نہیں ہے بلکہ نیکی کو پھیلانا اور بدی کا سدِباب ذرائع ابلاغ سے متعلقہ افراد کی بھی ذمہ داری میں شامل ہے۔ ربِ کائنات کا حکم ہے:

﴿وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ أُمَّةٌ يَدْعُونَ إِلَى ٱلْخَيْرِ وَيَأْمُرُونَ بِٱلْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ ٱلْمُنْكَرِ وَأُوْلَٰئِكَ هُمُ ٱلْمُفْلِحُونَ﴾[16] (اور تم میں سے ایک جماعت ایسی ہونی چاہیے جو بھلائی کی طرف بلائے اور نیک کاموں کا حکم کرے اور برے کاموں سے روکے)۔

اسلام نے ہماری زندگی کے ہر میدان سے متعلق اصول اور حدود و ضوابط مقرر کئے ہیں اور ہدایات دیں کہ حالات جیسے بھی ہوں انہی اصولوں اور حدود و ضوابط کی مدد سے رہنمائی حاصل کی جائے جن میں سے چند اہم درج ذیل ہیں:

ا۔ خبر کی تحقیق کے اُصول و ضوابط

- **تحقیق شدہ ابلاغ**

خبر دینا دراصل گواہی دینا ہے اور گواہی کے حوالے سے اسلامی تعلیمات بڑی واضح اور دوٹوک ہیں، ارشاداتِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَأَقِيمُواْ ٱلشَّهَادَةَ لِلَّهِ﴾[17] (اور اللہ کے لئے ٹھیک ٹھیک گواہی دو)۔

ابلاغ کا کام خبر پہنچانا ہے اور اسلامی اصولوں کے مطابق خبر کی تحقیق کئے بغیر اس کا ابلاغ کرنا قطعاً درست نہیں ہے، حکمِ ربانی ہے:

﴿يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ آمَنُوٓاْ إِن جَآءَكُمْ فَاسِقٌ بِنَبَإٍ فَتَبَيَّنُوٓاْ أَن تُصِيبُواْ قَوْمَا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُواْ عَلَىٰ مَا فَعَلْتُمْ نَادِمِينَ﴾[18] (اے ایمان والو! اگر تمھارے پاس کوئی گناہ گار خبر لے کر آئے تو تحقیق کر لو، ایسا نہ ہو کہ نادانی میں کسی قوم کو نقصان پہنچا دو پھر اپنے کیے پر پشیمانی اٹھاؤ)۔

مزید فرمایا:

﴿وَلاَ تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ إِنَّ ٱلسَّمْعَ وَٱلْبَصَرَ وَٱلْفُؤَادَ كُلُّ أُولَٰئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْؤُولاً﴾[19]

(جس بات کا یقینی علم نہ ہو اس کے پیچھے نہ ہو لیا کرو کیونکہ کان اور آنکھ اور دل ان میں سے ہر ایک سے پوچھ گچھ کی جانے والی ہے)۔

اسی بارے میں نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

''كَفَى بِالْمَرْءِ كَذِبًا أَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ''(۲۰).

(انسان کے جھوٹے ہونے کے لئے یہ کافی دلیل ہے کہ وہ جو کچھ سنے، اسے آگے بیان کر دے)۔

- **تحقیقِ خبر کے اسلامی اصول**

قرآنی اصول کے مطابق ہر خبر کی تحقیق ضروری ہے اور اسی وجہ سے محدثین نے کسی بھی روایت کو پرکھنے کے اصول وضع کئے ہیں، علامہ شبلی نعمانی کے مطابق پہلا اصول یہ تھا کہ جو واقعہ بیان کیا جائے اس شخص کی زبان سے بیان کیا جائے جو خود شریکِ واقعہ تھا، اگر خود نہ تھا تو شریکِ واقعہ تک تمام راویوں کے نام بترتیب بتائے جائیں،۔ اس کے ساتھ یہ بھی تحقیق کی جائے کہ جو اشخاص سلسلہء روایت میں آئے کون لوگ تھے، کیسے تھے، کیا مشاغل تھے، چال چلن کیسا تھا، حافظہ کیسا تھا، سمجھ کیسی تھی، ثقہ تھے یا غیر ثقہ، سطحی الذہن یا دقیقہ بین، عالم تھے یا جاہل؟ ان جزئی باتوں کا پتا لگانا سخت مشکل بلکہ ناممکن تھا، سینکڑوں ہزاروں محدثین نے اپنی عمریں اسی کام میں صرف کر دیں، ایک ایک شہر میں گئے، راویوں سے ملے، ان کے متعلق ہر قسم کی معلومات بہم پہنچائیں، جو لوگ ان کے زمانے میں موجود نہ تھے، ان کے دیکھنے والوں سے حالات دریافت کئے، ان تحقیقات کے ذریعے سے اسماء الرجال کا عظیم الشان فن تیار کیا(۲۱)۔

- **ابلاغ اور جھوٹی افواہ**

ابلاغ اور ذرائع ابلاغ کے کردار اور ذمہ داریوں کے حوالے سے قرآنِ کریم کا ایک اہم اصول یہ بھی ہے کہ افواہیں پھیلا کر افراتفری نہ پیدا کی جائے۔

﴿وَإِذَا جَآءَهُمْ أَمْرٌ مِّنَ ٱلأَمْنِ أَوِ ٱلْخَوْفِ أَذَاعُواْ بِهِ وَلَوْ رَدُّوهُ إِلَى ٱلرَّسُولِ وَإِلَىٰٓ أُوْلِى ٱلأَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ ٱلَّذِينَ يَسْتَنْبِطُونَهُ مِنْهُمْ﴾ (۲۲)

(جہاں انہیں کوئی خبر امن کی یا خوف کی ملی انہوں نے اسے مشہور کرنا شروع کر دیا، حالانکہ اگر یہ لوگ اسے رسول ﷺ کے اور اپنے میں سے ایسی باتوں کی تہہ تک پہنچنے والوں کے حوالے کر دیتے، تو اس کی حقیقت وہ لوگ معلوم کر لیتے جو نتیجہ اخذ کرتے ہیں۔

ہر معاشرے میں ایسے سلفہ مزاج لوگ ہوتے ہیں جن کا محبوب مشغلہ بے پر کی اڑانا اور غلط افواہیں پھیلانا ہوتا ہے، ایسی افواہیں خاندانوں، قبیلوں اور بسا اوقات قوموں کی تباہی کا پیش خیمہ ثابت ہوتی ہیں(۲۳)۔

- **ذرائع ابلاغ کے استعمال میں گمان اور قیاس کی ممانعت**

ذرائع ابلاغ کے استعمال کے معاملے میں یہ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ حد سے زیادہ گمان اور قیاس سے کام لیا جاتا ہے جبکہ اسلام اس کی حوصلہ شکنی کرتا ہے، اسی بارے میں فرمانِ الٰہی ہے:

﴿يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱجْتَنِبُواْ كَثِيراً مِّنَ ٱلظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ ٱلظَّنِّ إِثْمٌ﴾(۲۴)

(اے ایمان والو! بہت گمان کرنے سے پرہیز کرو بعض گمان گناہ ہوتے ہیں)۔

پھر ارشاد ہوا:

﴿إِن يَتَّبِعُونَ إِلاَّ ٱلظَّنَّ وَإِنْ هُمْ إِلاَّ يَخْرُصُونَ﴾

(وہ محض بے اصل خیالات پر چلتے ہیں اور بالکل قیاسی باتیں کرتے ہیں)۔

- **ابلاغ اور اکثریت کی رائے**

خبر کی صحت کا معیار کثرتِ رائے نہیں ہے بلکہ یہ صحافی کی ذمہ داری ہے کہ وہ خبر کی حقیقت معلوم کرے اور صحتِ خبر کا یقین حاصل کرنے کے بعد ہی خبر کو آگے پہنچائے، اکثریت کی رائے کے بارے میں حکمِ خداوندی ہے:

﴿وَإِن تُطِعْ أَكْثَرَ مَن فِى ٱلأَرْضِ يُضِلُّوكَ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ﴾(۲۵)

(اور دنیا میں زیادہ لوگ ایسے ہیں کہ اگر آپ ان کا کہنا ماننے لگیں تو وہ آپ کو اللہ کی راہ سے بے راہ کر دیں)۔

وقائع نگاری کے آداب

صحافت میں وقائع نگاری کو بنیادی اہمیت حاصل ہے، خبروں کی فراہمی اخبارات، ریڈیو اور ٹیلی وژن کے شعبہء خبر میں کئی کئی وقائع نگار اور علاقائی نامہ نگار مقرر ہوتے ہیں جو مختلف ذرائع سے خبریں اکھٹی کر کے اپنے اپنے اداروں کو مہیا کرتے ہیں، خبر رساں ایجنسیاں جو خبریں مہیا کرتی ہیں وہ بھی نامہ نگاروں ہی کی جمع کی ہوئی ہوتی ہیں۔ وقائع نگاری کے جہاں کچھ تکنیکی اصول ہوتے ہیں وہاں کچھ اسلامی ضابطے بھی ہیں۔ نامہ نگار کے لئے ضروری ہے کہ وہ حالات و واقعات اور مسائل و معاملات کی کچھ سوجھ بوجھ کے علاوہ خوش اخلاق، نیک نام، خدا ترس، خیر خواہ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ صادق اور امانتدار ہو، راز کو راز رکھنا جانتا ہو تاکہ باخبر حلقے اور ذرائع اپنا نام ظاہر ہو جانے کے اندیشے کے بغیر اسے بے تکلف رازہائے درونِ پردہ سے آگاہ کر سکیں۔ فنی اعتبار سے وقائع نگار میں خبر کی پہچان کے علاوہ موزوں سوال کرنے کی اہلیت کا ہونا بھی

ضروری ہے کوئی خبر یا اطلاع کسی سے سوال کر کے ہی معلوم کی جاسکتی ہے۔ وقائع نگار کے لئے ضروری ہے کہ خبر کی صحت کا بھی خاص خیال رکھے۔ معروضی وقائع نگاری کا مطلب محض اتنا ہی نہیں کی بات کو جوں کا توں بیان کر دیا جائے بلکہ یہ بھی ہے کہ ایسا کرتے ہوئے پورے احساسِ ذمہ داری سے کام لیا جائے[۲۶]۔

۲۔ اِبلاغ کے اُصول وضوابط

- **اظہارِ خیال میں شائستگی**

ابلاغ اور ذرائع ابلاغ کا استعمال چاہے کسی بھی صورت میں ہو اظہارِ خیال میں شائستگی اور نزاکت کا ہونا ضروری ہے اور یہ بھی قرآنِ کریم کا ایک اہم اصول ہے:﴿وَقُولُواْ لِلنَّاسِ حُسْناً﴾[۲۷] (اور لوگوں کو اچھی باتیں کہنا)۔

حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ کو جب فرعون کی طرف بھیجا تو تب بھی نرمی سے بات کرنے کی تاکید کی، ارشاد ہوا: ﴿فَقُولاَ لَهُ قَوْلاً لَّيِّناً﴾[۲۸] (تم دونوں اس سے نرمی کے ساتھ بات کرنا)۔

- **ہر خبر کی اشاعت**

اس امر میں کوئی شک نہیں ہے کہ ابلاغ دراصل خبر دوسروں تک پہنچانے سے عبارت ہے، مگر اس حوالے سے ایک اہم نقطہ یہ بھی ہے کہ کیا یہ ضروری ہے کہ ہر خبر کا ابلاغ کیا جائے اور ہر خبر کو دوسروں تک ہر حال میں پہنچایا جائے۔ درحقیقت ایسا نہیں ہے، قران وحدیث اس بارے میں بڑی واضح ہدایات موجود ہیں،

اسی امر کی وضاحت میں نبی کریم ﷺ کی سیرتِ طیبہ سے ایک دلچسپ مثال ملتی ہے اور یہ آپ ﷺ پر جادو کئے جانے کا واقعہ ہے، امام بخاریؒ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا سے یہ حدیث روایت کی ہے، جب حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا نے نبی کریم ﷺ سے دریافت کیا کہ آپ ﷺ وہ جادو والے کنگھی اور بال وغیرہ نکال کر کیوں نہیں لائے تو جو جواب آپ ﷺ نے دیا وہ اس امر پر دلالت کرتا ہے ہر بات اور ہر خبر کو عوام کے سامنے لانا ضروری نہیں ہوتا ہے۔

﴿فَقُلْتُ اسْتَخْرَجْتَهُ فَقَالَ لَا أَمَّا أَنَا فَقَدْ شَفَانِي اللَّهُ وَخَشِيتُ أَنْ يُثِيرَ ذَلِكَ عَلَى النَّاسِ شَرًّا ثُمَّ دُفِنَتْ الْبِئْرُ﴾[۲۹]

(تو میں نے کہا آپ ﷺ اس (کنگھی اور بال وغیرہ) کو نکال لیتے تو آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں، جہاں تک میرا معاملہ ہے تو اللہ تعالیٰ نے مجھے شفا دے دی ہے اور مجھے ڈر ہے کہ (اس کو نکالنے سے) لوگوں پر برا اثر ہو گا، پھر اس کنوئیں کو بند کر دیا گیا)۔

اس نص کی روشنی میں یہ اخذ کیا جا سکتا ہے کہ کوئی ایسی خبر جس میں کسی کی ذات یا ذاتی زندگی پہ حملہ ہو، شائع کرنا ضروری نہیں ہے، اسی طرح فحاشی سے متعلقہ خبریں، جرائم، مقدمات، اغوا، بدکاری جیسی خبروں کو شائع کرنے سے فائدے کے مقابلے میں نقصان ہونے کا امکان زیادہ ہے۔ اگر ایسے جرائم ثابت بھی ہو جائیں تو بغیر تصویر کے شائع کرنی چاہیے۔ یہی معاملہ مذہبی اور مسلکی معاملات کا بھی ہے۔

- **ابلاغ اور ظلم کے خلاف احتجاج کا حق**

کسی بھی صورت میں ظلم کا ساتھ نہیں دینا چاہئے اور اگر خود انسان کے ساتھ یا کسی اور کے ساتھ ظلم ہو تو اسلام میں ابلاغ کے اصول سرگرمِ عمل ہو جاتے ہیں:

﴿لاَّ يُحِبُّ ٱللَّهُ ٱلْجَهْرَ بِٱلسُّوۤءِ مِنَ ٱلْقَوْلِ إِلاَّ مَن ظُلِمَ﴾ (۳۰)

(برائی کے ساتھ آواز بلند کرنے کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں فرماتا مگر مظلوم کو اجازت ہے)۔

پھر ارشاد ہوا:

﴿وَأَنَّهُمْ يَقُولُونَ مَا لاَ يَفْعَلُونَ إِلاَّ ٱلَّذِينَ آمَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّالِحَاتِ وَذَكَرُواْ ٱللَّهَ كَثِيراً وَٱنتَصَرُواْ مِن بَعْدِ مَا ظُلِمُواْ وَسَيَعْلَمُ ٱلَّذِينَ ظَلَمُوۤاْ أَيَّ مُنقَلَبٍ يَنقَلِبُونَ﴾ (۳۱)

(اور وہ کہتے ہیں جو نہیں کرتے مگر وہ جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے اور بکثرت اللہ کی یاد کیا اور بدلہ لیا انھوں نے اس کے بعد کہ ان پر ظلم ہوا اور وہ جاننا چاہتے ہیں کہ ظالم کس کروٹ پر پلٹا کھائیں گے)۔

جھوٹ میں دوسروں کی تائید اور ظلم میں مدد نہیں کرنی چاہئے بلکہ آزادی سے حق کی آواز بلند کرنی چاہئے، اسی حوالے سے پھر ارشاد ہوا: ظلم کے خلاف آواز کے حوالے سے نبی کریم ﷺ کا ایک اور حکم ہے:

''أَفْضَلُ الْجِهَادِ كَلِمَةُ عَدْلٍ عِنْدَ سُلْطَانٍ جَائِرٍ أَوْ أَمِيرٍ جَائِرٍ'' (۳۲).

(افضل ترین جہاد جابر سلطان کے سامنے کلمہ حق کہنا ہے)۔

- **فواحش کے سدِباب پر مبنی ابلاغ**

ابلاغ اور ذرائع ابلاغ کے کردار اور ذمہ داریوں کے حوالے سے قرآنِ کریم کا ایک اہم اصول ہے کہ فواحش کو پھیلنے سے روکا جائے، ارشادِ ربانی ہے:

﴿إِنَّ ٱلَّذِينَ يُحِبُّونَ أَن تَشِيعَ ٱلْفَاحِشَةُ فِي ٱلَّذِينَ آمَنُواْ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ فِي ٱلدُّنْيَا وَٱلآخِرَةِ وَٱللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لاَ تَعْلَمُونَ﴾ (۳۳)

(بے شک وہ لوگ جو چاہتے ہیں کہ اہل ایمان میں فحش پھیلے، وہ دنیا اور آخرت میں دردناک سزا کے مستحق ہیں، اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے)۔

- **ابلاغ اور تحفظِ آبرو**

آبرو کے تحفظ پر اسلام بہت زور دیتا ہے اور کسی پر تہمت لگانے کی شدید مذمت کرتا ہے، حکمِ ربانی ہے:

﴿وَٱلَّذِينَ يَرْمُونَ ٱلْمُحْصَنَاتِ ثُمَّ لَمْ يَأْتُواْ بِأَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَٱجْلِدُوهُمْ ثَمَانِينَ جَلْدَةً وَلاَ تَقْبَلُواْ لَهُمْ شَهَادَةً أَبَداً وَأُوْلَئِكَ هُمُ ٱلْفَاسِقُونَ﴾ (۳۴)

(اور جو لوگ پاک دامن عورتوں پر تہمت لگائیں، پھر چار گواہ لے کر نہ آئیں، ان کو اسی کوڑے مارو اور ان کی شہادت کبھی قبول نہ کرو اور وہ فاسق ہیں)۔

ابلاغ اور ذرائع ابلاغ کے کردار اور ذمہ داریوں کے حوالے سے قرآنِ کریم کا ایک اہم اصول یہ بھی ہے کہ اس سارے عمل میں کسی دوسرے انسان کی دل آزاری نہ ہونے پائے، کسی کا مذاق نہ اڑایا جائے، آبرو کے تحفظ کے بارے میں نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے:

''كُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهُ وَمَالُهُ وَعِرْضُهُ''(۳۵).

(مسلمان کا مسلمان پر خون، مال اور عزت و آبرو حرام ہے)۔

اسی بارے میں نبی کریم ﷺ کے ارشادات بھی بہت اہم ہیں:

''وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ''(۳۶).

(اور شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی کرے گا)۔

- **مذہبی دل آزاری کا سبب بننے والے ابلاغ کی ممانعت**

اسلام اس امر کا روادار نہیں کہ مختلف مذہبی گروہ ایک دوسرے کے خلاف دریدہ دہنی سے کام لیں اور ایک دوسرے کے پیشواؤں پر کیچڑ اچھالا کریں، قرآنِ کریم میں ہر شخص کے مذہبی معتقدات اور اس کے پیشوایانِ مذہب کا احترام کرنا سکھایا گیا ہے، مختلف مذاہب اور معتقدات پر دلیل سے گفتگو کرنا اور معقل

طریق سے تنقید کرنا یا اظہارِ اختلاف کرنا تو آزادیءاظہار کے حق میں شامل ہے، مگر دل آزاری کے لئے بد گوئی کرنا روا نہیں ہے[۳۷]۔

﴿وَلاَ تَسُبُّواْ ٱلَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ﴾ [۳۸]

(اور گالی مت دو ان کو جن کی یہ لوگ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عبادت کرتے ہیں)۔

- **بامقصد ابلاغ**

خبر کی تلاش میں کسی کے بھی ذاتی معاملات میں مداخلت کو اسلام سخت ناپسند کرتا ہے، اسی بارے میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلاَ تَجَسَّسُواْ وَلاَ يَغْتَب بَّعْضُكُم بَعْضاً﴾ [۳۹]

(اور تجسس نہ کرو اور تم میں سے کوئی کسی کی غیبت نہ کرے)۔

- **درست اور انصاف پر مبنی ابلاغ**

ابلاغ اور ذرائع ابلاغ کے کردار اور ذمہ داریوں کے حوالے سے قرآنِ کریم کا ایک اہم اصول یہ بھی ہے کہ ہمیشہ سیدھی بات کی جائے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿يٰأَيُّهَا ٱلَّذِينَ آمَنُواْ ٱتَّقُواْ ٱللَّهَ وَقُولُواْ قَوْلاً سَدِيداً﴾[۴۰] (اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سیدھی سیدھی بات کیا کرو)۔

﴿وَإِذَا قُلْتُمْ فَٱعْدِلُواْ وَلَوْ كَانَ ذَا قُرْبَىٰ﴾[۴۱]

(اور جب تم بات کرو تو انصاف کرو، گو کہ وہ شخص قرابت دار ہی ہو)۔

- **ابلاغ میں متین طرز گفتگو**

متانت اعتدال اور توازن اسلام کے اہم اصولوں میں سے ہیں اور ابلاغ اور ذرائع ابلاغ کے کردار اور ذمہ داریوں کے ضمن میں اسلام یہ اصول دیتا ہے کہ جو بھی بات یا خبر آگے دی جائے تو انداز متین ہو اور اعتدال کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے، قرآنِ کریم کا ارشاد ہے:

﴿وَٱغْضُضْ مِن صَوْتِكَ إِنَّ أَنكَرَ ٱلأَصْوَاتِ لَصَوْتُ ٱلْحَمِيرِ﴾[۴۲]

(اور اپنی آواز پست کر یقیناً آوازوں میں سب سے بدتر آواز گدھوں کی آواز ہے)۔

اسی بارے میں نبی کریم ﷺ کا طرزِ عمل بھی رہنمائی فراہم کرتا ہے:

''كَانَ كَلَامُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلَامًا فَصْلًا يَفْهَمُهُ كُلُّ مَنْ سَمِعَهُ''[۴۳]

(رسول اللہ ﷺ کا کلام ایک دوسرے سے الگ الگ ہوتا تھا اور جو کوئی اس کو سنتا تھا سمجھ لیتا تھا)۔

ابلاغ اور فتنہ پردازی

اسلام کی نظر میں وہ ابلاغ، ابلاغ ہے ہی نہیں کہ جو فتنے اور فساد کا باعث ہو اور اسلام فتنے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہے۔ ارشاد ہوا:

﴿وَٱلْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ ٱلْقَتْلِ﴾(۴۴)

(اور فتنہ پردازی قتل سے زیادہ سخت ہے)۔

ابلاغ اور کلامِ دلفریب

ذرائع ابلاغ کا استعمال انتہائی ذمہ داری کا کام ہے اور اسے بہت سنجیدگی سے کرنے کی ضرورت ہے، اس حوالے سے بھی اسلام اصول اور ضابطے فراہم کرتا ہے۔ قرآنِ کریم کا ارشاد ہے:

﴿وَمِنَ ٱلنَّاسِ مَن يَشْتَرِى لَهْوَ ٱلْحَدِيثِ لِيُضِلَّ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّخِذَهَا هُزُواً أُوْلَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ﴾(۴۵)

(اور بعض لوگ ایسے بھی ہیں جو لغو باتوں کو مول لیتے ہیں کہ بے علمی کے ساتھ لوگوں کو اللہ کی راہ سے بہکائیں اور اسے ہنسی بنائیں، یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے رسوا کرنے والا عذاب ہے)۔

- **ابلاغ میں صبر اور عفو درگذر**

ممکن ہے کہ ذرائع ابلاغ کے درست اور جرات مندانہ استعمال کو کچھ لوگ پسند نہ کریں اور ان کا ردعمل انسان کو غیر مناسب رویہ اختیا کرنے پر مجبور کر سکتا ہے، مگر اسلام اس چیز کی اجازت نہیں دیتا ہے، اسلام کا اصول یہ ہے کہ برائی کے بدلے میں بھی اچھائی کی جائے۔ ہدایتِ قرآنی ہے:

﴿وَلاَ تَسْتَوِى ٱلْحَسَنَةُ وَلاَ ٱلسَّيِّئَةُ ٱدْفَعْ بِٱلَّتِى هِىَ أَحْسَنُ فَإِذَا ٱلَّذِى بَيْنَكَ وَبَيْنَهُ عَدَاوَةٌ كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيمٌ﴾(۴۶)

(نیکی اور بدی برابر نہیں ہوتی، برائی کو بھلائی سے دفع کرو پھر وہی جس کے اور تمہارے درمیان دشمنی ہے ایسا ہو جائے گا جیسے دلی دوست)۔

برائی کے جواب میں اسلام حتی الامکان اچھائی کرنے اور اس کا سدِباب جہاں تک ممکن ہو کرنے کی ہدایت کرتا ہے

ابلاغ میں تحریف کی ممانعت

اکثر ایسا دیکھنے میں آتا ہے کہ خبر ہوتی کچھ ہے اور اس میں کسی نہ کسی وجہ سے، دانستہ یا نادانستہ ایسی تبدیلی ہو جاتی ہے کی خبر کی اصل صورت ہی تبدیل ہو جاتی ہے، اسلام اس امر کی مذمت کرتا ہے اور اس کی اجازت نہیں دیتا ہے۔ اللہ عزوجل کا فرمان ہے:

﴿مِّنَ ٱلَّذِينَ هَادُواْ يُحَرِّفُونَ ٱلْكَلِمَ عَن مَّوَاضِعِهِ﴾(۴۷)

(بعض یہود کلمات کو ان کی ٹھیک جگہ سے ہیر پھیر کر دیتے ہیں)۔

﴿إِنَّ ٱلَّذِينَ يُلْحِدُونَ فِيٓ آيَاتِنَا لاَ يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا﴾(۴۸)

(بے شک جو لوگ ہماری آیات میں کج روی کرتے ہیں وہ ہم سے مخفی نہیں ہیں)۔

- **ذرائع ابلاغ کے استعمال میں لالچ سے اجتناب**

ذرائع ابلاغ کے استعمال میں لالچ کے عنصر کا بھی چاہتے نہ چاہتے ہوئے کسی نہ کسی صورت میں کچھ نہ کچھ عمل دخل ضرور ہوتا ہے۔ لالچ کسی بھی صورت میں ہو اسلام اس کی حوصلہ شکنی کرتا ہے، چنانچہ قرآنی ہدایت ہے:

﴿وَلاَ تَشْتَرُواْ بِعَهْدِ ٱللَّهِ ثَمَناً قَلِيلاً إِنَّمَا عِنْدَ ٱللَّهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ﴾(۴۹)

اور تم اللہ کے عہد کو تھوڑے مول کے بدلے نہ بیچ دیا کرو، یاد رکھو اللہ کے پاس کی چیز ہی تمہارے لئے بہتر ہے بشرطیکہ تمہیں علم ہو۔

- **ذرائع ابلاغ کے ذریعے فرقہ بندی اور عصبیت کا سدِباب**

خبر کے ابلاغ اور ابلاغ کے انداز میں اس امر کو ملحوظِ خاطر رکھنا لازمی ہے کہ کہیں اس ابلاغ میں فرقہ بندی اور عصبیت کا شائبہ بھی نہ ہو، فرقہ بندی اور عصبیت ایسے ناسور ہیں کہ جنہوں نے ہمارے معاشرے کی بیخ کنی کی ہے اور اس حوالے سے ذرائع ابلاغ کے کردار کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہے، اسلام میں فرقہ بندی اور عصبیت کی کوئی گنجائش نہیں ہے، اس بارے میں خالق کائنات کا فیصلہ دوٹوک ہے:

﴿إِنَّ ٱلَّذِينَ فَرَّقُواْ دِينَهُمْ وَكَانُواْ شِيَعاً لَّسْتَ مِنْهُمْ فِي شَيْءٍ إِنَّمَآ أَمْرُهُمْ إِلَى ٱللَّهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُم بِمَا كَانُواْ يَفْعَلُونَ﴾(۵۰)

(جن لوگوں نے اپنے دین کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور گروہ گروہ بن گئے یقیناً تمہارا ان سے کوئی واسطہ نہیں ان کا معاملہ تو اللہ کے سپرد ہے وہی ان کو بتائے گا کہ انہوں نے کیا کچھ کیا ہے)۔

رسول اللہ ﷺ نے بھی عصبیت کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے:

''لَيْسَ مِنَّا مَنْ دَعَا إِلَى عَصَبِيَّةٍ وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ قَاتَلَ عَلَى عَصَبِيَّةٍ وَلَيْسَ مِنَّا مَنْ مَاتَ عَلَى عَصَبِيَّةٍ''[۵۱]۔

(وہ شخص ہم میں سے نہیں ہے جو عصبیت کی دعوت دے اور وہ شخص بھی ہم میں سے نہیں ہے جو عصبیت کی بنیاد پر جنگ کرے اور ہم میں سے وہ بھی نہیں ہے جو عصبیت کی حالت میں مرے)۔

- **ابلاغ میں راز کی حفاظت**

ذرائع ابلاغ کے ذمہ دارانہ استعمال میں ایک اہم نکتہ یہ بھی ہے کہ رازداری کا خیال کیا جائے، ظاہر ہے خبر کسی ذریعے سے ملتی ہے اور ذریعے کو صیغہ ءراز میں رکھنا صحافی کی بنیادی ذمہ داری میں شامل ہے، سرورِ کائنات کا ارشادِ گرامی ہے: ''إِذَا حَدَّثَ الرَّجُلُ بِالْحَدِيثِ ثُمَّ الْتَفَتَ فَهِيَ أَمَانَةٌ''[۵۲] (جب کوئی آدمی تم سے بات کرے اور اِدھر اُدھر مڑ کر دیکھے تو اس کی یہ بات تمہارے پاس امانت ہے

- **ابلاغ اور جاہلوں سے اعراض**

ہر انسان سے بحث کرنا ہوتی ہے اور نہ ہی ہر کسی کی ہر ایک بات کا جواب دینا ہوتا ہے، ذرائع ابلاغ کے حوالے سے یہ بات مشاہدے میں آئی ہے کہ صحافی حضرات بے جا اور بے مقصد بحث کا حصہ بن جاتے ہیں اور ایسے میں اصل مقصد فوت ہو جاتا ہے، اس بارے میں قرآنِ پاک کے درج ذیل ارشادات واضح رہنمائی اور ہدایات فراہم کرتے ہیں: ﴿خُذِ ٱلْعَفْوَ وَأْمُرْ بِٱلْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ ٱلْجَٰهِلِينَ﴾ [۵۳]

(آپ درگزر کو اختیار کریں اور نیک کام کی تعلیم دیں اور جاہلوں سے ایک کنارہ ہو جائیں)۔

﴿وَإِذَا سَمِعُواْ ٱللَّغْوَ أَعْرَضُواْ عَنْهُ وَقَالُواْ لَنَآ أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ سَلَٰمٌ عَلَيْكُمْ لَا نَبْتَغِى ٱلْجَٰهِلِينَ﴾ [۵۴] (اور جب بیہودہ بات کان میں پڑتی ہے تو اس سے کنارہ کر لیتے ہیں اور کہہ دیتے ہیں کہ ہمارے اعمال ہمارے لئے اور تمہارے اعمال تمہارے لئے، تم پر سلام ہو، ہم جاہلوں سے (الجھنا) نہیں چاہتے)۔

- **ذرائع ابلاغ میں ناجائز مدح سرائی سے پرہیز**

اکثر و بیشتر ایسا دیکھنے میں آتا ہے کہ ذرائع ابلاغ سے متعلقہ افراد اپنے فرائض کی ادائیگی میں اپنے اصل ہدف کو کھو کر ان لوگوں کی خوشنودی میں لگ جاتے ہیں کہ جن سے ان کو کسی فائدے کی امید ہوتی

ہے، ایسا صرف ذرائع ابلاغ کے ساتھ ہی خاص نہیں ہے اور نبی کریم ﷺ کا یہ حکم اس حوالے سے انتہائی اہمیت کا حامل ہے:

''من أرضى سلطانا بسخط ربه عز و جل خرج من دين الله تبارك و تعالى''[۵۵]۔

(جس نے کسی صاحبِ اقتدار کو راضی کرنے کے لئے وہ بات کہی جو اس کے رب کو ناراض کر دے تو وہ اللہ تعالیٰ کے دین سے نکل گیا)۔

آپ ﷺ نے مزید فرمایا:

''إِذَا رَأَيْتُمْ الْمَدَّاحِينَ فَاحْثُوا فِي وُجُوهِهِمْ التُّرَابَ''[۵۶]۔

(جب تم ثناخوانوں کو تعریف کرتے دیکھو تو ان کے مونہوں میں مٹی بھرا کرو)۔

- **آزادیءرائے اور تکریمِ انسانیت**

اللہ تبارک وتعالیٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات بنایا اور آدمؑ کی ہر اولاد کو عزت سے نوازا، ارشاد ہوا:

﴿وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِي آدَمَ---﴾[۵۷] (یقیناً ہم نے اولادِ آدم کو بڑی عزت دی)۔

اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک مسلمان کے جان ومال اور خون کا احترام بیت اللہ سے بھی زیادہ ہے، آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ:

''الْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُهُ وَمَالُهُ وَعِرْضُهُ''[۵۸]۔

(ہر مسلمان دوسرے مسلمان کی جان، مال اور عزت حرام ہے)۔

پھر فرمایا:

بدترین زیادتی کسی مسلمان کی عزت پر ناحق حملہ کرنا ہے[۵۹]۔

مگر آج معاملہ کچھ اور ہے، ایک مسلمان کے جان ومال اور خون کی نہ کوئی قیمت ہے نہ توقیر، جب چاہا جسے چاہا، آزادیءرائے کی آڑ میں جو جی میں آیا کہہ دیا، یہ ہمارے پیارے رسولِ عربی کی تعلیمات کے بالکل منافی ہے۔

اسلام میں مطلق آزادی نہ فرد کو حاصل ہے نہ جماعت کو اور نہ اس کی گنجائش موجود ہے۔ سب اپنے رب کی منشا کے مطابق عمل کرنے کے پابند ہیں تاہم اسلام کے دائرے میں رہتے ہوئے انسان کو جو آزادی حاصل ہے وہ اس کا بنیادی حق ہے۔ تمام افراد اور ادارے ربِ کریم کی منشا پوری کرنے کے پابند ہیں۔ فرد، ریاست اور ذرائع ابلاغ سب کا مقصد خیر کا فروغ اور شر کا انسداد ہے، سب کے حقوق اور فرائض

اور دائرہ کار متعین ہیں۔ اسلامی معاشرے میں ذرائع ابلاغ مغربی معاشرے کی طرح آزاد نہیں ہوتے اور اس ضابطہء اخلاق کے پابند ہوتے ہیں جس کی پابندی معاشرے کے افراد اور دوسرے اداروں پر لازم ہے[۶۰]۔

۳۔ مزاح نگاری کے آداب

نبی کریم ﷺ کی زندگی سے شگفتہ مزاح کی کئی مثالیں ملتی ہیں، چاہے وہ بڑھیا کے جنت میں جانے کی بات ہو یا ام ایمن رضی اللہ عنہا کو اونٹ دینے کا واقعہ ہو اور اسی سے مزاح کا جواز ملتا ہے۔ تاہم مذاق کرنے اور دوسروں کا مذاق اڑانے میں بہت فرق ہے۔ مذاق اڑانے سے مراد محض زبان ہی سے کسی کا مذاق اڑانا نہیں ہے بلکہ کسی کی نقل اتارنا، اس کی طرف اشارے کرنا اس کی بات کا کام پر ہنسنا یا اس کے کسی نقص یا عیب کی طرف لوگوں کی توجہ دلانا، یہ سب بھی مذاق اڑانے میں داخل ہے۔ کسی کی تضحیک میں لازماً اپنی بڑائی اور دوسرے کی تذلیل و تحقیر اور دل آزاری شامل ہوتی ہے جو اخلاقاً سخت معیوب ہے اور اسی بنا پر اس فعل کو حرام کیا گیا ہے[۶۱]۔

۴۔ تصویری ابلاغ کی شرعی حدود

یوں تو تصویر کشی کا معاملہ ویسے بھی متنازعہ رہا ہے تاہم فقہ کے اس اصول سے اس تنازعہ کو حل کرنے میں ہمیشہ مدد ملی ہے، الضرورات تبیح المحظورات یعنی انسان کی حقیقی ضروریات کے لئے وہ چیزیں جائز ہو جاتی ہیں جو بجائے خود ناجائز ہیں۔ تاہم تصویری ابلاغ کے حوالے سے چند شرعی اور اخلاقی ہدایات قابلِ ذکر ہیں۔

- جو شخص تصویر کا موضوع ہو اس کی اجازت کے بغیر تصویر نہ چھاپی جائے۔
- جب تصویر کا موضوع شخص رضاکارانہ طور پر اپنے آپ کو پبلک کے سامنے پیش کرے۔
- جب عام دلچسپی کی کسی خبر کے ساتھ کوئی تصویر دی جائے۔
- جن لوگوں کو اخلاقی جرائم کے سلسلے میں پکڑا جائے ان کی تصاویر نہ چھاپی جائیں۔
- گرفتار شدہ فاحشہ عورتوں کی تصویر چھاپنا نامناسب ہے۔
- مسخ شدہ لاشوں کی تصویر بھی نہ چھاپی جائے۔
- تصویر میں کوئی تبدیلی یعنی تحریف نہ کی جائے[۶۲]۔

۵۔ اشتہارات کے اُصول وضوابط

افراد کے تعارف، تصورات، منصوبوں کی تشہیر، مصنوعات کو روشناس کرانے اور خدمات کے اشتہار کی ضرورت ہر دور میں محسوس کی گئی ہے، ذرائع ابلاغ کی ترقی کے بعد کام اشتہار بازی سے لیا جانے لگا جو رفتہ رفتہ باقاعدہ ایک فن بن گیا اور اشتہارات کو ذرائع ابلاغ خصوصاً اخبارات، رسائل، ریڈیو اور ٹیلی وژن کی معیشت میں شہ رگ کا درجہ حاصل ہو گیا، تاہم مسلمان صحافی، مسلمان مالکِ اخبار اور اشتہار دینے والا مسلمان تاجر یا کوئی بھی فرد مسلمان ہونے کی حیثیت میں بہر حال اسلامی ضابطہء حیات کا پابند ہے، اسے اسلامی احکام و تعلیمات کی رو سے یہ دیکھنا ہو گا کہ اشتہار میں کوئی قباحت نہیں ہے، اشتہار سازی کا مقصد لوگوں کو ترغیب دلا کر مصنوعات کے خریدنے اور خدمات کے حصول پر آمادہ کرنا ہے، ایسی صورت میں اشتہار سازی کا عمل کسی فرد، گروہ یا چیز کی سفارش کی حیثیت رکھتا ہے (۶۳)۔ سفارش کے حوالے سے ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

﴿مَّن يَشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَكُنْ لَّهُ نَصِيبٌ مِّنْهَا وَمَن يَشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَكُنْ لَّهُ كِفْلٌ مِّنْهَا﴾ (۶۴) (جو بھلائی کی سفارش کرے گا وہ اس میں سے حصہ پائے گا اور جو برائی کی سفارش کرے گا وہ اس میں سے حصہ پائے گا)۔

یہ وہ چند چیدہ چیدہ اصول ہیں جو قرآن و حدیث کی روشنی میں ذرائع ابلاغ کے حوالے سے ضابطہء اخلاق فراہم کرتے ہیں۔ یہ اصول یہ وضاحت کرتے ہیں کہ ایک اسلامی معاشرے میں ذرائع ابلاغ کس طرح سے کام کریں گے۔ تعلقاتِ عامہ کے شعبے میں کام کرنے والوں پر اصلاحِ معاشرہ اور حقائق بیان کرنے کے ضمن میں کیا ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ ذرائع ابلاغ سے متعلقہ تمام شعبوں کے بارے میں یہ اصول رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

ایک مسلمان صحافی کا اولین فرضیہ ہے کہ وہ نہ صرف اپنی ذاتی زندگی میں اسلام کے احکام و تعلیمات پر عمل کرے بلکہ اپنے پیشہ وارانہ فرائض میں بھی اس بات کو ہمیشہ ملحوظ رکھے کہ اس کا قلم اور زبان ٹھیک ٹھیک اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے لئے استعمال ہوں۔ یوں ایک مسلمان صحافی کا کردار دعوتِ دین کے داعی اور مبلغ کی طرح ہوتا ہے (۶۵)۔

دور حاضر میں صحافتی ضابطہء اخلاق

بین الاقوامی صحافتی ضابطہء اخلاق

بین الاقوامی صحافتی ضابطہء اخلاق کے مطابق آزادیء صحافت کی بہتر طور پر حفاظت کا تقاضا یہ ہے کہ صحافت اور ابلاغِ اجتماعی کے دوسرے اداروں میں کام کرنے والے مسلسل اور رضاکارانہ طور پر جدوجہد

کریں تا کہ ذمہ داری کا اعلیٰ احساس قائم رہے اور واقعات کا بیان اور حقائق کی ترجمانی اور تاویل میں صدارت کا اصول ان کے لئے مشعلِ راہ بنا رہے۔ بین الاقوامی صحافتی ضابطہء اخلاق کے بنیادی اصول یہ ہیں: فلاحِ عامہ ،عظمتِ آدم اور شرافتِ انسانی، تعلیمی، معلوماتی اور تفریحی مواد کی خبروں کو احتیاط سے چھاپا جائے، ہر تعمیری کام اور سرگرمی کی حفاظت کی جائے، صداقت، صحتِ معلومات، غیر جانبداری، شائستگی اور معاشرتی اقدار کی ترجمانی کی جائے ،عدالتوں کے نظم و نسق میں مداخلت نہ کی جائے، عوام الناس کی عزتوں کو محفوظ رکھا جائے، تصویری صحافت، کارٹون اور اشتہارات میں بھی ضابطہء اخلاق کی پابندی ضروری ہے[٦٦]۔

پاکستان میں رائج صحافتی ضابطہء اخلاق

پاکستان میں دو قسم کے صحافتی ضابطہء اخلاق ہیں، ایک کا نام کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹر کا ضابطہء اخلاق اور دوسرے کا نام پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ کا ضابطہء اخلاق ہے۔ اول الذکر کی تدوین اور تیاری کا کام ۱۹۶۳ء میں شروع کیا گیا اور اس میں تین مرتبہ نظر ثانی کر کے کچھ نکات حذف بھی کئے گئے۔ یہ ضابطہء اخلاق چودہ نکات پر مشتمل ہے، مؤخر الذکر کو صحافیوں کی تنظیم نے ۱۹۵۰ء میں اپنے لئے مرتب کیا اور یہ تیرہ نکات پر مشتمل ہے[٦٧]۔

تمام نکات کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نکات عمومی صحافتی اصولوں کے تحت ترتیب دیے گئے ہیں اور اسلامی مملکت ہونے کے ناطے اسلامی ضابطہء اخلاق سے کماحقہ رہنمائی نہیں حاصل کی گئی ہے۔

صحافتی اخلاقیات اور پاکستانی میڈیا

قرآن وحدیث اور تعلیماتِ نبوی ﷺ کی روشنی میں ابلاغ کے تصور، اس کے خدوخال اور اصولوں اور حدود وضوابط کے تناظر میں اگر پاکستانی میڈیا کے کردار کا جائزہ لیا جائے تو یہ کہنے میں شاید کسی کو بھی تأمل نہ ہو کہ مملکتِ خداداد پاکستان میں ذرائع ابلاغ کا شرعی اصولوں کے مطابق استعمال کہیں بہت کم اور کہیں نہ ہونے کے برابر ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کے لئے دوڑ لگی ہوئی ہے، ریٹنگ کی جنگ ہے، ذرائع ابلاغ کا ناجائز استعمال خوف کی علامت بن گیا ہے، یہ ممکن ہی نہیں ہے کہ آپ کسی ایک صحافی کے خلاف حق بات بھی کر سکیں کیونکہ اپنی عزت کا خیال آڑے آجاتا ہے، ذرائع

ابلاغ کا کردار وہ ہے جس کی ان سے توقع ہے اور نہ یہ اپنی ذمہ داریاں کماحقہ ادا کر رہے ہیں۔ نہ صداقت ہے نہ مقصدیت اور نہ ہی معروضیت دکھائی دیتی ہے، خبر کی کماحقہ تحقیق نہیں کی جاتی ہے، جانبداری اور سیاسی وابستگیوں کی جھلک بہت واضح نظر آتی ہے، اخباروں اور چینلز کی حکومتی اور غیر حکومتی تقسیم کی جاتی ہے، مختلف اخبارات اور ٹی وی چینلز پر یہ الزام ہے کہ وہ مختلف سیاسی جماعتوں کی حمایت کرتے ہیں، ذرائع ابلاغ کا آزادیءرائے کے نام پہ ایسا بے لگام استعمال کیا جاتا ہے کہ قومی سلامتی کے ادارے بھی اس کی زد میں آنے سے بچ نہیں سکتے ہیں، بلیک میل کرنے کی وطیرہ بہت عام ہو گیا ہے اور اس سب میں عوام الناس کے کردار کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا ہے۔ مذاکرے اور ٹاک شوز میں گفتگو اور اندازِ گفتگو کا معیار ایسا نہیں ہوتا کی جیسا ہونا چاہیے، مارننگ شوز میں جو کچھ پیش کیا جاتا ہے وہ کسی طرح بھی اسلامی تعلیمات اور اسلامی ثقافت کا آئینہ نہیں ہوتا، پہلے ہر ایک گھنٹے بعد خبریں نشر کی جاتی تھیں پھر آدھے گھنٹے بعد اور اب جب ہر پندرہ منٹ بعد کوئی نہ کوئی خبر دینی ہی ہے کیونکہ خبروں کا وقت ہو گیا ہے تو ایسے میں ذرائع ابلاغ کے قانونی اور اخلاقی تقاضے پورا کرنا ذرا مشکل ہو جاتا ہے۔ فوری خبر اگر فوری نہ بھی ہو تو اسے فوری خبر بنانے کی کوشش کی جاتی ہے، خبروں کے ساتھ گانے جوڑ دینا سمجھ سے بالاتر ہے، ہر کوئی صحافی بن سکتا ہے اور اسکے لئے کسی بھی قسم کی تربیت کی ضرورت نہیں ہے، صحافی ہر کسی سے سوال کر سکتا ہے مگر آپ کسی صحافی سے سوال نہیں کر سکتے ہیں، کوئی اخبار یا چینل کسی دوسرے اخبار یا چینل کا کسی بھی صورت میں ذکر کرنے کو تیار نہیں ہے سوائے اس کو نیچا دکھانے کے، سب سے پہلے کس نے خبر دی قطع نظر اس کے کہ کیا خبر دی جا رہی ہے اور یہ بھیکہ ہمارے خبر نشر کرنے کی وجہ سے فلاں مسئلہ حل ہوا ہے، کئی نامی گرامی صحافیوں کی شخصیات متنازع ہیں، اس کے علاوہ عورت کی بے حجابانہ نمائش اَذہان و قلوب کی پراگندگی اور انتشار کا باعث ہے، ہر جرم کی کہانی کو دوبارہ ڈرامے کی صورت میں دکھانا کسی طرح سے بھی مناسب معلوم نہیں ہوتا ہے، ایسا محسوس ہوتا ہے کہ مغربی اور ہمسایہ ممالک کی اندھی تقلید نے ہمیں یہ سب کرنے پر مجبور کر دیا ہے اور ایسا کرنے میں ہم نے صحافتی اخلاقیات کو نظر انداز کر دیا ہے۔

پاکستان ترقی پذیر ممالک میں شمار ہوتا ہے ، یہاں کئی نسلوں کے لوگ آباد ہیں لیکن اکثریت مسلمانوں کی ہے جو اسلام کے مضبوط رشتے سے منسلک ہیں، ان مسلمانوں کی تعداد ۹۷ فیصد تک ہے۔ پاکستانی معاشرے میں جو تغیرات رونما ہو رہے ہیں ان کی وجہ ایک نئی معاشی تہذیب ہے جو کہ تمام نظام کو تہہ وبالا کرنے پر کمربستہ نظر آتی ہے، دولت کا حصول منتہائے مقاصد بنتا جارہا ہے[۶۸]۔

خلاصہ بحث

اسلامی نظریاتی کونسل کی سالانہ رپورٹ برائے سال ۱۹۹۰ء میں درج ہے کہ مملکتِ خداداد پاکستان اسلامی نظریاتی مملکت ہے جو کہ اسلام کے مقدس نام پر معرضِ وجود میں آئی ہے، مگر افسوس کہ اس میں ذرائع ابلاغ کا کردار اس کے قیام کے ابتدائی ایام ہی سے منفی رہا[۶۹]۔ پاکستان اسلامی نظریاتی مملکت ہے، شریعت ایکٹ مجریہ ۱۹۹۱ء کی منظوری کے بعد ملک میں آزادی صحافت کے حدود وقیود کو اسی تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ اسلام نے ہر مرحلے پر انسان کی آزادی رائے اور اس کی عزت وتوقیر کی ہر چیز کو اہمیت دی ہے۔ آزادی اظہار رائے بین الاقوامی طور پر انسانی حق تسلیم کیا گیا ہے اور اسلام اسے یہ حیثیت عطا کرنے والا پہلا مذہب ہے۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ صحافت مشن کی بجائے صنعت بن گئی ہے، باہمی مقابلے کا رجحان اصل مقصد پر حاوی ہو گیا ہے، مجرم کو قوم کی نظر میں ہیرو بنا دیا جاتا ہے، اگر وہ مجرم نہیں بھی ہے تو ملزم اور متنازعہ تو ہے، حکومتوں کی ہر دور میں ذرائع ابلاغ کے معاملات میں مداخلت رہی ہے اور خاص کر آمرانہ دورِ حکومت میں ذرائع ابلاغ زیر عتاب رہا ہے۔ آزادیء صحافت سے مراد دراصل سچ بولنے کی آزادی ہے مگر اس آزادی کے معانی سمجھنے میں ہم سے کسی حد تک کوتاہی ضرور ہوئی ہے۔

تجاویز وسفارشات

- اسلامی صحافت کے تصورات اور خدوخال کو اجاگر کرنے اور ذرائع ابلاغ عامہ کا رخ صحیح سمت میں کرنے اور اسلامی اخلاقیات کی طرف موڑنے کی ضرورت ہے۔
- اشاعت فاحشہ کے سدِباب کے اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

- اغوا، بدکاری اور دیگر مقدمات میں جب تک جرم ثابت نہ ہو جائیں، شائع نہیں کرنے چاہییں اور اگر ثابت ہو بھی جائیں تو پھر بغیر تصویر کے شائع کرنا بہتر ہے۔
- ذرائع ابلاغ کے ذریعے مذہبی اور مسلکی ہم آہنگی کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔
- غیر ملکی اور غیر اسلامی ثقافت کو فروغ دینے کی بجائے اسلامی تاریخی فلمیں اور کہانیاں اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔
- مادہ پرستانہ اور خود غرضانہ سوچ کی حوصلہ شکنی کر کے سادگی کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔
- صداقت اور عدالت کو جز لاینفک بنانے اور جھوٹی خبر اور اطلاع کو قابل تعزیر جرم بنانے کی ضرورت ہے۔
- پیمرا اور دیگر ایسے اداروں سے سیاسی مداخلت ختم کرنے کی ضرورت ہے۔
- ذرائع ابلاغ عامہ کے تعاون سے عوام الناس کو رشوت، سفارش اور دیگر اخلاقی خرابیوں سے آگاہ کیا جائے۔
- ازالہ حیثیت عرفی کی دفعات میں اس بات کا اہتمام کیا جائے کی کسی کی ہتکِ عزت پر سزا دلوانا موجودہ قانون کی نسبت آسان ہو جائے۔
- ازالہ حیثیت عرفی کے مقدمات کے لئے کورٹ فیس ختم کی جائے تاکہ لوگوں کی عزت محفوظ بنانے میں آسانی ہو۔
- فحاشی اور فحش نگاری سے متعلقہ مروجہ قوانین کو واضح اور سخت بنانے کی ضرورت ہے۔
- ذرائع ابلاغ سے متعلقہ افراد کے لئے اہلیت کی شرائط سخت کرنے کی ضرورت ہے۔
- اسلامی قوانین کی تفہیم اور ترویج کے لئے ذرائع ابلاغ عامہ حتی الامکان وقت دیں اور اس مقصد کے لئے حقیقی علماء کی خدمات حاصل کی جائیں۔
- علماء کے مشاورتی بورڈ کی مدد سے ضابطہء اخلاق کی تطبیق کو ممکن بنایا جائے۔
- غیر اسلامی اور ملکی پروگرام مثلاً عالمی مقابلہء حسن جیسے پروگرام نہ دکھائے جائیں۔
- کھیلوں کی حد سے زیادہ تشہیر نہ کی جائے کہ بچے سائنس دان، ماہرین تعلیم، قانون دان، علماء، دانشوروں کی بجائے کھلاڑیوں کو مثالی نمونہ بنالیں۔

- نسلی، لسانی اور دیگر عصبیتوں سے کنارہ کشی کر کے عوام الناس کی مضمر صلاحیتوں کو اس طرح اجاگر کیا جائے کہ وہ تدبر اور غور وخوض کی طرف آئیں۔
- دنیا ایک عالمی گاؤں بن چکی ہے، حالات وزمانے کی رعایت کو مدِ نظر رکھ کے ذرائع ابلاغ کی پالیسی بنانے اور منصوبہ بندی کرنے کی ضرورت ہے۔
- پاکستان یا امتِ مسلمہ کی سطح پر ایک مصدقہ عالمی خبر رساں ایجنسی بنانے کی ضرورت ہے تاکہ Reuters اور BBC جیسی خبر رساں ایجنسیوں کا سہارا نہ لینا پڑے۔
- سماجی رابطے کی ویب سائٹس کی نگرانی کے لئے بھی اسلامی اصول وضوابط کی روشنی میں لائحہ عمل بنانے کی ضرورت ہے

حواشی وحوالہ جات

۱۔ قادری، سید اقبال، رہبر اخبار نویسی، نئی دہلی، ترقی اردو بیورو، ۱۹۸۹ء، ص: ۳۶۔

۲۔ ابن منظور، محمد بن مکرم، لسان العرب، قاہرہ، دار المعارف، ص ۳۴۶۔

۳۔ اشرف، ڈاکٹر ہمایوں، اردو صحافت مسائل اور امکانات، دہلی، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاوس، ۲۰۰۶ء، ص:۹۷۔

۴۔ ایاز محمد، ڈاکٹر، صحافتی ضابطہ ءاخلاق اور قرآنی تعلیمات، لاہور، نگارشات، ۲۰۰۲ء، ص:۲۲۔

۵۔ نیازی، لیاقت علی خان، اسلام کا قانونِ صحافت، لاہور، بک ٹاک، ۱۹۹۵ء ص: ۱۱۱۔

۶۔ سورۃ المائدہ، ۵:۶۷۔

۷۔ زیات، احمد حسن، تاریخ الأدب العربی، قاہرہ، دار نھضہ مصر للطبع والنشر، ص:۸۳۔

۸۔ نثار احمد، ڈاکٹر، خطبہ ءحجۃ الوداع، لاہور، بیت الحکمت، ۲۰۰۸ء، ص:۱۳۱۔

۹۔ طبرانی، المعجم الکبیر، باب أحادیث عبداللہ بن عباس، ص:۸۸

۱۰۔ نثار احمد، ڈاکٹر، خطبہ ءحجۃ الوداع، لاہور، بیت الحکمت، ۲۰۰۸ء، ص:۱۲۹۔

۱۱۔ سورۃ الطلاق، ۶۵:۲۔

۱۲۔ سورۃ آل عمران، ۳:۲۰۔

۱۳۔ تفصیل کے لئے ملاحظہ ہوں: سورۃ المائدہ، ۵:۹۲، ۹۹، سورۃ الرعد، ۱۳:۴۰، سورۃ النحل، ۱۶: ۳۵، ۸۲، سورۃ النور، ۲۴:۵۳۔

۱۴۔ زینی، عبید السلام، اسلامی صحافت، لاہور، ادارہ معارف اسلامی، ۱۹۸۸، ص:۴۸۔

۱۵۔ نیازی، لیاقت علی خان، اسلام کا قانونِ صحافت، لاہور، بک ٹاک، ۱۹۹۵ء، ص:۵۹۔

۱۶۔ سورۃ آل عمران، ۳:۱۰۴۔

۱۷۔ سورۃ البقرہ، ۲:۸۳۔

۱۸۔ سورۃ الحجرات، ۴۹:۶۔

۱۹۔ سورۃ بنی اسرائیل، ۱۷:۳۶۔

۲۰۔ صحیح مسلم، المقدمة، باب النهي عن الحديث بكل ما سمع، ص:۱۵۔

۲۱۔ شبلی نعمانی، علامہ، سیرۃ النبی، لاہور، ادارہ اسلامیات، ۲۰۰۲ء، ج۱، ص:۵۴۔

۲۲۔ سورۃ النساء، ۴:۸۳۔

۲۳۔ الازہری، پیر محمد کرم شاہ، ایضاً ص:۵۸۵۔

۲۴۔ سورۃ الحجرات، ۴۹:۱۲۔

۲۵۔ سورۃ الانعام، ۶:۱۱۶۔

۲۶۔ زینی، عبد السلام، ایضاً ص:۱۵۰۔

۲۷۔ سورۃ البقرہ، ۲:۸۳۔

۲۸۔ سورۃ طہٰ، ۲۰:۴۴۔

۲۹۔صحیح بخاری، کتاب بدء الوحي، صفة إبليس وجنوده،۔

۳۰۔ سورۃ النساء، ۴:۱۴۸۔

۳۱۔ سورۃ الشعراء، ۲۶:۲۲۶،۲۲۷۔

۳۲۔سنن أبی داؤد، کتاب الملاحم، باب الأمر والنهی۔

۳۳۔ سورۃ النور، ۲۴:۱۹۔

۳۴۔ سورۃ النور، ۴:۱۹۔

۳۵۔صحیح مسلم، کتاب البر و الصلة و الآداب، باب تحریم ظلم المسلم،۔

۳۶۔صحیح مسلم، کتاب البر و الصلة و الآداب، باب تحریم الظلم۔

۳۷۔ مودودی، سید ابو الاعلیٰ، اسلامی ریاست، لاہور، اسلامک پبلیکیشنز، ۱۹۷۷ء، ص:۵۶۸۔

۳۸۔ سورۃ الانعام، ۶:۱۰۸۔

۳۹۔ سورۃ الحجرات، ۴۹:۱۲۔

۳۹۔ سورۃ الاحزاب، ۳۳:۷۰۔

۴۱۔ سورۃ الانعام، ۶:۱۵۲۔

۴۲۔ سورۃ لقمان، ۳۱:۱۹۔

۴۳۔سنن أبی داؤد، کتاب الأدب، باب الهدی فی الکلام۔

۴۴۔ سورۃ البقرہ، ۲:۱۹۱۔

۴۵۔ سورۃ لقمان، ۳۱:۶۔

۴۶۔ سورۃ حم السجدہ، ۴۱:۳۴۔

۴۷۔ سورۃ النساء، ۴:۴۶۔

۴۸۔ سورۃ حم السجدہ، ۴۱:۴۰۔

۴۹۔ سورۃ النحل، ۱۶:۹۵۔

۵۰۔ سورۃ الانعام، ۶:۱۵۹۔

۵۱۔ سنن أبی داؤد، کتاب الأدب، باب فی العصبیة

۵۲۔سنن أبی داؤد، کتاب الأدب، باب فی النقل الحدیث، ص:۹۔

۵۳۔ سورۃ الاعراف، ۷:۱۹۹۔

۵۴۔سورۃ القصص،۲۸:۵۵۔

۵۵۔المستدرک علی الصحیحین، کتاب الاحکام،ص:۱۱۶۔

۵۶۔صحیح مسلم، کتاب الزهد و الرقائق، باب النهي عن المدح۔

۵۷۔سورۃ بنی اسرائیل،۱۷:۷۰۔

۵۸۔صحیح مسلم، کتاب البر و الصلةو الآداب، باب تحریم ظلم المسلم۔

۵۹۔سنن اَبی داؤد، کتاب الأدب، باب من رد عن مسلم غیبة۔

۶۰۔زینی،عبید السلام،ایضاًص:۳۷۔

۶۱۔مودودی،سید ابو الاعلیٰ، تفہیم القرآن،لاہور،ادارہ ترجمان القرآن،۱۹۸۵،ج۵،ص:۸۵۔

۶۲۔زینی،عبد السلام،ایضاًص:۲۰۷۔

۶۳۔زینی،عبد السلام،ایضاًص:۲۵۹۔

۶۴۔سورۃ النساء،۴:۵۴۔

۶۵۔ناز،اختر احسن،صحافتی ذمہ داریاں،اسلام آباد،مقتدرہ قومی زبان،۱۹۹۰ء،ص:۱۱۵۔

۶۶۔نیازی،لیاقت علی خان،ایضاً،ص: ۴۴۔

۶۷۔ایاز محمد،ڈاکٹر،ایضاًص:۴۴۔

۶۸۔خورشید،عبد السلام،فنِ صحافت،لاہور،کاروان بک ہاؤس،۲۰۱۰ءص:۲۳۰۔

۶۹۔قریشی،اشرف علی،سالانہ رپورٹ،اسلام آباد،اسلامی نظریاتی کونسل،۱۹۹۰ء،ص:۳۱۹۔

احادیث مبارکہ میں الفاظ کی ہیئت اور جملوں کی ساخت:
صوتی حسن اور اثرات کا جائزہ

Word and Sentence Structure of Prophetic Traditions: Beauty of Sound and Its Effects

صائمہ فاروق☆

ABSTRACT

The most effective conversations of the Holy Prophet SAW are not only a literary monument in respect of meanings and tract but also have no parallel with respect to sound beauty. This beauty was so forceful that the might of many linguistics was gradually weakened.In these pages it is highlighted that in the Prophetic conversations,there is resence of not only words but whole sentences possess such a sound beauty that after discovering it human wisdom becomes surprised and hearts under grip.

☆ اسسٹنٹ پروفیسر، لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی، لاہور، پاکستان۔

آپ ﷺ نے الفاظ وتراکیب کو اس انداز میں استعمال کیا کہ اس کے معنوی گوہر اور جامعیت و وسعت نے عرب قوم کے ادب شناوروں کو لاجواب کر دیا اور ساتھ ہی ساتھ اس کلام کے صوتی حسن نے اس قوم کو ایسا آہنگ اور ایسا انداز عطا کیا کہ جو خود نہ تھے راہ پر اوروں کے ہادی بن گئے۔ احادیث مبارکہ کے مطالعے سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ آپ ﷺ کے الفاظ اور جملوں کا مقصد محض تخلیقِ حسن نہیں تھا، بلکہ مقصدیت اور لطافتِ ذوق نے آپ ﷺ کی گفتگو میں وہ حسن و جمال پیدا کر دیا تھا کہ انفس وافاق میں انسان کی تگ و دو کے لئے راہنما خطوط اور فن کے جمالیاتی پہلو باہم مربوط نظر آتے ہیں۔

الفاظ کی ہیئت

صوتی حسن کا ایک اہم حصہ الفاظ کی ہیئت ہے۔ آپ ﷺ کے اقوال میں ہمیں ایسے الفاظ بھی ملتے ہیں کہ ہیئت الفاظ میں معانی کی پوری پوری ترجمانی موجود ہے۔ آپ ﷺ کے ان الفاظ میں محبت وشفقت، شدت وحساسیت، نوعیت و پہلو ہے۔ کیفیت اور لہجے کا اتار چڑھاؤ اس طرح موجود ہے کہ اس کا حسن فصاحت و بلاغت کا نمایاں پہلو ہے۔

عن ابی هريرةؓ ان الحسن بن علی اخذ تمرة من تمر الصدقة فجعلها فی فيه فقال النبی صلی اللّٰه عليه وسلم با لفارسية كِخ كِخُ أمّا تعرف أنّا لا نا كل الصدقة(۱).

''حضرت ابوھریرہؓ سے روایت ہے کہ حسن بن علیؓ نے صدقہ کی کھجوروں میں سے ایک کھجور لی اور اس کو اپنے منہ میں ڈالا تو حضور ﷺ نے فرمایا کہ اسے پھینک دو کیا تو نہیں جانتا کہ ہم لوگ صدقہ کا مال نہیں کھاتے۔''

صوتی حسن کا کتنا جاندار پہلو ہے کہ حضرت حسنؓ جو کھجور کا ٹکڑا منہ میں ڈال چکے ہیں، آپ ﷺ انہیں تھوکنے کے لئے کہتے ہیں تو لفظ ''کخ کخ'' کا استعمال کرتے ہیں کہ لفظ کی صوت ہی کھائی جانے والی چیز کے لئے ناپسندیدگی کا اظہار کر رہی ہے اور اسے اُگلنے کے لئے کہہ رہی ہے۔

صاحب معجم ابوسیط اس لفظ کے بارے میں لکھتے ہیں:

زجر للصبيی عن تناول شی ء لايرا دأن يتنا وله(۲)۔

(بچے کو ڈانٹنے کے لئے جب وہ کوئی ایسی چیز کھالے کہ اس کا کھانا ناپسند نہ ہو)۔

اور لفظ ''کخ کخ'' تھوکنے کے ساتھ ساتھ اس طرح کی ناپسندیدگی کا مفہوم دے رہا ہے کہ معاملے کی نوعیت اور

حساسیت خود واضح ہو جاتی ہے۔ اور سننے میں بھی سماعت پر گراں نہیں گزرتا۔ آپ ﷺ کے ہاں الفاظ اور حروف ساکت نہیں بلکہ وہ اس طرح بولتے ہیں کہ سامع کو اپنے احساسات میں شریک کر لیتے ہیں۔

اس طرح ہمیں آپ ﷺ کی ایک حدیث ملی ہے کہ وہاں لفظ کی ترخیم، محبت کی تصویر بن جاتی ہے۔

عن عائشةؓ زوج النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قالت: " قال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: "یا عائش! ھذا جبرئیل یقرأ علیک السلام" فقالت: "فقلت و علیہ السلام و رحمة اللّٰہ"(۳).

(حضرت عائشہؓ نے فرمایا: "رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ جبرئیل علیہ السلام ہیں تمہیں سلام کہتے ہیں میں نے کہا: **وعلیہ السلام و رحمة اللہ**)۔

مخاطب کو نام کے ساتھ پکارتے ہوئے نام کو ترخیم کے ساتھ ادا کرنے سے لب ولہجہ خود بخود انس ومحبت سے بھر جاتا ہے۔ اس حدیث کو پڑھتے ہوئے جب ہم آپ ﷺ کے ان الفاظ پر پہنچتے ہیں کہ یا عائش! تو اس لفظ کو پڑھتے ہی آپ ﷺ کی حضرت عائشہؓ کے لئے بھرپور اپنائیت کے احساس کا پتہ چلتا ہے۔ لفظ کی ادائیگی ہی بولنے والے کی شفقت اور ملائمت سے بھرپور لب ولہجہ کو ظاہر کر رہی ہے۔

اسی طرح ایک موقع پر ایک لفظ اہل عرب کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے جب آپ ﷺ اپنی دعوت کا آغاز کرتے ہیں تو کوہِ صفا پر چڑھ کر کہتے ہیں یا صباحاہ (۴) آپ ﷺ لوگوں کو بلانا چاہتے ہیں، اکھٹا کرنا چاہتے ہیں کہ دوڑ کر آؤ اور میری بات سنو اور اس کے لئے آپ ﷺ مختصر سے لفظ پکارتے ہیں یا صباحاہ! عربوں میں یہ لفظ کسی ہنگامی صورتِ حال میں مدد طلب کرنے کے لئے بولا جاتا تھا اور ان کی یہ صورتِ حال صرف ایک ہی وجہ سے ممکن ہوتی تھی کہ دشمن ان پر حملہ کر دے اور اکثر یہ حملہ صبح کے وقت کہا جاتا تھا۔

آپ ﷺ جب پہاڑی پر چڑھ کر اہل عرب کو اکٹھا کرنے کیلئے یہ آواز دیتے ہیں تو یہ ایک لفظ معاملے کی شدت وحساسیت سے اس طرح آگاہ کرتا ہے کہ تمام اہل عرب دوڑتے ہوئے آتے ہیں اور پہاڑی کے دامن میں اکٹھے ہو جاتے ہیں گویا آپ ﷺ کے ہاں الفاظ ایک ایسی زندہ تصویر بن جاتے ہیں جو وقت اور موقع دونوں کی بہترین منظر کشی کرتے ہیں۔

اس طرح ہمیں ایک واقعہ اور ملتا ہے کہ آپ ﷺ صحابہ رضی اللہ عنھم کو مختصر الفاظ سے اس طرح تسلی دیتے ہیں کہ دلوں سے خوف اور ڈر ختم ہو جاتا ہے اور وہ اطمینان کی کیفیت میں آجاتے ہیں۔

عن انس كان رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم أحسن الناس وأجود الناس واشجع الناس قال وقد فزع اهل المدينة ليلاً سمعوا صوتا، قال فتلقاهم النبى صلى اللّٰه عليه وسلم على فرس لابى طلحة عرى و هو متقلد سيفه فقال لم ترعوا لم ترعوا)) (۵)

(انسؓ سے رویات ہے کہ آپ علیہ السلام تمام لوگوں میں سے زیادہ خوبصورت، زیادہ سخاوت والے اور زیادہ بہادر تھے۔ انسؓ کہتے ہیں: ایک رات اہل مدینہ نے خطرے کی آواز سنی تو گھبرا گئے اور آواز کی طرف خطرے کا مقابلہ کرنے کے لئے نکلے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرف سے واپس آتے دیکھا۔ آپ علیہ السلام ابوطلحہ کے گھوڑے پر سوار تھے اور تلوار لٹکائے ہوئے تھے۔ آپ علیہ السلام نے (تسلی دیتے ہوئے) فرمایا: ''مت ڈرو، مت ڈرو)۔

قوتِ قلب اور شجاعت کا بہترین نمونہ کہ جس کی نظیر نہیں ملتی۔ آپؐ آواز سن کر تنِ تنہا تفتیش کے لئے تشریف لے گئے اور واپسی پر جب صحابہؓ ملتے ہیں تو کہتے ہیں ''لم ترعوالم ترعوا'' ان مختصر سے الفاظ نے محبت، شفقت اور ہمدردی کے ہر احساس اور ہر جذبے کو اپنے اندر سمیٹ لیا، جو آپؐ اپنے ساتھیوں کے لئے رکھتے تھے۔

اسی طرح ہمیں حدیث میں ایک تفصیلی واقعہ ملتا ہے کہ آپؐ انتہائی مختصر الفاظ سے حیرت اور استعجاب کا اظہار کرتے ہیں۔ واقعہ یوں ہے کہ ایک اعرابی آپؐ کے پاس آیا، ایمان لایا اور آپؐ کے ساتھ ہجرت کی۔ آپؐ نے اس کے بارے میں صحابہؓ کو وصیت کی اور پھر جب غزوہ ہوا اور بعد میں مالِ غنیمت تقسیم ہوا تو آپؐ نے اس کا حصہ بھی نکالا اور اسے بھجوایا۔ اس نے پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ تو صحابہؓ نے بتایا کہ اللہ کے رسولؐ نے تمہارا حصہ بھیجا ہے۔ وہ آپؐ کے پاس آیا اور پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ آپؐ نے کہا کہ تمہارا حصہ جو میں نے بھجوایا ہے۔ اس نے کہا کہ میں اس لئے نہیں ایمان لایا، اور حلق کی طرف اشارہ کر کے کہا کہ اس لئے کہ اس جگہ پر تیر مارا جائے اور پھر میں مروں اور جنت میں جاؤں۔ آپؐ نے فرمایا: ''**ان تصدق اللّٰه يصدقک**'' (۶) پھر غزوہ ہوا تو لوگ اس اعرابی کو آپؐ کے پاس لائے، اسے تیر لگا تھا، جس جگہ اس نے اشارہ کیا تھا۔ روایت میں آتا ہے:

''فقال النبى صلى اللّٰه عليه وسلم: أهُوَ هُوَ؟ قال! صدق اللّٰه وصدقه ثم كفنه النبى صلى اللّٰه عليه وسلم فى جبة النبى صلى اللّٰه عليه وسلم ثم قدعه فصلى عليه فكان فيما ظهر من صلاته اللهم هذا عبدک خرجَ مها جرافى سبيلک

فکتب شهیدأنا شهید علی ذالک''(۷)

(آپؐ نے فرمایا! کیا یہ وہی شخص ہے؟ لوگوں نے کہا: ہاں، آپ ﷺ نے فرمایا: اس نے اللہ کی تصدیق کی تو اللہ نے بھی اسے سچا کیا پھر آپؐ نے اپنے جبّے کا کفن اس کو دیا اور اس کو آگے رکھا اور اس پر نماز پڑھی تو جتنا آپؐ کی نماز میں سے لوگوں کو سنائی دیا تھا وہ یہ تھا کہ آپ ﷺ فرماتے تھے یا اللہ! یہ تیرا بندہ ہے، تیری راہ میں ہجرت کر کے نکلا اور شہید ہو گیا، میں اس بات کا گواہ ہوں)۔

اس حدیث میں آپ ﷺ کے الفاظ ''اھوھو'' میں حیرت واستعجاب اور استفہام کی ملی جلی کیفیت ہے۔ آپؐ یہ الفاظ شہید ہونے والے صحابیؓ کی طرف اشارۃً بولتے ہیں۔ آپؐ کے ذھن میں مشار الیہ کا تصور پہلے سے موجود تھا، اسی لئے آپؐ کے الفاظ سے اس کیفیت اور نوعیت کا خود بخود اظہار ہو رہا ہے کہ آپ ﷺ اس صحابیؓ کے متعلق پوچھ رہے ہیں کہ یہ وہ تو نہیں تھا، جس نے حلق کی طرف اشارہ کیا تھا۔ آپ ﷺ یہ بات پوچھتے ہوئے کئی الفاظ کا استعمال کر کے اپنی حیرت اور استفہام کا اظہار نہیں کرتے، بلکہ انتہائی مختصر الفاظ ''أھوھو'' صوتی حسن کا نقطۂ عروج ہیں کہ یہ مختصر الفاظ متکلم اور مخاطب کے مابین خیالات اور حسیات کے ساتھ عمدہ رابطے کا بہترین شاہکار ہیں۔

صوتی حسن کے حوالے سے جب ہم احادیث کا مطالعہ کرتے ہیں تو آپ ﷺ کے الفاظ کی بناوٹ اور کیفیت میں اس طرح کی قوت اور طاقت پاتے ہیں کہ الفاظ خیال اور احساس کا نمائندہ بن جاتے ہیں اور خیالات کی روح کا ٹھیک ٹھیک اندازہ ہو جاتا ہے۔ لیکن اس کے لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی تکلف نہیں کرنا پڑتا۔ مثال کے طور پر بخاری و مسلم کی ایک روایت میں آتا ہے کہ اصحابؓ کے اس استفسار پر کہ امت میں بعد میں آنے والوں کو آپؐ روزِ قیامت کیسے پہچانیں گے تو آپ ﷺ فرماتے ہیں:

''**فانهم یاتون غرامحجلین من الوضوء وانا فرطهم علی الحوض الالیذادن رجال عن حوض کمایذاذ البعیر اضال اناديهم الا هلم فيقال انهم قد بدلوا بعدک فاقول سحقا سحقا**''(۸)

(تو میری امت کے لوگ سفید منہ اور سفید ہاتھ پاؤں والے ہوں گے، قیامت کے دن وضو کی وجہ سے، اور میں ان کا حوض پر استقبال کروں گا۔ خبردار بعض لوگ میرے حوض سے اٹھا دیئے جائیں گے، جیسے بھٹکا ہوا اونٹ ہنکایا جاتا ہے، میں انہیں آوازیں دوں

گا۔آ وَ آ وَ۔اس وقت کہا جائے گا کہ ان لوگوں نے آپؐ کے بعد دین کو بدل دیا تھا تب میں کہوں گا، جاؤ دور ہو جاؤ، جاؤ دور ہو جاؤ)۔

اس حدیث میں آپ ﷺ ''دور ہو جاؤ'' کے لئے لفظ ''**سحقا**'' کا استعمال کرتے ہیں اور تکرار کے ساتھ کرتے ہیں کہ ''**سحقا سحقا**'' تکرار یہاں کلام میں زور پیدا کر رہی ہے۔اور خود اس لفظ کی ہیئت کہنے والے کے غصّے اور ناپسندیدگی کے اظہار کی شدت کو ظاہر کر رہی ہے۔امت میں سے وہ شخص جو دین کو بدل ڈالے گا، اس کے لئے آپؐ کے ذہن میں جو کراہت اور حقارت آئی اور اس پر جو غصہ اور اشتعال انگیز کیفیت پیدا ہوئی۔اس سب کیفیت کو بیان کرنے کے لئے لفظ ''**سحقا سحقا**'' کا صوتی حسن ملاحظہ کیجئے کہ یہ لفظ سماعت پر گراں بھی نہیں گذر رہا اور اس شخص کے لئے سخت ناپسندیدگی اور دوری کا اظہار کر رہا ہے جو آپؐ کے لائے ہوئے دین کو بدل ڈالے۔پھر یہ لفظ جس کی کیفیت خود دوری اور غصے کو ظاہر کر رہی ہے، اس کو تکرار سے بولنا، شدت میں اور مبالغہ پیدا کر رہا ہے۔

صاحب المعجم الوسیط لکھتے ہیں: ''**السحق: البعد الشدید، یقال سحقا له و سحقا و سحقا فی الدعاء علیه**''(۹) ''**السحق**'' سخت دوری کے لئے بولا جاتا ہے اور ''**سحقا**'' کا لفظ بھی اسی معنی کی ادائیگی کے لئے بولا جاتا ہے، اس سے **سحقا سحقا** بددعا کے لئے بولا جاتا ہے''۔ابنِ حجر اس حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں: (**سحقا سحقا**) **أی بعد ابعدا و التاکید للمبالغة**(۱۰) ''یعنی دوری ہو، دوری ہو، اور یہ تکرار مبالغے کے لئے ہے'' ارشاد باری تعالیٰ ہے: ﴿**فَسُحْقاً لِّأَصْحَابِ السَّعِيرِ**﴾(۱۱) ''پس دوری ہے دوزخ والوں کے لئے''۔اور ایک جگہ پر آتا ہے: ﴿**فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ أَوْ تَهْوِي بِهِ الرِّيحُ فِي مَكَانٍ سَحِيقٍ**﴾(۱۲) ''پس اچک لیں گے اس کو پرندے اور ہوا لے اڑے گی، اس کو دور جگہ میں''

وہ شخص جو دین کو بدل ڈالے گا، اس سے دوری کے لئے آپؐ کے ہاں لفظ ''**سحقا**'' کا تکرار کے ساتھ استعمال آپؐ کے اضطراب اور بے چینی کو بھی ظاہر کر رہا ہے۔عام مشاہدے کی بات ہے کہ جب کوئی بات احساس کی شدت کے ساتھ کی جائے تو لاشعوری طور پر ان الفاظ کو بار بار دہرایا جاتا ہے۔

جذبات کی شدت کے موقع پر آپؐ کوئی طویل بات نہیں کرتے، مختصر بات کرتے ہیں لیکن الفاظ کا استعمال ایسا ہے کہ وہ صورتِ حال کی بھی عمدہ منظر کشی ہے اور لفظ کی تکرار طبیعت کے اضطراب کو بھی ظاہر کرتی ہے۔جیسے ''**کخ کخ**''، ''**لم ترعوا لم ترعوا**'' اور اس حدیث میں ''**سحقا سحقا**''۔

الفاظ وتراکیب کے صوتی حسن میں ہر لفظ کے دو وجود ہوتے ہیں ایک تحریری اور دوسرا تقریری۔ لفظ اپنی صوت کے حسن اور اٹھان کے لئے ان دونوں پہلوؤں کا مرہونِ منت ہے اور ہمارے پاس یہ حق نہیں ہے کہ ایک کو دوسرے پر ترجیح دیں کبھی تحریر میں زبان کا قیام اور استحکام ہوتا ہے اور تقریر کا رگ و ریشہ اس سے وابستہ ہوتا ہے اور کبھی تحریر محض الفاظ کا ایک سایہ ہوتی ہے۔ ان دونوں صورتوں میں بنیادی اہمیت ''لفظ'' کو حاصل ہے۔ الفاظ کا معنی کے ساتھ گہرا ربط اور مواقع کے مطابق ان کا استعمال وہ صوتی حسن پیدا کرتا ہے کہ دل جھکتے چلے جاتے ہیں، دماغ مسخر ہوتے جاتے اور روح دوزانو ہو جاتی ہے۔

جملوں کی ساخت

آپ ﷺ کے ہاں صرف الفاظ ہی نہیں، بلکہ پورے کے پورے جملے میں وہ صوتی حسن پایا جاتا ہے کہ ان کی دریافت سے انسانی عقل دنگ رہ جاتی ہے اور دل گرفت میں آ جاتے ہیں۔

آپ ﷺ ایک موقع پر مسلمان کی تعریف یوں کرتے ہیں:

((**اَلمسلم من سلم المسلمون من لسانه ویده**)) (۱۳)

''مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں''۔

اس حدیث میں آپؐ نے مسلمان کے پورے وجود کے لئے انسانی وجود کا ایک جزو (ہاتھ) بیان کر کے پورا انسانی وجود مراد لیا ہے۔ یہی صوت کا حسن ہے کہ آپؐ یہ بتاتے ہیں کہ ایک مسلمان کے لئے یہ روا نہیں کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو کسی بھی قسم کی اذیت دے اور یہ اذیت ہاتھ اور زبان کے علاوہ کسی اور عضو سے بھی مل سکتی ہے۔ زبان کا استعمال تو ہم کرتے ہی بہت زیادہ ہیں، اس لئے آپؐ نے زبان کا ذکر کیا اور پھر باقی تمام اعضاء کی جگہ صرف ہاتھ کا ذکر کر کے تمام اعضاء مراد لئے ہیں کہ کسی بھی عضو سے تکلیف دینا جائز نہیں۔ باقی تمام اعضاء میں سے ہاتھ کا لفظ اس لئے بھی استعمال کیا کہ عمومی طور پر کسی بھی عمل میں ہاتھ کا استعمال زیادہ ہوتا ہے اور پھر 'ہاتھ' طاقت، قدرت اور کارسازی کا استعارہ بھی ہے جیسے قرآن میں ہے ﴿**بیده الملک**﴾ ''اس کے ہاتھ میں بادشاہت ہے یعنی قبضۂ قدرت میں''۔

مجاز مرسل کہتے ہی اسے ہیں کہ جب کسی لفظ کو حقیقی معنی کے علاوہ مجازی معنوں میں استعمال کریں اور حقیقی اور مجازی معانی میں تشبیہ کے علاوہ کوئی اور تعلق ہو۔ (۱۴)

اپنی بات کو واضح اور دلوں میں راسخ کرنے کے لئے تمثیلی اسلوب آپؐ کے کلام کا اہم ترین حصہ ہے۔ اپنی

بات کو مثالوں سے واضح کرتے ہوئے کبھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم تشبیہ دیتے اور کبھی استعاراتی اسلوب میں گفتگو فرماتے۔ مثلاً ایک سفر سے واپسی پر جب ازواجِ مطہّرات میں سے بھی کوئی ساتھ تھیں تو آپؐ حدی خوان کو آہستہ چلنے کے لئے اس طرح کہتے ہیں:

((وعن انسؓ کان للنبیؐ حاد یقال له انجشه و کان حسن الصوت فقال له النبی صلی اللّٰه علیه وسلم رویدک یا انجشه لا تکسر القوار یر)) (۱۵)

''حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبیؐ کا ایک حدی خوان تھا، جس کا نام انجشہ تھا، وہ بہت خوش آواز تھا آپؐ نے فرمایا: اے انجشہ، اونٹوں کو آہستہ چلاؤ، شیشوں کو نہ توڑ دینا''۔

قواریر کا لفظ قرآن مجید میں جنت کی دل پسند زندگی کے ذکر میں آتا ہے۔ ﴿**قوار یر من فضة**﴾ (۱۶) ''ایسا شیشہ جو چاندی سے بنا ہوگا''۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث میں عورتوں کو آبگینوں اور شیشوں سے تشبیہ نہیں دیتے بلکہ براہِ راست ان کے لئے لفظ ''قواریر'' کا استعمال صنفِ نازک کی نزاکت اور خوبصورتی کی براہ راست ایک تصویر پیش کرتا ہے۔ استعارے کی یہی خوبصورتی، کہ سامع کہ ذہن میں ایک تصویر جلوہ گر ہو جائے، صوت کا حسن بن جاتی ہے:

''مستعار لہ حقیقت پس پردہ لیکن مستعار منہ کا اشارہ اور قرائن یہ بتاتے ہیں کہ حقیقت اگر بالکل یہی نہیں تو اسی کے لگ بھگ ضرور ہوگی (۱۷)۔

اسی طرح تشبیہات کو دیکھیں تو آپؐ کے کلام میں پائی گئی تشبیہات، فصاحت و بلاغت کے آخری مقام کو چھوتی نظر آتی ہیں۔ صوتی حسن میں تشبیہات کا مقام بڑا نازک اور پل صراط کی دھار کی طرح باریک ہوتا ہے کہ عامیانہ مشابہتوں سے نہ صرف یہ کہ کلام کی خوبی ماند پڑ جاتی ہے بلکہ الفاظ اور جملے بے جان ہو جاتے ہیں۔ مقصدیت کی تڑپ، ذوق کی لطافت اور نظر کی گہرائی سے ان تشبیہات کا استعمال ممکن ہے جو صوت کا حسن و جمال بن جائے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ اور تشبیہات ''تھا موتیوں سے دامن صحرا بھرا ہوا'' کے مصداق۔ صحرائے عرب میں ایسا موتی بن کر چمکے، جن کی چمک کبھی ماند نہیں پڑتی۔

آپؐ حدیث میں ایمان کے سمٹ جانے کو یوں بیان کرتے ہیں۔

((وعن ابی هریرةؓ قال قال رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم ان الایمان لیارز الی المدینة کماتارز الحیة الی جحرها)) (۱۸)

''حضرت ابوھریرہؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا ایمان مدینے کی طرف سمٹ آئے

گا جس طرح سانپ اپنے بل کی طرف سمٹ آتا ہے''۔

اس حدیث مبارک میں ایمان کے مدینے کی طرف سمٹنے کو سانپ کے اپنے سوراخ کی طرف سمٹنے سے تشبیہہ دی گئی ہے یعنی جس طرح سانپ اپنے بل کو محفوظ جگہ خیال کرتے ہوئے اس کی طرف دوبارہ سمٹتا ہے اسی طرح ایمان بھی مدینے سے نکلا اور پھر اس کی طرف دوبارہ سمٹے گا کیونکہ باقی سب مقامات پر سوائے مدینہ کے فتنوں کا زور ہوگا اور ایمان والوں کے لئے محفوظ جگہ صرف مدینہ ہی ہوگی۔

''عن انس بن مالکؓ عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم لیس من بلدالاسیطار الدجال الامکۃ والمدینۃ لیس لہ من نقابھا نقب الاعلیہ الملائکۃ صافین یحرسونھا'' (۱۹)

(انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا کہ کوئی شخص نہیں بچے گا، مگر دجال اسے روند ڈالے گا۔ سوائے مکہ اور مدینہ کہ اس کے سب راستوں میں فرشتے صف باندھے کھڑے اس کی حفاظت کر رہے ہوں گے)۔

آپؐ اپنی حدیث میں ایمان کے مدینہ میں سمٹنے کو جو سانپ کے بل کی طرف سمٹنے سے تشبیہہ دیتے ہیں، یہ برجستہ و بے ساختہ تشبیہ صوت کا حسن بن گئی کہ عمدہ تشبیہہ وہ ہی ہے کہ ایسی چیز سے تشبیہہ دی جائے جو بظاہر مختلف ہو اور وہاں گمان بھی نہ جا سکتا ہو۔ نجم الغنی بڑے محتاط فاضل ہیں، وہ لکھتے ہیں:

''تشبیہہ سے مراد دلالت ہے دو چیزوں کی جو آپس میں جدا جدا ہوں، ایک معنی میں شریک ہونے پر''۔ (۲۰)

اب سانپ اور ایمان بظاہر دو مختلف چیزیں لیکن ایک معنی میں باہم شریک ہیں کہ جس طرح سانپ اپنے بل کی طرف جاتا ہے اسے ایک محفوظ جگہ خیال کرتے ہوئے اس طرح اہل ایمان بھی مدینہ کی طرف جائیں گے اسے ایک محفوظ جگہ خیال کرتے ہوئے۔ آپؐ کی نظر کی گہرائی اور اس عمدہ تشبیہ سے صوت کے حسن میں اضافہ ہوتا ہے۔

آپؐ کے کلام میں صوت کا وہ حسن بھی پایا جاتا ہے کہ آپؐ کسی چیز سے تشبیہہ نہیں دیتے بلکہ اپنی بات کو ذہن نشین کروانے کے لئے ایک ایسا اسلوب اختیار کرتے ہیں کہ جس چیز سے تشبیہہ دینی ہوتی ہے۔ اسے ہی مشبہ بہ بنا دیتے ہیں، جیسے ایک موقع پر فرماتے ہیں:

((عن عبد اللّٰہ بن مسعودؓ قال خط لنا رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم خطاً ثم

قال هذا سبیل اللّٰہ ثم خط خطوطاً عن یمینه و عن شما له وقال هذه سبل علی کل سبیل منها شیطان یدعوالیه و قرأ ﴿وان هذا صراطی مستقیما فاتبعوه﴾ (۲۱)

''حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ آپؐ نے ہمارے لئے ایک خط کھینچا پھر فرمایا یہ اللہ کا راستہ ہے پھر کئی خطوط اس کے بائیں اور دائیں کھینچے اور فرمایا یہ راستے ہیں، ہر راستے پر ایک شیطان ہے جو اس کی طرف بلاتا ہے اور پھر یہ آیت پڑھی تحقیق یہ میری سیدھی راہ ہے، اس کی پیروی کرو''۔

کس قدر خوبصورت انداز ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نفس امارہ کی بھول بھلیوں اور صراطِ مستقیم سے آگاہ کرنے کے لئے سیدھے راستے کو کسی سے تشبیہہ نہیں دیتے۔ غالباً آپؐ صحابہؓ کو یہ بھی ذھن نشین کروا رہے ہیں کہ جو اللہ کا راستہ ہے، اس کو کسی کے ساتھ تشبیہہ دینا اس لئے بھی ممکن نہیں کہ ﴿لَیۡسَ کَمِثۡلِهٖ شَیۡءٌ﴾ (۲۲) ''کوئی چیز بھی اللہ کے مثل نہیں ہے''۔ جب اللہ کی ذات **لیس کمثله** ہے۔ تو اس کے راستے جیسا بھی کوئی راستہ سیدھا نہیں ہے، اس لئے آپؐ سیدھا خط کھینچ کر یہ نہیں فرماتے اللہ کے راستے کی مثال ایسی ہے بلکہ آپؐ فرماتے ہیں ''ھذا سبیل اللہ'' یہی وہ چیز ہے جسے بلاغت میں ''تشبیہہ مقلوب'' کہتے ہیں اور موقع ومحل کے مطابق مشبہ کو مشبہ بہ بنانا ہی صوت کا حسن پیدا کرتا اور اس کے اثرات دلوں کو مسحور کرتے ہیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام کا صوتی حسن کے حوالے سے مطالعہ خبر دیتا ہے کہ آپؐ اپنی بات کی وضاحت کے لئے تشبیہہ اور استعارات کے علاوہ اشارات کا بھی استعمال کرتے تھے۔ اشارات افہام وتفہیم اور ارسال وتبلیغ کا بہترین ذریعہ ہیں۔ اگر ان کی جگہ وضعی الفاظ استعمال ہوں تو حقائق کی نقاب کشائی کما حقہٗ ممکن نہ ہو سکے گی۔

آپؐ فرماتے ہیں:

((عن انس بن مالک قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم حفت الجنة با لمکاره وحفت النار بالشهوات.)) (۲۳)

''جنت ناپسندیدہ چیزوں اور جہنم شھوات سے گھیر دی گئی''۔

اس حدیث سے آپؐ کی قوتِ بیان آشکار ہوتی ہے۔ ترکِ معاصی اور اللہ کی اطاعت پر ابھارنے کے لئے اگر انھیں کے لئے وضع کئے گئے الفاظ براہِ راست استعمال کئے جاتے تو الفاظ کبھی اتنے جاندار نہ ہوتے۔ آپؐ نے سادہ زبان

میں اشارات کے ذریعے یہ بتایا کہ جنت کے راستے مشقت سے پُر ہیں۔ یہ راستے خواہشات کے خلاف کھڑا ہونے کے لئے صبر اور محنت کا تقاضا کرتے ہیں اور جہنم کے راستے کی آسانی بیان فرمائی کہ یہ طاغوتی راستے طبیعت کو اس لئے بھلے لگتے ہیں کہ ان میں مرغوبات نفس ہیں۔ اس میں کہیں استعارہ اور تشبیہہ موجود نہیں، بلکہ مکمل طور پر سوچ اور خیال کو دخل ہے کہ آپؐ عمومی اشارات سے اپنی بات کی وضاحت کرتے ہیں کہ اشارہ کہتے ہی اس کو ہیں۔

''اشارے میں خارجی قرینہ نہیں ہوتا، داخلی یا ذہنی قرینہ ہوتا ہے''۔ (۲۴)

اسی طرح گفتگو میں کنائے کا استعمال اس کا حسن بن جاتا ہے اور حقیقتاً خوبصورت کنایہ تصریح سے زیادہ بلیغ ہوتا ہے۔

ایک دفعہ ازواج مطہّرات رضی اللہ تعالیٰ عنھن نے آپؐ سے سوال کیا کہ جنت میں سب سے پہلے آپؐ سے کون ملے گا تو آپؐ صریح الفاظ سے جواب دینے کی بجائے کنائے کا استعمال کرتے ہیں:

((عن عائشتہؓ ان بعض ازواج النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم قلن للنبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم این اسرع بک لحوقا قال اطولکن یدا فاخذوا قصبۃ یذرعونھا وکانت سودۃ اطولھن یدا فعلمنا بعد انما کان طول یدھا الصدقۃ وکانت اسرعنا لحوقا بہ زینب وکانت تحب الصدقۃ))(۲۵)

''حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبیؐ کی کسی بیوی نے آپؐ سے عرض کیا کہ ہم میں سے آپؐ کو جلد کون سی بیوی ملے گی آپؐ نے فرمایا: جس کے ہاتھ لمبے ہیں انھوں نے لے کر اس سے ماپنا شروع کیا اور ہم میں سودہؓ کے ہاتھ سب سے لمبے تھے لیکن ہمیں بعد میں پتہ چلا کہ لمبے ہاتھوں سے مراد صدقہ وخیرات دینا ہے۔ ہم میں سے جلد آپؐ کو ملنے والی زینب تھیں۔ وہ صدقہ پسند کرتی تھیں''۔

کس قدر خوبصورت کنایہ ہے اور بلاغت و بیان کے حسن میں کتنا اضافہ کر رہا ہے کہ یہ بات اپنے سادہ الفاظ کے ساتھ کہ جو زیادہ سخی ہو کبھی بھی اتنی بلیغ نہیں ہو سکتی تھی۔ موقع و محل کے مطابق اس کنایہ کا استعمال گفتگو کو بلیغ بھی کر رہا ہے اور صوت کے حسن میں بھی اضافہ کر رہا ہے۔ بیان کنایہ سے اسی لئے حسین ہوتا ہے کہ اس لفظ کے لفظی معنی مراد نہیں لئے جاتے بلکہ وہ معنی مراد لئے جاتے ہیں جو اصلاً مطلوب ہوتے ہیں۔

''کنایہ میں لفظ کے لغوی معنی تو مراد نہیں لئے جاتے لیکن وہ معنی ضرور مراد لئے جاتے ہیں جو بطور لزوم پیدا ہوں''۔ (۲۶)

اس حدیث مبارک میں ''اطولکن یدا'' کا کنایہ لغوی معنوں میں استعمال نہیں ہو رہا۔ بلکہ تصور میں لایئے وہ وقت کہ جب آنحضرتؐ نے یہ فرمایا تو حضرت عائشہؓ کی روایت کے مطابق ازواج نے اپنے ہاتھ ماپنے شروع کر دیئے تو اس کنایے نے تو مزاح کی فضا بھی قائم کر دی۔ انھیں بعد میں خبر ہوتی ہے کہ ''اطولکن یدا'' سے مراد زیادہ سخی ہے اور آپؐ کے فرمان کا مفہوم بھی یہ ہے۔احادیث مبارکہؐ کے صوتی حسن اور اثرات کا ادبی وفنی مطالعہ بے حد دلچسپ معلومات کا حامل ہے۔مجاز، تشبیہہ، استعارہ، اشارہ اور کنایہ وغیرہ آپؐ کے کلام میں نظر آتے ہیں۔اور یہ وہ جمالیاتی عناصر ہیں جو علمائے فصاحت و بلاغت کے ہاں کسی بھی گفتگو کا حسن ہوتے ہیں۔اسی طرح صنائع بدائع کو بھی صوتی حسن کے عناصر میں ہی شمار کیا جاتا ہے۔تاہم یہ بات طے ہے کہ تشبیہہ اور استعارہ وغیرہ کی طرح صنائع بدائع بھی اسی وقت بیان و بلاغ کا حسن بنتے ہیں جب بیان خود فصیح و بلیغ ہو، ورنہ ان عناصر کی موجودگی آورد ہوتی ہے اور بہت جلد ایک مضحکہ خیز شکل اختیار کر لیتی ہے۔اس اعتبار سے جب ہم آپؐ کے کلام کے صوتی حسن کا جائزہ لیتے ہیں تو یہ جمالیاتی عناصر آمد کی صورت میں موجود ہیں کہ مقصدیت کی تڑپ اور ذوقِ لطافت نے آپؐ کے کلام کو بہت فصیح و بلیغ بنا دیا تھا۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث میں ہمیں اس طرح کے صنائع و بدائع ملتے ہیں جو لفظ و معنوی آرائش و زیبائش میں معاون ہیں۔مثلاً ایک صنعت ہے۔''صنعتِ تجنیس''، یعنی دو لفظ تلفظ میں مشابہ ہوں اور معانی میں مختلف ہوں (۲۷) آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ رب العالمین سے ایک دعا میں بھلائی ان الفاظ کے ساتھ طلب کرتے ہیں. ((**اللھم انی اسئلک من الخیر کله عاجله و آجله.**) (۲۸)

''اے اللہ! میں تجھ سے ہر طرح کی بھلائی مانگتا ہوں، فوری بھی اور دیر سے ملنے والی بھی''۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس دعا میں ''عاجلہ و آجلہ'' کی صنعت لفظی اور معنوی طور پر کلام کو لطیف بنا رہی ہے کہ ان الفاظ کا بولنا بھی سماعت کو اچھا لگتا ہے اور ان کے معنی بھی دل و دماغ پر اپنے اثرات چھوڑتے ہیں۔آپؐ کی گفتگو میں ایک ہی جملے یا ایک ہی دعا میں ہمیں اس طرح کے الفاظ بھی ملتے ہیں، جو ایک دوسرے کی ضد ہیں لیکن ان الفاظ کے استعمال کا اسلوب اس قدر فصیح و بلیغ ہے کہ الفاظ کا یہ تضاد کلام کا حسن بن جاتا ہے علمائے فصاحت و بلاغت اسے ''صنعتِ طباق'' کہتے ہیں۔''صنعتِ طباق'' اس صنعت کو کہتے ہیں کہ معنیٰ متضاد کو جمع کر دیا جائے (۲۹)

ایک دفعہ آپؐ صحابہؓ کو نصیحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

((**اغتنم خمساً قبل خمس، شبابک قبل ھرمک و صحتک قبل سقمک .**

وغناء ک قبل فقرک. وفراغک قبل شغلک وحیاتک قبل موتک)) (۳۰)

''تم پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے قبل غنیمت سمجھو جوانی کو بڑھاپے سے پہلے، صحت کو بیماری سے پہلے، مالداری کو ناداری سے پہلے، فراغت کو مصروفیت سے پہلے اور زندگی کو موت سے پہلے''۔

آپؐ کے ہاں اضداد کا یہ استعمال اس قدر خوبصورت ہے کہ اگر یہ الفاظ اپنے اضداد کے ساتھ یہاں پر نہ آتے تو ان کے معنی میں اتنی فصاحت و بلاغت نہ پائی جاتی۔ گویا یہ ''صنعتِ طباق'' جہاں ایک طرف کلام کی آرائش و زیبائش کا سبب بن رہی ہے، وہاں یہ ذوقِ سلیم کو بھی اپنی طرف متوجہ کر رہی ہے۔ اسی طرح بعض موقعوں پر لفظوں کی تکرار سے کلام میں زور اور حسن پیدا ہوتا ہے۔ حسرت موہانی کے الفاظ میں ''کہ اس میں شک نہیں کہ بعض موقعوں پر تکرارِ الفاظ حسین بھی ہوتی ہے (۳۱)۔

آپؐ کے کلام میں یہ صنعت بکثرت نظر آتی ہے۔ آپؐ اپنی ایک دعا میں فرماتے ہیں:

((اللھم اجعل فی قلبی نورا واجعل فی لسانی نورا واجعل فی سمعی نورا واجعل فی بصری نورا)) (۳۲)

اس حدیث مبارک میں آپؐ اپنے رب سے قلب و لسان اور سمع و بصر کے لئے ایک دفعہ بھی نور طلب کرتے تو وہ سب اعضاء کے لئے ہی طلب کرنا ہوتا۔ لیکن لفظ نور کی تکرار حقیقتاً یہاں کلام میں حسن بھی پیدا کر رہی ہے، ایسا حسن جسے بولنے اور سننے والا دونوں محسوس کر سکتے ہیں اور یہ تکرار اس قلبی تڑپ اور شدت کا بھی مفہوم دے رہی ہے، جس میں آپؐ اپنے رب سے نور طلب کر رہے ہیں۔

یہ چند مثالیں تو ''مشتِ نمونے از خروارے'' کے طور پر تھیں ورنہ حقیقت تو یہ ہے کہ آپؐ کے علمی مکارم و محاسن، آپؐ کی زبان سے نکلا ہوا ہر ہر لفظ.....صدیوں سے وارثینِ نبوتؐ کی تحقیق و کاوش کا مرکز بنا ہوا ہے۔ ہر ہر لفظ اور ہر ہر جملے سے کئی کئی نکات معلوم کئے گئے لیکن آپؐ کا کلام جو عین وحی الٰہی ہے اور کلمات اللہ سے متلاحق ہے اس کے بارے میں خود

رب ذوالجلال کا فرمان ہے۔

﴿وَلَوْ أَنَّمَا فِي الْأَرْضِ مِن شَجَرَةٍ أَقْلَامٌ وَالْبَحْرُ يَمُدُّهُ مِن بَعْدِهِ سَبْعَةُ أَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللَّهِ﴾ (۳۳)

حواشی وحوالہ جات

۱۔ بخاری، محمد بن اسماعیل، ابوعبداللہ، صحیح البخاری، کتاب الجهاد والسیر، باب من تکلم بالفارسِ ، والرطانة، دارالسلام، الریاض، ط: الثانیۃ، س: ۱۴۱۹ھ، ۱۹۹۹ء، ح: ۲۸۴۳۔

۲۔ قشیری، مسلم بن الحجاج، ابوالحسین، صحیح مسلم، کتاب الفضائل، باب فی فضائل عائشةؓ ام المومنین، ح: ۲۳۰۴ دارالسلام، الریاض، ط: الثانیۃ، ۱۴۲۱ھ، ۲۰۰۰ء۔

۳۔ ابراہیم مصطفیٰ/احمد حسن الزیات/حامد عبدالقادر/محمد علی النجار، المعجم الوسیط، ۲/ ۷۷۸

۴۔ صحیح بخاری، کتاب التفسیر، باب ﴿ان هو الا نذیر لکم بین یدی عذاب شدید﴾، ح: ۴۸۰۱

۵۔ صحیح بخاری، کتاب الجهاد والسیر، باب اذا فزعوا باللیل، ح: ۳۰۴۰

۶۔ نسائی، احمد بن شعیب بن علی بن سنان، ابوعبدالرحمٰن سنن نسائی، کتاب الجنائز، باب الصلوٰة علی الشهداء، ح: ۱۹۵۵، دارالسلام، الریاض، ط: الاولی، ۱۴۲۰ھ، ۱۹۹۹ء۔

۷۔ ایضاً

۸۔ صحیح مسلم، کتاب الطهارة، باب استحباب اطالة الغرة والتحجیل فی الوضوء، ح: ۲۴۹

۹۔ المعجم الوسیط، ۱/ ۴۲۵۔

۱۰۔ عسقلانی، ابن حجر، احمد بن علی بن محمد، ابوالفضل، شهاب الدین،، فتح الباری، ۱۱/ ۳۸۵، شرح صحیح البخاری، دارالسلم، الریاض، ط: ۱۴۱۸ھ۔۱۹۹۷ء۔

۱۱۔ سورۃ الملک، ۶۷ :۱۱۔

۱۲۔ سورۃ الحج، ۲۲ : ۳۱۔

۱۳۔ صحیح بخاری، کتاب الایمان : باب المسلم من سلم المسلمون من لسانه و یده۔

۱۴۔ عابد علی عابد، البیان، ص: ۳۴۵، مجلس ترقی ادب، ط: الاولی، س: ۱۹۸۹م۔

۱۵۔ صحیح بخاری، کتاب الادب، باب رویدک یا ابخشه، ح: ۵۸۵۷۔

۱۶۔ سورۃ الدھر، ۷۶: ۱۵، ۱۶۔

۱۷۔ البیان، ص: ۳۰۰۔

۱۸۔ صحیح مسلم، کتاب الایمان، باب :بیان ان الاسلام بدأ غریبا وسیعود غریبا، وانه یارز بین المسجدین، ح: ۱۴۷

۱۹۔ صحیح بخاری، کتاب فضائل المدینة، باب لا یدخل الدجال المدینة، ح: ۱۸۸۱

۲۰۔ غنی، محمد نجم، بحرالفصاحت، ص: ۲۹، مقبول اکیڈمی، لاہور، ط: الاولی، ۱۹۸۸م۔

۲۱۔ احمد بن محمد بن حنبل، ابوعبداللہ، المسند، مسند المکثرین من الصحابۃ، داراحیاء التراث العربی، بیروت، لبنان، ط:۲، ۱۴۱۵ھ۔۱۹۹۴ء، ۴۱۳۱۔

۲۲۔ سورۃ الشوریٰ، ۴۲ : ۱۱۔

۲۳۔ صحیح مسلم، کتاب الجنة وصفة نعمها واهلها، باب صفة الجنة،۲۸۲۳۔

۲۴۔ البیان، ص:۱۲۲

۲۵۔ صحیح بخاری، کتاب الزکاة، باب صدقة الشحیح الصحیح، ح:۱۴۲۰۔

۲۶۔ البیان، ص:۳۵۳۔

۲۷۔ عابد علی عابد: سید، البدیع، ص:۲۹۳، مجلس ترقی ادب، لاہور، ط:۱، ۱۹۸۵ء۔

۲۸۔ سنن ابن ماجہ، ابواب الدعاء، باب الجوامع من الدعاء، ح: ۳۸۴۶۔

۲۹۔ البدیع، ص:۱۵۷۔

۳۰۔ حاکم، ابوعبداللہ، محمد بن عبداللہ، الامام، الحافظ، المستدرک علی الصحیحین، بیروت، لبنان، دارالمعرفۃ، ح:۷۸۴۶۔

۳۱۔ نکات سخن، ص:۶۹

۳۲۔ صحیح البخاری، کتاب الدعوات، باب الدعاء اذانتبه من اللیل، ح:۶۳۱۶

۳۳۔ سورۃ لقمان، ۳۱ : ۲۷۔

نجس العین کے استحالہ کے فقہی احکامات: ایک تجزیاتی مطالعہ

Jurisprudential Rules of *Istiḥālah of Najas Al ‘Aīn*: An Analytical Study

تصنیف اللہ خان*

ڈاکٹر جنید اکبر**

ABSTRACT

Istiḥālah means the conversion of an unlawful thing into a lawful. *Istiḥālah* is permissible in major School of *Fiqhi* Thoughts. Two very important terminologies in this regard are *Najas Al ‘Aīn(Impure by nature)*and *Ghīr Najas Al ‘Aīn(Impure by other)*. But the question is that whether the things having such ingredients are permissible are not? And Is *Istiḥālah* can make changes in *Najas Al ‘Aīn* from *Haram* to *Halal.*

According to *Ḥanafī* school of thought, all *Najas Al ‘Aīn*and *Ghīr Najas Al‘Aīn* things can be purified by *Istiḥālah. Maliki* school of thought agreed with *Hanafi* to some extent. While other two schools of thought have different opinions in regard with *Najas Al ‘Aīn.* The research endeavors to explore the teachings of all four schools of thought in terms of *Istiḥālah* of *Najas Al ‘Aīn.*

---

* ٹیچنگ اسسٹنٹ، شعبہ علوم اسلامیہ، جامعہ ہری پور، خیبر پختونخواہ، پاکستان۔

** اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، جامعہ ہری پور، خیبر پختونخواہ، پاکستان۔

اہل اسلام کے لئے غذا اور روزمرہ استعمال کی دیگر اشیاء کی حلت و حرمت انتہائی حساس نوعیت کا معاملہ ہے، دین اسلام کے پیروکار حتی الامکان اس امر کی کوشش کرتے ہیں کہ ان کی غذا، مشروبات، ادویہ، تزویقات وغیرہ کے تمام اجزائے ترکیبی حلال ہوں اور ان میں حرام کا شائبہ بھی نہ ہو۔ مثال کے طور پر اگر کسی صابن میں خنزیر کی چربی استعمال کی گئی ہے اور یہ معلوم نہیں ہے کہ اس چربی کا استحالہ ہو گیا ہے اور کسی دوسری چیز میں تبدیل ہو گئی ہے یا نہیں تو کیا ایسے صابن کو نجس تصور کیا جائے گا؟ استحالہ ایک فقہی اصطلاح ہے جو کسی چیز کی حقیقتِ ذاتیہ کی تبدیلی کو کہتے ہے، یعنی ایک چیز کی خصوصیات اور صفات تبدیل ہو کر کوئی دوسری شے بن جائے اور وہ اپنے پہلی والی حقیقت پر نہ رہے۔

زیر نظر تحقیق میں استحالہ کے عمل کے نتیجے میں نجس العین کے احکام کے بارے میں آئمہ اربعہ کی آراء کا تجزیاتی مطالعہ کیا گیا ہے۔

نجس العین کا لغوی معنی

نجس العین سے مراد وہ چیز ہے جو کبھی پاک نہ ہو سکے اور اُس کی ہر چیز ناپاک ہو۔

نجس العین کا لغوی معنی فیروز اللغات میں اس طرح درج ہے: ''وہ چیز جو کلیتہً نجس ہو جس کا کھانا، پینا، چھونا، لگانا ممنوع اور ناجائز ہو''[1] اور ''فرہنگ آصفیہ'' میں اس کے معنی یوں لکھے ہیں: ''جسماًناپاک جو کبھی پاک نہ ہو سکے، جیسے کتا، شراب وغیرہ''[2] ''نور اللغات'' میں نجس العین کے معنی اس طرح مذکور ہے: ''وہ چیز جس کا ہر جز نجس ہو، جس کا کھانا پینا، چھونا، لگانا ناجائز ہے''[3]۔

نجس العین کی اصطلاحی معنی

اصطلاحاً نجس العین سے مراد وہ چیز ہے جو طہارت کے عمل کو قبول نہ کرے، جیسے کہ پیشاب، پائخانہ، خون، میتہ اور خنزیر''[4]۔

یعنی نجس العین وہ اشیاء ہیں جو ذات کے لحاظ سے نجس ہوں اور وہ طہارت دینے کے عمل سے پاک نہ ہوں۔

نجس العین اشیاء

فقہاء ان چیزوں کو نجس العین مانتے ہیں: خنزیر، شراب، مردار، خون، پیشاب، بول وبراز۔ شوافع کتے کو بھی نجس العین مانتے ہیں۔ چونکہ شوافع کتے کو بھی نجس العین مانتے ہیں اس لئے یہاں یہ ضروری سمجھا گیا کہ

کتے کے نجس العین ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں بھی فقہاء کو آراء شامل کی جائیں تا کہ اس مضمون میں کتے کے بارے میں بحث کا جواز بن سکے:

کتے کا نجس العین ہونے یا نہ ہونے کا حکم

کتے کے نجس العین ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں فقہائے احناف کہتے ہیں:

امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے: ''جب پانی میں کتا گر جائے اور پھر اس کو زندہ نکالا گیا تو اس پانی میں کوئی خرابی نہیں اور یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ کتے کا عین نجس نہیں ہے، اور اسی طرح کتے کے بارے میں کہا گیا کہ پانی میں گر جائے اور زندہ نکالا گیا، تو اس سے نظر پوشی کرنا پس اس میں کوئی خرابی نہیں ہے اور یہ ابن مبارک نے ابو حنیفہ سے روایت کیا ہے، اور جامع الاصغر میں ہے، جب کتا کنویں میں گر جائے تو پانی کو نجس نہیں کرتا، اور دوسروں نے کہا کہ پانی ناپاک ہو جاتا ہے، اور فتاوی ابی اللیث رحمۃ اللہ علیہ میں ہے کہ کتا برف پر پھرے اور انسان اس جگہ پر اپنے پاؤں رکھے، یا یہ برف، برف خانے میں رکھی جائے، پس اگر یہ گیلا نہ ہو تو کوئی مضائقہ نہیں، اور اگر یہ گیلا ہے تو ناپاک ہے اس لئے کہ اس کا عین ناپاک ہے، اور اسی طرح کتا مٹی پر چلے مٹی پر نشان بن جائے پس اگر انسان اپنا پیر کتے کے پیر کے نشان پر رکھ دے تو اس کا پیر ناپاک ہو جائے گا اس لئے کہ کتا نجس العین ہے، اور اسی طرح کتا جب پانی میں داخل ہو جائے، پھر نکلے اور پانی کی چھینٹیں انسان کے کپڑے پر پڑ جائیں، تو کپڑے ناپاک کر دیتی ہیں، اور اگر کتے پر بارش کا پانی پڑ جائیں اور باقی مسئلہ اُسی طرح ہو تو کپڑے ناپاک نہیں ہوتے، اس لئے کہ کتے کی جلد ناپاک ہے اس وجہ سے کپڑے ناپاک کر دیتی ہیں اور دوسری صورت میں وجہ یہ ہے کہ کتے کے بال ناپاک نہیں ہیں اس لئے بارش کی وجہ سے کتے کے بالوں سے کپڑے پر پڑنے والی چھینٹیں کپڑوں کو ناپاک نہیں کرتیں، اور بارش والے مسئلے کو آخر میں تفصیل سے بیان کیا گیا کہ اگر بارش کا پانی کتے کی جلد پر پڑے تو یہ بات ان کپڑوں میں نماز کے جائز ہونے کو منع کرتی ہے، اور اگر بارش کا پانی کتے کی جلد تک نہ پہنچے تو نماز کے جائز ہونے کو منع نہیں کرتی''[5]۔

چونکہ نجس العین اپنی ذات میں ہر لحاظ سے نجس ہوتا ہے اس کے کسی بھی عضو سے فائدہ اٹھانا حرام ہے، جب کہ مندرجہ بالا عبارت سے یہ بات واضح ہو گئی کہ فقہائے احناف کتے کے جلد کو تو نجس مانتے ہیں لیکن کتے کے بالوں کو نجس نہیں کہتے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ احناف کے ہاں کتا نجس العین نہیں ہے۔

امام محمد رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''کتا خنزیر سے زیادہ ناپاک نہیں ہے''[6]۔

ردالمحتار میں علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "کتا نجس العین نہیں ہے اور اسی بات پر فتویٰ ہے، اگرچہ کہ بعض نے کتے کے نجس العین ہونے کو ترجیح دی ہے۔ جیسا کہ ابن شحنہ نے اس پر تفصیلی بحث کی ہے، پس کتے کی خرید فروخت کی جاسکتی ہے اور اس کو اجرت کے طور پر دیا جاسکتا ہے اور اس کا ضمان بھی ہو گا"[7]۔

شوافع کے نزدیک کتا، خنزیر کی طرح نجس العین ہے جیسے:

"عین دو قسم کی ہیں: نجس اور طاہر، پس نجس کی دو قسمیں ہیں: اپنی ذات میں نجس اور کسی دوسری شئ کے ملنے کی وجہ سے نجس، پس جو اپنی نفس کی وجہ سے ناپاک ہو اس کی خرید و فروخت جائز نہیں ہے جس کی مثال کتا، خنزیر، شراب اور گوبر اور ان کے نجس ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے"[8]۔

امام شافعی "الاُم" میں فرماتے ہیں:

" اور اسی طرح آدمی کسی بھی حال میں اپنے گھوڑے کو کتے اور خنزیر کی جلد سے بنے ہوئے آلات نہ پہنائے"[9]۔

بدائع الصنائع میں امام کاسانیؒ نے امام شافعیؒ کا قول نقل کیا ہے:

اور شافعیؒ نے وہی کہا جو ہم نے کتے کے جلد کے بارے میں کہا، اس لئے کہ کتا خنزیر کی طرح نجس العین ہے[10]۔

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ احناف کتے کو نجس العین نہیں مانتے جبکہ شوافع کے ہاں کتا، خنزیر کی طرح نجس العین ہے۔

مالکی فقہاء کی کتے کے بارے کیا رائے ہیں اس بارے میں مندرجہ ذیل عبارات ملاحظہ ہو:

"امام مالک نے فرمایا کہ جس نے اس پانی سے وضو کیا جس میں کتے نے منہ ڈالا ہو اور اس وضو سے نماز پڑھ لی تو فرمایا کہ علی رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ اس پر نماز کا اعادہ نہیں ہے اور اگر نماز کے وقت کے اندر ہی اس کو پتہ چلا تو علی وابن وہب سے روایت ہے کہ اگر پانی کم ہے تو وہ وضو دوبارہ کریں اور اگر پانی زیادہ ہے جیسے حوض وغیرہ کا پانی تو کوئی خرج نہیں"[11]۔

دوسری جگہ میں مذکور ہے:

"ابن ماجشون اور امام سحنون کا قول ہے ہے کہ کتا اور خنزیر نجس ہیں اور اکثر علماء نے اس کو اس کے جھوٹے کی وجہ سے لیا ہے، اور ابو عمر نے نجاست کو عین خنزیر کی طرف راجح کیا ہے، ابن عربی نے امام سحنون سے روایت

کیاہے کہ کتے کا عین نجس ہے اور ابن ماجشون نے اس میں شک کیاہے، اور لخمی نے امام سحنون سے روایت کیا ہے کہ " مأذون "کتا یعنی جس کو کسی کام کا حکم دیا جاتا ہے وہ پاک ہے اور دوسرے ناپاک "(12)۔

ان عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ مالکیہ کے ہاں کتا نجس تو ہے لیکن نجس العین ہونے میں کچھ اختلاف موجود ہے۔

حنابلہ کی رائے میں ہیں:

" صحیح یہ ہے کہ کتے کا الحاق خنزیر کے ساتھ نہیں کیا جاسکتا کیوں کہ خنزیر کی نجاست قرآن میں مذکور ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں موجود تھا اور کتے کی نجاست دوسری شئی ہے خنزیر کی نجاست سے "(13)۔

شرح زاد المستقنع في اختصار المقنع میں مذکور ہے:

" جب یہ ثابت ہو گیا کہ کتا جس چیز میں منہ ڈالے تو اس کا سات دفعہ دھونا پانی سے اور ایک دفعہ مٹی سے تو یہ سوال اٹھتا ہے کہ کیا یہ حکم صرف کتے کے لئے مخصوص ہے یا اس کا قیاس دوسروں پر بھی کیا جاسکتا ہے؟ بعض علماء نے فرمایا کہ اس کا قیاس کتے کے علاوہ بھی جانوروں پر کیا جاسکتا ہے پس اگر خنزیر اپنا سر برتن میں داخل کرے اور اس میں منہ مارے تو وہ برتن سات دفعہ پانی سے دھویا جائے اور ایک دفعہ مٹی سے ملا جائے گا اور یہ حنابلہ کا مذھب ہے جیسا کہ مصنف نے نص پیش کی ہے اور وہ مرجوح قول ہے، اور صحیح حکم یہ ہے کہ یہ صرف کتے کے ساتھ خاص کیا جائے گا اور خنزیر کو اس حکم میں نہیں لیا جائے گا" (14)۔

یعنی حنابلہ کے ہاں بھی کتا نجس العین میں شامل نہیں ہے

استحالہ کے عمل کے نتیجے میں نجس العین کے احکام آئمہ اربعہ کے تناظر میں

استحالہ النجاسۃ کے بارے میں فقہاء کرام بنیادی طور پر دو قسم کے اصولی موقف رکھتے ہیں۔ جمہور فقہاء استحالہ کی صورت میں حکم کی تبدیلی کے قائل ہیں پھر اس میں نجس العین اور غیر نجس العین کی تبدیلی کے بارے میں حسب اختلاف مذاہب آراء موجود ہیں جو اس مقالہ کا ہدف ہے۔ اور بعض فقہاء استحالہ کی وجہ سے تبدیلی حکم کے قائل نہیں۔

چونکہ جمہور فقہاء کی آراء ہی معمول بہ اور قابلِ اعتناء ہے اس لیے ذیل میں فقہاء اربعہ کا مسلک بیان کیا جائے گا۔ جو اصولی طور پر تو استحالہ کے جواز اور ماہیت کی تبدیلی کے قائل ہیں پھر نجس العین میں استحالہ کے جواز اور تأثیرِ حکم میں اختلاف کرتے ہیں۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے:

نجس العین کا استحالہ کے بارے میں احناف کی رائے

علامہ ابن ہمام حنفی نے "فتح القدیر" میں نجس العین کے استحالہ کے بارے میں بحث کی ہے:

"امام ابو یوسف رحمہ اللہ اور امام محمد رحمہ اللہ علیہ شراب کے علاوہ، نجس العین کے انقلاب میں اختلاف کرتے ہیں امام محمد کے ہاں خنزیر اور میتہ اگر نمک کی کان میں گرنے کی وجہ سے نمک بن جائے تو کھایا جاسکتا ہے اور پاخانہ اور گوبر وغیرہ جل کر راکھ بن جائیں تو پاک ہو جاتے ہیں، جب کہ "تجنیس" میں مصنف کا کلام ابو یوسفؒ کے قول کو اختیار کرنے میں ظاہر ہے، فرمایا اگر لکڑی کو پاخانہ لگے اور اس کو جلا دیا جائے اور اس کی راکھ کنویں میں گر جائے تو پانی کو ناپاک کر دیتا ہے، اور اسی طرح گوبر کی راکھ اور گدھا جب نمک کی کان میں مر جائے، تو نمک نہیں کھایا جائے گا اور یہ تمام قوال امام ابو یوسف کے ہیں امام محمد کے برعکس، اس لئے کہ راکھ کے اجزاء نجاست کے ہیں، پس نجاست باقی ہے راکھ میں نجاست کے شامل ہونے کی وجہ سے اس لئے اس سے احتیاطاً منع کیا گیا ہے، اور بہت سے علماء امام محمد رحمہ اللہ کے قول کو اختیار کرتے ہیں اور یہی قول مختار ہے اس لئے شریعت نے نجاست کے وصف کو اس کے قول پر مرتب کیا ہے"[15]۔

نجس العین اور غیر نجس العین دونوں انقلاب ماہیت سے پاک ہو جانے کے متعلق فتاوی ہندیہ میں ہے:

"گدھا اور خنزیر جب نمک کی کان میں گر جائے اور نمک بن جائے اور گندا کنواں جب مٹی بن جائے تو ان دونوں یعنی امام ابو حنیفہ اور امام محمد رحمہم اللہ کے ہاں پاک ہو جاتے ہیں امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے پاک نہیں ہوتے"[16]۔

علامہ ابن نجیم فرماتے ہیں:

"انقلاب عین اگر شراب میں ہو تو اس کی پاکی میں کوئی اختلاف نہیں اور اگر اس کے علاوہ میں ہو جیسے خنزیر اور مردار نمک کی کان میں گر جائیں اور نمک بن جائیں تو کھایا جائے گا، اور گوبر اور گندگی جل کر راکھ بن جائیں تو امام محمد رحمہ اللہ کے ہاں پاک ہو گی، جبکہ امام ابو یوسف رحمہ اللہ کے ہاں یہ چیزیں پاک نہیں ہوتیں۔ اور بہت سے مشائخ نے امام محمد کے قول کو اختیار کیا ہے"[17]۔

نجس العین کی استحالہ کے بارے میں مالکیہ کی رائے

چونکہ پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ شراب نجس العین ہے لہٰذا اگر شراب میں تبدیلی ماہیت ہو جائے تو کیا اس کے احکام میں بھی مالکیہ کے ہاں تبدیلی واقع ہوتی ہے یا نہیں؟ مندرجہ ذیل عبارات سے اس مسئلہ توضیح ہوتی ہے:

شراب کو سرکہ بنانا اور اس کو قابل استعمال بنانے کے متعلق راجح قول کے مطابق مالکیہ کے ہاں اس کی گنجائش ہے اس لئے کہ یہ ایک فاسد چیز کی اصلاح ہے اور کسی چیز کی اصلاح کرنا شرعاً جائز ہے جس طرح کہ کھال کو دباغت دے کر پاک کرنا شرعاً درست ہے دار قطنی کی ایک روایت میں دباغت اور تخلیل خمر کو ایک تناظر میں ذکر کیا گیا ہے:

"دباغت سے مردار کی کھال اس طرح حلال ہو جاتی ہے جس طرح کہ شراب سرکہ بننے کے بعد حلال ہو جاتی ہے"(18)۔

مالکیہ کی ایک روایت یہ ہے:

"شراب کے سرکہ بنانے کے حکم میں اختلاف ہے پس "بیان" میں کہا گیا ہے کہ اس میں تین اقوال ہیں، اور الاکمال اور المشہور کے کتاب الاطعمہ میں ہے کہ ہمارے ہاں شراب سے سرکہ بنانا مکروہ ہے پس اگر ایسا کیا گیا تو کھایا جائے"(19)

صاحب "التاج والاکلیل" شراب کے نجس ہونے اور سرکہ بننے اور بنانے کے متعلق فرماتے ہیں:

"ابن زرقون نے کہا کہ اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ شراب نجس ہے اور جب وہ خود بخود سرکہ بن جائے تو پاک ہے۔ ابن قاسم سے روایت ہے کہ شراب کا سرکہ بنانا حرام ہے"(20)۔

"المدونہ" میں شراب سے سرکہ بننے کے متعلق آیا ہے:

مالک نے کہا کہ "مسلمان کی ملکیت میں جو شراب ہو تو اس کو گرا دے، پس جس نے اس کو سرکہ بنانے پر جرات کی یہاں تک کہ سرکہ بن گیا، پس اس کو کھائے، اور جو اس نے بنایا ہے وہ برا ہے"(21)۔

بدایۃ المجتہد میں شراب کے سرکہ بننے کے متعلق اس طرح مذکور ہے:

"اور اس پر اجماع ہے کہ خمر اگر خود بخود سرکہ بن جائے تو اس کا کھانا جائز ہے، اور اس میں اختلاف ہے کہ جب قصداً شراب کو سرکہ بنا دیا جائے تو اس میں تین اقوال ہیں: حرام، مکروہ اور مباح"(22)۔

شراب کو بالقصد سرکہ بنانے کے متعلق مالکیہ میں ابن قاسم کی روایت کے مطابق وہ سرکہ حلال و طاہر نہ ہو گا کیونکہ مسلم شریف کی حدیث میں وارد ہے:

حضرت انس رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے شراب سے سرکہ بنانے کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا نہ بنائے (23)۔

"حنفیہ اور مالکیہ کے مذہب میں اور ایک روایت میں امام احمد کا مذہب ہے کہ نجس العین استحالہ کے ذریعے پاک ہو جاتا ہے پس نجاست کی راکھ نجس نہیں ہے اور نہ نمک کی نجاست کا اعتبار کیا جائے گا جو کہ پہلے گدھا یا خنزیر یا ان دونوں کے علاوہ تھا، اور نہ اس نجاست کا اعتبار کیا جائے گا جو کنویں میں پڑ کر مٹی بن گئی، اور اسی طرح شراب جو کہ خود یا کسی انسان وغیرہ کے فعل کی وجہ سے سرکہ بن گیا ہو، انقلاب عین کے لئے سب ایک جیسے ہیں، اور اس لئے شریعت نجاست کے وصف کو اس حقیقت پر مرتب کرتی ہے پس اس کے نفع سے فائدہ اُٹھایا جائے پس جب ہڈی اور گوشت نمک بن جائیں تو اس پر نمک کا حکم لگایا جائے گا، اس لئے کہ نمک ہڈی اور گوشت کا غیر ہے۔ اور شریعت میں اس کی بہت سی مثالیں ہیں کہ علقہ نجس ہے پس جب یہ مضغہ کی طرف تبدیل ہو جائے تو پاک ہو جاتا ہے اور شیرہ پاک ہے پس جب یہ تبدیل ہو کر شراب بن جائے تو ناپاک ہو جاتا ہے۔ پس یہ وضاحت اس سلسلے کی ہے کہ استحالہ عین سے وصف پر زوال مرتب ہوتا ہے"[24]۔

نجس العین کا استحالہ کے بارے میں شوافع کی رائے

شوافع کے نزدیک چونکہ کتا بھی نجس العین ہے، اس کے بارے وہ کہتے ہیں:

"شوافع کے نزدیک اصل اور حنابلہ کے ظاہر مذہب میں ہے کہ کوئی ناپاک چیز حقیقت کے بدلنے سے پاک نہیں ہوتی، لہٰذا کتا وغیرہ اگر نمک کی کان میں گر کر نمک بن جائے، نجاست کے ایندھن سے اٹھنے والا دھواں، اسی طرح نجاست سے اٹھنے والی بھاپ جب کسی ٹھوس جسم پر تراوٹ کی شکل میں جمع ہو جائیں اور ٹپکنے لگے تو یہ سب پاک نہیں ہوں گی"[25]۔

شافعی مذہب کے امام غزالی رحمہ اللہ تعالی نے قلب ماہیت سے حکم میں تبدیلی کو تسلیم کیا ہے، جیسے کہ وہ احیاء العلوم الدین میں فرماتے ہیں:

"جیسے کہ تم دیکھتے ہو کہ کتا نمک کی کان میں گرتا ہے اور نمک میں تبدیل ہوتا ہے اور اس کا طہارت کا حکم کیا جاتا ہے نمک بن جانے سے اور اس سے تمام صفات زائل ہو جاتی ہیں"[26]۔

شافعیہ اور مالکیہ کے یہاں کچھ چیزیں مستثنیٰ ہیں، ان میں سرکہ کے متعلق کہتے ہیں کہ اگر شراب خود تبدیل ہو کر سرکہ بن جائے تو وہ پاک ہے کیونکہ شراب کی حرمت کی علت نشہ ہے تو سرکہ بننے سے نشے والی علت ختم ہو جاتی ہے، اور اگر کسی دوسرے نے کوئی چیز ڈال کر سرکہ بنا دیا تو ان کے نزدیک پاک نہ ہو گی۔ شافعیہ نے اس میں یہ صراحت کی ہے کہ اگر ہوا کو گزار دینے کی وجہ سے شراب سرکہ بن جائے تب بھی پاک نہیں

ہو گی، خواہ سرکہ بنانے میں اس کا دخل ہو جیسے پیاز اور روٹی کے ڈالنے سے شراب سرکہ میں تبدیل ہو جاتی ہے، یا دخل نہ ہو جیسے کنکر۔

اسی پس منظر میں فقہاء کے یہاں یہ بحث آتی ہے کہ اگر کسی ناپاک اور حرام چیز کی حقیقت تبدیل ہو جائے تو اس کی نجاست اور حرمت کا حکم باقی رہے گا یا نہیں؟۔

شوافع اور حنابلہ کے نزدیک جزوی طور پر تحویل حقیقت سے حکم میں تبدیلی نہیں آئے گی، البتہ شوافع نے چند صورتوں کو مستثنیٰ کیا ہے، چنانچہ امام نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

''نجاست دو قسم کی ہے، نجس العین اور غیر نجس العین، پس نجس العین اپنی حال سے پاک نہیں ہو گا سوائے خمر کے کہ وہ سرکہ بن جانے سے پاک ہو جاتا ہے، اور مردار کی جلد دباغت سے، اور علقہ جب مضغہ بن جائے، اور وہ خون جو انڈے میں ہوتا ہے جب یہ نجس ہوتے ہیں تو زندہ میں تبدیل ہو کر پاک ہو جاتے ہیں، اور غیر نجس العین جو ہے اس کی دو قسمیں ہیں، عین نجاست اور حکمی نجاست، حکمی نجاست وہ ہے جس کے وجود کا یقین ہو جاتا ہے، اور جس کا یقین نہ ہو جیسے پیشاب، جب اپنی محل سے خشک ہو جائے اور اس کی بو اور اثر نہ پائی جائے، تو وہ جگہ ایک دفعہ دھونے سے پاک ہو جائے گی اور دوسری اور تیسری دفعہ دھونے سے اور بہتر ہو جائے گی، اور عین نجاست اور اس کے اثرات یعنی طعم، لون اور بو سمیت اپنے محل سے زائل کرنا لازمی ہیں، پس اگر ایسا کیا اور طعم باقی رہا تو پاک نہیں اور اگر صرف رنگ رہ گیا اور اس کا ازالہ آسان ہو تو بھی پاک نہیں ہے، اور اگر اس کا ازالہ مشکل ہو جیسے حیض کا خون جو کپڑے پر پڑ جائے، اور کوشش بسیار کے اور کرچنے اور رگڑنے سے بھی زائل نہ ہو، تو پاک ہے''(27)۔

نہایۃ المحتاج میں الرملی نجس العین کے بارے میں کہتے ہیں:

''کوئی نجس العین چیز دھونے سے مطلقاً پاک نہیں ہو گی اور نہ تبدیلی ماہیت یعنی استحالہ سے، جیسے وہ مردار جو نمک کی کان میں گر کر نمک بن جائے یا جل کر راکھ بن جائے، مگر دو چیزیں تبدیلی سے پاک ہوتی ہیں ان میں ایک شراب ہے''(28)۔

علامہ شربینی المغنی المحتاج میں فرماتے ہیں:

''اور نجس العین پاک نہیں ہو گا سوائے شراب کے، جب سرکہ بن جائے''(29)۔

اس کے بعد فرماتے ہیں:

"یعنی شوافع کے نزدیک شراب کے علاوہ کوئی بھی نجس العین استحالہ کے ذریعے پاک نہیں ہو گا۔ چنانچہ اگر کتا نمک کی کان میں گر کر مر جائے اور نمک بن جائے تو شوافع کے نزدیک نمک ناپاک رہے گا، کیونکہ کتا کے نمک بن جانے سے حکم نہیں بدلا، بلکہ کتا کا حکم جو ناپاکی کا تھا وہ باقی رہے گا"(30)۔

شوافع کا استدلال یہ ہے کہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جلالہ کے گوشت کھانے اور دودھ پینے سے منع فرمایا(31)۔

نجس العین کا استحالہ کے بارے میں حنابلہ کی رائے

علامہ ابن قدامہ استحالہ کے متعلق فقہ حنبلی کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ظاہر مذہب یہ ہے کہ نجاسات میں سے کوئی شئ استحالہ کے ذریعے پاک نہیں ہوتی مگر شراب جب خود سرکہ میں تبدیل ہو جائے، اس کے علاوہ کوئی چیز پاک نہیں ہو گی جسے وہ نجس چیزیں جو جل کر راکھ بن جائیں یا خنزیر جو نمک کی کان میں گر کر نمک بن جائے اور وہ دھواں جو نجاسات کے جل جانے سے اٹھے اور وہ بھاپ جو نجس پانی سے اٹھے اور کسی صیقل جسم پر پڑ کر قطرے کی شکل میں ٹپکے، پس وہ نجس ہے اور اس سے یہ مسئلہ تخریج کیا جائے گا کہ تبدیل شدہ شراب، دباغت دی گئی مردار کی جلد اور روک کر رکھے گئے غلاظت کھانے والے جانور پر قیاس کرتے ہوئے تبدیلی کے ذریعے تمام ناپاک چیزیں پاک ہو جائیں گی۔ پہلا قول ظاہر مذہب ہے اور ہمارے امام رحمہ اللہ علیہ نے ہمیں اس تنور میں روٹی پکانے سے منع فرمایا ہے جس میں کوئی خنزیر بھونا گیا ہو"(32)۔

کشاف القناع جو کہ حنبلی مکتبہ فکر کی مشہور کتاب ہے میں مذکور ہے:

"اور نجاست استحالہ سے پاک نہیں ہوتی، اس لئے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گندگی کھانے والے جانوروں کے کھانے اور اس کے دودھ سے پینے سے منع کیا ہے، اور اگر استحالہ سے پاک ہوتا تو اس سے منع نہ کرتے، اور اسی طرح آگ سے بھی نجاست پاک نہیں ہوتی مختصر یہ کہ گندگی کی راکھ نجس ہے، اور وہ صابن جو ناپاک تیل سے بن جائے، اور گندگی کا دھواں اور غبار نجس ہے، اور نجس پانی بھاپ جو کسی صیقل جسم وغیرہ پر پڑ جائے ناپاک ہے، اور وہ گارے کی مٹی جس میں گدھے اور خچر کی لید ہو، اور اسی طرح وہ جانور جس کا گوشت نہیں کھایا جاتا، نجس ہے، اور جیسے مٹی کا پکایا ہوا برتن نجس ہے، اور اسی طرح کتا جب نمک کی کان میں گر جائے اور نمک بن جائے یا صابن کی دیگ میں گر جائے اور صابن بن جائے، ناپاک ہے، سوائے علقہ کے کہ وہ

مضعہ میں تبدیل ہو جائے تو وہ ناپاکی کے بعد پاک ہو جائے گا، اس لئے کہ اس کی نجاست علقہ ہونے کی صورت میں ہے، اگر یہ علت زائل ہوگئی تو وہ اپنی اصلی حالت کی طرف لوٹ آیا جیسے ماء کثیر جس میں نجاست کے ذریعہ تبدیلی آجائے، مگر شراب جو از خود سرکہ بن جائے پاک ہے"(33)

اسی طرح المبدع فی شرح المقنع میں استحالہ کے ذریعے انقلاب ماہیت کے متعلق مذکور ہے:

" استحالہ کے ذریعے نجاسات میں سے کوئی چیز پاک نہیں ہوتی"(34)

المغنی میں ابن قدامہ فرماتے ہیں:

" نجاست استحالہ کے ذریعے پاک نہیں ہوتی، پس اگر گوبر جلایا جائے اور راکھ بن جائے یا کتا نمک کی کان میں گر جائے اور نمک بن جائے، پاک نہیں ہوتا اس لئے کہ نجاست استحالہ سے حاصل نہیں ہوتی، پس اس کے ذریعے پاک بھی نہیں ہوتی، جیسے کہ خون جب پیپ بن جائے یا خون ملا پیپ بن جائے"(35)

خلاصہ

نجس العین اور غیر نجس العین اشیاء کی حقیقت و ماہیت کی تبدیلی کو مسالک اربعہ کی تناظر میں دیکھا گیا ہے، فقہاء احناف میں امام ابو حنیفہ اور امام محمد کے ہاں استحالہ؛ نجس العین اور غیر نجس العین دونوں میں مؤثر ہے جبکہ امام ابو یوسف ماہیت کی تبدیلی کو صرف غیر نجس العین میں مانتے ہیں اور نجس العین میں تبدیلی حقیقت کے قائل نہیں۔

مالکیہ کے ہاں نجس العین کی استحالہ کا جواز ملتا ہے، مگر قصداً اس کے استحالہ کو مکروہ سمجھتے ہیں جیسے اگر شراب خود بخود سرکہ بن گیا تو پاک ہے لیکن اگر جان بوجھ کر شراب سے سرکہ بنایا گیا تو کھایا جائے لیکن اس عمل کو مکروہ بتایا ہے۔

شوافع اور حنابلہ کے ہاں نجس العین تبدیلی ماہیت سے پاک نہیں ہو گا، البتہ شراب اگر خود بخود سرکہ بن گیا تو پاک ہے اور اگر کسی انسانی عمل سے شراب سرکہ میں تبدیل ہوئی تو دونوں اس کو پاک نہیں مانتے۔

حواشی وحوالہ جات

1۔ فیروز الدین، مولوی، فیروز اللغات، لاہور، فیروز سنز لمیٹڈ، طبع وسن اشاعت ندارد، ص: ۱۳۵۲۔

2۔ دہلوی، سید احمد، فرہنگ آصفیہ، لاہور، رفاہ عام پریس، دسمبر ۱۹۰۰م، ج: ۴، ص: ۵۴۸۔

3۔ نور الحسن، مولوی، نور اللغات، لکھنو، حلقہ اشاعت، ۱۹۱۷ء، ج: ۴، ص: ۷۹۵۔

4۔ قلعجي، محمد رواس – قنيبي، حامد صادق، معجم لغة الفقهاء، بیروت، دار النفائس، الطبعة: الثانية، ۱۴۰۸ھ – ۱۹۸۸ ء، ج:۱، ص: ۴۷۵۔

5۔ برہان الدین، ابو المعالی، محمود بن احمد، المحیط البرہانی فی الفقہ النعمانی، دار الکتب العلمیۃ بیروت طبع اول، ۱۴۲۴ھ – ۲۰۰۴ ء ج: ۱، ص: ۱۰۳۔

6۔ ایضاً، ج: ۱، ص: ۴۷۴۔

7۔ شامی، ابن عابدین، محمد امین، رد المحتار علی الدر المختار، دار الفکر، بیروت، طبع اول، ۱۴۱۲ھ – ۱۹۹۲ء، ج: ۱، ص:۲۰۸۔

8۔ ابو اسحاق ابراہیم بن علی الشیرازی، المہذب فی فقہ الامام الشافعی، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ج: ۲، ص: ۹۔

9۔ شافعی، محمد بن ادریس، الاُم،، دار المعرفہ، بیروت، بدون طبعہ، ۱۴۱۰ھ–۱۹۹۰ء، ج: ۱، ص: ۲۵۴۔

10۔ شافعی، محمد بن ادریس، الاُم،، دار المعرفہ، بیروت، بدون طبعہ، ۱۴۱۰ھ–۱۹۹۰ء، ج: ۱، ص: ۲۵۴۔

11۔ شمس الدین، طرابلسی، مغربی، ابو عبد اللہ محمد بن محمد بن عبد الرحمن، المعروف بالحطاب الرُّعيني المالكي (ت: ۹۵۴ھ)، مواہب الجلیل فی شرح مختصر خلیل، دار الفکر، طبع سوم، ۱۴۱۲ھ – ۱۹۹۲ء، ج: ۱، ص: ۷۴۔

12۔ إبو عبد اللہ، تونسی مالکی، محمد بن محمد ابن عرفۃ الورغمی، (المتوفی: ۸۰۳ھ)، المختصر الفقہی لابن عرفہ، مؤسسۃ خلف إحمد الخبتور للأعمال الخیریۃ، طبع اول، ۱۴۳۵ھ - ۲۰۱۴ ء، ج:۱، ص: ۸۲۔

13۔ صقعبی، خالد بن إبراہیم، مذکرۃ القول الراجح مع الدلیل لکتاب الطہارۃ من شرح منار السبیل، دار إم المؤمنین خدیجۃ بنت خویلد، بدون طبع وتاریخ، ج:۱، ص: ۱۰۹۔

14۔ شنقیطی، محمد بن محمد المختار، شرح زاد المستقنع فی اختصار المقنع (کتاب الطہارۃ)، الرئاسۃ العامۃ للبحوث العلمیۃ والإفتاء - الإدارۃ العامۃ لمراجعۃ المطبوعات الدینیۃ، الریاض - المملکۃ العربیۃ السعودیۃ، طبع اول، ۱۴۲۸ھ - ۲۰۰۷م، ج: ۱، ص:۳۴۹۔

15۔ ابن الہمام، کمال الدین محمد، فتح القدیر، دار الفکر، بیروت، بدون طبعہ وتاریخ، ج: ۱، ص: ۲۰۰۔

16۔ شیخ نظام، مولانا، فتاوی الہندیہ، کتاب الطہارۃ، باب الانجاس، دار الکتب العلمیہ، بیروت، طبع اول ۱۴۲۱ھ – ۲۰۰ ء، ج ۱، ص ۵۰۔

17۔ ابن نجیم المصری، زین الدین، البحر الرائق شرح کنز الدقائق، باب التطہیر بالدہن، دار الکتاب الاسلامی، طبع دوم، بدون تاریخ، ج: ۱، ص: ۲۳۹۔

18۔ دار قطنی، ابو الحسن علی، سنن الدار قطنی، ج: ۱، ص: ۷۲۔

19۔ رعینی مالکی، شمس الدین محمد الحطاب ،مواہب الجلیل فی شرح مختصر خلیل، دار الفکر ،بیروت، طبع دوم، ۱۴۱۲ھ-۱۹۹۲ء،ج: ۱،ص: ۹۸۔
20۔ غرناطی، محمد بن یوسف ، التاج والاکلیل لمختصر خلیل، باب تمیز الاعیان الطاہرۃ عن النجاسۃ،دار الکتب العلمیہ، بیروت ،طبع اول،۱۴۱۶ھ ۱۹۹۴-ء،ج: ۱،ص: ۱۳۸۔
21۔ مالک بن انس، المدونہ، باب طبخ الزبیب، دار الکتب العلمیہ، بیروت، طبع اول،۱۴۱۵ھ- ۱۹۹۴ ء،ج: ۴،ص: ۵۲۵۔
22۔ ابو ولید ،ابن رشد الحفید ، بدایۃ المجتہد ونہایۃ المقتصد، دار الحدیث ، قاہرہ ، بدون طبع، ۱۴۲۵ ھ - ۲۰۰۴ ء، ج: ۳، ص:۲۸۔
23۔ قشیری، مسلم بن الحجاج، صحیح مسلم، باب تحریم تخلیل الخمر، دار احیاء التراث العربي، بیروت، حدیث: ۱۹۸۳۔
24۔ الموسوعۃ الفقہیۃ الکویتیہ، صادر عن: وزارۃ الاوقاف والشئون الاسلامیہ، کویت، باب تحول العین واثرہ فی الطہارۃ والحل ،طبع (۱۴۰۴ - ۱۴۲۷ھ)،ج:۱۰،ص: ۲۷۸۔
25۔ موسوعۃ الفقہیہ ،شائع کردہ وزارت اوقاف و اسلامی امور کویت، اردو ترجمہ اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا، جینوین پبلیکیشنز اینڈ میڈیا، طبع اول ۱۴۳۰ھ - ۲۰۰۹ء، ج: ۱۰،ص: ۳۲۳۔
26۔ غزالی، ابو حامد محمد بن محمد (ت ۵۰۵ھ)،احیاء علوم الدین، دار المعرفۃ، بیروت،ج: ۱،ص: ۱۳۰۔
27۔ نووی، محی الدین یحیٰ بن شرف ، رضۃ الطالبین وعمدۃ المفتین، المکتب الإسلامی، بیروت ، طبع سوم، ۱۴۱۲ھ - ۱۹۹۱ء، ج:۱،ص۲۷۔
28۔رملی، شمس الدین، نہایۃ المحتاج الی شرح المنہاج، باب: انواع النجاسات، دار الفکر، بیروت ،الطبعہا خیرہ، ۱۴۰۴ھ-۱۹۸۴ء،ج: ۱،ص: ۲۴۷۔
29۔شربینی، شمس الدین، الخطیب ، مغنی المحتاج الی معرفۃ معانی الفاظ المنہاج، باب النجاسۃ، دار الکتب العلمیۃ، بیروت، طبع اول ۱۴۱۵ھ- ۱۹۹۴ء،ج: ۱،ص: ۲۳۶۔
30۔ ایضاً۔
31۔ ترمذی، محمد بن عیسی، سنن الترمذی، شرکۃ مکتبۃ ومطبعۃ مصطفی البابیالحلبی، مصر،طبع دوم، ۱۳۹۵ھ- ۱۹۷۵ء، حدیث:۱۸۲۴ ۔
32۔ ابن قدامہ، ابو محمد موفق الدین، المغنی، مکتبۃ القاہرہ، بدون طبعہ، ۱۳۸۸ھ-۱۹۶۸ء،ج: ۱،ص: ۵۳۔
33۔ بہوتی حنبلی، منصور بن یونس، کشاف القناع عن متن الاقناع، دار الکتب العلمیہ،ج: ۱،ص: ۱۸۷۔
34۔ برہان الدین، ابراہیم بن محمد، المبدع فی شرح المقنع، باب غسل نجاسۃ الکلب والخنزیر، دار الکتب العلمیۃ، بیروت طبع اول،۱۴۱۸ھ- ۱۹۹۷ء،ج: ۱،ص: ۲۰۷۔
35۔ مقدسی، ابن قدامہ، المغنی،ج: ۲،ص: ۷۲۔

ہجرت اور اس کے سماجی اثرات: ایک تحقیقی جائزہ

A Research Based Overview on Migration and its Social Effects

محسن خان عباسی*

ABSTRACT

Migration is basically a movement, movement of an animals or people to a new place or country. Humans commonly move or migrate in order to find food, working or in a search for better circumstance and better living conditions.

Migration had an important phase in Islamic cevilizatin. Its importance is highly significant. It has some stages like migration is obligatory act when there is command of Almighty Allah. The Holy Prophet (Peace Be Upon Him) himself along with his companions (May Allah be Please with them) migrated from Makkah to Madina. So it is the Sunnah of the Holy Prophet (Peace Be Upon Him).

The Role of Migration is highly important in contemporary world. So many Muslims are migrating from different Islamic countries. This is the time for Islamic world to pay attention and give them support to enhance their lives in order to get their heavenly share in this world and the life hereafter.

The benefits of migration are countless. Those who migrate in the way of Allah, The Holy Qur'an announced them with different titles, like: *Mufliheen, Mohsineen Muttaqeen*. This article will provide a clear understanding about the concept of Islamic migration and its benefits.

---

* پی ایچ ڈی ریسرچ اسکالر، شعبہ علوم اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد، پاکستان۔

ہجرت کے لغوی اور اصطلاحی معنٰی

لغوی معنٰی

ہجرت عربی زبان کا لفظ ہے اور لغوی طور پر تین حروف ھ۔ج اور ر "هَجَرَ" پر مشتمل ہے۔ اسی سے دوسرے الفاظ هَجَرَ، يَهْجُر، هَجْرَاً آتے ہیں۔ جن کے معنٰی چھوڑ دینا، مقاطعہ کر لینا اور ترک تعلق کر لینا، کے ہیں[1]۔

علامہ سید مرتضیٰ الزبیدی رقمطراز ہیں: "هَجَرَ الشيءَ يَهْجُره هَجْرَاً: تَرَكَه وأَغْفَله واَعْرَض عنه"[2]۔

ہجر کا متضاد وصل ہے: "الهَجْرَ ضِدّ الوَصْل"[3].

علامہ ابن منظور افریقی ہجر کے معنٰی کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "والهِجْرَةُ والهُجْرَةُ الخروج من أَرض إلى أَرض[4].

اصطلاحی معنٰی

لفظی معنٰی کے اعتبار سے کسی شے کو چھوڑ دینا یا ترک کر دینا ہجر کے معنٰی میں استعمال ہوتا ہے۔ مگر اصطلاحی اعتبار سے ہجرت سے مراد کسی ایک مقام کو چھوڑ کر دوسری جگہ منتقل ہو جانا ہجرت کہلاتا ہے۔

اسلام میں ہجرت مرادی معنٰی کے علاوہ ایک مخصوص اصطلاح ہے جس سے مراد، دار الکفر میں نامساعد حالات کی وجہ سے دار الاسلام میں منتقل ہونا ہجرت کہلاتا ہے۔ علامہ محمد بن علی الجرجانی رقمطراز ہیں: "الهجرة هي ترك الوطن الذي بين الكفار" و الانتقال إلى دار الإسلام[5].

یعنی مسلمان کسی شرعی سبب سے اپنے اصلی وطن کو چھوڑ کر دار الاسلام کی طرف چلے آئیں تو یہ عمل ہجرت کہلاتا ہے۔ علامہ مصطفی دیب البغا، امام بخاریؒ کی نقل کردہ ایک حدیث " إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ'' کی شرح کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "الهجرة في اللغة الخروج من أرض إلى أرض ومفارقة الوطن والأهل مشتقة من الهجر وهو ضد الوصل. وشرعا هي مفارقة دار الكفر إلى دار الإسلام خوف الفتنة وقصدا لإقامة شعائر الدين"[6].

ہجرت لغوی طور پر ایک جگہ سے دوسری طرف خروج کر جانے (چلے جانے کو) کہتے ہیں اور اس کا معنی الگ ہو جانا ہے۔ شریعت میں یہ دوری دار الکفر سے دار الاسلام کی طرف ہوتی ہے، جو فتنہ کے خوف اور شعائر اسلام کی بجا آوری کے لیے کی جاتی ہے۔ علامہ محمد عبد الرؤف المناوی لکھتے ہیں: "والهجرة والمهاجرة في

الأصل مفارقة الغير و متاركته لكن خص شرعا بترك الوطن الذي بين الكفار والانتقال إلى دار الإسلام"[7].

علامہ غلام رسول لکھتے ہیں، " مسلمانوں پر پہلے مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کرنا فرض تھا، فتح مکہ کے بعد ہجرت نہیں ہے لیکن جہاد ہے "[8]۔

یہ تصریح خود رسول اللہ ﷺ نے فرمائی تھی۔ امام بخاریؒ نے ایک حدیث نقل فرمائی ہے، جس میں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: "انْقَطَعَتِ الهِجْرَةُ مُنْذُ فَتَحَ اللَّهُ عَلَى نَبِيِّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ" فتح مکہ کے بعد ہجرت کا سلسلہ منقطع ہو گیا"[9]۔

حدیث مبارک کی تصریح سے یہ سوال پید ہوتا ہے کہ کیا ہمیشہ کے لیے ہجرت ممنوع قرار دے دی گئی ہے؟ یہ سوال تحقیق طلب ہے۔ حدیث مبارکہ کے متن سے بظاہر ایسا ہی ہے کہ ہجرت ہمیشہ کے لیے ممنوع قرار دے دی گئی۔ مگر حدیث مبارکہ میں جہاں انقطاع ہجرت کی روایت ذکر کی گئی ہے اس کے ساتھ اور بھی روایات بیان کی گئی ہیں۔ دوسری روایات کی رو سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ آپ ﷺ کے پاس کچھ لوگ بیعت کی نیت سے حاضر ہوئے۔ یہ زمانہ آپ ﷺ کی احادیث کی روشنی میں فتح مکہ کے بعد کا ہونا چاہیے۔ جب مکہ فتح ہو گیا تو اب آپ ﷺ نے لوگوں کو مکہ میں ہی رہنے کی تلقین فرمائی۔ دوسری روایات میں ہجرت کے ساتھ بیعت کا بھی ذکر موجود ہے۔ لہذا یہ حکم صرف اسی وقت تک کے لیے مخصوص دکھائی دیتا ہے۔ جہاں تک دور حاضر کا سوال ہے تو یہ امر اب حالات پر منحصر ہے اگر کہیں حالات موافق نہ رہیں تو اب بھی ہجرت کی جا سکتی ہے۔ " جب کبھی کہیں مکہ جیسے حالات پیدا ہوں جہاں اس کا ایمان، جان، مال اور عزت محفوظ نہ ہو تو اس کے لیے وہاں سے ہجرت کرنا واجب ہے "[10]۔

اسی طرح عربی میں کہا جاتا ہے: اَهجرَ فِي مَنطِقِه: اُس نے بکواس کی اپنی بات میں اور بفلان سے مراد، ٹھٹھا کرنا اور بری بات کہنا بھی ہے[11]۔

انگریزی لغت

انگریزی زبان و ادب میں ہجرت کے لیے "Migration کا لفظ مستعمل ہے۔ جس کا معنٰی بھی آدمی، جانوروں اور پرندوں کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا ہے۔ آکسفورڈ ڈکشنری کے مطابق ہجرت کے معنٰی درج ذیل ہیں:

The movement of large numbers of people, birds or animals from one place to another[12].

(بہت سارے انسانوں، پرندوں یا جانوروں کا ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرنا ہجرت کہلاتا ہے)۔

لوگوں کا کسی اچھی رہائش، مقام، کاروبار یا نوکری کی تلاش میں ایک علاقے سے نئی جگہ منتقلی کو ہجرت کہتے ہیں۔

Movement of people to a new area or country in order to find work or better living conditions [13].

ہجرت اور قرآن مجید

قرآن مجید میں اللہ تبارک وتعالٰی نے درج ذیل مقامات پر ہجرت کا لفظ استعمال فرمایا:

سورۃ النساء میں اللہ تعالٰی ارشاد فرماتے ہیں:

﴿الرِّجَالُ قَوَّامُونَ عَلَى النِّسَاءِ بِمَا فَضَّلَ اللَّهُ بَعْضَهُمْ عَلَى بَعْضٍ وَبِمَا أَنْفَقُوا مِنْ أَمْوَالِهِمْ فَالصَّالِحَاتُ قَانِتَاتٌ حَافِظَاتٌ لِلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللَّهُ وَاللَّاتِي تَخَافُونَ نُشُوزَهُنَّ فَعِظُوهُنَّ وَاهْجُرُوهُنَّ فِي الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوهُنَّ فَإِنْ أَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوا عَلَيْهِنَّ سَبِيلًا إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيًّا كَبِيرًا﴾ [14]

(مرد عورتوں پر محافظ و منتظِم ہیں اس لئے کہ اللہ نے ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے اور اس وجہ سے (بھی) کہ مرد (ان پر) اپنے مال خرچ کرتے ہیں، پس نیک بیویاں اطاعت شعار ہوتی ہیں شوہروں کی عدم موجودگی میں اللہ کی حفاظت کے ساتھ (اپنی عزت کی) حفاظت کرنے والی ہوتی ہیں۔ اور تمہیں جن عورتوں کی نافرمانی و سرکشی کا اندیشہ ہو تو اُنہیں نصیحت کرو اور (اگر نہ سمجھیں تو) اُنہیں خواب گاہوں میں (خود سے) علیحدہ کر دو اور (اگر پھر بھی اِصلاح پذیر نہ ہوں تو) اُن سے (تادیباً) عارضی طور پر الگ ہو جاؤ؛ پھر اگر وہ (رضائے الٰہی کے لیے) تمہارے ساتھ تعاون کرنے لگیں تو ان کے خلاف کوئی راستہ تلاش نہ کرو۔ بیشک اللہ سب سے بلند سب سے بڑا ہے)۔

درج بالا آیتِ مبارکہ کی رو سے ہجرت کے معنٰی الگ ہو جانا یا علیحدگی کے لیے مستعمل ہیں۔ یعنی ہجرت ایک ہی جگہ پر ایک مکان ہی میں ایک مقام سے دوسرے میں بھی کی جا سکتی ہے۔ یہ ہجرت اصلاح احوال کی جانب کی جانی چاہیے۔ جس کا مقصد انسان کو اپنے اصلی عمل سے روشناس کروانا ہے۔ جو عورتیں عمومی طور پر شیطان کے چنگل میں پھنس کر برے افعال کی جانب مائل ہوں، ان کی اصلاح کے لیے شوہر کو حق حاصل ہے کہ وہ انہیں کچھ عرصے لیے الگ کر دیں اور خود اللہ تعالیٰ کی راہ میں مہاجر ہو کر اس سے مدد تلاش کریں۔ یہ وہ تربیت کا اسلامی اصول ہے جو چودہ سو سال پہلے اللہ تعالیٰ نے حضور نبی اکرم ﷺ کے ذریعے معاشرے کو دیا۔ دورِ حاضر میں مسلم ممالک میں ہی نہیں بلکہ غیر مسلم ممالک میں بھی اس کی اہمیت بڑھ چکی ہے۔ طلاق کی اوسطاً شرح مغربی ممالک میں 40 فیصد سے لے کر 50 فیصد تک پائی جاتی ہے اور بعض ممالک میں یہی شرح 60 فیصد سے لے کر 70 فیصد تک بھی چلی جاتی ہے۔ 2010ء کے اعداد و شمار کے مطابق آسٹریا اور آسٹریلیا میں طلاق کی شرح بالترتیب 47 فیصد اور 43 فیصد تک ہے۔ اسی طرح ہنگری اور پرتگال میں شرح طلاق بالترتیب 67 اور 68 فیصد تک ہے۔[15]

مغربی ممالک میں عورت کو کامل آزادی حاصل ہے جب کہ مسلم ممالک میں یہ معاملات مار پیٹ تک چلے جاتے ہیں۔ عورت کو کھلی چھوٹ دینا یا بے جا مار پیٹ کے زریعے انہیں درست کرنے کی کوشش بھی معاشرے کو بری طرح متاثر کرتے ہیں۔ لہذا اس کے برعکس اگر مسلم قانون کے مطابق عورت کو بستر سے الگ کر کے نگرانی کی جائے اور اسے راہ راست پر لانے کی کوشش کی جائے تو یہ عمل کچھ ہی عرصے میں بہتر نتائج کا حامل ہو سکتا ہے۔ لفظ ھِجر دوری اور جدائی کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا ہے اور جدائی کو موت سے تعبیر کیا گیا ہے۔

سورۃ مریم میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

﴿قَالَ أَرَاغِبٌ أَنْتَ عَنْ آلِهَتِي يَا إِبْرَاهِيمُ لَئِنْ لَمْ تَنْتَهِ لَأَرْجُمَنَّكَ وَاهْجُرْنِي مَلِيًّا﴾[16]

((آزر نے) کہا: اے ابراہیم! کیا تم میرے معبودوں سے روگرداں ہو؟ اگر واقعی تم (اس مخالفت سے) باز نہ آئے تو میں تمہیں ضرور سنگ سار کر دوں گا اور ایک طویل عرصہ کے لئے تم مجھ سے الگ ہو جاؤ)۔

قرآن مجید کی رو سے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے غیر مسلم باپ کے مشورہِ ہجرت کو قبول کیا اور سلام کہتے ہوئے وہاں سے ہجرت اختیار کر گئے۔ قرآن مجید نے انسان کو معاشرتی طور پر یہ شعور دیا کہ اگر

والدین اللہ تعالیٰ کے دین کو چھوڑنے کا کہیں یا حالات تنگ کر دیئے جائیں تو مسلمان کو چاہیے کہ وہ اپنے دین کی حفاظت کے لیے ہجرت اختیار کر جائیں۔ دورِ حاضر میں مسلم گھرانوں کا یہ المیہ ہے کہ وہ شادی کے بعد حالات کی تنگی کا گلہ کرتے ہیں ماں، باپ، بہن بھائی کم و بیش سبھی باہم دست و گریباں نظر آتے ہیں۔ قرآن مجید ہجرت کا وہ فارمولا دیتا ہے جس کی بدولت بہت ساری معاشرتی بیماریوں کا سد باب کیا جا سکتا ہے۔ ماں باپ سے بھی اچھے انداز میں الگ ہوا جا سکتا ہے جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا تھا: ''سلام علیك'' اسی طرح اپنے گھر والوں کے لیے اللہ تعالیٰ کے حضور بخشش بھی طلب کرنی چاہیے اور راہ ہدایت کی دعا بھی کرنی چاہیے۔

سورۃ مومنون میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

﴿مُسْتَكْبِرِينَ بِهِ سَامِرًا تَهْجُرُونَ﴾[17]

(اس سے غرور و تکبّر کرتے ہوئے رات کے اندھیرے میں بے ہودہ گوئی کرتے تھے۔

مذکورۃ آیتِ مبارکہ میں غفلت کا شکار لوگوں کا احوال بیان کیا گیا ہے۔ یہ لوگ خود بھی اچھائی سے دور رہتے ہیں، غفلت کا شکار ہیں اور پھر دین کے بارے میں منافقانہ رویہ اختیار کرتے ہوئے بے ہودہ گوئی بھی کرتے ہیں، ٹھٹھا کرتے ہیں اور بے ہودہ باتیں بناتے ہیں۔ غافل لوگوں کا یہ شیوہ ہوتا ہے کہ وہ ہمیشہ سے ہی اچھائی سے الگ رہتے ہیں۔ یہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی ذات سے دور اور شیطان کی قربت و سنگت میں رہتے ہیں۔ صوفیا میں سے سید شیخ عبد القادر جیلانیؒ اپنی کتاب غنیۃ الطالبین میں شیطان کا معنیٰ بیان کرتے ہیں: ''لفظ شیطان شطن سے مشتق ہے اور یہ لفظ دراز اور متحرک رسی پر بولا جاتا ہے اور شطن دوری کے معنی میں بھی آتا ہے گویا کہ وہ خیر سے دور ہوا اور شرارت میں دراز اور بیقرار ہوا۔ پھر انسان کو بھی (بعض اوقات) شیطان کہا جاتا ہے یعنی وہ اپنے کام میں شیطان جیسا ہے اور ہر بری چیز شیطان کے مشابہ ہے''[18]۔

مومن کا عمل اس کے برعکس ہوتا ہے وہ ہمیشہ سچائی اور راست گوئی کے راستے پر گامزن رہتا ہے، شیطان سے دور اور اللہ تبارک و تعالیٰ کی معیت و سنگت میں رہنا پسند کرتا ہے۔ امتِ مسلمہ میں اکثریت اب فحش کلامی سے اپنی بات کا آغاز کرتے ہیں۔ لغو اور بے ہودہ گفتگو ایک شعار کی شکل اختیار کرتی چلی جا رہی ہے جو سراسر فعلِ شیطان ہے۔

سورۃ مزّمل میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ﴿وَاصْبِرْعَلَى مَا يَقُولُونَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيلًا﴾[19] (اور آپ ان (باتوں) پر صبر کریں جو کچھ وہ (کفار) کہتے ہیں، اور نہایت خوبصورتی کے ساتھ ان سے کنارہ کش ہو جائیں)۔

حضور نبی اکرم ﷺ کی مکی زندگی صبر اور دینِ حق پر استقامت سے لبریز تھی۔ کفارِ مکہ نے حد درجہ کوشش کرتے رہے کہ کسی طرح آپ ﷺ سے لڑائی کی جائے تاکہ مسلمانوں کی تھوڑی قوت کو دوبدو لڑائی میں کچلا جا سکے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو واضح فرمایا کہ اس وقت صبر اور حوصلے سے کام لیا جائے تاکہ آپ ﷺ کی طاقت محفوظ رہے۔ یہی ہوا کہ آپ ﷺ کی طاقت محفوظ رہی اور کفار، جو آپ ﷺ کو (نعوذ باللہ) برا بھلا پکارتے ، غزوہ بدر میں قتل کر دیئے گئے۔ یہی پیغام، دورِ حاضر میں امتِ مسلمہ کے لیے موجود ہے۔ امتِ مسلمہ کی قوت فی زمانہ اتنی زیادہ نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کو سامنے رکھتے ہوئے امتِ مسلمہ کو صبر اور استقامت سے کام لیتے ہوئے ان سے کنارہ کش ہو جانا چاہیے تاکہ وہ ضرورت کے وقت مناسب حکمت علمی اور تدبیر سے کفار سے مقابلہ کر سکیں۔ جو ممالک اس قاعدے پر عمل پیرا ہوئے ہیں وہ موجودہ حالات میں انتہائی کامیاب ہوئے۔ چین اور جاپان کی مثال امتِ مسلمہ کے سامنے ہے۔

سورۃ المدثر میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: ﴿وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ﴾ [20] (اور (حسبِ سابق گناہوں اور) بتوں سے الگ رہیں)۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے ظلمِ عظیم شرک کو قرار دیا ہے۔ آپ ﷺ کو ساری دنیا کی رہنمائی اور ہدایت کے لیے مبعوث کیا گیا تھا۔ آپ ﷺ نے کفار کو یہ بات نہ صرف بتائی بلکہ عملاً کر کے بھی دکھائی، تاکہ لوگ آپ ﷺ کی ذاتِ بابرکات سے بہرہ یاب ہو سکیں۔ جو قومیں اللہ تعالیٰ کے ساتھ غیر کو اس کی واحدانیت میں شریک رکھتی ہیں وہ ناکام و نامراد ہی رہتی ہیں۔ علامہ محمد اقبال "پیامِ عشق" میں لکھتے ہیں:

یہ ہند کے فرقہ ساز اقبالؔ
آزری کر رہے ہیں گوی
بچا کے دامن بُتوں سے اپنا
غُبارِ راہِ حجاز ہو جا[21]

مسلمانوں کے کثیر تعداد میں ہجرت کی بدولت یورپی دنیا میں اسلام تیزی سے پھیل رہا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق یورپی ممالک میں شرح خواندگی میں تیزی سے کم ہو رہی ہے اور اس کے برعکس مسلم

شرح خواندگی میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے۔ اگر اسی رفتار سے مسلمانوں میں شرح خواندگی بڑھتی رہی تو یورپی ممالک میں کچھ ایسے بھی ہیں جہاں مسلمان اقلیت سے اکثریت میں ہو جائیں گے[22]۔

ہجرت اور انعاماتِ الٰہیہ

اللہ تبارک و تعالیٰ نے دین اسلام کی خاطر اپنا سب کچھ قربان کر دینے والوں کو جن انعامات کی خوشخبری دی ہے، انہیں ذیل میں دی جانے والی آیات کی روشنی میں سمجھا جا سکتا ہے۔ یہ وہ انعامات و اکرام ہیں جن کے سامنے دنیا و مافیھا کی ساری آسائشیں مانند پڑ جاتی ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے مختلف مقامات پر ان انعامات کا ذکر کرتے فرمایا:

﴿إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُولَئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ﴾[23]

(بیشک جو لوگ ایمان لائے اور جنہوں نے اللہ کے لئے وطن چھوڑا اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا، یہی لوگ اللہ کی رحمت کے امیدوار ہیں، اور اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہے)۔

علامہ غلام رسول تفسیر "تبیان القرآن" میں لکھتے ہیں، "پہلے اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کا بیان فرمایا تھا جن کے لیے قطعی طور پر جہنم ہے، اب ان لوگوں کا بیان فرما رہا ہے جو جنت کی امید رکھنے کے حق دار ہیں"[24]۔

﴿فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّي لَا أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِنْكُمْ مِنْ ذَكَرٍ أَوْ أُنْثَى بَعْضُكُمْ مِنْ بَعْضٍ فَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَأُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ وَأُوذُوا فِي سَبِيلِي وَقَاتَلُوا وَقُتِلُوا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ ثَوَابًا مِنْ عِنْدِ اللَّهِ وَاللَّهُ عِنْدَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ﴾[25]

(پھر ان کے رب نے ان کی دعا قبول فرما لی (اور فرمایا:) یقیناً میں تم میں سے کسی محنت والے کی مزدوری ضائع نہیں کرتا خواہ مرد ہو یا عورت، تم سب ایک دوسرے میں سے (ہی) ہو، پس جن لوگوں نے (اللہ کے لئے) وطن چھوڑ دیئے اور (اسی کے باعث) اپنے گھروں سے نکال دیئے گئے اور میری راہ میں ستائے گئے اور (میری خاطر) لڑے اور مارے گئے تو میں ضرور ان کے گناہ ان (کے نامۂ اعمال) سے مٹا دوں گا اور انہیں یقیناً ان جنتوں میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، یہ اللہ کے حضور سے اجر ہے، اور اللہ ہی کے پاس (اس سے بھی) بہتر اجر ہے)۔

امام قرطبی تفسیری قرطبی میں لکھتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ﴿لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ﴾ یعنی میں آخرت میں ان پر ان کے گناہوں کو چھپادوں گا، پس میں انہیں ان کے سبب زجر و توبیخ نہ کروں گا اور نہ ان پر انہیں کوئی سزا دوں گا"[26]۔

﴿وَدُّوا لَوْ تَكْفُرُونَ كَمَا كَفَرُوا فَتَكُونُونَ سَوَاءً فَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ أَوْلِيَاءَ حَتَّى يُهَاجِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوهُمْ وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُمُوهُمْ وَلَا تَتَّخِذُوا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَلَا نَصِيرًا﴾ [27]

(وہ (منافق تو) یہ تمنا کرتے ہیں کہ تم بھی کفر کرو جیسے انہوں نے کفر کیا تاکہ تم سب برابر ہو جاؤ۔ سو تم ان میں سے (کسی کو) دوست نہ بناؤ یہاں تک کہ وہ اللہ کی راہ میں ہجرت (کرکے اپنا صدق و اخلاص ثابت) کریں، پھر اگر وہ رُوگردانی (اور جارحیت کا ارتکاب) کریں تو اُنہیں گرفتار کرلو اور (دوران جنگ) انہیں جہاں بھی پاؤ قتل کر ڈالو اور ان میں سے (کسی کو) دوست نہ بناؤ اور نہ مددگار)۔

﴿إِنَّ الَّذِينَ تَوَفَّاهُمُ الْمَلَائِكَةُ ظَالِمِي أَنْفُسِهِمْ قَالُوا فِيمَ كُنْتُمْ قَالُوا كُنَّا مُسْتَضْعَفِينَ فِي الْأَرْضِ قَالُوا أَلَمْ تَكُنْ أَرْضُ اللَّهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوا فِيهَا فَأُولَئِكَ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَسَاءَتْ مَصِيرًا﴾ [28]

(بیشک جن لوگوں کی روح فرشتے اس حال میں قبض کرتے ہیں کہ وہ (کفر و فسق کے ماحول میں رہ کر) اپنی جانوں پر ظلم کرنے والے ہیں (تو) وہ ان سے دریافت کرتے ہیں کہ تم کس حال میں تھے (تم نے اپنے دین اور ایمان کی حفاظت کی نہ سرزمین کفر و فسق کو چھوڑا)؟ وہ (معذرۃً) کہتے ہیں کہ ہم زمین میں کمزور و بے بس تھے، فرشتے (جواباً) کہتے ہیں: کیا اللہ کی زمین فراخ نہ تھی کہ تم اس میں (کہیں) ہجرت کر جاتے، سو یہی وہ لوگ ہیں جن کا ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے)۔

﴿وَمَنْ يُهَاجِرْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ يَجِدْ فِي الْأَرْضِ مُرَاغَمًا كَثِيرًا وَسَعَةً وَمَنْ يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِهِ مُهَاجِرًا إِلَى اللَّهِ وَرَسُولِهِ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ أَجْرُهُ عَلَى اللَّهِ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا﴾[29]

(اور جو کوئی اللہ کی راہ میں گھر بار چھوڑ کر نکلے وہ زمین میں (ہجرت کے لئے) بہت سی جگہیں

اور (معاش کے لئے) کشائش پائے گا، اور جو شخص بھی اپنے گھر سے اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی طرف ہجرت کرتے ہوئے نکلے پھر اسے (راستے میں ہی) موت آپکڑے تو اس کا اجر اللہ کے ذمے ثابت ہو گیا، اور اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہے)۔

﴿إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوْا وَنَصَرُوا أُولَئِكَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يُهَاجِرُوا مَا لَكُمْ مِنْ وَلَايَتِهِمْ مِنْ شَيْءٍ حَتَّى يُهَاجِرُوا وَإِنِ اسْتَنْصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ إِلَّا عَلَى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِيثَاقٌ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ﴾[30]

(بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے (اللہ کے لئے) وطن چھوڑ دیئے اور اپنے مالوں اور اپنی جانوں سے اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جن لوگوں نے (مہاجرین کو) جگہ دی اور (ان کی) مدد کی وہی لوگ ایک دوسرے کے حقیقی دوست ہیں، اور جو لوگ ایمان لائے (مگر) انہوں نے (اللہ کے لئے) گھر بار نہ چھوڑے تو تمہیں ان کی دوستی سے کوئی سروکار نہیں یہاں تک کہ وہ ہجرت کریں اور اگر وہ دین (کے معاملات) میں تم سے مدد چاہیں تو تم پر (ان کی) مدد کرنا واجب ہے مگر اس قوم کے مقابلہ میں (مدد نہ کرنا) کہ تمہارے اور ان کے درمیان (صلح و امن کا) معاہدہ ہو، اور اللہ ان کاموں کو جو تم کر رہے ہو خوب دیکھنے والا ہے)۔

﴿وَالَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَالَّذِينَ آوَوْا وَنَصَرُوا أُولَئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُونَ حَقًّا لَهُمْ مَغْفِرَةٌ وَرِزْقٌ كَرِيمٌ﴾ [31]

(اور جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا اور جن لوگوں نے (راہِ خدا میں گھر بار اور وطن قربان کر دینے والوں کو) جگہ دی اور (ان کی) مدد کی، وہی لوگ حقیقت میں سچے مسلمان ہیں، ان ہی کے لئے بخشش اور عزت کی روزی ہے)۔

﴿وَالَّذِينَ آمَنُوا مِنْ بَعْدُ وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا مَعَكُمْ فَأُولَئِكَ مِنْكُمْ وَأُولُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ﴾ [32]

(اور جو لوگ اس کے بعد ایمان لائے اور انہوں نے راہِ حق میں (قربانی دیتے ہوئے) گھر بار چھوڑ دیئے اور (عدل و انصاف اور امن و سلامتی کے نوزائدہ نظام کو متزلزل کرنے والے حملہ آور اور جارح دشمنوں کے خلاف) تمہارے ساتھ مل کر (دفاعی) جہاد کیا تو وہ لوگ (بھی) تم ہی میں سے ہیں، اور اللہ کی کتاب میں رشتے دار (صلہ رحمی اور وراثت کے لحاظ سے) ایک دوسرے کے زیادہ حق دار ہیں، بیشک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے)۔

﴿الَّذِينَ آمَنُوا وَهَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ بِأَمْوَالِهِمْ وَأَنْفُسِهِمْ أَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ اللَّهِ وَأُولَئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ﴾ [33]

(جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں اپنے اموال اور اپنی جانوں سے جہاد کرتے رہے وہ اللہ کی بارگاہ میں درجہ کے لحاظ سے بہت بڑے ہیں، اور وہی لوگ ہی مراد کو پہنچے ہوئے ہیں)۔

﴿وَالسَّابِقُونَ الْأَوَّلُونَ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ وَالَّذِينَ اتَّبَعُوهُمْ بِإِحْسَانٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ وَأَعَدَّ لَهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي تَحْتَهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا ذَلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ﴾[34]

(اور مہاجرین اور ان کے مددگار (انصار) میں سے سبقت لے جانے والے، سب سے پہلے ایمان لانے والے اور درجۂ احسان کے ساتھ اُن کی پیروی کرنے والے، اللہ ان (سب) سے راضی ہوگیا اور وہ (سب) اس سے راضی ہوگئے اور اس نے ان کے لئے جنتیں تیار فرما رکھی ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ ہمیشہ رہنے والے ہیں، یہی زبردست کامیابی ہے)۔

﴿لَقَدْ تَابَ اللَّهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ الَّذِينَ اتَّبَعُوهُ فِي سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيغُ قُلُوبُ فَرِيقٍ مِنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ إِنَّهُ بِهِمْ رَءُوفٌ رَحِيمٌ﴾ [35]

(یقیناً اللہ نے نبی (معظم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر رحمت سے توجہ فرمائی اور ان مہاجرین اور انصار پر (بھی) جنہوں نے (غزوۂ تبوک کی) مشکل گھڑی میں (بھی) آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی پیروی کی اس (صورتِ حال) کے بعد کہ قریب تھا کہ ان میں سے ایک گروہ کے دل پھر جاتے، پھر وہ ان پر لطف و رحمت سے متوجہ ہوا، بیشک وہ ان پر نہایت شفیق، نہایت مہربان ہے)۔

﴿وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي اللَّهِ مِنْ بَعْدِ مَا ظُلِمُوا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَلَأَجْرُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ﴾[36]

(اور جنہوں نے اللہ کی راہ میں ہجرت کی اس کے بعد کہ ان پر (طرح طرح کے) ظلم توڑے گئے تو ہم ضرور انہیں دنیا (ہی) میں بہتر ٹھکانا دیں گے، اور آخرت کا اجر تو یقیناً بہت بڑا ہے، کاش! وہ (اس راز کو) جانتے ہوتے)۔

﴿ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ هَاجَرُوا مِنْ بَعْدِ مَا فُتِنُوا ثُمَّ جَاهَدُوا وَصَبَرُوا إِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَحِيمٌ﴾[37]

(پھر آپ کا رب ان لوگوں کے لئے جنہوں نے (ظلم و جبر کرنے والے کافروں کے ہاتھوں) آزمائشوں (اور تکلیفوں) میں مبتلا کیے جانے کے بعد ہجرت کی (یعنی اللہ کے لیے اپنے وطن چھوڑ

دیے) پھر (دفاعی) جنگیں کیں اور (جنگ و جدال، فتنہ و فساد اور ظلم و جبر کے خلاف) سینہ سپر رہے تو (اے حبیبِ مکرّم!) آپ کا رب اس کے بعد بڑا بخشنے والا نہایت مہربان ہے)۔

﴿وَالَّذِينَ هَاجَرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ قُتِلُوا أَوْ مَاتُوا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللَّهُ رِزْقًا حَسَنًا وَإِنَّ اللَّهَ لَهُوَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ﴾[38]

(اور جن لوگوں نے اللہ کی راہ میں (وطن سے) ہجرت کی پھر قتل کر دیئے گئے یا (راہِ حق کی مصیبتیں جھیلتے جھیلتے) مر گئے تو اللہ انہیں ضرور رزقِ حسن (یعنی اُخروی عطاؤں) کی روزی بخشے گا، اور بیشک اللہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے)۔

﴿وَلَا يَأْتَلِ أُولُو الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَالسَّعَةِ أَنْ يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَى وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ أَنْ يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ﴾[39]

(اور تم میں سے (دینی) بزرگی والے اور (دنیوی) کشائش والے (اب) اس بات کی قَسم نہ کھائیں کہ وہ (اس بہتان کے جرم میں شریک) رشتہ داروں اور محتاجوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو (مالی امداد نہ) دیں گے انہیں چاہئے کہ (ان کا قصور) معاف کر دیں اور (ان کی غلطی سے) درگزر کریں، کیا تم اس بات کو پسند نہیں کرتے کہ اللہ تمہیں بخش دے، اور اللہ بڑا بخشنے والا مہربان ہے)۔

﴿فَآمَنَ لَهُ لُوطٌ وَقَالَ إِنِّي مُهَاجِرٌ إِلَى رَبِّي إِنَّهُ هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ﴾ [40]

(پھر لوط (علیہ السلام) ان پر (یعنی ابراہیم علیہ السلام پر) ایمان لے آئے اور انہوں نے کہا: میں اپنے رب کی طرف ہجرت کرنے والا ہوں۔بیشک وہ غالب ہے حکمت والا ہے)۔

﴿النَّبِيُّ أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ وَأَزْوَاجُهُ أُمَّهَاتُهُمْ وَأُولُو الْأَرْحَامِ بَعْضُهُمْ أَوْلَى بِبَعْضٍ فِي كِتَابِ اللَّهِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ إِلَّا أَنْ تَفْعَلُوا إِلَى أَوْلِيَائِكُمْ مَعْرُوفًا كَانَ ذَلِكَ فِي الْكِتَابِ مَسْطُورًا﴾[41]

(یہ نبیِ (مکرّم) مومنوں کے ساتھ اُن کی جانوں سے زیادہ قریب اور حق دار ہیں اور آپ کی اَزواجِ (مطہّرات) اُن کی مائیں ہیں، اور خونی رشتہ دار اللہ کی کتاب میں (دیگر) مومنین اور مہاجرین کی نسبت (تقسیمِ وراثت میں) ایک دوسرے کے زیادہ حق دار ہیں سوائے اس کے کہ تم اپنے دوستوں پر احسان کرنا چاہو، یہ حکم کتابِ (الٰہی) میں لکھا ہوا ہے)۔

﴿يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَحْلَلْنَا لَكَ أَزْوَاجَكَ اللَّاتِي آتَيْتَ أُجُورَهُنَّ وَمَا مَلَكَتْ يَمِينُكَ مِمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَيْكَ وَبَنَاتِ عَمِّكَ وَبَنَاتِ عَمَّاتِكَ وَبَنَاتِ خَالِكَ وَبَنَاتِ خَالَاتِكَ اللَّاتِي هَاجَرْنَ مَعَكَ وَامْرَأَةً مُؤْمِنَةً إِنْ وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ إِنْ أَرَادَ النَّبِيُّ أَنْ يَسْتَنْكِحَهَا خَالِصَةً لَكَ مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ قَدْ عَلِمْنَا مَا فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِي أَزْوَاجِهِمْ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا يَكُونَ عَلَيْكَ حَرَجٌ وَكَانَ اللَّهُ غَفُورًا رَحِيمًا﴾[42]

(اے نبی! بیشک ہم نے آپ کے لئے آپ کی وہ بیویاں حلال فرما دی ہیں جن کا مہر آپ نے ادا فرما دیا ہے اور جو (احکامِ الٰہی کے مطابق) آپ کی مملوک ہیں، جو اللہ نے آپ کو مالِ غنیمت میں عطا فرمائی ہیں، اور آپ کے چچا کی بیٹیاں، اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں، اور آپ کے ماموں کی بیٹیاں، اور آپ کی خالاؤں کی بیٹیاں، جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی ہے اور کوئی بھی مؤمنہ عورت بشرطیکہ وہ اپنے آپ کو نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکاح) کے لئے دے دے اور نبی (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی) اسے اپنے نکاح میں لینے کا ارادہ فرمائیں (تو یہ سب آپ کے لئے حلال ہیں)، (یہ حکم) صرف آپ کے لئے خاص ہے (امّت کے) مومنوں کے لئے نہیں، واقعی ہمیں معلوم ہے جو کچھ ہم نے اُن (مسلمانوں) پر اُن کی بیویوں اور ان کی مملوکہ باندیوں کے بارے میں فرض کیا ہے، (مگر آپ کے حق میں تعدّدِ ازواج کی حِلّت کا خصوصی حکم اِس لئے ہے) تاکہ آپ پر (امتّ میں تعلیم و تربیتِ نسواں کے وسیع انتظام میں) کوئی تنگی نہ رہے، اور اللہ بڑا بخشنے والا بڑا رحم فرمانے والا ہے)۔

﴿لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِينَ الَّذِينَ أُخْرِجُوا مِنْ دِيَارِهِمْ وَأَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا وَيَنْصُرُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أُولَئِكَ هُمُ الصَّادِقُونَ﴾[43]

((مذکورہ بالا مالِ فَے) نادار مہاجرین کے لئے (بھی) ہے جو اپنے گھروں اور اپنے اموال (اور جائیدادوں) سے باہر نکال دیئے گئے ہیں، وہ اللہ کا فضل اور اس کی رضاء و خوشنودی چاہتے ہیں اور (اپنے مال و وطن کی قربانی سے) اللہ اور اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مدد کرتے ہیں، یہی لوگ ہی سچے مؤمن ہیں)۔

﴿وَالَّذِينَ تَبَوَّءُوا الدَّارَ وَالْإِيمَانَ مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّونَ مَنْ هَاجَرَ إِلَيْهِمْ وَلَا يَجِدُونَ فِي صُدُورِهِمْ حَاجَةً مِمَّا أُوتُوا وَيُؤْثِرُونَ عَلَى أَنْفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَمَنْ يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾[44]

((یہ مال اُن انصار کے لئے بھی ہے) جنہوں نے اُن (مہاجرین) سے پہلے ہی شہر (مدینہ) اور ایمان کو گھر بنا لیا تھا۔ یہ لوگ اُن سے محبت کرتے ہیں جو اِن کی طرف ہجرت کر کے آئے ہیں۔ اور یہ اپنے سینوں میں اُس (مال) کی نسبت کوئی طلب (یا تنگی) نہیں پاتے جو اُن (مہاجرین) کو دیا جاتا ہے اور اپنی جانوں پر انہیں ترجیح دیتے ہیں اگرچہ خود اِنہیں شدید حاجت ہی ہو، اور جو شخص اپنے نفس کے بُخل سے بچا لیا گیا پس وہی لوگ ہی بامراد و کامیاب ہیں)۔

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا جَاءَكُمُ الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ فَامْتَحِنُوهُنَّ اللَّهُ أَعْلَمُ بِإِيمَانِهِنَّ فَإِنْ عَلِمْتُمُوهُنَّ مُؤْمِنَاتٍ فَلَا تَرْجِعُوهُنَّ إِلَى الْكُفَّارِ لَا هُنَّ حِلٌّ لَهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّونَ لَهُنَّ وَآتُوهُمْ مَا أَنْفَقُوا وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ أَنْ تَنْكِحُوهُنَّ إِذَا آتَيْتُمُوهُنَّ أُجُورَهُنَّ وَلَا تُمْسِكُوا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَاسْأَلُوا مَا أَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْأَلُوا مَا أَنْفَقُوا ذَلِكُمْ حُكْمُ اللَّهِ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ﴾(45)

(اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مومن عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو انہیں اچھی طرح جانچ لیا کرو، اللہ اُن کے ایمان (کی حقیقت) سے خوب آگاہ ہے، پھر اگر تمہیں اُن کے مومن ہونے کا یقین ہو جائے تو انہیں کافروں کی طرف واپس نہ بھیجو، نہ یہ (مومنات) اُن (کافروں) کے لئے حلال ہیں اور نہ وہ (کفّار) اِن (مومن عورتوں) کے لئے حلال ہیں، اور اُن (کافروں) نے جو (مال بصورتِ مَہر اِن پر) خرچ کیا ہو وہ اُن کو ادا کر دو، اور تم پر اس (بات) میں کوئی گناہ نہیں کہ تم اِن سے نکاح کر لو جبکہ تم اُن (عورتوں) کا مَہر انہیں ادا کر دو، اور (اے مسلمانو!) تم بھی کافر عورتوں کو (اپنے) عقدِ نکاح میں نہ روکے رکھو اور تم (کفّار سے) وہ (مال) طلب کر لو جو تم نے (اُن عورتوں پر بصورتِ مَہر) خرچ کیا تھا اور وہ (کفّار تم سے) وہ (مال) مانگ لیں جو انہوں نے (اِن عورتوں پر بصورتِ مَہر) خرچ کیا تھا، یہی اللہ کا حکم ہے، اور وہ تمہارے درمیان فیصلہ فرما رہا ہے، اور اللہ خوب جاننے والا بڑی حکمت والا ہے)۔

اِفادات قرآنیہ

درج بالا آیاتِ مبارکہ میں غور و فکر کے بعد یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کی نگاہ میں ہجرت کرنے والوں کا مقام نہایت عظیم ہے۔ ہجرت انسانی طبع کے لحاظ سے انتہائی دشوار گزار عمل ہے۔ مگر اپنے مال و دولت، گھر بار کو چھوڑ کر نکلنا مردِ مومن ہی کا عمل ہے۔ اس بڑی قربانی پر اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی

لاریب کتاب میں مہاجر ہونے والوں پر، کہیں اپنی رحمت برسانے کا حکم دیا ہے، کہیں انہیں جنت میں اعلیٰ وارفع مقامات کی خوشخبری دی ہے اور کہیں انہیں محسنین، صدیقین اور مفلحین کے القابات سے پکارا ہے۔

ہجرت اور حدیث رسول ﷺ

اللہ کے رسول ﷺ نے ہجرت کی اہمیت کو واضح کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

حدثنا آدم بن أبي أياس قال: حدثنا شعبة عن عبد الله بن أبي السفر وإسماعيل عن الشعبي عن عبد الله بن عمرو رضي الله عنهما النبي صلى الله عليه و سلم قال:"المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده والمهاجر من هجر ما نهى الله عنه"[46].

(نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان بچے رہیں اور مہاجر وہ ہے جو ان کاموں کو چھوڑ دے جن سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا)۔

امام بخاریؒ، حضور نبی اکرم ﷺ اور صحابہ کرامؓ کی ہجرتِ مدینہ پر ایک مکمل باب ذکر کرتے ہیں جسے انہوں نے "باب هجرة النبي صلى الله عليه و سلم وأصحابه إلى المدينة" کا نام دیا ہے۔

آپ ﷺ نے ہجرت کے بارے میں ارشاد فرمایا:

وقال عبد الله بن زيد وأبو هريرة رضي الله عنهما عن النبي صلى الله عليه وسلم:"لولا الهجرة لكنت امرأ من الأنصار"[47].

وقال أبو موسى عن النبي صلى الله عليه و سلم: "رأيت في المنام أني أهاجر من مكة إلى أرض بها نخل فذهب وهلي إلى أنها اليمامة أو هجر فإذا هي المدينة يثرب"[48].

حدثنا مسدد حدثنا حماد هو ابن زيد عن يحيى عن محمد بن إبراهيم عن علقمة بن وقاص قال سمعت عمر رضي الله عنه قال: سمعت النبي صلى الله عليه و سلم يقول: "الأعمال بالنية فمن كان هجرته إلى دنيا يصيبها أو امرأة يتزوجها فهجرته إلى ما هاجر إليه ومن كانت هجرته إلى الله ورسوله فهجرته إلى الله ورسوله"[49].

یعنی جس نے دنیا کمانے یا کسی عورت سے نکاح کرنے کے لیے ہجرت کی تو اس کی ہجرت انہی مقاصد کے لیے سمجھی جائے گی۔ ہجرت درحقیقت جہاد کا ایک حصّہ اور اعلائے کلمۃ اللہ کا ایک ذریعہ ہے۔[50]

قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "يَؤُمُّ الْقَوْمَ أَقْرَؤُهُمْ لِكِتَابِ اللهِ، فَإِنْ كَانُوا فِي الْقِرَاءَةِ سَوَاءً، فَأَعْلَمُهُمْ بِالسُّنَّةِ، فَإِنْ كَانُوا فِي السُّنَّةِ سَوَاءً، فَأَقْدَمُهُمْ هِجْرَةً، فَإِنْ كَانُوا فِي الْهِجْرَةِ سَوَاءً، فَأَقْدَمُهُمْ سِلْمًا، وَلَا يَؤُمَّنَّ الرَّجُلُ الرَّجُلَ فِي سُلْطَانِهِ، وَلَا يَقْعُدْ فِي بَيْتِهِ عَلَى تَكْرِمَتِهِ إِلَّا بِإِذْنِهِ"[51]

(رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: قوم کی امامت وہ شخص کرے جس کو سب سے زیادہ قرآن کا علم ہو، اگر قرآن مجید کے علم میں سب برابر ہوں تو پھر وہ امامت کرے جس کو حدیث کا سب سے زیادہ علم ہو اور اگر علم حدیث میں سب برابر ہوں تو جس شخص نے سب پہلے ہجرت کی ہو اور اگر ہجرت میں بھی سب برابر ہوں تو جو سب سے پہلے اسلام لایا ہو اور کوئی شخص کسی مقرر شدہ امام کے ہوتے ہوئے امامت نہ کرائے اور کسی کی مسند پر بلا اجازت نہ بیٹھے)۔

آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں وطن چھوڑنے والوں کے مقام کو اس حدیث مبارکہ میں واضح کیا ہے کہ علم اور علم حدیث کے بعد جو شخص مسلمانوں میں سب سے زیادہ متقی سمجھا جائے اور جو امامتِ امتِ مسلمہ کا حق دار ہے، وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے راستے میں ہجرت کرنے والا ہے۔

تشریح وتوضیح

ہجرت کے لغوی، اصطلاحی، قرآنی اور احادیث مبارکہ کے مطالعہ سے یہ واضح ہے کہ ہجرت کا کوئی ایک
خاص معنیٰ مقرر نہیں کیا جا سکتا۔ ہجرت کبھی دوری کے معنیٰ میں اور کبھی پھیلاؤ اور وسعت جیسے معانی میں استعمال ہوتا ہے۔ لفظ ہجرت میں ایک عالمگیریت پائی جاتی ہے۔ جیسے جیسے معاشرے کی شعوری سطح بلند ہوتی ہے اس کے مختلف معانی و مقاصد متعین ہوتے چلے جاتے ہیں۔ الفاظ کی طرح معاشرتی سطح پر بھی اس کے مختلف اثرات پائے جاتے ہیں۔

سماجی اثرات

ہجرت اور سماج

دنیا میں تین قسم کے ذی روح پائے جاتے ہیں، جو حیوان، انسان اور نباتات پر مشتمل ہیں۔ علامہ سید سلیمان ندوی رقمطراز ہیں: "اس کائنات میں ہر زندہ اور متحرک شے کا ایک خاص مزاج، کچھ نمایاں خصوصیات اور ابھرے ہوئے خد و خال ہوتے ہیں۔ ان کی تشکیل اور اس کا تعین انہی خصوصیات سے ہوتا ہے"(52)۔

انسانی معاشرہ انفرادی و اجتماعی زندگی کا مجموعہ ہے۔ ہر ذی روح کو رہائش کی خاطر اپنی جنس اور نسل کے ساتھ سمجھوتہ کرنا ہوتا ہے۔ حیوانی زندگی صرف اپنی جنس اور نوع کے ساتھ بسر ہوتی ہے، جس میں ایک

مخصوص دائرہ کار کے گرد پروان چڑھتی اور موت کی وادی میں داخل ہوتی ہے۔ مگر انسانی زندگی میں اس کا دائرہ کار اور دائرہ اختیار بڑھ کر منظم و مرتب معاشروں کی صورت میں آگے بڑھتی ہے۔ حتٰی کہ موت تک کے معاملات معاشرتی تعاون کے طور پر اکٹھے کیے جاتے ہیں۔

ہجرت اور انسانی زندگی

انسانی زندگی پر غور و غوص سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ چند ناگزیر اور نامساعد حالات میں انسان اپنی آبادیوں کو ہجرت کے زریعے تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ حیوانوں میں سب چھوٹی یا بڑی ہجرت کرتے ہیں۔ انسانی ہجرت دورِ وحشت کے اختتام سے شروع ہوتی ہے۔ جب تک انسان دورِ فطرت میں رہتا تھا اسے دوسروں کی کچھ پرواہ نہ تھی۔ اس کی صرف ایک ہی ضرورت تھی کہ وہ کسی طرح بھوک مٹائے۔ دور وحشت کی انسانی حالت حیوانی حالت سے ملتی جلتی تھی۔ دورِ وحشت کے خاتمہ پر انسانی معاشرہ وجود میں آیا اور باہمی ضروریات کے لیے انسان آپس میں ملے تو انسانی تاریخ کا آغاز ہوا"[53]۔

ہجرت رزق، پانی اور نسلی تنوع کے گرد گھومتی ہے۔ مگر انسانوں میں یہ ہجرت رزق، پانی اور نسلی تنوع سے بڑھ کر نئی آبادکاریوں، نئے مسائل کے حل، نئے مراکز کے قیام کے سلسلے میں اور جنگ کے دنوں میں، زمینی آفتوں، زلزلہ، سیلاب اور طوفانوں کے دنوں میں اپنی شکل بدلتی رہتی ہے

امت مسلمہ کی فکر ہجرت قدرے مختلف ہے۔ تاریخی اوراق بتاتے ہیں، "ہجرت کی تاریخ مذاہب کی ہر تاریخ کی طرح بہت پرانی ہے؛ اس لیے کہ ہر پیغمبر اور مصلح کو اپنی جائے سکونت سے ضرور ہجرت کرنا پڑی۔ قرآن حکیم میں، حضرت نوح، حضرت ابراہیم، حضرت یعقوب، اور ابنائے یعقوب، حضرت موسیٰ اور بنی اسرائیل وغیرہ کی ہجرتوں کا بار بار ذکر کیا گیا ہے" [54]۔

اسلام، ہجرت اور سماجی اثرات

اسلام میں ہجرت کے لیے چند بنیادی اصول و ضوابط ہیں۔ ان اصولوں کے پیش نظر کی جانے والی ہجرت اللہ تعالٰی کے ہاں بلند درجہ قرار پاتی ہے۔ مسلمان کی ہجرت قرآن ہ حدیث کی روشنی میں نیت اخلاص سے منضبط ہے۔ اگر اخلاص نیت موجود ہو تو اسے اللہ تعالٰی کے حضور ثواب بھی ملے گا اور ہجرت کا مقصود بھی نصیب ہو گا۔ ہجرت اس اصول سے بندہ مومن کے لیے جزو ایمان بن جاتی ہے۔ ہجرت اللہ اور اللہ کے رسول

ﷺ کے راستے میں عمل جہاد ہے۔ڈاکٹر محمود احمد غازی رقمطراز ہیں، "ہجرت مدینہ کے دوران یا اس دور کے نزدیک پر جو آیات نازل ہوئیں ان میں" ایمان ہجرت اور جہاد کا تذکرہ ایک ساتھ ملتا ہے۔"[55] سید مولانا مودودی لکھتے ہیں: "ہجرت در حقیقت جہاد کا ایک حصہ اور اعلائے کلمۃ اللہ کا ایک ذریعہ ہے، اسی بنا پر قرآن و حدیث میں جہاد کے سات ہجرت کی فضیلت اور اس کی اہمیت کو بھی بیان کیا گیا ہے"[56]۔

ہجرت سے اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کا دین وسیع ہوتا ہے اور دین اسلام کی روشنی سے مخلوق خدا منور ہوتی چلی جاتی ہے۔ ہجرت دین متین کی مدد و نصرت کی کنجی ہے۔ یہ بندہ مومن پر نئے در وا کرتی ہے۔ مختلف اقوام سے روابط بنتے ہیں، ان کی رسوم و روایات کو سمجھنے کا موقع ملتا ہے۔نئے علوم و فنون سے آشنائی نصیب ہوتی ہے۔"آپ ﷺ کو ہجرت مدینہ کا حکم اسی لیے دیا گیا تھا کہ لادین سیاسی و معاشی اقتدار میں اجتماعی صالحیت اور ملی سطح پر مطلوبہ اصلاح کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا تھا۔ آپ ﷺ نے ہجرت کے بعد اولین توجہ مسلمانوں کے سیاسی اور معاشی استحکام کی طرف دی۔ انہیں معاشی و معاشرتی طور پر آزاد اور مستحکم کر دیا۔"[57]

آپ ﷺ کی ہجرت نے یثرب کو مدینہ بنا دیا۔"سرکارِ دو جہاں ﷺ کے مقدس وجود سے یثرب کا مقدر جاگ اُٹھا۔ مدینہ منورہ کی پر نور گلیاں نقش پائے مصطفی ﷺ سے رشک کہکشاں بن گئیں"[58]۔

اسی نظریہ ہجرت کو دیکھا جائے تو، خطہ ہند اس کی خوبصورت مثال ہے۔صوفیاءِ کرام کی بے لوث ہجرت کے نتیجے میں اس خطے کو اسلام اور ایمان جیسی عظیم نعمت عطا ہوئی۔ ہجرت کے اسی تسلسل میں مملکتِ خداد پاکستان؛ عظیم جدوجہد، قربانیوں اور لاکھوں افراد کی ہجرت کے نتیجہ میں معرض وجود میں آیا ہے۔ "ہجرت پاکستان کے وقت لاکھوں مسلمان تہ تیغ کر دیئے گئے۔ کم و بیش ایک کروڑ مسلمان بے سروسامانی اور تباہ حالی کے عالم میں حشرت مثال کیمپوں کی روح فرسا تکلیفیں اور سفر ہجرت کی راہ گداز مصیبتیں جھیلتے ہوئے پاکستان کی مملکت میں پناہ ڈھونڈنے پر مجبور ہوئے"[59]۔

ہجرت ایک عبادت ہے، اگر اخلاص نیت ہو تو انسان کی کایا پلٹ جاتی ہے۔ اسی سے مومن کو قلت میں غِنٰی نصیب ہوتا ہے۔ اگر مومن اللہ تعالیٰ کی رضا کی خاطر ہجرت کرتا ہے تو اسے کامیابی ملنے پر دو اجر ملتے ہیں۔ ایک اجر اس کا غِنٰی ہے اور دوسرا دین متین کی سربلندی عظمت اور کامیابی ہے۔ آپ ﷺ کی سیرت

طیبہ سے بات ثابت ہے، " آپ ﷺ نے سب سے پہلے مدینے میں امن و امان قائم کیا اور صحیح بنیادوں پر ایک، "دولت مشترکہ" کی بنیاد رکھی"(60)۔

اگر دوران ہجرت بندہ مومن کو مصائب وآلام برداشت کرنے پڑیں، یہاں تک کے موت ہو جائے تو اسے شہادت کا رتبہ نصیب ہو گا۔ ہجرت کرنے والے کے لیے اللہ اوراس کے رسول ﷺ کے دین میں یہ خاص انعام ہے۔

دور حاضر میں مسلم سماجی مسائل اور ہجرت

مسلم معاشرے میں بالعموم اور عرب مسلم معاشرے میں بالخصوص، بعض ممالک ان دنوں نہایت ابتر صورت حال کا شکار ہیں اور عرصہ دراز سے جاری خانہ جنگی اور دہشت گردی کی وجہ سے ہجرت پر مجبور ہیں۔ یہ کلمہ گو مسلمان ہر خطہ اور ممالک میں دادرسی اور پناگزینی کے خواہشمند ہیں مگر بد قسمتی سے بدلتی دنیا کی فکر نے مسلم امہ کی فکر پر نہایت کاری ضرب لگائی ہے اور مسلم معاشروں میں اکثر ممالک نے ان مسلمانوں کو پناہ دینے سے انکار کر دیا ہے۔ اس بدلتی فکرِ دنیا میں مسلم ممالک کی بہت سی مشکلات ہو سکتی ہیں، دہشت گردی کا خطرہ، عالمی معیشت کے اثرات، بین الاقوامی قوانین کی پابندی، مگر حد تو یہ ہے کہ عالم اسلام کے چوٹی کے ممالک سمیت کسی بھی ملک نے اپنے کلمہ گو بھائیوں کو پناہ نہیں دی اور دورِ حاضر میں عیسائی ممالک نے وہی تاریخ دہرائی ہے جو کبھی اسلام کے ابتدائی دور میں دیکھی گئی تھی۔ اس بدلتے معاشرتی اثر اور فکری التباس کو سمجھنا دشوار نہیں۔ دورِ حاضر کے بدلتے تقاضے اور مشکلات کچھ بھی سہی مگر امتِ مسلمہ کو اس درد کی ضرورت ہے جس کی مثال تاریخ عالم نے حضور نبی اکرم ﷺ کے دور میں دیکھی تھی، انتہائی قلیل آمدنی اور مشکل حالات کے باوجود مدینہ کے مسلمانوں نے کھلے دلوں سے اور محبت و اخوت کے جذبے سے سرشار ہو کر دین کے پروانوں کو خوش آمدید کہا۔ جن معاشروں سے محبت و اخوت اور بھائی چارے کی پالیسی ختم ہو جائے اور دنیاوی مفادات غالب آجائیں ان معاشروں میں ابتری، قحط اور مالی مشکلات اپنے پنجے گاڑ لیتی ہیں۔ عالمی دنیا سمیت مسلم معاشروں کو ضرورت اس امر کی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے بتائے ہوئے راستے پر چلیں اور ان مہاجر مسلمان بھائیوں کی امداد کریں جو اپنا سب کچھ قربان کر کے آئے ہیں، چاہے یورپی عیسائی دنیا

کے اپنے جو بھی مقاصد و مفادات ہوں، کل بھی انہوں نے مثال قائم کی تھی آج بھی انہوں نے مثال قائم کر دی ہے۔ عالمِ اسلام کے لیے یہ لمحہ فکریہ ہے۔

نتائج تحقیق

اجتماعی زندگی کے مراحل قوانین، جو اللہ تعالیٰ نے نازل فرمائے ہیں، ان میں سے ایک ہجرت بھی ہے۔ ہجرت کی جہات میں سے ایک جہت سماجی بھی ہے۔ سماجی تعلقات اور رویے جب حد سے تجاوز کر جائیں، تو انہیں رفع کیا جانا ضروری ہے۔ عداوت و خونریزی سے بچنے کے لیے ہجرت، ناگزیر عمل ہے۔

جن معاشروں میں مسلمانوں کو امر بالمعروف و نہی عن المنکر کی اجازت نہ ملے اور فتنہ و فساد کا خطرہ درپیش ہو، مسلمان کی جان و مال اور عزت و آبرو محفوظ نہ ہو، ان معاشروں سے سماجی رویوں سے تنگ آ کر، ہجرت کرنا واجب ہے۔

حضور نبی کریم ﷺ نے دین کی فکری بنیادوں کو از سرِ نو معاشرے میں اجاگر کیا، یعنی، نئے سماج اور نئے رویوں کو درست کرنے کا بہترین ذریعہ، ہجرت ہے۔

ہجرت کے سماجی اثرات کی بدولت معاشرے میں درپیش نسلی، لسانی اور قبائلی تعصبات کو ختم کیا جا سکتا ہے۔ نئے معاشرے میں ایک نئی روشنی پھیلائی جا سکتی ہے، جس کی بنیاد، امن، محبت، اخوات اور جذبہ ایثار پر مبنی ہو۔

آپ ﷺ کی ہجرت کی بدولت معاشروں کو انسانی نسل کشی سے بچنے کا ایک ذریعہ میسر آیا۔ انفرادی و اجتماعی ہجرت کی بدولت، انسانی نسل کشی کے امکانات کو بہت حد تک کم کیا جا سکتا ہے۔ دورِ حاضر میں جنگی افکار و حالات کی بدولت، دنیا کے اکثر معاشروں کے سماجی رویے، تنگ نظری اور تعصب پسندی پر مشتمل ہو چکے ہیں۔ ہجرت کے ذریعے ان کا تدارک، سیرت رسول ﷺ کی روشنی میں کیا جا سکتا ہے۔

حواشی وحوالہ جات

ا۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ،زیر اہتمام دانش گاہ پنجاب، لاہور، شعبہ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، جلد23، ص114

۲۔ زبیدی، سید مرتضٰی، تاج العروس من جواہر القاموس،دار الھدایۃ، جلد14، ص396۔

۳۔ ایضاً، ص297

۴۔ افریقی، ابن منظور، محمد بن مکرم، لسان العرب،دار صادر- بیروت، جلد5، ص250۔

۵۔ جرجانی، علی بن محمد بن علی، التعریفات،دار الکتاب العربی–بیروت، ص319۔

6۔بخاری، محمد بن إسماعیل، إبو عبداللہ، صحیح البخاری، شرح وتعلیق: مصطفیٰ دیب البغا، دار طوق النجاۃ، جلد1، ص6۔

۷۔ مناوی، محمد عبد الرؤوف، التوقیف علی مہمات التعاریف، دار الفکر المعاصر, دار الفکر- بیروت, دمشق، ص738۔

8۔سعیدی، غلام رسول، تبیان القرآن، جلد1، ص772 ۔

9۔ بخاری، محمد بن إسماعیل، إبو عبداللہ، صحیح البخاری، شرح وتعلیق: مصطفیٰ دیب البغا، دار طوق النجاۃ، جلد4، ص 76 حدیث:3080۔

10۔ سعیدی، غلام رسول، تبیان القرآن، جلد1، ص: 772۔

۱۱۔ مولانا عبد الحفیظ بلیاوی، مصباح اللغات، مکتبہ قدوسیہ، غزنی سٹریٹ اردو بازار، لاہور، ص935۔

12.http://www.oxfordlearnersdictionaries.com/definition/english/migration

13.http://www.oxforddictionaries.com/definition/english/migration

۱۴۔ سورۃ النسا،4:34۔

15 http://en.wikipedia.org/wiki/Divorce_demography

http://www.oecd.org/els/family/SF3_1_Marriage_and_divorce_rate_Jan2014:2

۱۶۔ سورۃ مریم،19 :46۔

۱۷۔ سورۃ مومنون، 23 : 67۔

۱۸۔جیلانیؒ، عبد القادر، شیخ، غنیۃ الطالبین (مترجم)، حامد اینڈ کمپنی، رومی پرنٹرز، اردو بازار، لاہور، ص302۔

۱۹۔ سورۃ مزمل،10/73۔

۲۰۔ سورۃ المدثر،5/74۔

۲۱۔ محمد اقبال، علامہ، کلیاتِ اقبالؒ، اقبال اکادمی پاکستان، لاہور، ص156 ۔

22. https://archive.org/details/TheRiseOfIslam

۲۳۔ سورۃ البقرۃ،218:2۔

۲۴۔ سعیدی، تبیان القرآن، فرید بک سٹال، اردو بازار لاہور، جلد1، ص772۔

۲۵۔ سورۃ آلِ عمران،195/3۔

26۔قرطبیؒ، ابو عبداللہ محمد بن احمد بن ابو بکر، امام، تفسیر قرطبیؒ مترجم، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور، جلد2، ص 877۔

۲۷۔ سورۃالنساء،89:4۔

۲۸۔ سورۃالنساء،97:4۔

۲۹۔ سورۃالنساء،100:4۔

۳۰۔ سورۃالانفال،72:8۔

۳۱۔ ایضاً،74:8۔

۳۲۔ ایضاً،75:8۔

۳۳۔ سورۃالتوبۃ،20:9۔

۳۴۔ ایضاً،100:9۔

۳۵۔ایضاً،117:9۔

۳۶۔ سورۃالنحل،41:16۔

۳۷۔ایضاً،110:16۔

۳۸۔ سورۃالحج،58:22۔

۳۹۔ سورۃالنور،22:24۔

۴۰۔ سورۃالعنکبوت،26:29۔

۴۱۔ سورۃالاحزاب،6:33۔

۴۲۔ایضاً،50:33۔

۴۳۔ سورۃالحشر،8:59۔

۴۴۔ ایضاً،9:59۔

۴۵۔ سورۃالممتحنۃ، 10:60۔

۴۶۔ بخاری، محمد بن إسماعیل، إبو عبداللہ، صحیح بخاری، باب المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ، دار ابن کثیر، الیمامۃ– بیروت، جلد1، ص13، حدیث10۔

۴۷۔ ایضاً، باب ہجرۃالنبی ﷺ، جلد۳، ص1415

۴۸۔ایضاً،

۴۹۔ ایضاً، ص1416، حدیث۳۶۸۵۔

۵۰۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ایضاً، ص115

۵۱۔ صحیح المسلم، مسلم بن الحجاج إبو الحسن القشیری النیسابوری، دار إحیاء التراث العربی - بیروت، باب من احق بالامۃ، جلد1، ص465، حدیث673۔

52 ۔ندوی، سید ابوالحسن علی، مولانا، دستور حیات، مجلس نشریات اسلام، ناظم آباد کراچی۔ ص20۔

53۔ لینگر، ولیم ایل، انسائیکلو پیڈیا تاریخِ عالم۔ جلد اول ، ترجمہ: مولانا غلام رسول مہر، الوقار پبلی کیشنز، واپڈہ ٹاؤن لاہور، ص8۔
54۔ اردو دائرہ معارف اسلامیہ، ایضاً، ص116۔
55۔ غازی، محمود احمد، ڈاکٹر، محاضرات سیرت ﷺ، الفیصل ناشران وتاجران کتب، اردو بازار، لاہور ص400۔
56۔ مودودی، ابوالاعلی، تفہیم القرآن، جلد3، ص716۔
57۔ قادری، محمد طاہر، ڈاکٹر، مقدمہ سیرت الرسول ﷺ، ، منہاج القرآن پبلی کیشنز، لاہور، جلد ا، ص408۔
58۔: اعظمی، محمد عاصم، ڈاکٹر، داستان حرم، فرید بک سٹال، اردو بازار، لاہور، ص60۔
59۔ خاں میکش، مرتضٰی احمد، اِخراج اسلام از ہند، اویسی بک سٹال، پیپلز کالونی، گوجرانوالہ، ص7۔
60۔امیر علی، سید، تاریخ اسلام، تخلیقات، اکرم آرکیڈ، ٹمپل روڈ، لاہور، پاکستان، ص20 ۔

حضرت مجدد الف ثانیؒ کی دینی وملی خدمات کا تحقیقی جائزہ

A Research Based Overview of Religious and National Services of Mujaddid Alf Sani

محمد عظیم
فاروقی*

ABSTRACT

Shaikh Ahmed Sirhindi, Mujaddid Alf Sani (R.A)(1524-1598) got his early education from his father Shaikh Abdul Ahad (R.A), a well-known Muslim mystic and a great scholar of Islamic Sciences. He further proceeded to Sialkot, and was taught higher books of Qur'an, Hadith, Fiqah, logic and other Islamic sciences by Shaikh Yaoob Kashmiri(1594 C.E) and Mullah Kamal Kashmiri. Mullah Abdul Hakim Sialkoti(1656 C.E), a well known author of Islamic books proclaimed Shaikh Ahmad as Mujaddid Alf Sani (the reformer for second millennium).

After completion of education, Mujaddid Alf Sani took this adverse condition of Islam and Islamic values to heart and decided to utilize all of his energies for the reformation and revival of real Islamic teachings and values of Qur'an and Sunnah. His services regarding the survival of a religion and Islamic nationhood are versatile and multi-dimensional. He prepared a group of purified sincere Muslim scholars and spiritual guides and sent them throughout India, Afghanistan, the Arabia and central Asia. He brought healthy and reformative changes in prevailing political system of Indian government, social set up of Islamic society, spiritual patterns of Islamic mystics and religious scholars of Islamic sciences. His well-known three volumes of epistles and various important religious books spread of the real values of Islam and tecahings of Islam. This article consists of a research analysis of Hazrat Mujaddid Alf Sani's services regarding religion and nationhood of the Muslim of the sub-continent.

---

* سینئر انسٹریکٹر، گورنمنٹ کالج آف کامرس، سیٹلائیٹ ٹاؤن، راولپنڈی، پاکستان۔

شیخ احمد سرہندی ۴ شوال ۹۷۱ھ مطابق ۲۶ مئی ۱۵۲۴ء بروز جمعہ پنجاب (حال موجودہ مشرقی پنجاب، بھارت) کے مقام سرہند میں پیدا ہوئے۔ نسباً فاروقی تھے۔ خاندان میں کئی پشتوں سے تعلیم و تعلّم کا سلسلہ جاری تھا۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد شیخ عبدالاحد (۹۲۷ھ/ ۱۵۲۱ء- ۱۰۰۷ھ/ ۱۵۹۸ء) سے حاصل کی اور قرآن مجید حفظ کیا۔ اس کے بعد سیالکوٹ (حال واقع پاکستان) کے مشہور عالم ملّا کمال کشمیری (م ۱۰۱۷ھ/ ۱۶۰۸ء) سے منطق، فلسفہ اور علم کلام کی تعلیم حاصل کی۔ صحیح بخاری کے شارح شیخ یعقوب صرفی (م ۱۰۰۳ھ/ ۱۵۹۴ء) (*) سے حدیث اور قاضی بہلول بدخشانی سے تفسیر کی امّہات کتب پڑھیں۔ سترہ سال کی عمر میں تحصیل علوم کے بعد وطن واپس ہوئے۔

شیخ سرہندیؒ نے احیائے دین کے لئے مؤثر اقدامات اُٹھانے سے پہلے شہنشاہِ اکبر کے پایہ تخت آگرہ کا سفر کیا جہاں انہوں نے فیضی (۹۴۵ھ/ ۱۵۳۹ء- ۱۰۰۴ھ/ ۱۵۹۵ء)، ابو الفضل (۹۵۸ھ/ ۱۵۵۱ء- ۱۰۱۱ھ/ ۱۶۰۲ء) اور بعض دوسرے درباری علماء کے ساتھ نشست و برخاست کی اور اعتقادی خرابیوں کا صحیح کھوج لگالیا۔ آپ نے اس حقیقت کو بھانپ لیا کہ معاشرہ میں حکمران طبقہ، علمائے کرام اور صوفیائے عظام کی اصلاح کے بغیر کسی قسم کی تبلیغی مساعی مؤثر نہیں ہوسکتی۔ لہٰذا آپ نے بے راہ روی کے شکار حکمران طبقہ اور علمائے سوء اور صوفیائے خام کو ٹارگٹ کیا اور ہمہ جہت انقلابی اصلاحی تحریک کا آغاز کردیا۔ خانقاہوں سے نکل کر رسمِ شبیری کی سُنت کو از سر نو اُجاگر کیا۔ آپ کی ہمہ جہت کوششوں میں آپ کے مخلص خلفاء اور مریدین نے بھرپور ساتھ دیا جو پورے ہندوستان کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے تھے۔ اپنے قلمی، فکری، رُوحانی اور عملی جہاد کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے آپ نے قید وبند کی صعوبتیں بھی برداشت کیں۔ اپنوں اور بیگانوں کی مخالفتوں کا بھی خندہ پیشانی سے مقابلہ کیا اور اپنے پاکیزہ مقصد میں بڑی حد تک کامیاب ہوئے۔ اس سلسلہ میں آپ نے جو حکمت عملی اختیار کی اُس کا اختصار سے تحقیقی جائزہ لیا جاتا ہے۔

سلسلۂ نقشبندیہ کی اشاعت

پہلا کام جس کا شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ نے بیڑا اٹھایا، وہ ہندوستان میں سلسلۂ نقشبندیہ کی توسیع و اشاعت تھی۔ جلد ہی ان کی شہرت پورے ملک میں پھیل گئی اور چاروں طرف سے لوگ ان کے پاس روحانی ہدایت کے لئے آنے لگے۔ شیخ ان کی رہنمائی کرتے، ان کی روحانی ترقیوں پر نظر رکھتے اور جب وہ ایک مخصوص مقام تک پہنچ جاتے تو ان کو ان کے علاقوں میں واپس بھیج دیتے تاکہ وہاں جاکر نقشبندیہ سلسلے کو فروغ دیں۔ ان میں جو زیادہ باصلاحیت تھے ان کو شیخ نے ہندوستان کے اہم شہروں لاہور، دہلی، آگرہ، سہارنپور، بدایوں، جونپور، الٰہ آباد، مکن پور، پٹنہ، منگل کوٹ (بنگال) اور برہان پور[1] وغیرہ میں

بھیجا اور سلسلۂ نقشبندیہ کی اشاعت کا حکم دیا۔ ان حضرات کی کوششوں کے نتیجے میں یہ سلسلہ بہت جلد مقبول ہو گیا۔ اس کی مقبولیت کا اندازہ جہانگیر کے اس جملے سے لگایا جا سکتا ہے، جو اس نے اس سلسلے کے آغاز کے ۱۶ سال بعد لکھا تھا:

''شیخ کے عقیدت مند ہندوستان کے تمام شہروں میں پھیل گئے ہیں''[۲]۔

یہ سلسلہ صرف ہندوستان تک محدود نہیں رہا بلکہ افغانستان، ترکستان، طبرستان اور ایران میں بھی پھیلا۔ شیخ نے شادمان (اصفہان)، حسن ابدال، کشم (بدخشاں)، بیرک (قندھار) اور طالقان وغیرہ شہروں میں بھی اپنے خلفاء بھیجے اور ان سے مستقل رابطہ رکھا۔ جب انھیں کوئی مشکل پیش آتی تو وہ شیخ سے رجوع کرتے اور شیخ ان کے سوالات کا جواب دیتے۔ اپنے جوابی خطوط[۳] میں شیخ مجدد نے نقشبندیہ طریقے کے بنیادی نکات واضح کئے ہیں، خاص طور پر اتباع سنت کی اہمیت جتائی ہے، سماع، رقص اور ذکری جہری کی ممانعت کی ہے، پُر مشقت عبادات اور سخت ریاضت کو ناپسندیدہ قرار دیا ہے اور کھانے، پینے اور پہننے میں میانہ روی کی تعلیم دی ہے۔ شیخ نے لکھا ہے کہ ان کا طریقہ وجد، مشاہدات، تجلیات اور شطحیات کو زیادہ اہمیت نہیں دیتا، مکاشفات کو شریعت کے اُصولوں پر پرکھتا ہے۔ یہ نکتہ شیخ نے بار بار واضح کیا ہے کہ تصوف کا مقصد نہ تو خدا تعالیٰ کے ساتھ اتحاد ہے اور نہ اس کی صفات میں اشتراک۔ اس کی غایت صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی بندگی اور اطاعت ہے۔ مقام عبدیت سے بلند تر کوئی اور مقام نہیں ہے۔

عہدِ اکبری میں اسلام کی زبوں حالی اور شیخ مجدد کی اصلاحی کوششیں

سلسلۂ نقشبندیہ کی اشاعت چاہے جتنی اہم ہو، وہ شیخ مجدد کے مشن کا صرف ایک جزء تھی۔ شیخ نے لکھا ہے کہ ''میرا مقصد لوگوں کی محض روحانی تربیت نہیں ہے، میں تو کسی اور کام کے لئے پیدا کیا گیا ہوں''[۴]۔ وہ اپنے آپ کو ولی سے آگے بڑھ کر ایسا مجدد سمجھتے تھے جو الف ثانی (دوسرے ہزارے) میں کار تجدید کے لئے اٹھایا گیا ہو[۵]۔ اگرچہ انھوں نے خود تفصیل سے نہیں لکھا تاہم یہ واضح ہے کہ ان کے سامنے ان کا مشن اور اس کے تقاضے پوری طرح واضح تھے۔ شیخ کے کام کا مطالعہ کرنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ان کا اصل مقصد الحاد اور غلط طریقوں پر تنقید کرنا، وحی، نبوت اور شریعت محمدیہ میں از سر نو یقین راسخ پیدا کرنا، نافرمانیوں اور بدعات و خرافات کو مٹانا، اچھائیوں، نیکیوں اور اتباع سنت کا احیا کرنا اور اسلام مخالف عناصر اور قوتوں کے خلاف جہاد اور اسلامی اداروں کا قیام تھا۔ شیخ مجدد نے اپنی ساری ذہنی طاقتوں کو اس مقصد کی تحصیل کے لئے وقف کر دیا تھا۔ انھوں نے سماج کے ہر طبقے، عوام، علمائ، صوفیاء اور اہل حکومت و سیاست کے غلط خیالات کی اصلاح کے لئے کتابیں اور رسالے تصنیف کئے[۶] اور واضح کیا کہ قرآن و سنت اور عقل و طریقت کی روشنی میں کیا درست ہے اور کیا غیر درست۔ انھوں نے زندگی کے ہر پہلو

سے متعلق اہم شخصیات کو، چاہے ان کا تعلق مدارس سے ہو، خانقاہوں سے ہو، فوج سے ہو یا حکومت سے، خطوط لکھے اور سب کو توجہ دلائی کہ وہ اپنے زیر اثر حلقے میں لوگوں کی اصلاح کریں اور ان کو اس بھاری ذمہ داری کا احساس دلائیں جو اللہ تعالیٰ نے ان کے کاندھوں پر ڈالی ہے۔ انھوں نے ان کے پاس اپنے پیغام رساں بھی بھیجے او رجب ضرورت محسوس ہوئی خود بھی سفر کیا۔ ہند اور بیرونِ ہند میں اپنے مریدین کے ذریعے لوگوں کے عقائد کی درستی اور اتباع سنت کی مہم چلائی، انھوں نے اپنے مکاتیب کی متعدد کاپیاں تیار کرا کے اپنے حلقہ مریدین میں تقسیم کرائیں۔ سماج کا ایک طبقہ، جس کے عوام پر بڑے گہرے اثرات تھے، درباری علماء کا تھا۔ عوام پر اس طبقے کے بڑے گہرے اثرات تھے۔ ابوالفضل کا ذکر ابتدا میں آ چکا ہے، اس کے علاوہ اس گروہ میں اور بھی لوگ شامل تھے، مثلاً ابوالفضل کے والد ملا مبارک ناگوری (م ۱۰۰۱ھ/ ۱۵۹۳ء) جس نے اکبر کو الحاد کی راہ پر ڈالا تھا[۷]۔ میر فتح اللہ شیرازی (م ۹۹۷ھ/ ۱۵۸۸ء) جو اس کمیٹی کا سربراہ تھا جو شریعت مطہرہ کی معقولیت جانچنے کے لئے بنائی گئی تھی[۸]۔ شریف آملی، جس کو اکبر نے اپنے مذہب کی تبلیغ کے لئے بنگال میں متعین کیا تھا[۹]، اور بھی متعدد افراد تھے جنھوں نے یونانی فلسفہ پڑھا تھا اور ہندو پنڈتوں سے ہندی فلسفہ کی تعلیم حاصل کی تھی۔ یہ لوگ وحی اور نبوت کی معقولیت پر اعتراض کرتے تھے اور الٰہی شریعت کی ضرورت کے منکر تھے۔ اس رجحان کا مقابلہ کرنے کے لئے شیخ مجدد نے آگرہ کے دورانِ قیام اپنی پہلی کتاب ''اثبات النبوۃ'' لکھی۔ دربار کے حالات کا مختصر سا ذکر کرنے کے بعد، نبوت کے مزاج اور اس کی ضرورت کے متعلق بحث کی اور یہ بتایا کہ کسی نبی کے دعوائے نبوت پر یقین لانے کے کیا وجوہ ہیں؟ خواب اور کشف کے حوالے سے وحی کے امکان کو ثابت کیا[۱۰]۔ وحی کی ضرورت بیان کرتے ہوئے بتایا کہ انسانی عقل محسوسات سے ماوراصداقتوں کو سمجھنے سے قاصر ہے۔ جہاں تک صوفیاء کے کشف کا تعلق ہے تو اس میں غلطی کا امکان بہت ہے کیونکہ مختلف صوفیاء کے مکاشفات میں خاصا اختلاف پایا جاتا ہے[۱۱]۔ جہاں تک کسی نبی کے دعوائے نبوت کے اثبات کا تعلق ہے تو شیخ مجدد نے معجزوں کے علاوہ نبی کی زندگی، اس کے پیغام اور اس کے کام کو بطور ثبوت پیش کیا ہے۔ محمد ﷺ کی نبوت کے اثبات کے ضمن میں انھوں نے قرآن کریم، نبی ﷺ کی مثالی زندگی، آپ ﷺ کی شریعت کا مکمل ہونا اور معاشرہ پر آپ ﷺ کے غیر معمولی اثرات کو بطور دلیل پیش کیا ہے۔ ''اثبات النبوۃ'' اپنے موضوع پر مختصر مگر بہت اہم کتاب ہے۔ اس کتاب میں اور دوسرے کلامی مباحث میں، جو شیخ کے خطوط میں جا بجا پائے جاتے ہیں، انھوں نے اسلام کی پوری کلامی روایت سے استفادہ کیا ہے، خاص طور پر اس مکتب فکر سے جو اس وقت وسط ایشیا میں چھایا ہوا تھا۔ اس کے علاوہ بھی ان کی تحریروں میں صفاتِ ذات باری، آزادئ ارادہ، ایام فترۃ کے ایمان وغیرہ سے متعلق متعدد نئے مباحث اور

نکتے ملتے ہیں۔ اکبری عہد میں نبوت کے علاوہ مقام صحابہ رضی اللہ عنہم کو بھی ہدف طعن بنایا جارہا تھا، شیعوں نے ملک بھر میں تنقیص صحابہ رضی اللہ عنہم کی پرجوش مہم چلارکھی تھی، خاص طور پر ایران میں صفوی بادشاہوں کے ذریعے شیعیت کے احیاء کی تحریک سے متاثر ہو کر یہاں بھی شیعوں نے خلفاء ثلاثہ رضی اللہ عنہم کو یہ کہہ کر مطعون کرنا شروع کیا کہ انھوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خلافت سے محروم کر دیا تھا۔ حضرت علی کے خلاف جنگ میں حصہ لینے کی وجہ سے حضرت عائشہ، حضرت طلحہ، حضرت زبیر اور امیر معاویہ رضی اللہ عنہم کے خلاف بھی وہ زبان درازی کرتے تھے اور ان صحابہ رضی اللہ عنہم کو بھی، جنھوں نے ان کی حمایت کی تھی، ہدف طعن بناتے تھے۔ ان کی طعن و تشنیع بڑھتے بڑھتے حضرت علی اور ان کے چند حامیوں کو چھوڑ کر پورے گروہ صحابہ رضی اللہ عنہم پر حاوی ہو گئی تھی۔ دربار آگرہ کے جو لوگ اس تحریک میں پیش پیش تھے ان کی قیادت قاضی نور اللہ شوشتری کر رہے تھے[۱۲]۔ جنوب میں اس کی قیادت برہان نظام شاہ (۱۵۰۸ء- ۱۵۵۳ء) نے سنبھال رکھی تھی جس نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم پر تبرا کرنے اور اس راہ میں مزاحم ہونے والوں کو قتل کرنے کے لئے سینکڑوں لوگوں کو بطورِ خاص ملازم رکھا تھا[۱۳]۔ شمال میں اس مہم کا دوسرا مرکز کشمیر تھا۔ آگرہ میں شیعہ عالموں نے ایک کتاب شائع کی جس میں شیعہ مسلک پر وسط ایشیاء کے سنی علماء کی تنقید کا جواب دیا گیا تھا اور اپنے مؤقف کو درست ٹھہرایا گیا تھا۔ اس کتاب کو ایک معرکہ آراء کتاب کی حیثیت سے پیش کیا جارہا تھا۔

ردّ روافض کے لئے شیخ احمد کی کاوشیں

شیخ مجددؒ نے اپنی تصنیف ''ردّ روافض'' میں اس کتاب کا تنقیدی جائزہ لیا اور اہل سنت کے مؤقف کی تائید کی۔ اس تصنیف میں اور اس موضوع سے بحث کرنے والے دوسرے خطوط میں[۱۴] شیخ مجددؒ نے بتایا کہ نبی کریم ﷺ کے اصحاب کی تنقیص و اہانت غلط ہے، اوّل تو یہی درست نہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنا جانشین مقرر کرنے کی وصیت کی تھی، اس سلسلے کی جتنی روایات ہیں سب موضوع ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ ابتدائی تین خلفاء رضی اللہ عنہم سے یہ بات مستبعد ہے کہ وہ نبی ﷺ کی وصیت کے خلاف کام کریں اور اگر حضور ﷺ نے حضرت علی کو جانشین بنایا ہوتا تو یہ بات حضرت علی رضی اللہ عنہ کے وقار کے بھی خلاف ہے کہ وہ ان تینوں کی اطاعت کر کے اپنے حق کا ابطال کرتے۔ تیسری بات یہ ہے کہ اگر شیعہ مؤقف قبول کر لیا جائے اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی مذمت کی جانے لگے، تو اس سے قرآن کی حقانیت شدید طور پر متاثر ہو گی، اس لئے کہ قرآن پاک کو صحابہ رضی اللہ عنہم نے ہی جمع کیا تھا۔ اسی طرح حدیث کے پورے ذخیرے کا اعتبار بھی مجروح ہو جائے گا، اس لئے کہ وہ بھی صحابہ رضی اللہ عنہم سے ہی نقل ہو کر آیا ہے۔ یہ بات نبی کریم ﷺ کے اس مشن کو بھی

مجروح کرتی ہے جس کے لئے آپ ﷺ مبعوث ہوئے تھے، کیونکہ اس کا مطلب یہ ہو گا کہ آپ ﷺ نے پوری زندگی ایسے لوگوں کو تیار کرنے میں گزار دی جنھوں نے اپنے پیشوا کی آنکھیں بند ہوتے ہی اس کی ایک غیر معمولی وصیت کی خلاف ورزی شروع کر دی۔ صحابہ رضی اللہ عنہم میں جنھوں نے بعد میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی مخالفت کی تھی، ان کے بارے میں شیخ مجددؒ نے واضح طور پر لکھا ہے کہ اس معاملے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ برسر حق تھے اور ان کے مخالفین غلطی پر تھے۔ تاہم ان کی غلطی اجتہا دی تھی، جیسا کہ بہت سے علماء نے اشارہ کیا ہے۔ چونکہ اس اختلاف کا سبب ذاتی اغراض نہیں تھے [۱۵] اس لئے ان پر تنقید کرنے کے بجائے ان کو معذور سمجھنا چاہیے۔ اگر کسی کو یہ خیال ہو کہ یہ توجیہ حضرت طلحہ ، زبیر اور عائشہ رضی اللہ عنہم کو تو بَری کر دیتی ہے، لیکن حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو نہیں [۱۶] جنھیں شیخ مجددؒ نے بھی مستثنیٰ قرار دیا ہے، تب بھی ان حضرات کی وفات کے بعد ان کی تنقیص کا عمل نا مناسب ہے [۱۷] خاص طور پر جبکہ انھوں نے اسلام کی بے شمار قابلِ قدر خدمات انجام دی ہیں۔ شیخ مجدد کی "رد روافض" کو ہاتھوں ہاتھ لیا گیا۔ اس کی مقبولیت کا اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اس کی تصنیف کے تقریباً ایک صدی بعد شاہ ولی اللہ جیسی شخصیت نے اس کی شرح لکھی اور اس کی مقبولیت میں اضافہ کیا [۱۸]۔

شیخ احمدؒ عام مسلمانوں کے لئے مسیحا

شیخ مجددؒ کے دور میں عام مسلمانوں کی زندگی کافی حد تک شرک و بدعت سے عبارت تھی، مشرکانہ مذاہب اور ہندوستانی ثقافت سے ربط و تعلق کی وجہ سے مسلمان غیر مسلموں کے مذہبی رسوم میں شرکت کرتے تھے [۱۹]۔ اپنی اغراض کے لئے ان کے دیوی دیوتاؤں سے منت مانگتے تھے۔ عورتیں چیچک سے بچنے کے لئے ان کی پرارتھنا کیا کرتی تھیں [۲۰]۔ راکھی اور دیوالی جیسے ہندو تیوہاروں میں بھی مسلمان شریک ہونے لگے تھے، دیوالی کے موقع پر وہ بھی بالکل ہندوؤں کی طرح دیئے جلاتے تھے اور کھانا پکا کر رنگ برنگ برتنوں میں دوستوں کے یہاں تحفے بھیجا کرتے تھے [۲۱]۔ ہندو تہذیب کا اثر اوپر کے طبقوں تک بھی پہنچ چکا تھا، مثلاً دکن میں خانخاناں کے دربار میں ایک شاعر نے کفری تخلص اختیار کر رکھا تھا [۲۲]۔

صوفیاء خام کی اصلاح وتربیت

مذہبی انحطاط کا دوسرا سبب جاہل اور گمراہ صوفیاء کے اثرات تھے، ان کے نام کی نذریں مانی جاتی تھیں اور مرحوم صوفیاء کی قبروں پر قربانیاں کی جاتی تھیں، عورتیں اپنے صوفی پیروں کے نام کے روزے رکھتی تھیں اور دوسری بہت سی رسوم بھی ادا کرتی تھیں، مثال کے طور پر وہ چاہے کتنی ہی مال دار کیوں نہ ہوں، مانگی ہوئی بھیک سے ہی روزہ افطار کرتی تھیں [۲۳]۔ پندرہ شعبان کی شب، رجب کی ستائیسویں شب

اور رجب کی پہلی جمعرات کو، جسے لیلۃ الرغائب کہا جاتا تھا، بڑے اہتمام سے منایا جاتا تھا۔ اس موقع پر اجتماعی طور پر نفل پڑھنے کا بھی اہتمام کیا جاتا تھا[۲۴]۔

صوفیاء میں سماع، وجد اور رقص عام تھا، جشنِ میلاد النبی ﷺ بھی بڑی دھوم سے منایا جاتا تھا[۲۵] خود شیخ مجددؒ کے پیرزادے بھی جمعرات کے دن قوالی میں شرکت کو معیوب نہیں سمجھتے تھے[۲۶]۔ فرائض و سنن کے مقابلے میں ذکر و فکر کو زیادہ اہمیت دی جاتی تھی، لوگ چلّہ کشی تو کرتے تھے مگر نماز با جماعت کا اہتمام نہیں کرتے تھے[۲۷]۔ پیروں کے بارے میں یہ تصور عام تھا کہ ان کے اندر ایسی روحانی قوت ہے کہ اگر وہ کسی سے ناراض ہو جائیں تو اسے روحانی ارتقا سے محروم کر سکتے ہیں [۲۸] اور اگر کسی سے راضی ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ سے اس کے گناہ بھی بخشوا سکتے ہیں[۲۹]۔

نظریہ وحدت الوجود کو حلول و اتحاد کے ہندوانہ تصورات سے ممیّز کرنا

شیخ احمد سرہندیؒ کے دَور میں ہندومت کے احیاء کی متعدد تحریکیں چلیں، جن میں بھگتی تحریک سب سے نمایاں تھی، جو اسلامی تعلیمات کے عالمگیر اخوت و محبت اور عدل و مساوات کے پیغامات سے متاثر ہو کر چلائی گئیں، تاکہ ہندومت کے غیر فطری ذات پات کے نظام، چھوت چھات کے غیر انسانی تصورات اور لاکھوں دیوتاؤں کی پوجا پاٹ سے ہندو مذہب اور ہندی معاشرے کو پاک کیا جائے، لہٰذا انھوں نے اسلامی تصورِ توحید کی مختلف فلسفیانہ تاویلات کر کے نظریۂ وحدت الوجود کو نظریۂ ہمہ اوست اور حلول و اتحاد کے ساتھ جوڑنے کی جسارت اور سازش کی۔ جن سے بعض مسلم صوفیاء خام بھی بری طرح متاثر نظر آنے لگے۔ شیخ مجددؒ کی باریک بین نگاہوں نے اس فکری سازش کو بھانپ لیا۔ کیونکہ جلال الدین اکبر کے حواریوں نے بھی اس فلسفہ کو بنیاد بناتے ہوئے وحدت ادیان اور وحدت قومیت کے تصورات کو فروغ دینا اور نافذ العمل کرنا شروع کر دیا۔ امام ربانی حضرت مجدد الف ثانیؒ نے اس فتنہ کا سخت نوٹس لیا۔ اور اکابرین ملت، جنھوں نے اسلامی تصورِ توحید کو وحدت الوجود کے پیرائے میں سمجھانے کی کوشش کی تھی۔ اُن کے اخلاص، ورع اور تقویٰ کو بے داغ رکھنے کے لیے توحید کی آسان اور قرآنی فکر کے پیرائے میں انتہائی مدلّل تعبیر وحدت الشہود کے الفاظ میں فرمائی، جو یقیناً تیر بہ ہدف ثابت ہوئی اور دو قومی نظریہ کے حقیقی خد و خال اجاگر ہوئے اور ملتِ اسلامیہ ہندومت میں ضم ہونے سے محفوظ ہو گئی، کیونکہ بعض صوفیاء خام کے عقائد اس قدر مسموم ہو گئے تھے کہ وہ شریعت کو صرف علم یقین حاصل کرنے کا ذریعہ تصور کرتے تھے۔ ایسی صورت میں ان کے خیال میں کسی وحدۃ الوجودی کے لئے انبیائی شریعت کی حاجت باقی نہیں رہتی[۳۰]۔ کچھ صوفیاء یہ کہہ کر نماز کی اہمیت گھٹایا کرتے تھے کہ یہ اللہ اور بندے کے درمیان تفریق کرتی ہے[۳۱]۔ بعض صوفیاء فنا اور بقا کو وفات اور حشر کا مساوی قرار دیتے اور جزا و سزا کا انکار کرتے

تھے [۳۲]۔ بعض صوفیاء حسین چہروں کو دیکھنے اور خوش گلو کی آواز سننے کا یہ جواز نکالتے تھے کہ یہ حسن ازلی کے مظاہر ہیں [۳۳]۔ شیخ مجددؒ نے ان افکار و خیالات کا تذکرہ اپنے خطوط میں کیا ہے اور انھیں کفر، شرک اور بدعت قرار دیا ہے۔ انھوں نے صوفیاء کو ہدایت کی ہے کہ ان گمراہیوں سے بچیں اور اپنی زندگی کو درست کریں۔ تھانیسر کے ایک صوفی کے نام ایک خط میں انھوں نے لکھا:

''نماز عشاء کو نصف شب تک اس ارادے سے مؤخر کرنا کہ اس طرح تہجد کی نماز پڑھ لی جائے، قابلِ اعتراض ہے۔ حنفی فقہاء نے اس کو مکروہ تحریمی قرار دیا ہے، یہ چیز ختم ہونی چاہیے۔ آپ اپنے وضو کا ماء مستعمل دوسروں کو پینے کی ہدایت ہر گز نہ کریں۔ اس لئے کہ ماء مستعمل امام ابو حنیفہ کے نزدیک ناپاک ہے، فقہاء نے اس کے استعمال سے منع کیا ہے۔ مجھے معتبر ذرائع سے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ آپ کے خلفاء کو ان کے مریدین سجدہ کرتے ہیں اور تعظیم کے لئے صرف سر جھکا دینے کو کافی نہیں سمجھتے، یہ فعل شنیع ہے، اس کی شدید مذمت کرنی چاہیے اور اس کو بند کر دینا چاہیے'' [۳۴]۔

بدعات کے خلاف جدوجہد

شیخ احمدؒ بدعت حسنہ وسیئہ میں کوئی تفریق نہیں کرتے، ان کا کہنا ہے کہ دین میں ہر اضافہ بدعت ہے۔ اپنے ایک مرید کے نام خط میں لکھتے ہیں:

''تم نے پوچھا ہے کہ میں ذکر جہری کو کیوں منع کرتا ہوں اور بدعت کہتا ہوں جبکہ اور بہت سی دیگر اشیاء کو منع نہیں کرتا جو عہد نبوی میں نہیں تھیں جیسے فرخی لباس (سامنے کا پورا حصہ کھلا ہوا، اچکن کی طرح) اور پائجامہ وغیرہ۔ اس بات کو یاد رکھو کہ رسول عربی ا کے اعمال دو طرح کے تھے، کچھ تو عبادات کے قبیل سے تھے اور کچھ عرف و عادات یا رسوم ورواج کے قبیل سے۔ جو اعمال آپ ﷺ نے بطور عبادت کئے تھے، ان میں مداخلت بدعت ہے، اس کی سختی سے مخالفت ہونی چاہیے کیونکہ یہ دین میں اضافہ ہے۔ البتہ جو کام آپ ﷺ نے بطور عرف و عادت کئے ہیں، ان میں تبدیلی بدعت نہیں کہلائے گی اس لئے کہ ان کا تعلق دین سے نہیں ہے، ان کا وجود اور عدم وجود عرف و عادت پر مبنی ہوتا ہے مذہب پر نہیں'' [۳۵]۔

شیخ مجددؒ نے جن بدعات کا تذکرہ کیا ہے ان میں سے کچھ تو دین میں اضافہ ہیں جن کے لئے کوئی نص موجود نہیں ہے اور ان سے شریعت کی قائم کردہ ترجیحات بھی متاثر ہوتی ہیں۔ ان سے ایسی چیزوں کو فروغ ملتا ہے جو شریعت کے خلاف ہیں۔ اسی طرح کا ایک تصرف یہ تھا کہ شریعت نے جن احکام کے لئے وقت اور جگہ کا تعین کیا تھا لوگ ان میں تبدیلی کرتے تھے۔ شیخ مجدد کا کہنا تھا کہ ہر قسم کی بدعت، اعمال کی انجام دہی کے مطلوبہ طریقوں میں تبدیلی کرتی ہے اور سنت کو ہٹا کر اس کی جگہ لے لیتی ہے [۳۶]۔

شیخ مجددؒ نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا ہے کہ جو علماء لوگوں کو شریعت کے مطابق زندگی گزارنے کا حکم دینے پر مامور تھے، وہ خود بدعت و گمراہی میں مبتلا ہیں۔ لکھا ہے کہ اس وقت سارا عالم بدعت کے دریا میں غرق ہو چکا ہے اور برائیاں فروغ پا رہی ہیں، آج کے علماء بھی بدعت کے مبلغ اور سنت کے مخالف بنے ہوئے ہیں، بدعت کی مخالفت اور سنت کی حمایت کرنے کی کسی میں ہمت نہیں، بیشتر علماء لوگوں کو یہ کہہ کر بدعت میں مبتلا کر رہے ہیں کہ یہی طریقہ زیادہ صحیح اور قابلِ اعتماد ہے[۳۷]۔

علماء صرف بدعت کے فروغ پر اکتفا نہیں کر رہے ہیں بلکہ پورے نظامِ دین کو مسخ کرنے کی کاوش کر رہے ہیں۔ ایک عالم جو پورے ملک کے سب سے معتبر دینی عہدے پر فائز ہیں، انھوں نے فتویٰ دیا ہے کہ مکہ کا راستہ پُرخطر ہونے کی وجہ سے حج کی فرضیت ساقط ہو گئی ہے[۳۸]۔ ایک دوسرے عالم نے لاہور میں فتویٰ دیا ہے کہ سود لینا جائز ہے[۳۹]۔ کچھ دوسرے علماء نے بادشاہ کے سامنے تعظیماً رکوع کرنے اور زمین پر سر رکھنے کو جائز قرار دیا ہے[۴۰]۔ اس فعل کے جواز میں ایک "تاج العارفین" نے وحدۃ الوجود کا سہارا لیتے ہوئے یہاں تک کہہ دیا کہ "بادشاہ اور خدا دونوں ایک ہی ہیں، دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے"[۴۱]۔ ایک دوسرے عارف کہتے ہیں کہ "چونکہ جنت میں لوگ بغیر داڑھی کے ہوں گے اس لئے داڑھی منڈوانا جائز ہے"[۴۲]۔

علمائے سوء کے خلاف جہاد

شیخ مجددؒ اس طرح کے اقوال کو دین میں مداخلت قرار دیتے ہیں، ان کے کہنے والوں پر سخت تنقید کرتے ہیں اور ان کو دین کا رہزن بتاتے ہیں[۴۳]۔ شیخ مجددؒ اکبر کو گمراہ کرنے والے درباری علماء جیسے ملا مبارک اور ابوالفضل پر سخت تنقید کرتے ہیں[۴۴]، ان کی سطحیت اور علمی کم مائیگی کو اسلام سے انحراف اور آزاد خیالی کی وجہ قرار دیتے ہیں۔ انھوں نے ان کے بارے میں لکھا ہے کہ یہ لوگ ایسے خود غرض اور کم ظرف ہیں کہ ذاتی مفادات کے لئے آپس میں لڑتے رہتے ہیں اور ایک دوسرے کو فاسق و فاجر اور مفسد قرار دیتے ہیں اور اپنے منصب سے فائدہ اٹھا کر محض دولت جمع کرنے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں[۴۵]۔

شیخ مجددؒ نے ملک کے خداترس علماء سے اپیل کی کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے ان غلطیوں کی اصلاح کریں جنھوں نے عوامی زندگی کو متاثر کیا ہے اور اسلام کی تصویر بگاڑی ہے۔ انھوں نے تنبیہ کی کہ اس معاملے میں مفاہمت کی کوئی بھی کوشش خطرناک ثابت ہو گی۔ جب لاہور کے بعض علماء نے سود کے جواز کا فتویٰ دیا تو وہاں کے ایک بڑے عالم کے نام طویل خط لکھا۔ اس میں شیخؒ نے ان کے دلائل کی تردید کی اور توجہ دلائی کہ علماء حق کو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دینا چاہیے[۴۶]۔ ایک دوسرے خط میں اپنے خلیفہ ملا احمد برکی کے نام لکھا:

"جہاں جہاں بدعات کو زور ہے وہاں پوری توجہ اور لگن سے شرعی احکام اور فقہی اُصولوں کو رواج دینے کی کوشش کرو، اپنے آپ کو تیار کر کے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ انجام دو، یہ تمہاری ذمے داری ہے اور اسے صرف خوشنودیٔ رب کے حصول کے لئے کرو"[۴۷]۔

۹۸۷ھ/ ۱۵۷۹ء میں درباری علماء نے ایک محضر نامہ تیار کیا[۴۸] اور اس پر مختلف علماء کے دستخط کروا کے اسے اکبر کی خدمت میں پیش کیا۔ اس میں انھوں نے لکھا کہ اکبر نہایت عادل، ذی علم اور خداترس بادشاہ ہے، اس لئے اس کا مقام مجتہد سے بھی افضل ہے اور اس کو مجتہدین کے مابین مختلف فیہ معاملات میں فیصلہ دینے کا اختیار ہے۔ یہ حق حاصل کرنے کے بعد اکبر نے اگلے دو دنوں میں تین ایسے بنیادی اقدامات کئے جن سے برصغیر میں اسلام اور مسلمانوں کے مستقبل پر دور رَس اثرات مرتّب ہوئے۔ اوّل اکبر نے ملا مبارک اور اس کے بیٹے ابوالفضل کا تجویز کردہ ایک نیا مذہب دینِ الٰہی جاری کیا[۴۹]۔ اس دین کی بنیاد یہ کہہ کر رکھی گئی کہ چونکہ اسلام اپنے ہزار سال پورے کر چکا ہے جو کسی بھی مذہب کی طبعی عمر ہے، اس لئے اب اس کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ دینِ الٰہی اس طرح ترتیب دیا گیا کہ اس میں اسلام کے سوا دیگر تمام مذاہب جیسے ہندو مذہب، عیسائیت، یہودیت وغیرہ کے عقائد و رسوم شامل تھے۔ اس کی تفصیلات بہت دلچسپ ہیں[۵۰] لیکن یہاں ان سے تعرض نہیں کیا جائے گا۔ اس مذہب کے بانی اور چند دیگر چیلوں کے علاوہ کسی نے بھی اس کو سنجیدگی سے نہیں لیا۔ ایسے اشارے موجود ہیں کہ خود اکبر، جو اس مذہب کا سرپرست اعلیٰ تھا، وہ بھی آخر میں اس سے تائب ہو گیا تھا[۵۱]۔ یہ بھی قابلِ ذکر ہے کہ شیخ مجددؒ نے اکبر کے دیگر اعمال پر تنقید کی لیکن انھوں نے اس کے مذہب کا نوٹس لینا ضروری نہیں سمجھا۔ بحیثیت مذہب دین الٰہی مکمل طور پر ناکام ہوا۔

اسلامی عقائد و عبادات کی ترویج و اشاعت

دوسری اور زیادہ اہم بات یہ ہوئی کہ اکبر نے اپنے دربار میں ایسے لوگوں کو جمع کیا جو اسلامی عقائد و عبادات اور اسلامی شخصیات کو ہدف تنقید بناتے اور ان کی تحقیر و استخفاف کرتے تھے۔ اکبر اگرچہ بنیادی طور پر مختلف مذاہب میں صداقت کا متلاشی تھا لیکن بعض خود غرض اور تنگ نظر علماء کی آپس کی چپقلش نے اس کی کوشش کو اسلام کے خلاف ایک مہم میں تبدیل کر دیا تھا۔ خدا پر ایمان تو باقی رہا لیکن باقی چیزوں، جیسے تخلیق کائنات، ملائکہ، بعث بعد الموت، وحی و رسالت وغیرہ کا انکار کر دیا گیا، ان کے بجائے عالم کو ازلی قرار دیا گیا، عقیدہ تناسخ کی تصدیق کی گئی اور رسول کریم ﷺ کی حیاتِ طیبہ کو ہدف طعن بنایا گیا۔

مختلف افراد کے ناموں میں آپ ﷺ کا نام نامی جزء کے طور پر استعمال ہوتا تھا، اسے حذف کر دیا گیا (جیسے محمد فرید کو صرف فرید کہا جانے لگا)۔ نماز اور دوسرے اعمال پر تنقید کی گئی، حلت و حرمت کے قانون کا مضحکہ اڑایا گیا وغیرہ[۵۲] اسی پر بس نہیں کیا گیا بلکہ جس نے بھی ان باتوں کو قبول کرنے سے انکار کیا یا اعتراض کرنے کی ہمت کی اس کی تذلیل کی گئی، سزائیں دی گئیں اور بعض کا تو خاتمہ بھی کر دیا گیا[۵۳]۔

تیسری اہم بات یہ ہوئی کہ اکبر نے شریعت اسلامیہ پر مبنی ملک کے قانون کو تبدیل کرنے کی کوشش کی، اس نے زکوۃ اور جزیہ کو ختم کر دیا، شراب نوشی اور جوئے کو جائز قرار دیا، چچازاد بھائی اور بہن کے مابین مناکحت اسلام میں جائز ہے، اس کو ممنوع کر دیا، ایک سے زائد شادیوں پر پابندی عائد کر دی، جسم فروشی کے کاروبار کو فروغ دیا، ذبیحہ گائے پر پابندی لگادی اور مختلف ایام میں دیگر جانوروں کا ذبح ممنوع قرار دے دیا، خطبہ جمعہ سے رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اسماء مبارکہ نکال دیئے گئے، سنہ ہجری کو موقوف کر دیا گیا، نئے ہزار سالہ کے آغاز پر نئے سکے جاری کئے گئے، عربی اور اسلامیات کے مطالعے کی حوصلہ شکنی کی گئی، عربی مدارس کے لئے دی جانے والی سرکاری امداد یا تو بند کر دی گئی یا مختصر کر دی گئی اور جو اسلامی عہدے اور مناصب خالی ہو گئے تھے ان کو پُر نہیں کیا گیا[۵۴]۔

ان چیزوں کا اثر یہ ہوا کہ اسلام کا دوسرے مذاہب کے درمیان، بحیثیت مذہب زندہ رہنا مشکل ہو گیا۔ اس کو دبانے اور معتوب کرنے کی کوشش کی گئی۔ شمالی ہند میں چیتنیہ کی سرکردگی میں چلنے والی ہندو احیاء پرستی کی تحریک نے صورتِ حال اور خراب کر دی۔ متعدد مقامات پر مسلمانوں کی جان غیر محفوظ ہو گئی، مسجدیں شہید کی گئیں اور اسلامی اعمال کی انجام دہی ممنوع قرار دی گئی۔ شیخ مجددؒ نے اس صورتِ حال کا اپنے متعدد خطوط میں تذکرہ کیا ہے۔ ایک جگہ لکھا ہے: ''سابقہ ایام میں غیر مسلم، مسلم بستیوں میں بھی اپنے مذہبی رسوم آزادانہ ادا کرتے تھے لیکن مسلمان اسلام پر عمل نہیں کر سکتے تھے۔ وہ اگر اس کی ہمت کرتے تو موت کے گھاٹ اتار دیئے جاتے تھے''[۵۵]۔ ہندو مسجدوں کو شہید کرنے اور ان کی جگہ مندر تعمیر کرنے سے بھی نہیں ہچکچاتے۔ کوروکشتیر میں ایک مسجد اور کسی بزرگ کا مزار تھا، ہندوؤں نے اس کو شہید کر کے اس کی جگہ ایک بہت بڑا مندر تعمیر کر لیا۔ غیر مسلم حضرات اپنی مذہبی رسوم اعلانیہ ادا کرتے تھے جبکہ مسلمان اپنی دینی عبادات کو ادا کرنے کی بھی طاقت نہیں رکھتے۔ ایکادشی کے دن ہندو برت رکھتے ہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ اس دوران مسلمان اپنے محلوں میں بھی نہ کھانا بنائیں اور نہ فروخت کریں۔ جبکہ رمضان المبارک میں وہ لوگ کھلے عام کھانا تیار کرتے اور اشیائے خورد و نوش فروخت کرتے ہیں۔ اہلِ

اسلام کی کمزوری کی وجہ سے کوئی ان سے کچھ نہیں کہہ سکتا۔ افسوس کی بات یہ ہے کہ ملک کا حکمراں ہم ہی میں سے ایک فرد ہے اور ہم اس قابلِ رحم حالت میں رہ رہے ہیں[۵۶]۔

اکبر کی موت اور مجدد الفِ ثانیؒ کی نئی حکمتِ عملی

اکبر کی وفات کے بعد ان کے بیٹوں میں جانشینی کا مسئلہ کھڑا ہوا، سلیم (جہانگیر) کو کئی ایسے درباری امراء کی حمایت حاصل ہو گئی جو اکبر کی مذہبی پالیسی کے خلاف تھے۔ اس نے ان سے وعدہ کیا تھا کہ وہ شریعت کی حمایت کرے گا[۵۷]۔ چنانچہ اکبر کی وفات کے بعد ۱۰۱۴ھ/ ۱۶۰۵ء میں وہی تخت نشین ہوا۔

شیخ مجددؒ کو جہانگیر کی تخت نشینی سے مسرت ہوئی، لیکن انھیں یقین نہیں تھا کہ جہانگیر اپنے وعدے کو پورا کر سکے گا یا اگر وہ کرنا بھی چاہے تو اس کو اس کام کا صحیح طریقہ معلوم ہو گا۔ اس لئے شیخ مجددؒ نے شریعت سے جہانگیر کے تعلق کو مضبوط کرنے اور اس تک صحیح مشورہ پہنچانے کی کوشش کو اپنا مطمح نظر بنایا۔ شیخ کو ان عناصر کی مخالفت کا بھی اندیشہ تھا جو اگرچہ دب گئے تھے لیکن ختم نہیں ہوئے تھے۔ صورتِ حال کے اس تجزیہ کے بعد انھوں نے جہانگیر کے قریبی بڑے عہدیداروں کو خطوط لکھے اور انھیں اسلام اور مسلمانوں کی قابلِ رحم حالت کے بارے میں بتا کر فوری کارروائی کی ضرورت کا احساس دلایا۔ مثال کے طور پر جہانگیر کے استاد اور ملک کے صدر الصدور صدر جہاں (م ۱۰۲۷ھ/ ۱۶۱۸ء) کے نام ایک خط میں انھوں نے لکھا:

"اب جبکہ صورتِ حال بدل چکی ہے، لوگوں کی عداوتیں کم ہو چکی ہیں، اسلامی زعمائ، صدر اسلام اور علماء اسلام پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ شریعت کو نافذ کرنے کی کوشش کریں، اسلام کے وہ ارکان جو منہدم ہو گئے ہیں ان کو دوبارہ رائج کریں، مجھے اس بات کا شدید احساس ہے... اگر بادشاہ شریعت مصطفویہ کے نفاذ کے بارے میں کوشاں نہ ہو اور اس کے قریبی لوگ اپنے آپ کو اس معاملے میں معذور سمجھیں اور وقت کو اسی طرح گزار دینا چاہیں تو آگے چل کر عام مسلمانوں کے لئے، جنھیں کوئی قوت حاصل نہیں ہے، زندگی دشوار ہو جائے گی"[۵۸]۔

ایک دوسرے درباری امیر خان جہاں (م ۱۰۴۰ھ/ ۱۶۳۰ء) کے نام انھوں نے لکھا:

"جب بادشاہ آپ کی بات غور سے سنے اور اس کو اہمیت دے تو آپ انھیں اہل سنت والجماعت کے عقائد مختصر یا تفصیل کے ساتھ بیان کر دیں تو یہ بڑی بات ہو گی، براہِ کرم بادشاہ کو شریعت محمدیہ کے بارے میں بتایئے، اسلام اور مسلمانوں کے دفاع میں جب کوئی موقع ملے تو اس کو ہاتھ سے نہ جانے دیجیے، اسلام کے اُصولوں کا دفاع کیجیے اور بدعت و گمراہی پر تنقید کیجیے"[۵۹]۔

جب جہانگیر نے علماء کی ایک چہار رکنی کمیٹی تشکیل دی تو شیخ فرید کو، جنھوں نے جہانگیر کی حکومت کو بچانے میں اہم کردار ادا کیا تھا، شیخ مجدد نے لکھا کہ "صرف ایک خداترس، فاضل ولائق عالم کا انتخاب کیا جائے اگر ایک سے زائد علماء ہوں گے تو کہیں ایسا نہ ہو کہ باہمی چپقلش میں مبتلا ہو کر جہانگیر کو بھی اسی طرح گمراہ کر دیں جس طرح ان سے قبل ان کے باپ کو گمراہ کر دیا تھا"(۶۰)۔

شیخ مجددؒ نے مختلف صوبوں کے اعلیٰ حکام کو بھی اپنے حلقۂ اثر میں اسلام کو نافذ کرنے کی طرف متوجہ کیا۔ انھوں نے گجرات کے حاکم شیخ مرتضی، لاہور کے نائب قلیچ خاں، بہار کے حاکم لالہ بیگ، دکن کے سالار اعظم عبدالرحیم خانخاناں اور ان کے علاوہ متعدد اہم شخصیات کے نام خطوط لکھے اور ان سے اسلامی تعلیمات کی اشاعت، ایمان کی حفاظت، غیر اسلامی قوانین کی ترمیم، اسلامی ارکان کے احیاء اور اسلام کی معاندانہ قوتوں کو دبانے کی درخواست کی اور انھیں بتایا کہ اگر وہ ایسا کریں گے تو آخرت میں اجرِ عظیم سے نوازے جائیں گے، اس لئے کہ وہ حقیقتاً وہ کام کریں گے جس کے لئے انبیاء بھیجے جاتے تھے(۶۱)۔

جہانگیری دربار میں سجدہ تعظیمی سے انکار اور قید وبند کی صعوبتیں

اپنی تخت نشینی کے چھ سال بعد جہانگیر نے نورجہاں سے شادی کی، جس نے اپنے حسن، علم اور ذہانت سے بہت جلد جہانگیر پر غیر معمولی گرفت حاصل کر لی اور اپنے بھائی کو وزیر اعظم اور والد کو دربار کا اہم رکن بنوا کر پوری حکومت پر غلبہ حاصل کر لیا۔ نورجہاں کے اس عروج سے دربار کے شیعہ عناصر، سنیوں کے خلاف متحرک ہو گئے۔ چونکہ شیخ مجددؒ کے بھی سنی طبقہ پر بڑے اثرات تھے اس لئے یہ عناصر ان کے بھی مخالف ہو گئے۔ انھوں نے جہانگیر کو یہ باور کرایا کہ شیخ کے مریدین سارے ہندوستان میں پھیلے ہوئے ہیں، دربار کے امراء اور مختلف ریاستوں کے حکام سے بھی ان کے تعلقات ہیں، اس لئے وہ حکومت کے لئے خطرہ بن سکتے ہیں(۶۲)۔ دوسری طرف وہ صوفیاء جن کے مشائخ اور طریقے پر شیخ مجددؒ نے تنقید کی تھی، وہ بھی ان سے ناخوش تھے۔ جب شیخ مجددؒ کے مریدین اور خلفاء میں سے بعض نے شیخ کے روحانی کمالات کا ذکر کرنا شروع کیا اور ان کے مکاشفات کی اشاعت شروع کی تو انھوں نے علی الاعلان شیخ پر تنقید شروع کر دی(۶۳)۔ شیخ کا ایک خط جو انھوں نے چھ سال قبل اپنے مرشد کو لکھا تھا اور اس میں اپنے مشاہدے کا ذکر کیا تھا کہ وہ مقام صدیق سے بھی آگے چلے گئے ہیں، اس کی بنیاد پر مختلف لوگوں کی طرف سے تنقیدیں شروع ہو گئیں، حتیٰ کہ کچھ لوگوں نے کفر کا فتویٰ لگا کر انھیں واجب القتل قرار دے دیا(۶۴)۔

۱۰۲۸ھ/ ۱۶۱۹ء میں جہانگیر نے شیخ مجددؒ کو ان الزامات کی وضاحت کے لئے بلوایا۔ تزک جہانگیری سے پتہ چلتا ہے کہ جہانگیر شیخ مجدد کے جوابات سے مطمئن نہیں ہوا اور ان کی اصلاح اور عوامی شورش کو کم کرنے کے لئے انھیں قید کرنے کا حکم دے دیا[۶۵]۔ بعض دوسرے ذرائع سے اندازہ ہوتا ہے کہ جہانگیر ان کے جوابات سے مطمئن ہو گیا تھا لیکن چونکہ شیخ مجددؒ نے دربار میں داخل ہونے کے آداب کی خلاف ورزی کی تھی، اس لئے جہانگیر نے انھیں جیل بھجوادیا[۶۶]۔

شیخ مجددؒ نے قید و بند کی صعوبتوں کو اولوالعزمی کے ساتھ برداشت کیا۔ انھوں نے نہ تو اپنے اس اقدام پر اظہارِ افسوس کیا اور نہ رہائی حاصل کرنے کی جدوجہد کی۔ ان کا عقیدہ تھا کہ اگر اللہ تعالیٰ کی مرضی نہ ہوتی تو انھیں قید نہ کیا جاتا۔ انھوں نے اس کو قربِ الٰہی حاصل کرنے کا ایک ذریعہ سمجھا[۶۷] اور جیل کے اندر اپنے کام کو اسی جذبے کے ساتھ جاری رکھا جس جذبے سے انھوں نے جیل کے باہر شروع کیا تھا۔ ان کی زندگی اور تعلیمات سے متاثر ہو کر سینکڑوں غیر مسلم قیدیوں نے اپنے سابقہ اعمال سے توبہ کی اور اسلام قبول کیا[۶۸]۔

مجدد الف ثانیؒ کی رہائی اور اسلام کی نشأۃ ثانیہ کا آغاز

ایک سال بعد جہانگیر نے شیخ مجددؒ کی رہائی کا حکم صادر کر کے انھیں دربار میں بلایا اور خلعت سے سرفراز کیا، ان کی جائیداد انھیں واپس کر دی، مزید ایک ہزار روپے کا عطیہ دیا اور اجازت دی کہ چاہیں تو معسکر (فوجی چھاؤنی) میں قیام کریں اور چاہیں تو سرہند چلے جائیں[۶۹]۔ شیخ مجددؒ نے معسکر میں رہنے کا فیصلہ کیا، اس لئے کہ اس طرح ان کو بادشاہ اور درباریوں میں دعوت و تبلیغ کا موقع تھا۔ جہانگیر کے ساتھ مختلف نشستوں میں شیخ ان کو قرآن پڑھ کر سناتے، قرآن کے پیغام سے آشنا کرتے اور ایمان اور شریعت کے اُصولوں کی وضاحت کرتے[۷۰]۔ ایسا لگتا ہے کہ ان ساری چیزوں کا اس پر خاصا اثر پڑا۔ ایک سال بعد جب جہانگیر نے کانگڑا قلعہ فتح کیا تو اس نے وہاں اسلامی قوانین کے نفاذ میں غیر معمولی جوش اور جذبے کا اظہار کیا۔ اسی سال اس نے کشمیر میں مسلمان لڑکیوں کی غیر مسلموں سے شادی کرنے پر روک لگادی۔ اس نے ہجری سنہ کو دوبارہ رواج دیا، سکّوں پر اسلامی علامات کندہ کرائیں، جن مسجدوں کو شہید کر دیا گیا اُن کی دوبارہ تعمیر کروائی اور عربی و اسلامی تعلیمات کی حوصلہ افزائی کی[۷۱]۔

شیخ مجددؒ نے تین سال معسکر میں قیام کیا، مختلف مہموں میں بادشاہ کے ہم رکاب رہے، بہت سے مقامات کا دورہ کیا۔ جب ان کی صحت گرنے لگی تو سرہند واپس چلے گئے اور دوسری مصروفیت کو کم کر کے صرف اذکار و عبادات میں مشغول ہو گئے۔ شیخ نے ۲۸ صفر ۱۰۳۴ھ/ ۱۶۲۴ء کو رحلت فرمائی۔

جن کاموں کا اوپر ذکر ہوا ہے وہ شیخ مجددؒ کے پیشِ نظر کام کا صرف ایک حصہ ہے۔ مختلف اعتبارات سے اس سے زیادہ اہم کام وہ ہے جو شیخؒ نے تصوف اور شریعت سے اس کے تعلق کی وضاحت کے سلسلے میں انجام دیا۔ تصوف کی تاریخ میں وہ پہلے عظیم صوفی ہیں جنھوں نے صوفیاء کے روحانی سفر کی حقیقت بیان کی، اس کے مختلف مراحل کی خصوصیات پر روشنی ڈالی اور اس کی اہمیت پر تفصیل سے کلام کیا۔ اس طرح وہ پہلے شخص ہیں جنھوں نے خدا تک پہنچنے کے نبوی طریقے اور صوفی طریقہ میں امتیاز کیا اور مؤخر الذکر پر طریق نبوت کی روشنی میں تبصرہ کیا۔ شیخ مجددؒ نے غیر معمولی جرأت کے ساتھ تصوف کی پوری تاریخ پر نظر ڈالی اور واضح کیا کہ کون سے نظریات اور اعمال شریعت کی حدود کے اندر ہیں اور کون سے شریعت سے منحرف اور قابلِ تنقید ہیں۔ کوئی شخصیت چاہے کتنی ہی عظیم کیوں نہ ہو، اگر اس نے شریعت کے خلاف کوئی بات کہی ہے تو شیخ مجددؒ نے اس پر بے تکلّف تنقید کی، خاص طور پر انھوں نے وحدۃ الوجود کے فلسفہ کو ہدف تنقید بنایا اور اسلامی عقائد، اقدار اور اعمال پر اس کے برے اثرات سے آگاہ کیا۔ اتنا ہی نہیں بلکہ انھوں نے وحدۃ الوجود کے بجائے وحدۃ الشہود کا نظریہ پیش کیا جو شریعت سے پوری طرح ہم آہنگ ہے[۷۲]۔ یہ وہ کام ہے جسے خود شیخ مجدد نے احیائے اسلام کے لئے اپنی کاوشوں میں سب سے بڑی خدمت قرار دیا ہے۔

نتائج

مندرجہ بالا معلومات کا ماحصل یہ ہے کہ :

شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانیؒ کی ملی و دینی خدمات کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ انہوں نے علماء، صوفیاء اور معاشرہ کے دیگر سرکردہ لوگوں کی اصلاح کی کے لیے جو مساعی کیں ان کے دور رس اثرات مرتب ہوئے۔ اسلام اور اسلامی تعلیمات کا احیاء اور تجدید، اکبر کے دین الٰہی کے مقابلہ میں دین اسلام کی صحیح تصویر اجاگر کرنا اور اسلامی تعلیمات کو ہندوستانی کثیر مذہبی معاشرہ کے اثرات سے پاک اور محفوظ بنانا انہی کی کوششوں کے ذریعے ممکن ہو سکا۔ ان کی انہی اصلاحی اور تجدیدی کاوشوں کے نتیجے میں علامہ عبد الحکیم سیالکوٹیؒ نے انہیں مجدد الف ثانیؒ قرار دیا اور آج دنیا انہیں اسی لقب سے جانتی ہے۔

حواشی و حوالہ جات

* ملا کمال کے ایک شاگرد ملا عبدالحکیم سیالکوٹی (۱۰۶۷ھ/ ۱۶۵۶ء) تھے۔ یہ بڑے پائے کے عالم تھے، عہد شاہجہانی میں شیخ الاسلام کے عہدے پر فائز رہے، متعدد کتابیں تصنیف کیں، شیخ مجدد کے بڑے مداح تھے اور ان کو مجدد الف ثانی کہا کرتے تھے اور اپنی کتاب ''دلائل التجدید'' میں ان کے کارناموں کا تذکرہ کیا ہے۔ (عبدالحق انصاری، تصوف اور شریعت، تصوف فائونڈیشن، لاہور، ۲۰۱۱ء)

۱۔ ندوی، ابوالحسن علی، تاریخ دعوت و عزیمت، مجلس تحقیقات و نشریات اسلام، لکھنؤ، ۱۴۳۱ھ/۲۰۱۰ء، ۴/۱۵۴۔۱۵۶۔

۲۔ جہانگیر، نورالدین، تزک جہانگیری، تحقیق: ڈاکٹر احمد خاں، علی گڑھ، ۱۸۶۴ء، ص: ۲۷۲، 273۔

۳۔ شیخ مجدد: مکتوبات، ج۱، م۱۳۱، ص: ۳۰۴، ۳۰۵۔

۴۔ ایضاً، ج۲، م۶، ص: ۸۷۲۔

۵۔ ایضاً، ج۱، م۲۳۴، ص: ۴۹۵۔

۶۔ ایضاً۔

7. Aziz Ahmed, Islamic Culture in the Indian Environment, Oxford University Press 1964, pp.175.

۸۔ بدایونی، عبدالقادر، منتخب التواریخ، کلکتہ، ۱۸۲۵ء، ۳/ ۱۳۰، ۱۳۱۔

۹۔ ایضاً، ۲/ ۸۔ ۲۴۵۔

۱۰۔ اثبات النبوۃ، ص: ۱۹، ۲۰۔

۱۱۔ ایضاً۔

۱۲۔ محمد اسلم، سرمایۂ عمر، ص: ۱۱۴۔

۱۳۔ تاریخ دعوت و عزیمت: ۴/ ۴۵۔

۱۴۔ مکتوبات، ج۱، م۱۲۰، ص۲۷۸۔

۱۵۔ ایضاً، ج۱، م۲۵۱، ص ۵۲۳

۱۶۔ شیخ مجدد نے لکھا ہے مولانا جامی (۸۹۸ھ/ ۱۴۹۲ء) اور بعض دوسرے مصنفین نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ پر اعتراض کیا ہے۔ (مکتوبات، ج۱، م۲۵۱، ص۵۔ ۵۲۴)

۱۷۔ اپنی کتاب ''رد روافض'' میں شیخ مجددؒ نے متعدد شیعہ فرقوں اور ان کے عقائد کا تذکرہ کیا ہے۔ ان میں سے کچھ عقائد ایسے ہیں جو اسلام کی بنیاد ہی منہدم کر دیتے ہیں۔ مثلاً حضرت علی رضی اللہ عنہ کی الوہیت کا عقیدہ یا یہ کہ وحی دراصل حضرت علی رضی اللہ عنہ کی طرف آرہی تھی لیکن جبرائیل علیہ السلام کی غلطی سے محمد ﷺ کی طرف منتقل ہو گئی اور یہ کہ روحیں مختلف شکلوں میں بار بار پیدا ہوتی رہتی ہیں، شیعوں کے بڑے فرقے ان عقائد کے حامل نہیں ہیں، صرف کچھ ہی انتہا پسند فرقے یہ خیالات رکھتے ہیں اور انھی کو امت نے کافر قرار دیا ہے۔ جو شیعہ صحابہ کرام پر خاص طور پر ابتدائی تین خلفائے راشدین اور ان صحابہ پر تبرا کرتے ہیں، جنھوں نے

حضرت علی کے خلاف جنگ میں حصہ لیا تھا، ان کے بارے میں رائے مختلف ہے۔(عبدالحق انصاری، تصوف اور شریعت، تصوف فائونڈیشن، لاہور، ۲۰۱۱ء، ص:۳۱۔۳۲)۔

۱۸۔ نعمانی، محمد منظور، تذکرہ امام ربانی، مکتبہ الفرقان، لکھنؤ، ۱۹۸۲ء، ص: ۲۹۹۔

۱۹۔ مکتوبات، ج:۱، م: ۲۶۶، ص:۶۱۲۔

۲۰۔ ایضاً، ج: ۳، م: ۴۱، ص: ۱۲۹۷۔

۲۱۔ ایضاً، ج: ۳، م: ۴۱، ص: ۱۲۹۸۔

۲۲۔ تذکرہ امام ربانی، ص: ۱۲۳، یہ تعجب خیز بات ہے کہ شیخ اکرام نے بغیر حوالہ کے کفری تخلص کا انتساب خود شیخ مجددؒ کی طرف کیا ہے۔

(Muslim Civilization in India, New York London, Columbia University Press, 1964, pp.167).

۲۳۔ مکتوبات، ج: ۳، م۴۱، ص:۱۲۹۸۔

۲۴۔ ایضاً، ج۱، م۲۸۸، ص: ۷۲۲۔

۲۵۔ ایضاً، ج۱، م۲۶۱، ص: ۵۷۳۔

۲۶۔ ایضاً، ج۱، ۲۶۶، ص: ۶۲۶۔

۲۷۔ ایضاً، ج۱، م۲۶۰، ص: ۵۶۲۔

۲۸۔ ایضاً، ج۲، م۲۸، ص: ۲۔ ۹۲۱۔

۲۹۔ ایضاً، ج۳، م۴۱، ص: ۱۳۰۶۔

۳۰۔ ایضاً، ج۱، م۲۷۶، ص: ۶۷۳۔

۳۱۔ ایضاً، ج۱، م۲۶۱، ص:۵۷۳۔

۳۲۔ ایضاً، ج۱، م۲۹۴، ص: ۷۷۶۔

۳۳۔ ایضاً، ج۳، م۶۶، ص: ۱۳۶۷۔

۳۴۔ ایضاً، ج۱، م۲۹، ص: ۶۔ ۹۵۔

۳۵۔ ایضاً، ج۱، م۲۳۱، ص:۴۸۱۔

۳۶۔ مکتوبات، ج۱، م۱۸۶، ص: ۳۷۸۔ ۳۷۵،

۳۷۔ مکتوبات، ج۲، م۵۴، ص:۱۰۳۲۔

۳۸۔ منظور نعمانی، تذکرہ امام ربانی، ص: ۸۷۔

۳۹۔ مکتوبات، ج۱، م۱۰۲، ص: ۲۵۶۔

۴۰۔ تاریخ دعوت و عزیمت، ۴/ ۱۲۲، ۱۶۳۔

۴۱۔ تذکرہ امام ربانی، ص: ۶۹۔

۴۲۔ ایضاً، ص ۷۲۔

۴۳۔ مکتوبات ج۱، م ۲۱۳، ص: ۴۲۵۔

۴۴۔ ایضاً، ج ا، م ۴۷، ص: ۱۶۳۔

۴۵۔ تاریخ دعوت و عزیمت، ۴/ ۹۱- ۸۸۔

۴۶۔ مکتوبات، ج ا، م ۱۰۲، ص: ۲۵۶۔

۴۷۔ ایضاً، ج ا، م ۲۷۵، ص: ۶۷۰۔

۴۸۔ منتخب التواریخ، ۲/ ۲۷۱، ۴۷۲۔

49. Aziz Ahmed: Islamic Culture in The Indian Environment, Oxfordz Clarendon Press, 1964, pp.175.

۵۰۔ تاریخ دعوت و عزیمت: ۴/ ۲۵- ۱۰۸۔

۵۱۔ مشیر الحسن، Studies in Islam، دہلی، ج ۱۰، جنوری تا اپریل ۱۹۷۳ء، ص: ۱۱۹

52. Sheikh Ikram Muslim Civilization in India, pp. 162-163.

۵۳۔ مکتوبات، ج ا، م ۴۷، ص: ۱۶۲۔

54. Aziz Ahmad, Islamic Culture in Indian Environment, p. 180-

۵۵۔ مکتوبات، ج ا، م ۴۷، ص: ۱۶۲۔

۵۶۔ ایضاً، ج ۲، م ۹۲، ص: ۳۰- ۱۱۲۹۔

57. K.A. Nizami, Naqshbandi Influence on The Mughal Rulers and Politics, Islamic Culture, Jan, 1965, p. 47.

۵۸۔ مکتوبات، ج ا، م ۱۹۵، ص: ۳۹۰، ۳۹۱۔

۵۹۔ ایضاً، ج ۲، م ۶۷، ص: ۱۰۸۲۔

۶۰۔ ایضاً، ج ا، م ۵۳، ص: ۱۷۱۔

۶۱۔ مکتوبات، ج ا، م ۲۶۹، ص: ۶۴۶۔

۶۲۔ شیخ اکرام: رود کوثر، فیروز سنز، لاہور، ۱۹۵۸، ص: ۱۵۹۔

۶۳۔ ایضاً، ص: ۱۵۷۔

۶۴۔ تذکرہ امام ربانی، ص: ۹۹

۶۵۔ رود کوثر، ص: ۱۶۰۔

۶۶۔ نقشبندی، سرہندی، شیخ بدرالدین، حضرات القدس، اردو ترجمہ: ص ۱۷- ۱۱۶، بحوالہ تاریخ و عزیمت، ۴/ ۳۱۶۲۔

۶۷۔ مکتوبات، ج ۳، م ۵، ص: ۱۲۰۲۔

68. Arnold, T.W. Preaching of Islam, 2nd Revised ed: London, Constable & Company, 1913, p. 412.

۶۹۔ رود کوثر، ص: ۱۶۳۔

۷۰۔ مکتوبات، ج ۳، م ۴۳، ص: ۱۳۰۷۔

71. Shaikh Ikram, Muslim Civilization in India, p.169.

۷۲۔ مکتوبات، ج: ۲، م: ۴، ص: ۸۷۰۔

الفهم المقاصدي للقرآن الكريم وتجاوز القراءة النصية

Purposeful Understanding of the Qur'an and Ignoring the Textual Study

الدكتور أشرف عبد الرافع الدرفيلي*

ABSTRACT

The issue of understanding Qur'an is different from its textual reading and human understanding on its instractions guidance, lessons, parables and the other issues of life. It is neither an unimportant issue that anybody can attain or leave according to his will nor it is a secondary issue that is subject to attain or ignore any time. But it is a Qur'anic obligation and necessity of life supported by clear Qur'anic verses those direct us to understanding and pondering of the Holy Qur'an; because soundness of the life depends on the soundness of the souls and soundness of souls can not be accomplished without profound understanding of the Holy Qur'an.

The Study assures that the importance of knowledge depends upon its aims; for it causes creating the human cognizance about the universe and its function, as it benefits knowing of merits, demerits and ranks of the deeds in the Shari'ah and in actual and it is important while comparing the judgments as well as exchanging them from their origins to branches and from totals to partials. On contrary, ignorance of aims and muddling in Qur'anic and Shari'ah objectives lead a believer to indiscrimination and incoordination in sources and objectives as well as to defect in task and effect.

---

* الاستاذ المساعد، كلية أصول الدين، الجامعة الإسلامية العالمية بإسلام آباد، باكستان.

تمهيد

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على إمام المرسلين سيدنا محمد وعلى آله وصحبه أجمعين، وبعد

جاء الإسلام برسالته العالمية، لتحقيق التوحيد الخالص، والاستخلاف المنشود، ولقد ساد المسلمون الأوائل أجزاء واسعة من قارات العالم، وشيدوا أعظم حضارة إنسانية جمعت بين المادة والروح .. الدنيا والآخرة .. الإيمان والعمل، ولكن السؤال الذي يطرح نفسه، كيف وصلوا لهذا النجاح الباهر؟ الإجابة تنحصر في عدة أمور تحققت، أبرزها أنهم فهموا ووعوا لمقاصد القرآن الكريم، فطبقوا أساسيات منهج الفكر المقاصدي للقرآن واقعاً عملياً، حتى بلغ حد العناية أثناء سعيهم الحثيث لفهم مقاصد القرآن، أن يقول الجيل الرائد منهم: سلوني عن كتاب الله، فو الله ما تسألوني عن آية إلا وأنا أعلم فيمن نزلت، ومتى نزلت، وأين نزلت ".

أهمية الموضوع وأسبابه

قضية فهم القرآن بعيداً عن القراءة النصية، ووقوف الإنسان على توجيهاته وإرشاداته وعبره ومثلاته وقضاياه في الحياة، ليست أمراً فرعيا يحصله من يشاء، ويهمله من أراد، وليست قضية ثانوية على هامش الحياة، تحصل في أي وقت أو لا تحصل، إنما هي بحق فريضة قرآنية، وضرورة حياتية، أكدتها العديد من الآيات البينات، التي تحض على تفهم القرآن وتدبره، لأن صلاح الحياة بصلاح النفوس، وصلاح النفوس يكون بتفهمها للقرآن.

يؤكد البحث أن أهمية العلم بالمقاصد، يُسهم في صناعة وعي الإنسان بالكون ووظيفته ، ويفيد في معرفة المصالح والمفاسد، ودرجات الأعمال في الشرع والواقع، وهذا مهم عند الموازنة بين الأحكام، ومهم عند تعدي الأحكام من الأصول إلى الفروع ومن الكليات إلى الجزئيات، أما الجهل بالمقاصد، والخلط بين المقاصد القرآنية والمقاصد الشرعية، فهو يؤدي بالمكلف إلى عدم التمييز والتنسيق بين الوسائل والمقاصد، وإلى فساد الهدف والغاية.

وتتجلى أهمية المقاصد في بعث الفعالية الإيمانية والاسترجاع الحضاري للأمة على كافة الأصعدة، سياسياً واجتماعياً واقتصادياً وعلمياً .. إلخ، وإحياء عبادة التفكر وإعمال العقل بالتدبر والتأمل في أرجاء الكون للتفاعل مع المخلوقات المسخرة للإنسان المستخلف، ورفض المقاصد القرآنية للتبعية والتقليد، ولفكرة الصراع والعنصرية، أو التمييز بين الأجناس.

تساؤلات الدراسة

1- ما هو مفهوم المقاصد وأهميته لدى مفكري الإسلام ؟

2- هل الفهم المقاصدي للقرآن يشكل وعي إيجابي وفاعلية إيمانية لدى الفرد ؟

3- هل لفهم المقاصد القرآنية مردود معرفي وحضاري وأخلاقي ؟

لهذا سوف يتناول البحث بالدراسة والتحليل النقاط التالية :

أولاً : مفهوم المقاصد ومراتبها

مفهوم المقاصد: والمقاصد جمع مقصد، وهو ما تقصده وتريد الوصول إليه.

ولقد عكف العديد من الأئمة الأعلام على بيان وتوضيح المفهوم العلمي والعملي لمقاصد القرآن الكريم، من أجل الوصول إلى جوهر مقاصد الشريعة الإسلامية، وتحقيق ما ينفع الإنسانية ويصلح أحوالها في الدارين، ذلك النفع والصلاح الذي هو جوهر مقاصد القرآن وما يتضمنه من شرع، وأبرز من تناولوا المفهوم المقاصدي وأسسه ومنهجه وغاياته وأهدافه بالتدقيق والتحقيق من الأئمة الأعلام: " إمام الحرمين، وحجة الإسلام أبي حامد الغزالي، والإمام العز بن عبد السلام، والإمام ابن تيمية، والإمام الشاطبي"[1] ومن المحدثين الإمام النورسي، والقرضاوي الذي وضح "أن من اشتغلوا بعلوم الدين شغلتهم الظواهر عن الأسرار والمقاصد، وألهتهم الفروع عن الأصول، فظهرت الشريعة على ألسنتهم وأقلامهم كأنها قاصرة عن تحقيق مصالح الخلق، والقصور ليس في الشريعة، وإنما هو في أفهامهم التي قطعت الروابط بين الأحكام بعضها وبعض"[2].

وعلى الرغم من تلاقي مساعي العلماء في التأصيل لمفهوم المقاصد، وذلك لتحديد وتأطير ما يسعون لتحقيقه، إلا أن ذلك التأصيل أدى بهم إلى التنوع في تصنيف تلك المقاصد ومراتبها، فحددها بعضهم من خلال تعريفهم للمقاصد بالعامة، ومنهم من

حددها بالخاصة، ومنهم من حددها بالكلية .. إلخ، فنجد- على سبيل المثال- الشيخ الطاهر بن عاشور يعرف مقاصد التشريع في إطارها العام، فقال بأنها:"المعاني والحكم الملحوظة للشارع في جميع أحوال التشريع أو معظمها، بحيث لا تختص ملاحظتها بالكون في نوع خاص من أحكام الشريعة، فيدخل في هذا: أوصاف الشريعة وغايتها العامة، والمعاني التي لا يخلوا التشريع عن ملاحظتها، ويدخل في هذا أيضاً معان من الحكم ليست ملحوظة في سائر أنواع الأحكام، ولكنها ملحوظة في أنواع كثيرة منها"[3] وتحدث الأستاذ علال الفاسي عن المقصد العام للشريعة الإسلامية بقوله: "المقصد العام للشريعة الإسلامية: هو عمارة الأرض، وحفظ نظام العيش فيها، واستمرار صلاحها بصلاح المستخلفين فيها، وقيامهم بما كلفوا فيها من عدل واستقامة، ومن صلاح في العقل والعمل، وإصلاح في الأرض واستنباط لخيراتها، وتدبير لمنافع الجميع"[4] ثم نجده يجمع في تعريفه بين المقاصد العامة والخاصة، حيث قال: "المراد بمقاصد الشريعة: الغاية منها، والأسرار التي وضعها الشارع عند كل حكم من أحكامها"[5].

أما "الخادمي" فقد استخلص من تعريفات سابقيه تعريفاً للمقاصد فقال: المقاصد هي "المعاني الملحوظة في الأحكام الشرعية، والمترتبة عليها، سواء كانت تلك المعاني حكماً جزئية، أم مصالح كلية، أم سمات إجمالية، وهي تتجمع ضمن هدف واحد، وهو تقرير العبودية الله، ومصلحة الإنسان في الدارين" [6].

هذا التنوع في التعريفات الذي ذكرناها– وغيرها– يبين مدى التنوع المفهومي للمقاصد عند من تناولوها، مما ترتب عليه التنوع والاختلاف في مراتب المقاصد ذاتها، وهذا ما أكده الإمام النورسي في رسائله بقوله: "فكما أن لكل من الألماس والذهب والفضة والرصاص والحديد قيمتها الخاصة، وخاصيتها الخاصة بها، وهذه الخواص تختلف، والقيم تتفاوت، كذلك مقاصد الدين تتفاوت من حيث القيمة والأدلة"[7].

فعلى الرغم من تنوع مراتب المقاصد من حيث القيمة والأدلة، واختلافها بحسب خواصها وتفاوت قيمها – كما قال النورسي– إلا أننا نؤكد أن هذا التنوع والاختلاف والتفاوت رهين بمدى فهم النص القرآني فهماً يرتكز على التعمق في جوهر ومضمون النص بعيداً عن السطحية– هذا من ناحية – وربط هذا الفهم بالواقع المعيش، حتى نستطيع

الوقوف على المراتب الأولية للمقاصد بمصداقية، وتساهم في تغيير واقعنا الحضاري المعاصر– هذا من ناحية أخرى–.

ثانياً: بيان المفهوم المقاصدي للقرآن الكريم

وفهم مقاصد القرآن يعني: التوجه والبحث عن مقصد ومراد كلّ آية من آيات الله الكريمة، ليكون هذا الفهم مقدمة ضرورية وأساسية للتدبّر والتفكُّر في الآيات القرآنية، للاستفادة العلمية والعملية منها لسعادة الإنسان في الدارين، وإعانته في الكشف عن أيسر الأدوات والطرائق والإجراءات التي يسلكها العقل لبلوغ المعرفة الصحيحة، ويسعى في الحصول عليها لبلوغه الرقي الأخلاقي والحضاري.

والفهم الصحيح للنص القرآني يؤدي حتماً إلى إدراك المقاصد الأساسية والكلية للقرآن الكريم، ولكن هذا الفهم موقوف على اختيار المنهج، لأن المنهجية المقاصدية تساعد في فهم النص، وهي في حقيقتها تجسيد لفلسفة الدين وروحه، وكما قال الرسوني:" أن المقاصد بأسسها ومراميها، وبكلياتها وجزئياتها، وبأقسامها ومراتبها، وبمسالكها ووسائلها تشكل منهجاً للفكر والنظر والتحليل والتقويم والاستنتاج والتركيب "ولكن إذا كانت المقاصد منهجاً بما تضمنته، فإنها هي في حد ذاتها تحتاج إلى منهج لإحكام التعامل معها وتحرير القول فيها: فهماً واستنباطاً وتحديداً وترتيباً وتفريعاً وصياغة وتنزيلاً "[8].

لهذا نجد النورسي يرفض أثناء سعيه لإبراز جوهر ومضمون المقصد القرآني وبيان مفهومه، أي منهج لا يرتقي لتحقيق تلك الغاية، فنراه يرفض المنهج الصوفي الإشراقي، والمنهج الكلامي الجدلي، على الرغم من إقراره أن هذين الأصلين تشعبا من القرآن الكريم، إلا أن البشر قد أفرغهما في صور شتى، لذا أصبحا منهجين طويلين وذوي مشاكل، فلم يبقيا مصانين من الأوهام والشكوك، أما منهج الفلاسفة: فهو مشوب بالشكوك والأوهام، ولبلوغ فهم ومقاصد القرآن، قام بإتباع المنهج الذاتي للقرآن، لأنه يرى" أن طريق القرآن الكريم الذي يعلنه ببلاغته المعجزة، وبجزالته الساطعة، فلا يوازيه طريق في الاستقامة والشمول، فهو أقرب طريق إلى الله، وأقربه إلى الله، وأشمله لبني الإنسان، ولبلوغ عرش هذا الأصل هناك أربع وسائل: الإلهام، التعليم، التزكية، التدبر"[9].

ثم يبين في موضع آخر أن إدراك المقاصد القرآنية وفهمها أمر ميسور للبشر بطبيعة القرآن الفطرية[10] وهو يخاطب جميع عقول البشر، ويتلاقى مع جميع مداركهم ورغباتهم، ويلبي جميع متطلباتهم، ويجيب عن جميع تساؤلاتهم"[11].

وفي الحقيقة لقد بحثت عن بيان المفهوم المقاصدي للقرآن الكريم، فلم أجد ما يثلج صدري إلا من خلال تعريف النورسي الشامل للقرآن الكريم، وهو تعريف مؤسس على أساس مقاصدي من الدرجة الأولى، وفيه بيان للعلاقة التلازمية بين القصدين: الخلقي والشرعي، حيث يقول:"إن القرآن هو الترجمة الأزلية لكتاب الكائنات الكبير، والترجمان الأبدي لألسنتها المتنوعة، التالية للآيات التكوينية، ومفسر كتاب عالم الغيب والشهادة، وكذا هو كشاف لمخفيات الكنوز المعنوية للأسماء الإلهية المستترة في صحائف السماوات والأرض، وكذا هو مفتاح لحقائق الشؤون المضمَرة في سطور الحادثات، وكذا هو لسان عالم الغيب في عالم الشهادة، وكذا هو خزينة للمخاطبات الأزلية السبحانية، والالتفاتات الأبدية الرحمانية الواردة من عالم الغيب المستور وراء حجاب عالم الشهادة هذا، وكذا هو شمس عالم الإسلام المعنوي وأساسه وهندسته، وكذا هو خريطة مقدسة للعوالم الأخروية، وكذا هو القول الشارح والتفسير الواضح والبرهان القاطع والترجمان الساطع لذات الله وصفاته وأسمائه وشؤونه، وكذا هو المربي لهذا العالم الإنساني، وكالماء والضياء للإنسانية الكبرى التي هي الإسلام، وكذا هو الحكمة الحقيقة لنوع البشر، وهو المرشد المهدي إلى ما يسوق الإنسانية إلى السعادة، وكذا هو للإنسان: كما أنه كتاب شريعة، كذلك هو كتاب حكمة، وكما أنه كتاب دعاء وعبودية، كذلك هو كتاب أمر ودعوة، وكما أنه كتاب ذكر، كذلك كتاب فكر، وهو الكتاب الوحيد المقدس الجامع لكل الكتب التي تحقق جميع حاجات الإنسان المعنوية، حتى إنه قد أبرز لمشرب كل واحد من أهل المشارب المختلفة، ولمسلك كل واحد من أهل المسالك المتباينة من الأولياء والصديقين ومن العرفاء والمحقيقين رسالة لائقة لمذاق ذلك المشرب وتنويره، ولمساق ذلك المسلك وتصويره ، فهذا الكتاب السماوي أشبه ما يكون بمكتبة مقدسة مشحونة بالكتب، واعلم أن القران خطاب ودواء لجميع طبقات البشر من أذكى الأذكياء إلى أغبى الأغبياء، ومن اتقى الأتقياء إلى أشقى

الأشقياء، ومن الموفقين المجدين الفارغين من الدنيا، إلى المخذولين المتهاونين المشغولين بالدنيا"[12].

والنورسي بهذا التعريف الجامع للقرآن، بين أنه كتاب ميسور فهمه لجميع طبقات البشر، وجامع لمقاصدهم الدنيوية والأخروية، ويؤكد هذا بقوله: "إن القرآن قد حافظ على شبابيته وفتوته حتى كأنه ينزل في كل عصر نضراً فتياً، نعم، إن القرآن الكريم بما أنه خطاب أزلي يخاطب جميع طبقات البشر في جميع العصور خطاباً مباشراً، يلزم أن يكون له شبابية دائمة كهذه، فلقد ظهر شاباً، وهو كذلك كما كان، حتى أنه ينظر إلى كل عصر من العصور المختلفة في الأفكار، والمتباينة في الطبائع نظراً، كأنه خاصاً بذلك العصر ووفق معطياته، وملقناً دروسه وملفتاً إليها الأنظار، إن آثار البشر وقوانينه تشيب وتهرم مثله، وتتغير وتتبدل، إلا أن أحكام القرآن وقوانينه لها من الثبات والرسوخ، بحيث تظهر متانتها أكثر كلما مرت العصور"[13] كما" أن القرآن الكريم فيه جميع ما يلزم السعادة الدنيوية والأخروية، كل حسب قيمته وأهميته، فهناك رموز وإشارات إلى خوارق المدنية الحاضرة، بل إلى أبعد منها من الحقائق الأخرى، مع ما فيه من حقائق جليلة"[14].

ثالثاً: المقاصد القرآنية وصناعة الوعي الإيجابي والفعالية الإيمانية [15]:

إن الفهم القرآني وفهم مقاصده فريضة قرآنية، وضرورة حياتية للإنسان، تجعله أقدر على التعامل معه تعاملاً صحيحًا؛ لأن السلوك فرع التصور، وإذا صح الإدراك كان خطوة على طريق التنفيذ والتعامل، ولم يكن هذا الجهد من الجيل الأول في حفظ القرآن الكريم والحفاظ عليه أمراً ثانوياً، وحشو للذاكرة لا فائدة منه، بل تبع ذلك الحفظ معرفة بمضامين هذا الكتاب الكريم، وفهم لقضاياه ومقاصده وأمثاله وقصصه وأوامره ونواهيه وحكمه وإشاراته، وتلتهم الأجيال المتعاقبة تكتب في كل صغيرة وكبيرة تتعلق بالقرآن الكريم، في مكيه ومدنيه، في إحكامه وتشابهه، في نزوله وحججه، وفي قصصه وتصويره وإعجازه وبيانه، يستوقفون أنفسهم عند نتائجه بعد تعرفهم على مقدماته، ويقفون على قضاءه بعد معرفتهم لأدلته وبيانه.

أخرج الإمام مسلم في صحيحه أنه لما نزل قول الله تعالى: ﴿الَّذِينَ آمَنُوا وَلَمْ يَلْبِسُوا إِيمَانَهُمْ بِظُلْمٍ أُولَئِكَ لَهُمُ الأَمْنُ وَهُم مُّهْتَدُونَ﴾[16] قالوا: يا رسول الله وأينا لم يظلم نفسه قال-

صلى الله عليه وسلم-: إن الظلم هنا ليس الذي تعنون إنما هو الوارد في قول العبد الصالح:﴿يَا بُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللَّهِ إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ﴾[17] فانظر كيف استوقفهم المعنى ولم يتجاوزوه حتى يعوه فيطبقوه، وكم مرت بنا هذه الآية وأمثالها ولم يتفكر فيها المرء كما ينبغي، من هنا أعطاهم القرآن الكريم عزاً حقيقياً وسؤدداً صادقاً، فقادوا العباد، وفتحوا البلاد بأمر الله رب العالمين، حتى قال الفاروق رضي الله عنه وأرضاه:"لقد كنا أذلة فأعزنا الله بالإسلام فمهما ابتغينا العزة في غيره أذلنا الله"، وصدق ربعي بن عامر بحاله ومقاله هذا الأمر، فعلم رستم ذلك بقوله: "إن الله ابتعثنا لنخرج الناس من عبادة العباد إلى عبادة الله رب العباد، ومن ضيق الدنيا إلى سعة الدنيا والآخرة، ومن جور الأديان إلى عدل الإسلام"، وما ذلك إلا لانطلاقهم من هذا المصدر الأصيل، الذي هو أول مصادر التشريع الإسلامي الحنيف، ولم يكن أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم يقصرون هذا المصدر على جانب التشريع، وناحية الفقه بمعناه المحدود، الذي انحصرت فيه الأمة بعد ذلك أجيالاً متعاقبة، وأحقاباً متطاولة، بل كان الفهم القرآني لديهم يغزو كل جنبات الدين وأركان الحياة، حتى قال عبد الله بن عباس رضي الله عنه وأرضاه: "لو ضاع مني عقال بعيري لطلبته في القرآن الكريم فإن الله تعالى يقول: ﴿ما فرطنا في الكتاب من شيء ﴾[18]، وأصبح الصحابة- رضوان الله تعالى عنهم أجمعين- في فترة محدودة، ومدة معدودة، ينشرون الضياء ويهدون الناس إلى الله سبحانه وتعالى، حتى أتى على المسلمين حين من الدهر تبدلت لديهم المفاهيم، وتغيرت المعاني والمعايير، فأصبحت نظرتهم إلى القرآن الكريم نظرة جامدة هامدة، لا تبني جيلاً، ولا تحيي قبيلاً ولا تنشئ حضارة، ولا تؤسس في النفوس الوثبة إلى الإمام، تلك الوثبة التي عاشها السابقون، وبنى عليها اللاحقون، فحققوا في فترات محدودة من الانتشار والهدى والعلم، ما يعد معجزة حقيقية في مقياس المنصفين بشهادة أعدائهم قبل أصدقائهم.

لهذا كان الفهم القرآني واستيعاب مقاصده أمراً حتمياً في إعادة صياغة الإنسان وتوجيهه نحو تحقيق الاستخلاف المنشود وتحمل الأمانة بثبات، ولعل الصورة الصادقة على حقيقة هذا الأمر، هي استحضارنا للحظة الأولى لبزوغ فجر الإسلام وشروق شمسه، ومستحضرين كذلك للأثر القرآني في حياة الرسولﷺ والصحابة الأجلاء، وأنه الدافع

الذاتي الذي حرك الصفوة الأولى للمساهمة في تشييد أول حضارة مؤسسة على العدل والحق والمساواة والحرية والأخلاق الفاضلة ..إلخ، وترسيخهم للإيمان بقيمة الروح والجسد والمادة، وأثرهم في واقع الحياة، بصورة متوازنة ومتلازمة، بدون تطفيف أحدهما على الأخر، واستيعابهم من خلال فهمهم للنص القرآني، في سرده التاريخي للحضارات وأسباب تطورها وتقدمها، ثم تدهورها وانحدارها وسقوطها- في القرآن- وعن أهمية الإيمان الشمولي كمرتكز حضاري، وأنه بزوال الإيمان التحقيقي، والوقوع في دائرة القراءة السطحية للنص القرآني، كان السقوط والانهيار.

